DAMAGE BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_226125
UNIVERSAL
LIBRARY

گر فرنوانی شد نا چار مسلماں شو

OSMANIA UNIVERSITY
COLLEGE LIBRARY

فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ

ترجمہ

(اے پیغمبر) تم تو ایک (خدا) کے ہو کر اُس
کے (دین کی طرف اپنا منہ کیے رہو (یہ) خدا کی (بنائی ہوئی)
سرشت ہے جس پر خدا نے لوگوں کو پیدا کیا ہے خدا کی (بنائی ہوئی)
بناوٹ میں ردوبدل نہیں ہو سکتا یہی دین (کا) سیدھا رستہ ہے

اللہ تعالیٰ جل شانہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اُسی کی توفیق سے

اجتہاد

مصنفہ فرید العصر حمید الدہر علامۂ زماں فہامۂ دوراں

عالی جناب معلی القاب شمس العلماء حضرت مولانا مولوی
حافظ نذیر احمد صاحب ایل۔ایل۔ڈی دامت
برکاتہم مدفیوضہم بتصحیح فاضل اجل عالم اکمل مولانا
مولوی محمد حسیم بخش صاحب بلوی بہاولپوری

المبارک ۱۳۲۵ھ

جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں

(قیمت عدہ محصول ڈاک)

فہرست مضامین اجتہاد

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	حمد و نعت	۱
۲	تمہید	〃
۳	"میں کیوں مسلمان ہوں"۔	〃
۴	آدمی پر خیالات کا اثر	〃
۵	**آغازِ گفتگو**	۲
	(۱) اسلامی معتقدات	
۶	اسلام ظاہری کیا ہے؟	〃
۷	حدیثِ قدسی اور اُس کی تعریفِ اصطلاحی	〃
۸	کلمۂ شرعی کی تفسیر	〃
۹	اسلام کے ارکان و شرائط	۳
۱۰	کیا صرف زبانی اقرار سے کوئی مسلمان ہو سکتا ہے؟	〃
۱۱	ایمان اور اسلام میں کیا فرق ہے؟	〃
۱۲	جو شخص صرف دل میں ایمان رکھتا اور ظاہر مسلمانوں کا سا نہ رکھتا ہو اُس کا کیا حکم ہے۔	〃
۱۳	انسان کی آزادی۔	۴
۱۴	مجتہد اور مقلد مسلمان میں فرق	〃
۱۵	مذہب زندگی کی اشد ضرورت ہے۔	〃
۱۶	**(۲) خداشناسی**	〃
۱۷	خالق حقیقی اور مجازی میں فرق۔	〃
۱۸	ایک عجیب تمثیل	۵
۱۹	وہ تغیرات جو انسان کے دست رس سے خارج ہیں۔	۶
۲۰	آدمی کا اختیار اور اُسکی چند مثالیں	〃
۲۱	آدمی کی زندگی کے مضی	۶
۲۲	تغیراتِ عالم کے اسباب	〃
۲۳	تغیراتِ عالم میں انسان کا کچھ دخل نہیں	〃
۲۴	چار چیزیں تمام چیزوں کی اصل ہیں	〃
۲۵	عناصر بسیط ہیں یا مرکب؟ ۔	〃
۲۶	تغیراتِ عالم کے سبب اصلی دریافت کرنے کی تدبیر۔	۷
۲۷	ایک ظریف مزاج مزاصاحب کی حکایت	〃
۲۸	اسلام کی پہلی اور ضروری شرط۔	〃
۲۹	خدا کے صفات علم قدرت حکمت وغیرہ	۸
۳۰	شروع کے مسلمان اور اُن کی نسلیں	۹
۳۱	تمام مذہبی گروہوں نے مذہب کو توہمیت بنا رکھا ہے۔	〃
۳۲	خدا کے ہونے اور ایک ہونے کا خیال آدمی کی فطرت میں داخل ہے۔	۱۰
۳۳	ذاتِ باری کی معرفت میں اختلاف	〃
۳۴	گُرُو کسے کہتے ہیں۔	〃
۳۵	خدا کی کنہ و حقیقت دریافت نہیں ہو سکتی اور اس کی چند مثالیں۔	〃
۳۶	آدمی کی برتری علم سے ہے۔	۱۱
۳۷	آدمی اور جانوروں کے علم میں کیا فرق ہے۔	〃
۳۸	خدا کے علم کی شان۔	〃
۳۹	علوم وہبی میں بعض جانور آدمیوں پر فضیلت رکھتے ہیں۔	۱۲
۴۰	آدمی کی لاعلمی کی چند مثالیں اور خدا کی ذات میں ایک حد تک غور کرنے سے خداشناسی حاصل ہوتی ہے۔	〃
۴۱	ذاتِ باری میں غور کرنے کی حد۔	۱۳
۴۲	خدا کے نود و نام کی تفصیل و کیفیت	〃
۴۳	صفاتِ باری عین ذاتِ باری ہیں۔	۱۴
۴۴	کارخانۂ عالم خدا کے ہونے اور ایک ہونے پر دلالت کرتا ہے۔	۱۸
۴۵	خدا کے وجود ذی الخارج ہونے کا ثبوۃ	〃
۴۶	عالم کا وجود خدا کے وجود کو مستلزم ہے اور اس پر چند مسلّم الثبوت عقلی دلائل	〃
۴۷	تحصیل علم کے ذرائع کیا ہیں۔	۱۹
۴۸	خدا حواسِ بشری کی گرفت میں آتے	۲۰
۴۹		

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
	کی چیز نہیں اور اس پر ایک عجیب مثال	۲۰
۵۰	مشرک اور بت پرست بھی اصل میں خدا کے منکر نہیں ہیں۔	〃
۵۱	کسی صوفی کا ایک لطیف قولہ۔	۲۱
۵۲	دہریے بھی درحقیقت منکرِ خدا نہیں۔	〃
۵۳	خدا کے بارے میں لوگوں کی رایوں کے اختلاف کا اصلی سبب اور اس پر چند مثالیں۔	〃
۵۴	**(۳) توحیدِ باری**	۲۲
۵۵	خدا کے یگانہ اور یکتا ہونے کا ثبوۃ	〃
۵۶	خدا کے بارے میں عقل سے کام لینا ایک حد تک منع نہیں ہے۔	〃
۵۷	خدا کے بارے میں اسلامی عقیدہ فطری عقیدہ ہے۔	۲۳
۵۸	فطرت کے آثار مختلفہ۔	〃
۵۹	فطرت کا اصلی اور صحیح مفہوم۔	〃
۶۰	انسان فطرۃً خدا کا خیال کرنے پر مجبور ہے۔	〃
۶۱	آدمی خدا کے مصداق میں غلطی کر سکتا ہے مگر اُسکا انکار نہیں کر سکتا۔	۲۴
۶۲	**(۴) شرک**	〃
۶۳	بنی آدم میں شرک و بت پرستی کے رواج پانے کی وجہ۔	〃
۶۴	خدا کی صفات کی مختصر فہرست اور سورۂ اخلاص کا مقصودِ اصلی۔	〃
۶۵	مذہب کا خیال اور خدا کا خیال آدمی کی فطرت میں داخل ہے	〃
۶۶	بنی آدم کے حالات و خیالات کا تبادلہ	۲۵
۶۷	حضرت آدم کی ابتدائی سوانح عمری	〃
	پیغمبروں کے بھیجنے کی اصلی غرض۔	〃

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۶۸	شروع سے کسی زمانے میں بھی پیغمبروں کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا۔	۲۵
۶۹	ہر مُلک کے باشندے ایک پیغمبر کی اُمّت ہیں۔	۲۶
۷۰	کسی قوم کو خدا کے ساتھ کسی طرح کی خصوصیّت کا دعویٰ نہیں ہو سکتا۔	۲۷
۷۱	مسلمانوں کے سوائے اَور لوگ طریقِ مستقیم سے منحرف کیوں ہوئے۔	〃
۷۲	عام مُسلمانوں کے اکثر طبقے شرک سے بَری نہیں ہیں۔	۲۸
۷۳	دنیا کے تمام مذاہب اصل واحد یعنی توحید کی فرع ہیں۔	〃
۷۴	مُسلمانوں کو نیک صلاح۔	۲۹
۷۵	مذہبی اصطلاح میں شرک کسے کہتے ہیں۔	〃
۷۶	اقسامِ شرک اور ہر ایک قسم کی تشریح	〃
۷۷	شرکِ جلی اور خفی کی توضیح۔	۳۰
۷۸	**(۵) وجودِ باری**	〃
۷۹	معرفۃ اللہ اصل مذہب ہے اور اس کی عقلی دلیل	۳۱
۸۰	اسلام کی شرعی تکالیف بالکل انسان کی فطرت کے مطابق ہیں۔	〃
۸۱	**(۶) دینِ اسلام کی سہولتیں**	〃
۸۲	تکلیف کے اقسام	〃
۸۳	عبادتِ الٰہی روحانی آرام کا مُوجب ہوتی ہے۔	〃
۸۴	اصحاب الاخدود کا واقعہ۔	۳۲
۸۵	مذہبِ اسلام کی حقّانیت کا ایک کھُلا ثبوت۔	۳۳
۸۶	سہولت اور فطرۃ لازم و ملزوم ہیں اور اسکی ایک عام فہم مثال۔	〃
۸۷	اسلام کے سوائے دوسرے مذاہب میں آدمی کو خلافِ فطرت اعمال کا بھی حکم دیا گیا ہے۔	〃
۸۸	عیسائی اور ہندو مذہب میں فطرۃ انسانی	۳۴
	کا کما حقہ لحاظ نہیں ہے۔	۳۴
۸۹	اسلام کے سوائے ہر مذہب میں تکلیف مالایطاق ہے۔	〃
۹۰	باوجود تکلیف مالایطاق کے ہندو اپنے دھرم پر اور عیسائی اپنے مذہب پر کس طرح قائم ہیں؟	〃
۹۱	بہ نسبت ہندوؤں کے عیسائیوں میں معقولیت زیادہ ہے۔	۳۵
۹۲	عیسائیوں کے عقیدۂ تثلیث پر ایک مناظرانہ زبردست محاکمہ۔	〃
۹۳	ہندوؤں اور عیسائیوں کے مذہب کا اسلام سے مقابلہ۔	〃
۹۴	عیسائیوں کی مذہبی جسمانی تکالیف۔	〃
۹۵	عیسائیوں کی رہبانیت پر ایک مختصر نوٹ	۳۶
۹۶	رہبانیت خلافِ فطرت ہے۔	〃
۹۷	ہندوؤں کی مذہبی تکلیفات۔	〃
۹۸	اسلام ترکِ دنیا کی بڑی سختی کے ساتھ ممانعت کرتا ہے۔	۳۷
۹۹	اسلام میں زُہد کیونکر داخل ہوا۔	〃
۱۰۰	اسلام کی ابتدائی حالت کا نہایت صحیح فوٹو ایک پُراثر اور دلکش نظم میں۔	۳۸
۱۰۱	عرب کے جہلاء کی پیغمبر صاحب کے ساتھ گستاخیاں	۳۹
۱۰۲	اسلام کا اثر	〃
۱۰۳	ہجرتِ حبشہ اور نجاشی بادشاہ کا قصّہ	〃
۱۰۴	کفارِ مکّہ کی پیغمبر صاحب کے قتل پر آمادگی	۴۰
۱۰۵	پیغمبر صاحب کی ہجرت کا واقعہ	۴۱
۱۰۶	پیغمبر صاحب کا تین روز غارِ ثور میں چھپا رہنا۔	〃
۱۰۷	ابوبکر صدیق رضؓ کی خدمت	〃
۱۰۸	پیغمبر صاحب کا مدینے میں نزولِ جلال	〃
۱۰۹	قریش مکّہ کا اشتعالِ طبع	〃
۱۱۰	معرکۂ بدر	〃
۱۱۱	اسلامی فتوحات اور مُسلمانوں کا تمدّن	〃
۱۱۲	طِب کے اقسام۔	〃
۱۱۳	تعلیم کے کون لوگ محتاج ہیں اور	۴۲
	کون نہیں۔	
۱۱۴	اسلام کی سہولتیں۔	۴۲
۱۱۵	اسلامی عبادتوں کا خلاصہ اور اُن میں سہولتیں۔	۴۳
۱۱۶	ہندوؤں کی مذہبی جسمانی تکالیف	〃
۱۱۷	اختلافِ عقائد کے نتائج	〃
۱۱۸	**(۷) توحید اصلِ مذہب ہے**	۴۴
۱۱۹	عبادات کے فطری ہونے کا ثبوت	〃
۱۲۰	آدمی کا مُطیعِ خدا ہونا فطری ہے	〃
۱۲۱	خدا کی مرضی کے معلوم کرنے کے اسباب۔	۴۵
۱۲۲	ہر فرد بشر کے دل میں فطری صفات کا تخم موجود ہے۔	〃
۱۲۳	ہمدردی کی صفت ہندوؤں میں زیادہ ہے۔	〃
۱۲۴	اسلام کے دینِ فطرت ہونے کا کھُلا ثبوت	۴۶
۱۲۵	آدمی کا وجود اور اُس کی ترکیب	۴۷
۱۲۶	بقاءِ رُوح کے فطری ہونے کا ثبوت	〃
۱۲۷	خدا کی ہستی کے ثبوت پر ایک مولوی صاحب اور ایک فلسفی یُورپین کی دلچسپ حکایت	۴۸
۱۲۸	انسانی فطرت	۴۹
۱۲۹	آدمی کے ہر فعل کے لئے علّت اور نتیجے کے ہونے کا ثبوت اور یہ کہ نتیجے کی تعیین میں اکثر غلطیاں ہوتی ہیں اور اس پر ایک واضح مثال۔	〃
۱۳۰	**(۸) حُسن و قبح کا احساس فطری ہے**	۵۰
۱۳۱	خدا نے جس کو جس کے لئے پیدا کیا ہے اُس سے ذرّہ بھی انحراف نہیں کر سکتا	۵۱
۱۳۲	دنیا میں جس قدر بھی امن ہے ہمدردی اور احساسِ حُسن و قبح کی وجہ سے ہے	۵۲

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
	اور اس کے ثبوت میں ایک بسیط تقریر۔	۵۲
۱۳۳	انسان کے مدنی الطبع ہونیکا ثبوت	″
۱۳۴	دستورِ سلطنت کی ابتدائی تاریخ	″
۱۳۵	قانونِ الٰہی اور قانونِ حکام کا مقابلہ	۵۳
۱۳۶	ہمدردی کے معنی میں بڑی وسعت ہے	۵۴
۱۳۷	دافعِ قانون۔ قانون کیونکر بناتا ہے	″
۱۳۸	جزا سزا اور عاقبت کے فطری ہونے کا مدلل ثبوت	″
۱۳۹	اس امر کا بدیہی ثبوت کہ آدمی کا معلم فطرت ہے	۵۵
۱۴۰	**(۹) رسالت**	″
۱۴۱	رسالت کے فطری ہونے کا ثبوت	″
۱۴۲	اہلِ کتاب کا صحیفہ مقدم اور انکا پیغمبروں کے بارے میں اختلاف	۵۶
۱۴۳	تحقیقِ مذہب کا ایک نہایت آسان طریقہ۔	۵۷
۱۴۴	قرآنی آیتوں کا تناقض اور تناقض کا رفع۔	۵۸
۱۴۵	ہر مذہب میں صداقت کی روشنی ہے	۵۹
۱۴۶	کوئی مذہب تصرفات سے خالی نہیں	″
۱۴۷	پیغمبروں اور اَور لوگوں کی فطرت کا مقابلہ۔	″
۱۴۸	پیغمبروں کے بھیجنے کی اصلی غرض	۶۰
۱۴۹	پیغمبروں کی شناخت کا ذریعہ فطرت ہی ہے۔	″
۱۵۰	موسیٰ اور فرعون کا مختصر قصہ	″
۱۵۱	خدا رسول پر ایمان لانے کا ذریعہ صرف فطرت ہے	۶۱
۱۵۲	آخرت میں صرف عمل کام آئیں گے نہ نسب	۶۲
۱۵۳	پیغمبر کی صداقت کی نشانی کیا ہے	۶۳
۱۵۴	پیغمبروں کے بارے میں فطرت کا اثر	″
۱۵۵	مذہبِ حق کی تحقیق کرنے کا ایک عمدہ طریقہ۔	۶۴
	(۱۰) پیغمبرِ اسلام کی صداقت	۶۴
۱۵۶		
۱۵۷	پیغمبرِ اسلام کی صداقت کا فطرت سے ثبوت۔	″
۱۵۸	آدمی کے اعضا کا تناسب اس کے تناسبِ افعال پر دلالت کرتا ہے	۶۵
۱۵۹	انسان کے خصائصِ فطری۔	″
۱۶۰	ایک عجیب حکایت	″
۱۶۱	ایک نتیجہ خیز لطیفہ	۶۶
۱۶۲	علمِ قیافہ کی چند باتیں۔	″
۱۶۳	پیغمبرِ اسلام کی صداقت کا ثبوت اُن کے قیافے اور تناسبِ افعال سے	″
۱۶۴	پیغمبرِ اسلام کے اخلاق سے اُن کی صداقت پر استدلال۔	″
۱۶۵	صلحِ حدیبیہ کا واقعہ۔	۶۷
۱۶۶	غیب کا صحیح مفہوم۔	۶۹
۱۶۷	روح کی حقیقت	″
۱۶۸	غیب کے اقسام	″
۱۶۹	نجوم۔ رمل۔ جفر کے بارے میں قطعی فیصلہ۔	۷۰
۱۷۰		
۱۷۱	قیافے کے متعلق ایک نہایت زبردست محاکمہ۔	″
۱۷۲	زید بن حارثہ کا واقعہ۔	″
۱۷۳	اُسامہ کا قصہ۔	″
۱۷۴	قیافے کے متعلق ایک عجیب حکایت	۷۱
۱۷۵	ہجرت سے پہلے مدینے میں پیغمبرِ اسلام کی تعلیم کیوں کر پھیلی۔	″
۱۷۶	جب پیغمبرِ اسلام مدینے پہونچے ہیں تو اہلِ مدینہ کی کیا کیفیت تھی۔	″
۱۷۷	عبداللہ بن سلام کا واقعہ۔	۷۲
۱۷۸	پیغمبرِ اسلام کا معتدل اور سلیم فطرۃ ہونا ہی اُن کی صداقت اور نشانیت کی بڑی دلیل ہے۔	″
۱۷۹	پیغمبرِ اسلام کی صداقت کا ایک اَور ثبوت۔	″
۱۸۰	طمع والا لیچ کے مدارج۔	۷۳
۱۸۱	خوف و دہشت کے مراتب	۷۳
۱۸۲	پیغمبرِ اسلام کو اُن کے دعوے نبوت	″
۱۸۳	پر کسی طرح کا خوف یا لالچ محرک نہ تھا اور اس پر ایک تاریخی واقعہ۔	″
۱۸۴	ابوطالب کے اشعار عربی معہ ترجمۂ اردو	۷۴
۱۸۵	مغیرہ کا پیغمبر صاحب کو طرح طرح سے لالچ دلانا اور پیغمبر صاحب کا جواب۔	۷۵
۱۸۶	اُن حالات کی مفصل فہرست جن کی وجہ سے پیغمبر صاحب پر دعوے نبوت کے بارے میں لالچ اور خوف کا شبہہ نہیں کیا جا سکتا۔	۷۷
۱۸۷	بنائے کعبہ کی تاریخ۔	″
۱۸۸	حضرت ابراہیم کے تعمیرِ کعبہ کی کیفیت	″
۱۸۹	حضرت ابراہیم کے وقت میں کعبے کی کیا صورت تھی۔	″
۱۹۰	قبیلہ بنی جرہم کعبے میں کیوں کر داخل ہوا	۷۸
۱۹۱	بنی جرہم کے تعمیرِ کعبہ کے مفصل حالات	″
۱۹۲	قبیلہ بنی عمالیق کے تعمیرِ کعبہ کی کیفیت	″
	قصۂ بن کلاب کے تعمیرِ کعبہ کا واقعہ۔	″
۱۹۳	قریش کے تعمیرِ کعبہ کے حالات۔	۷۹
۱۹۴	بنائے قریش اور حضرت ابراہیم کے تعمیرِ کعبہ میں کس قدر تغیر ہوا۔	۸۰
۱۹۵	پیغمبر صاحب کے انتقال کے بعد عبداللہ بن زبیر نے پھر کعبہ بنایا اور اُس کا مفصل قصہ۔	″
۱۹۶	یزید کی فوج کشی مکے پر۔	۸۱
۱۹۷	حجاج بن یوسف کے تعمیرِ کعبہ کا واقعہ	۸۲
۱۹۸	پیغمبر صاحب کا نسب شریف۔	″
۱۹۹	پیغمبر صاحب کا تولد اور اُن کی پرورش	″
۲۰۰	پیغمبر صاحب کی مالی مقدرۃ۔	۸۳
۲۰۱	پیغمبر صاحب کے عادات و اطوار	″
۲۰۲	پیغمبر صاحب کی حضرت خدیجہ سے شادی	″
۲۰۳	پیغمبر صاحب کی نبوت	″
۲۰۴	دعوتِ اسلام پر پیغمبر صاحب کو کس قدر ایذائیں دی گئیں۔	″

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۲۰۵	پیغمبر صاحب کی دنیاوی حالت پر ایک بسیط مضمون۔	۸۴
۲۰۶	پیغمبر صاحب کو دعوی نبوت پر کسی طرح کا خوف محرک نہیں ہوا۔	۸۷
	(۱۱) معجزات اور پیشین گوئیاں	
۲۰۷		۸۸
۲۰۸	معجزات اور پیشین گوئیوں کا فطرت سے مقابلہ۔	۸۹
۲۰۹	دو باتیں معجزے کا انکار نہیں کرنے دیتیں۔	″
۲۱۰	فطرت کے ہوتے معجزے کی ضرورت نہیں۔	″
۲۱۱	معجزے کے ثبوت میں ایک کمزوری بھی ہے۔	″
۲۱۲	قرآن میں کہیں صاف لفظوں میں پیغمبر صاحب کے معجزوں کا ذکر نہیں	″
۲۱۳	قرآن کے معجز ہونے کا ثبوت	″
۲۱۴	قرآن کے نزول کے وقت عرب کی فصاحت و بلاغت کس درجہ تھی۔	۹۱
۲۱۵	قرآن کے بارے میں تحقیق۔	۹۲
۲۱۶	اب زبان عربی کی کیا حالت ہے	″
۲۱۷	قرآن میں پیغمبر صاحب کی نسبت کچھ پیشین گوئیاں۔	″
۲۱۸	کتب سابقہ بیشک یقیناً محرف ہوئی ہے	۹۴
۲۱۹	اہل کتاب پر تحریف کے الزام کے صحیح ہونے کی ایک عقلی وجہ۔	۹۵
۲۲۱	کتب سابقہ کی تحریف پر ایک واہمہ اور اُس کا شافی جواب۔	″
۲۲۱	توراۃ کی تحریف کی ایک کھلی مثال۔	
۲۲۳	رسالت کا تعلق آخر کار خدا کی صفات میں جا کر منتہی ہوتا ہے	۹۶
۲۲۳	رسالت بھی اسرار الٰہی میں سے ہے	۹۷
۲۲۴	رسالت کا ایک ادنیٰ قوی اور ضروری	″
۲۲۵	پیغمبر صاحب کی تعلیم اگر ناواقفی [illegible]	

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۲۲۶	**(۱۲) نزول قرآن کی اصلی غرض۔**	۹۷
۲۲۷	مسلمانوں میں قرآن کے حفظ کا چرچا	″
۲۲۸	قرآن کے نازل کرنے سے خدا کی کیا غرض ہے۔	۹۸
۲۲۹	جو لوگ قرآن کو بے سمجھے پڑھتے ہیں اُن کے حق میں وعید۔	″
۲۳۰	**(۱۳) اِس زمانے کے مولویوں کو نیک صلاح**	″
۲۳۱	انسانی تمدن پر ایک نہایت دلچسپ تقریر	۹۹
۲۳۲	ہر شخص کچھ نہ کچھ اختیار رکھتا ہے اور اختیار کے ساتھ اُس کی کچھ ذمہ داری بھی ہے	۱۰۰
۲۳۳	مولویوں کی ذمہ داریاں	″
۲۳۴	مذہب کی اصلی غرض جس کو مولویوں نے چھپا رکھا ہے۔	۱۰۱
۲۳۵	مذہب کی تقسیم۔	۹۱
۲۳۶	معاملات کی طرف سے مولویوں کی بے توجہی اور بے توجہی کا نتیجہ	۱۰۲
۲۳۷	حدیث و فقہ کے معاملات پر ایک متصفانہ نظر۔	″
۲۳۸	مولوی۔ لوگوں کی اصلاح معاملات کو اپنا فرض منصبی نہیں سمجھتے۔	″
۲۳۹	عشرۂ مبشرہ سے مراد کون ہیں۔	″
۲۴۰	مبشر بالجنۃ کے ساتھ خصوصیت کی وجہ۔	۱۰۳
۲۴۱	عشرۂ مبشرہ کے اسماء کی فہرست۔	″
۲۴۲	ان کو مبشر بالجنۃ کیوں کہا جاتا ہے۔	″
۲۴۳	تعلیم کا مفید و نامفید ہونا موقوف ہے نتیجے کے اچھے یا بُرے ہونے پر	۱۰۴
۲۴۴	پیغمبر صاحب کی تعلیم اور اُس کا نتیجہ	″
۲۴۵	مولویوں کو ایک نہایت نیک مشورہ	۱۰۵
۲۴۶	مولویوں کا ایک اور منصبی فرض۔	″

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۲۴۷	**(۱۴) زہد**	۱۰۵
۲۴۸	مولویوں کو چاہیئے کہ زُہد کی لَے کو دھیما کریں۔	″
۲۴۹	زہد کا خیال بھی فطری خیال ہے	۱۰۶
۲۵۰	زہد کی حد جامع و مانع	″
۲۵۱	دو متناقض تقاضوں میں مذہب کا کیا اثر ہے۔	″
۲۵۲	تبارک الذی بحقیقت مُبطل حکمت الٰہی ہے	″
۲۵۳	اِس زمانے میں مُسلمان بہ نسبت زہد کے وعظ کے طالب دنیا کے وعظ کے زیادہ محتاج ہیں۔	۱۰۷
۲۵۴	قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں نے طالبِ دنیا ہیں کوئی کسر اُٹھا نہیں رکھی۔	″
۲۵۵	مولویوں کی اہم خدمت یہ ہے کہ مسلمانوں کے دلوں میں جو دنیا کی طرف سے نفرت راسخ ہو گئی ہے اُس کو نکال ڈالیں۔	″
۲۵۶	دنیا کی دوزخی تصویر۔	″
۲۵۷	دنیا سے فائدہ اُٹھانے اور ترکِ زہد کرنے کی ایک نہایت اچھی مثال۔	۱۰۸
۲۵۸	دین و دنیا کے تعلق کو بعض میں لوگوں کی ایک نہایت ننگیز فعلی کا اظہار	″
۲۵۹	مولویوں کے مذہبی خیالات بالکل فاسد ہیں۔	۱۰۹
۲۶۰	**(۱۵) دیگر مذاہب اور اُصولِ اسلام**	″
۲۶۱	اسلامی سہولتوں کا تمام مذاہب کی سہولتوں سے مقابلہ	″
۲۶۲	جو مذہب معاملات میں دخل نہ دے وہ اصل میں مذہب ہی کچھ نہیں۔	۱۱۰
۲۶۳	تثلیث پرست عیسائیوں کے معتقدات اور معاملات پر منصفانہ نکتہ چینی۔	″
۲۶۴	اسلامی شریعت بالکل نئی شریعت ہے	″

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۲۶۵	نسخ کی نہایت معقول اور مُدلّل توجیہ۔	۱۱۱
۲۶۶	انسانی فطرت کی تفصیل	〃
۲۶۷	فطرت کسی خاص صورت کے ساتھ مقیّد نہیں ہے۔ اور اس کی توضیح کے لیے ایک مثال۔	۱۱۲
۲۶۸	سزا کی سختی اور نرمی جرم کی مقدار اور مجرم کی حالت پر موقوف ہے	〃
۲۶۹	گورکھ پور کا ایک واقعہ۔	〃
۲۷۰	ایک جابر سخت گیر ظالم سکھ رئیس کی حکایت۔	〃
۲۷۱	مہر نے میں شرعی حدّ۔	۱۱۳
۲۷۲	قرآن اور اُس کا ضمیمہ سنت قیاس اجماع۔	〃
۲۷۳	قرآن میں نہ کمی بیشی کی ضرورت ہے اور نہ ہو سکتی ہے۔	〃
۲۷۴	مُسلمانوں کی ترقی اور عُروج کا راز قرآن میں ہے۔	〃
۲۷۵	قرآن پر عمل کرنے کا دنیا وی نتیجہ	〃
۲۷۶	مسلمانوں کے تنزل کی اصلی وجہ	۱۱۴
۲۷۷	مولوی خدا اور بندوں کے درمیان میں ایلچی ہیں۔	〃
۲۷۸	قرآن کی حقیقت اور اُس کی توضیح ایک مثال سے۔	〃
۲۷۹	قرآن میں طلبِ دنیا اور ترکِ دنیا دونوں طرح کی باتیں مذکور ہیں۔	۱۱۵
۲۸۰	اس عہد کے مولویوں کو زہد کی تعلیم مُسلمانوں کو دنیا یا تنگِ بے ہنگام ہے۔	〃
۲۸۱	ایک جاہل طبیب کی ہجو میں رفیع الدوار کے اشعار۔	۱۱۶
۲۸۲	ایک مولوی صاحب کی حکایت	〃
۲۸۳	مولویوں کی تعلیم سے دو سبق حاصل ہوتے ہیں۔	۱۱۷
	(۱۶) مُسلمانوں کی اصلاحِ حالت	〃
۲۸۴	اِس عہد کے مُسلمانوں کو کیا کرنا چاہیئے	۱۱۸
۲۸۵	قرآن کے کلامِ الٰہی ہونے کے ثبوت میں ایک محققانہ بحث۔	〃
۲۸۶	مُسلمانوں کا قرآن کے ساتھ کیا سلوک ہے	۱۱۹
۲۸۷	قرآن کی دو مختلف آیتوں میں حیرت انگیز تطبیق۔	۱۲۰
۲۸۸	فہم طالب پہونچنے کی ایک عجیب تدبیر	〃
〃	مثال کے طور پر ایک علمی حکایت۔	〃
۲۸۹	اسلام جیسا مذہب رکھ کر مُسلمان کیوں اقوامِ روزگار سے پیچھے ہیں۔	۱۲۱
۲۹۰	دین کو مرادِ آخرت سمجھنا سخت غلطی ہے۔	〃
۲۹۱	دنیا آخرت کے مقابلے میں ہے اور اس کی چند مثالیں۔	۱۲۲
۲۹۲	اسلام طالب دنیا کو منع نہیں کرتا	〃
۲۹۳	مُسلمانوں کی موجودہ حالت۔	۱۲۳
۲۹۴	زہد کی تعلیم سے مُسلمانوں کو سخت نقصان پونہچا۔	〃
۲۹۵	تقدیر۔ توکل۔ دعا پر عالمانہ بحث	〃
۲۹۶	اعمالِ دنیا اور اعمالِ آخرت ایک میں	〃
۲۹۷	اعمالِ آخرت اور اعمالِ دُنیا کے ایک ہونے پر مفصّل و مدلّل مکالمہ۔	۱۲۴
۲۹۸	حدیث من قال لا الٰہ الا اللہ کی ایک عمدہ شرح	۱۲۵
۲۹۹	خدا کی اور مُسلمانوں کے تعلق کی ایک مثال	〃
۳۰۰	اِس عہد کے مولویوں کی ایک مثال	۱۲۶
۳۰۱	مُسلمانوں کے ساتھ مولویوں کے برتاؤ۔	〃
۳۰۲	اسلام مرادِ انسانیت ہے	〃
۳۰۳	آدمی دو طرح کے ہیں۔	۱۲۷
۳۰۴	نا مسلموں کے ساتھ مُسلمانوں کو کیسا برتاؤ کرنا چاہیئے۔ اور اس کے بارے میں اسلامی تعلیم	〃
۳۰۵	مصلحتِ وقت کا مقتضا کیا ہے؟	۱۲۸
۳۰۶	مُسلمانانِ ہند کو کون قوموں سے اور کس طرح کے اور ہر قوم کے ساتھ کیا برتاؤ کرنا چاہیئے	〃
۳۰۷	اِس عہد کے مُسلمانوں کو کیا کرنا چاہیئے	۱۲۹
۳۰۸	اسلامی تعلیم کا اثر	〃
۳۰۹	اسلام کا ابتدائی نشو و نما	〃
۳۱۰	مخالفینِ اسلام کا جوش	〃
۳۱۱	پیغمبر صاحب کے وقت سے اس وقت تک کے مُسلمانوں کا شمار	〃
۳۱۲	ہجرت سے پہلے کے مُسلمان۔	۱۳۰
۳۱۳	اسلام جس دن سے دنیا میں آیا امن و عافیت قائم کرنے میں کوشش کرتا رہا	۱۳۱
۳۱۴	اسلامی اجتہاد۔	〃
۳۱۵	ہندو مُسلمانوں میں اتحاد و ارتباط پیدا کرنے کے ذرائع۔	〃
۳۱۶	مصنّف کی معذرت اور انکسار اور خاتمۂ کتاب۔	۱۳۲
۳۱۷	تمت بالخیر	
۳۱۸	ضمیمہ نمبر ۱ آئمہ کا شمار عشرۂ کاملہ میں۔	ضمیمہ نمبر ۱
۳۱۹	امام حسن رضؓ کے واقعاتِ زندگی۔	۱
۳۲۰	امام حسن رضؓ کی اولاد و ذکور و اناث اور اُن کی خلفائے عباسیہ سے قرابیان	۲
۳۲۱	امام حسین رضؓ کے تاریخی حالات	۳
۳۲۲	امام حسین رضؓ کی اولاد و ذکور و اناث	〃
۳۲۳	امام علی الاصغر زین العابدین	〃
۳۲۴	امام محمد الباقر	۴
۳۲۵	امام جعفر الصادق	〃
۳۲۶	امام موسیٰ کاظم	۵
۳۲۷	امام علی الرضا	۶
۳۲۸	امام محمد تقی	〃
۳۲۹	امام علی نقی	۷
۳۳۰	امام محمد حسن زکی	〃
۳۳۱	امام محمد مہدی	〃
	امام مہدی کے بارے میں اہل تسنن اور اہل تشیع کا اختلاف	〃
ضمیمہ نمبر ۲	پیغمبر صاحب اور عشرۂ مبشرہ کا شجرۂ نسب۔	۱
۳۳۲	(۱) ابوبکر صدیق رضؓ کے تاریخی حالات	۱

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۳۳۳	ابوبکر صدیق رضؓ کے مفاخر۔	۲
۳۳۱	اِن کا اسلام۔	″
۳۳۵	پیغمبر صاحب کی مجلس میں اِن کا احترام	۳
۳۳۶	**ابوبکر صدیقؓ کی اسلامی خدمتیں**	″
۳۳۷	پیغمبر اسلام کی حمایت، نصرت اور اس پر دو بڑے واقعات۔	۴
۳۳۸		
۳۳۹	اِن کی رفاقتِ غار کا مفصّل واقعہ	″
۳۴۰	ابوطالب اور ام المومنین خدیجہ کا مختصر ذکر	″
۳۴۱	ہجرت کے ابتدائی واقعات	″
۳۴۲	پیغمبر صاحب کا غارِ ثور میں مخفی ہونا اور ابوبکر کی خدمت۔	۵
۳۴۳	پیغمبر صاحب اور ابوبکر کا سفرِ مدینے کی جانب۔	۶
۳۴۴	معرکۂ بدر اور ابوبکر کی شجاعت	″
۳۴۵	ابوبکر کی جود و سخا۔	″
۳۴۶	ابوبکر کی خلافت	۷
۳۴۷	مرتدین سے مقاتلہ	″
۳۴۸	اِن کے زمانے کی فتوحات کا سلسلہ	″
۳۴۹	اِن کا انتقال۔	۸
۳۵۰	**(۲) عمر بن الخطابؓ**	″
۳۵۱	اِن کا نسب	″
۳۵۲	مفاخر	″
۳۵۳	اِن کے اسلام لانے کا واقعہ	۹
۳۵۴	اِن کی اسلامی خدمات۔	″
۳۵۵	اِن کے اسلام سے دین کو کس قدر ترقّی ہوئی۔	″
۳۵۶	اِن کی قدر و عظمت پیغمبر صاحب کی مجلس میں	″
۳۵۷	اِن کے موافقاتِ قرآنی۔	″
۳۵۸	اِن کی شجاعت و بہادری۔	۱۲
۳۵۹	اِن کی دلیری کا ایک واقعہ۔	″
۳۶۰	جنگِ اُحد اور عمر بن الخطاب کی خدمت نمایاں۔	۱۳
۳۶۱	اُن واقعات کی تفصیل جو زمانۂ خلافت میں اِن کو پیش آئے۔	۱۳
۳۶۲	عمر بن الخطاب کی ایک بڑی اور اہم۔ اور عظیم الشان خدمت۔	″
۳۶۳	قرآن کی جمع و تالیف	″
۳۶۴	تالیف کی وجہ اور اس کی تحریک	۱۴
۳۶۵	جمع و تالیف سے پہلے قرآن کی کیا حالت تھی۔	″
۳۶۶	حضرت عمر کی خلافت	۱۵
۳۶۷	اِن کے تاریخوار فتوحات	″
۳۶۸	اِن کی عظمتِ شان	″
۳۶۹	اِنکی شہادت کے واقعات	۱۶
۳۷۰	**(۳) عثمان بن عفّانؓ**	″
۳۷۱	اِن کا نسب۔ کنیت۔ لقب۔	″
۳۷۲	اِن کا تولّد۔ تطفّل۔	۱۷
۳۷۳	اِن کا اسلام	″
۳۷۴	اِن کے مفاخر	″
۳۷۵	ذُوالنّورین کے ساتھ مُلقّب ہونے کے متعلق ایک نہایت دلچسپ حکایت۔	″
۳۷۶	اِن کی ہجرت حبشہ کی طرف	۱۸
۳۷۷	صلح حُدیبیّہ کے موقع پر اِن کی حیرت انگیز شجاعت کا ظہور۔	″
۳۷۸	اِن کی حیا کے متعلق چند عبرت خیز واقعات	″
۳۷۹	اِن کی عصمت و عفّت۔	۱۹
۳۸۰	اِن کی اسلامی خدمتیں۔	″
۳۸۱	اِن کا جود و سخا۔	″
۳۸۲	اِن کی خلافت پر صحابہؓ کی بیعت۔	″
۳۸۳	اِن کے زمانۂ خلافت میں جو جھگڑے پیدا ہوئے اُن کی وجوہ۔	″
۳۸۴	معاویہ کی فوج کشی قبرس پر۔	۲۰
۳۸۵	حضرت عثمانؓ کے فتوحات معہ تاریخ و سنہ	″
۳۸۶	اِن کی خلافت کے پچھلے چھ سالوں میں جو نزاع و اختلافات پیدا ہوئے اُن کے اسباب۔	۲۰
۳۸۷	حضرت عثمان کی طرف سے لوگوں میں عام بددلی اور اُس کی وجہ۔	۲۱
۳۸۸	اِن کے ایک عامل کی شکایت اِن کی خدمت میں۔	″
۳۸۹	محمّد بن ابوبکر صدیق کی تقرری مصر پر اور مروان کی مفسدہ پردازی۔	″
۳۹۰	محمّد بن ابوبکر کے خلاف میں حضرت عثمان کے پروانے کی گرفتاری۔	۲۲
۳۹۱	مدینے میں بلوائیوں کا ہجوم	″
۳۹۲	تفتیش مقدّمہ	″
۳۹۳	حضرت عثمان کے گھر کا محاصرہ	۲۳
۳۹۴	حضرت عثمان کی شہادت	″
۳۹۵	**(۴) علی المرتضیٰ**	۲۴
۳۹۶	کُنیت۔ لقب۔ نسب	″
۳۹۷	اِن کی اولیّت اسلام میں	″
۳۹۸	اِن کے مفاخر و فضائل	″
۳۹۹	اِن کا نکاح فاطمۃ الزہرا سے	″
۴۰۰	اِن کے ابوتراب کے ساتھ مشہور ہونے کے متعلق ایک دلچسپ حکایت	″
۴۰۱	ایک سفر میں پیغمبر صاحب کا اِن کو اپنا جانشین کرنا	۲۵
۴۰۲	اِن میں اور پیغمبر صاحب میں اتصال و اتحاد۔	″
۴۰۳	پیغمبر صاحب کا اور اِن کا بھائی چارا	″
۴۰۴	اِن کی اسلامی خدمتیں	″
۴۰۵	اِن کی جوانمردی و شجاعت کا ایک نہایت عجیب تاریخی واقعہ۔	۲۶
۴۰۶	پیغمبر صاحب پر اِن کی فدائیت کا ایک کھلا ثبوت۔	″
۴۰۷	اِن کی دلیری جنگِ اُحد میں	″
۴۰۸	فتح خیبر کا واقعہ اور اِن کی عَلَم برداری	″
۴۰۹	اِن کی خلافت۔	۲۷
۴۱۰	طلحہ اور زبیر و فیرہ کی اِن سے ناراضمندی کی وجہ۔	″

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۴۱۱	جنگِ جمل کا مفصّل واقعہ۔	۲۸
۴۱۲	جنگِ صفّین اور اس کا اصلی سبب	〃
۴۱۳	خوارج کی شورش اور شورش کا اصلی سبب۔	۲۹
۴۱۴	اِن کا خوارج سے نہروان میں مقاتلہ	〃
۴۱۵	اِن کی خلافت سے علٰحدگی۔	〃
۴۱۶	اِن کی شہادت کا مفصّل واقعہ۔	〃
۴۱۷	خلافت اور اسلامی سلطنت میں مابہ الامتیاز	〃
۴۱۸	امام حسن کی خلافت	۳۰
۴۱۹	امام حسن کی معاویہ سے صلح	〃
۴۲۰	امام حسن کا انتقال	〃
۴۲۱	پیغمبر صاحب کی دو زبردست پیشین گوئیوں کا ذکر۔	〃
۴۲۲	یزید بن معاویہؓ کی ولیعہدی۔	〃
۴۲۳	معاویہ کا انتقال اور یزید کی تخت نشینی	〃
۴۲۴	امام حسین اور عبداللہ بن زبیر وغیرہ کا بیعتِ یزید سے انکار۔	〃
۴۲۵	امام حسین کی موضع کربلا میں شہادت	۳۱
۴۲۶	یزید کی اہلِ مدینہ پر فوج کشی	〃
۴۲۷	لشکرِ یزید کا کعبے کا محاصرہ کرنا پہلی دفعہ	〃
۴۲۸	یزید کی موت۔	〃
۴۲۹	عبداللہ بن زبیر کی خلافت	〃
۴۳۰	مروان بن حکم کا خروج۔	〃
۴۳۱	حجاج بن یوسف کی مکّہ پر فوج کشی اور کعبے کا محاصرہ دوسری دفعہ۔	〃
۴۳۲	عبداللہ بن زبیر کی شہادت	۳۲
۴۳۳	ولید کی خلافت۔	〃
۴۳۴	سلیمان کی تخت نشینی	〃
۴۳۵	عمر بن عبدالعزیز کی خلافت	〃
۴۳۶	یزید بن عبدالملک کی تخت نشینی	〃
۴۳۷	ہشام بن عبدالملک کی حکومت	〃
۴۳۸	ولید بن یزید کی تخت نشینی۔	〃
۴۳۹	یزید الناقص کی حکمرانی	〃
۴۴۰	مروان بن محمد کا خروج	〃
۴۴۱	خلافتِ بنو اُمیّہ کا خاتمہ	〃

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۴۴۲	خلفاءِ بنو العباس کا پہلا خلیفہ۔	۳۲
۴۴۳	سفّاح اور عباسیوں کی خلافت کی ابتدائی تاریخ۔	〃
۴۴۴	بنو العباس کے بارہ خلفاء کے نام جدولوں میں جس سے اُن کے تخت نشین ہونے اور انتقال کرنے کی تاریخ و سنہ معلوم ہوتا ہے۔	۳۳
۴۴۵	**(۵) حضرت طلحہؓ کے واقعات**	۳۵
۴۴۶	اِن کا نام۔ نسب۔ لقب۔ کنیت اسلام وغیرہ۔	〃
۴۴۷	اِن کے مفاخر۔	〃
۴۴۸	جنگِ اُحد میں اِن کے کارنمایاں	〃
۴۴۹	اِن کی اسلامی خدمتیں	۳۶
۴۵۰	اِن شجاعت جنگِ اُحد میں	〃
۴۵۱	اِن کی جان نثاری کا ایک کھلا ثبوت	〃
۴۵۲	اِن کی شہادت	〃
۴۵۳	**(۶) حضرت زبیرؓ بن العوام**	۳۷
۴۵۴	اِن کا نسب۔ کنیت۔ لقب۔	〃
۴۵۵	اِن کی قرابت پیغمبر صاحب سے	〃
۴۵۶	اِن کے مفاخر	〃
۴۵۷	اِن کی خدماتِ اسلام	۳۸
۴۵۸	معرکۂ احزاب میں اِن کی جان نثاری	〃
۴۵۹	اِن کے مآثرِ جمیلہ فتوحات میں	〃
۴۶۰	اِن کی شہادت	〃
۴۶۱	اِن کے قاتل کے ساتھ حضرت علی کا سلوک۔	۳۹
۴۶۲	**(۷) عبدالرحمنؓ بن عوف**	〃
۴۶۳	اِن کا نسب۔ کنیت۔ لقب اسلام پیدائش کی تاریخ۔	〃
۴۶۴	اِن کا ترکِ وطن۔	〃
۴۶۵	اِن کے مفاخر	〃

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۴۶۶	پیغمبر صاحب نے صرف اِن ہی کے پیچھے نماز پڑھی۔	۳۹
۴۶۷	اِن کی اسلامی خدمات۔	۴۰
۴۶۸	اِن کا استقلال معرکۂ اُحد میں	〃
۴۶۹	اِن کے ہاتھ سے دومۃ الجندل کی فتح	〃
۴۷۰	اِن کی تجارت اور تجارت میں برکت	〃
۴۷۱	اِن کے جود و سخا کی چند مثالیں۔	〃
۴۷۲	پیغمبر صاحب کے بعد جو مواسات اور مالی خدمت اِنھوں نے اُمہات المؤمنین کی کی۔	۴۱
۴۷۳	اِن کا انتقال اور انتقال کا سبب	〃
۴۷۴	**(۸) سعد بن ابی وقاصؓ**	۴۲
۴۷۵	اِن کا نسب۔ کنیت۔ لقب۔	〃
۴۷۶	اِن کے اسلام لانے کا سبب	〃
۴۷۷	اِن کے مفاخر۔	〃
۴۷۸	اِن کی شجاعت	〃
۴۷۹	پیغمبر صاحب کے دل میں اِن کی وقعت	〃
۴۸۰	اِن کی اسلامی خدمات۔	۴۳
۴۸۱	اِن کی جان نثاری کی ایک حکایت	〃
۴۸۲	اِن کی تیر اندازی۔	〃
۴۸۳	جنگِ اُحد میں دشمنوں کے کارنمایاں	〃
۴۸۴	کوفے کی گورنری اور اہلِ کوفہ کی شکایت	۴۴
۴۸۵	مُستجاب الدعوۃ تھے۔	〃
۴۸۶	اِن کی معزولی کوفے سے۔	〃
۴۸۷	اِن کا انتقال	۴۵
۴۸۸	**(۹) سعید بن زیدؓ قرشی**	〃
۴۸۹	اِن کا نام۔ کنیت۔ نسب۔ خدماتِ اسلام۔	〃
۴۹۰	اِن کے مفاخر و فضائل۔	〃
۴۹۱	اِن کے مجاب الدعوت ہونے کی ایک حکایت۔	〃
۴۹۲	اِن کی اسلامی خدمتیں	〃
۴۹۳	اِن کا زہد اور ترکِ دُنیا۔	۴۶
۴۹۴	اِن کا انتقال۔	〃

نمبر شمار	صفحہ	مضامین
۴۹۵	۴۶	(۱۰) ابو عُبَیدہ بن الجرّاحؓ
۴۹۶	″	اِن کا نسب - کنیت - اسلام
۴۹۷	۴۶	ہجرت
۴۹۸	″	اِن کے تاثر
۴۹۹	۴۷	اِن کی شجاعت
۵۰۰	″	اِن کی خدماتِ اسلام
۵۰۱	″	معرکۂ بدر میں اِن کا اپنے باپ کو
۵۰۲	۴۷	قتل کرنا
۵۰۳	″	اِن کی جاں نثاری معرکۂ اُحد میں
۵۰۴	۴۸	اِن کی وفات

تمت بالخیر

مجمل فہرستِ مضامینِ اجتہاد

نمبر شمار	صفحہ فہرست	(مضامین)
۱	۱	تمہید
۲	″	اسلامی معتقدات
۳	″	خداشناسی
۴	″	توحیدِ باری
۵	″	شرک
۶	۲	وجودِ باری
۷	″	دینِ اسلام کی سہولتیں -
۸	″	توحید اصلِ مذہب ہے
۹	۳	حُسن و قبح کا احساس فطری ہے
۱۰	″	رسالت
۱۱	″	پیغمبرِ اسلام کی صداقت
۱۲	۴	معجزات اور پیشین گوئیاں
۱۳	″	نزولِ قرآن کی اصلی غرض
۱۴	″	اس زمانے کے مولویوں کو نیک صلاح
۱۵	″	زہد
۱۶	″	دیگر مذاہب اور اصولِ اسلام
۱۷	۵	مسلمانوں کی اصلاحِ حالت
۱۸	″	ائمۂ اثنا عشر
۱۹	″	ابو بکر صدیق کے تاریخی حالات
۲۰	۶	عمر بن الخطاب
۲۱	″	عثمان بن عفانؓ
۲۲	″	علی المرتضیٰؓ
۲۳	۷	امام حسنؓ
۲۴	″	امام حسینؓ
۲۵	″	معاویہؓ
۲۶	″	یزید بن معاویہؓ
۲۷	″	عبداللہ بن زبیر
۲۸	″	خلفاءِ بنو اُمیّہ
۲۹	″	خلفاءِ عباسیہ
۳۰	″	حضرت طلحہؓ
۳۱	″	حضرت زبیرؓ
۳۲	″	عبدالرحمٰن بن عوفؓ
۳۳	″	سعد بن ابی وقاصؓ
۳۴	″	سعید بن زیدؓ قرشی
۳۵	۸	ابو عبیدہ بن الجراحؓ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد مصرع شکرِ نعمتہائے تو چنداں کہ نعمتہائے تو جلّ شانہٗ

نعت مصرع بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر عظم برہانہٗ

"مَیں کیوں مُسلمان ہوں"

شاعروں نے آدمی کو فانوسِ خیال کے ساتھ ٹھیک تشبیہ دی ہے۔ وہ تنہائی میں بھی کچھ نہ کچھ خیال کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ بعض لوگوں کو دیکھا ہے کہ اکیلے آپ ہی آپ باتیں کرتے چلے جاتے ہیں جیسے کوئی اُن سے ہمکلام ہے۔ آدمی کی یہ عادت خواب میں بھی نہیں چھوٹتی۔ یاد نہ رہنے کی تو اَور بات ہے ورنہ آدمی سوتے میں بھی خیالات سے فارغ نہیں ہوتا۔ اِسی عادت کے مطابق ایک دن بیٹھے بیٹھے مجھکو یہ خیال آیا کہ "میں کیوں مُسلمان ہوں"۔ خیالات کا تو یہ حال ہے کہ اِدھر آئے اور اُدھر غائب۔ طبیعت دوسری طرف متوجہ ہوگئی۔ مگر یہ خیال کہ "مَیں کیوں مُسلمان ہوں"۔ کچھ ایسا پیچھے پڑا کہ ہر چند مَیں اُس کو ٹالنا چاہتا تھا ٹلنے کا نام نہیں لیتا تھا یہاں تک کہ کئی سال متواتر مَیں اسی خیال میں غلطاں پیچاں رہا۔ خیال نے ایسی وسعت پکڑی کہ تھا تو مَیں ایک مگر ایسا معلوم ہوا کہ ایک سے دو ہوگیا ہوں۔ ایک حیثیت سے سائل اور دوسری حیثیت سے مجیب مَیں نہیں کہہ سکتا کہ ایسا خیال کبھی دوسرے مُسلمانوں کو بھی آتا ہے یا نہیں۔ مگر آنا چاہیئے۔ بلکہ مُسلمان کی خصوصیت نہیں۔ مَیں تو کہتا ہوں کہ ہر ایک شخص کو جو مذہب کی ضرورت کو سمجھ کر کسی خاص مذہب کا معتقد ہے کبھی نہ کبھی اپنے نفس سے پُوچھنا چاہیئے کہ وہ کیوں مثلاً ہندو یا عیسائی یا یہودی یا پارسی یا کیا یا کیا ہے۔ ایسا خیال کرنے سے قوی اُمید ہے کہ وہ حق کو دریافت کرے گا خدا کا وعدہ ہے وَاللّٰہُ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ کہ

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔ (عنکبوت ع ۷-۱۲)

اور جن لوگوں نے ہمارے دین کے کام میں کوششیں کیں ہم (بھی) ضرور اُن کو اپنے رستے دکھائیں گے ف۱

ف۱ دین کے کام میں کوشش کرنے کے یہ معنے معلوم ہوتے ہیں کہ دین کے رواج دینے اور اعلاء کلمۃ اللہ اور دین کی حمایت میں کوششیں کریں اور اپنے رستے ہم

ف۲ اور اللہ تو وعدہ خلافی کیا ہی نہیں کرتا

اور بالفرض والتقدیر اگر وہ واقعی حق کو دریافت نہ بھی کر سکا تاہم وہ حق سعی بجالایا اور اُس کے لیے وہی حق ہے جو اُس نے سمجھا۔

اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ۔	میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں۔[1]
(قطعہ) دوست نزدیک تر از من بن است — چہ کنم با کہ تواں گفت کہ او — ویں عجب ترکہ من از وے دورم — در کنار من و من مہجورم	اور
لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا مَا اٰتٰھَا۔ (الطلاق ع ۱)	خدا نے جس کو جتنا دے رکھا ہے۔ اُس سے بڑھ کر کسی کی تکلیف دینی نہیں چاہتا۔

یہ خیال کہ میں کیوں مسلمان ہوں"۔ کچھ ہمہ وقت مجھکو مصروف نہیں کیے رہتا تھا۔ مجھکو دُنیا کے اَور بھی کام تھے بلکہ

لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ۔ — میرے لیے خدا کے ساتھ ایک خاص وقت ہے

جب کبھی دوسرے مشاغل سے فرصت ملی اور میں اکیلا ہوا یہ خیال از خود اِس طرح آموجود ہوتا تھا کہ گویا فرصت کی تاک میں لگا تھا۔ جب تک مجھکو اسلام کی طرف سے پُورا اطمینان نہیں ہو لیا۔ طبیعت میں اُسی کی اُدھیڑ بُن لگی رہی باتیں جو دل ہی دل میں ہوتی تھیں مکالمے کی طرح پر ہوتی تھیں۔ تاکہ پڑھنے والے کو سمجھنے میں آسانی ہو میں نے سوال و جواب کی شکل میں گفتگو کو قلمبند کر لیا ہے۔ سچ ملخص ہے سائل کا اور مُجیب کا۔

آغازِ گفتگو

(۱) اسلامی معتقدات

(س) کیا آپ مسلمان ہیں؟

(ج) الحمد للہ (مُونہہ پر ہاتھ پھیر کر) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

---

[1] یہ ایک بڑی حدیثِ قدسی کا ٹکڑا ہے۔ حدیث قدسی وہ ہے جس کے راوی تو ہوں جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور روایت ہو خدا تعالیٰ کی طرف سے۔ تو اِس ٹکڑے کا مطلب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں۔ جیسا وہ میرے حق میں گمان کرتا ہے۔ میں اُس کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرتا ہوں۔ محدثین نے اِس حدیث کو کئی طُرق سے روایت کیا ہے۔ بخاری نے تو صرف اسی قدر انا عند ظن عبدی بی مگر مسلم اور ترمذی نے اِتنا اور زیادہ کیا ہے وانا معہ اذا دعانی اور شرح فقہ اکبر میں یوں ہے انا عند ظن عبدی بی فلیظن بی ما یشاء ۱۲ ع اِس کے معنے ہیں خدا کا شکر ہے۔ مگر یہ سائل کے اِس سوال کا کہ "کیا آپ مسلمان ہیں"۔ جواب نہیں ہے۔ اِس کا جواب تو ہے "ہاں" "نہیں"۔ ہاں جواب کے قائم مقام ہے۔ اِس طرح کہ میں مسلمان ہوں اور اِس پر خدا کا شکر ہے ۱۲ ع لوگوں کا دستور ہے کہ کوئی متبرک کلمہ زبان سے کہتے وقت مُونہہ پر ہاتھ پھیرنے لگتے ہیں اُن کا خیال ہے۔ کہ متبرک کلمے کے بولتے وقت تنفس میں برکت کا اثر ہوتا ہے تو تنفس کو ہاتھ کے ذریعے سے مُونہہ پر پہنچانا چاہیئے یہ دستور اکثر عربوں اور افغانستانیوں میں دیکھا جاتا ہے ۱۲ ع یہ کلمہ اسلامی شریعت کا لُبِّ لُباب ہے اور اصطلاحِ شرع میں اسے کلمہ کہتے ہیں وہ یوں کلمے کے معنے ہیں مجمل بات ۱۲ ع خدا کے سوائے کوئی معبود نہیں (اور) محمد خدا کے بھیجے ہوئے پیغمبر ہیں۔

(س) کیا بس اسی کا نام اسلام ہے؟ اگر کسی دوسرے مذہب کا آدمی مثلاً ہندو یا عیسائی یہی الفاظ نقل کے طور پر مُونہ سے کہے تو کیا اتنا کہنے سے مُسلمان ہو جائے گا؟

(ج) نہیں! اسلام کے لیے اقرار باللسان اور تصدیق بالجنان دو ضروری شرطیں ہیں۔

(س) کسی کے دل کی کوئی کیا جانے۔ پس کوئی ہم کو اور ہم کسی کو کیونکر مُسلمان کہہ سکتے ہیں۔

(ج) صرف مُقرّ کے زبانی اقرار سے۔

(س) کیا ممکن نہیں کہ دل میں انکار ہو اور زبانی اقرار۔

(ج) بے شک ممکن ہے۔ اور خود جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں ہوا ہے ہر زمانے میں ہوا کیا ہے اور اب بھی ہو رہا ہے۔ جناب پیغمبر صاحب کے عہد کی شہادت میں تو قرآن موجود ہے

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝ (البقرہ ع ۲)

اور لوگوں میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو (مُونہ سے تو) کہہ دیتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور روزِ آخرت پر ایمان لائے حالانکہ وہ (یہ) ایمان نہیں لائے (یہ لوگ اپنے نزدیک) اللہ کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لا چکے ہیں دھوکا دیتے ہیں اور درحقیقت (یہ) دھوکا نہیں دیتے مگر اپنے آپ کو اور (اس بات کو) نہیں سمجھتے ف۱

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ (الحجرات ع ۱)

عرب کے دیہاتی کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے (اے پیغمبر ان سے) کہہ دو کہ تم ایمان نہیں لائے ہاں (یوں) کہو کہ ہم مُسلمان ہو گئے اور ایمان کا تو ہنوز تمھارے دلوں میں گزر تک بھی نہیں ہوا ف۲

ف۱ مطلب یہ ہے کہ ہم اس کی زبان کو اُس کے دل کا ترجمان معتبر سمجھیں گے کہ جو وہ مُونہ سے کہتا ہے دل میں بھی اُس کو صحیح سمجھتا ہے ۱۲

ف۲ ایمان دل سے علاقہ رکھتا ہے اور خدا کے سوا دوسرے کو اُس کی خبر نہیں ہو سکتی اور اسلام افعالِ ظاہر سے تعلق رکھتا ہے۔ ایک شخص مسلمانوں کی سی وضع رکھتا اور مُسلمانوں کے ساتھ کھاتا پیتا اور اپنے تئیں مُسلمان کہتا ہو۔ شرعِ جو ظاہر پر حکم کرتی ہے اُس کی رُو سے وہ مُسلمان سمجھا جائے گا مگر ممکن ہے کہ اُس کے دل میں ایمان نہ ہو۔ دوسری صورت یہ ہے کہ فرض کرو ایک شخص دل میں ایمان رکھتا ہے اور اُس کا ظاہر مسلمانوں کا سا نہیں اور ایسے لوگ بہت تو نہیں معدودے چند ہم نے خود دیکھے ہیں کہ دل میں مذہبِ اسلام کی حقانیت کے قائل ہیں مگر برادری کے ڈر سے یا کسی اور وجہ سے مُسلمان نہیں ہیں تو ہم اُن کے ساتھ مُسلمانوں کا سا برتاؤ نہیں کریں گے۔ مگر چونکہ ہم کو کسی طرح پر اُن کے دلی خیالات معلوم ہو گئے ہیں ہم کو کیا ضرور ہے کہ مُونہ پھوڑ کر اُن کو کافر کہیں اور تالیفِ قلب کے عوض اُن کو نفرت دلائیں اس آیت میں ایمان اور اسلام کا فرق جتانا مقصود ہے سخت افسوس ہے کہ آج کل مُسلمانوں میں یہ فساد کثرت سے شائع ہو گیا ہے کہ بات بات میں مُسلمانوں کو کافر بنا دیتے ہیں حالانکہ شریعت کی رُو سے کسی حق نہیں کہ مسلمان بھائی کو گروہِ اسلام سے خارج کرے جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم ساری عمر مُسلمانوں کے گروہ کے بڑھانے کی تدبیروں میں لگے رہے اور وہ مُسلمانوں کے گروہ میں دخل کرنے کے لیے حیلے ڈھونڈھتے تھے اور فرمایا کرتے تھے اَنَا هٰذِهِ بِكُمُ الْاُمَمَ کہ تمام پیغمبروں میں سے میں ایسا پیغمبر ہوں جس کی اُمت آخرت میں سب

۱۲ سے زیادہ ہوگی۔ اس سے ظاہر ہے کہ مسلمان کسی کو کافر کہنے کے لیے حیلے ڈھونڈھتے ہیں ۱۲ منہ

بات یہ ہے کہ دنیا میں مذہبوں کی یہ کثرت ہے کہ مُونہ سے جو چاہے سو کہے بلا مبالغہ گویا ہر شخص خُدا گانہ مذہب رکھتا ہے۔ اِس کے دل کو خدا نے آزاد مطلق پیدا کیا ہے۔ جو چاہے خیال کرے کسی کی اُس پر جبری حکومت نہیں نہ حاکم کی نہ بزرگ کی نہ برادری کی نہ دوست کی نہ دشمن کی۔ اِس واسطے کہ سوائے خدا کے اور خود اس شخص کے کسی کو اُس کے مافی الضمیر کی اطلاع نہیں اور نہ ہو سکتی ہے۔ آدمی کے اعضاء کو اُس کے حرکات اور سکنات کو سُنے کہ زبان کو روکا جا سکتا ہے۔ مگر دل کو خدا کے سوائے کون روکے۔

(س) اچھا پھر آپ کو ہم اِس لیے مُسلمان سمجھیں کہ آپ اپنے تئیں مُسلمان کہتے ہیں یا واقع میں بھی آپ دل سے اسلام کے معتقد ہیں؟

(م) اَب تو ہوں!

(س) اَب تو ہوں کے کیا معنے؟ کیا اَب سے پہلے آپ مُسلمان نہ تھے؟

(م) تھا مگر مقلد اور اَب خدا کے فضل سے مجتہد ہوں۔

(س) ذرا کھول کر اِس کا مطلب سمجھائیے۔

(م) مطلب یہ کہ میری اِتنی عمر ہونے آئی کہ میرے ساتھی اکثر چل بسے اور میں بھی قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہوں مگر میں نے ساری عمر تصدیق بالجنان کی طرف توجہ نہیں کی۔ اور میں صرف اِس لیے اپنے تئیں مُسلمان سمجھتا اور کہتا رہا کہ مُسلمان کے گھر پیدا ہوا۔ مُسلمانوں کا سا میرا نام رکھا گیا۔ مُسلمانوں میں پرورش اور تعلیم پائی۔ مُسلمانوں میں بیاہا میں نے اِس اثنا میں ایک لمحے کے لیے بھی اِس کا خیال نہ کیا کہ مجھے تحقیق مذہب کی بھی ضرورت ہے۔ میں اسلام پر قانع اور اُس کی طرف سے مطمئن تھا کہ میرے لیے اِسی قدر بس کرتا ہے۔ کہ نماز روزہ جو دوسرے مُسلمان کرتے ہیں میں بھی کر لیا کروں یعنی اعمال ظاہر کو میں صرف ایک رسم کے طور پر ادا کر لیا کرتا تھا اور میں ایک مقلد مُسلمان تھا اور بس اَب چند روز ہوئے کہ مجھکو خیال ہوا کہ مذہب ہم نہیں بلکہ زندگی کی ضرورتوں میں سے بڑی اشد ضرورت ہے۔ سب سے پہلے میں نے آپ ہی آپ ہر ایک چیز کو نظر غور سے دیکھنا شروع کیا۔ اِس سے پہلے میں جس چیز کو دیکھتا اُوپری اور سرسری نظر سے دیکھتا اَب ہر چیز کی تہ کو پہنچنے لگا کہ یہ کیا ہے۔ کیونکر بنی ہے۔ کس غرض سے بنی ہے۔ آپ سے آپ بن گئی ہے یا کسی نے بنائی ہے۔ بنانے والے نے اِس کے بنانے میں کیا کاریگری کی ہے۔ بس اِس سوچ بچار کو عمارت دین کی بُنیاد سمجھو۔

(۲) خُداشناسی

(س) یہ کیونکر؟

(م) یہ اِس طرح کہ شروع شروع میں ایسی چیزوں پر نظر پڑتی تھی جن میں آدمی کے عمل کو بھی تھوڑا بہت دخل ضرور تھا۔ وہ مکانات تعمیر کرتا۔ باغات لگاتا۔ کاشتکاری کرتا۔ سامان وسامان خانہ داری بہم پہنچاتا۔ اور بنظر ظاہر بنانے

والا یعنی خالق خیال کیا جاتا۔ مگر غور سے دیکھا تو وہ ایک حد تک متصرف فی الامور ضرور ہے چیزوں کی حالت اور ترتیب بدل سکتا ہے۔ معدوم کو موجود نہیں کر سکتا۔ اور تیرے تغیرات اس کے دست رس سے خارج بھی ہیں

(س) ذرا اس کی مزید توضیح فرمائیے۔

(م) مثلاً آدمی نے مکان بنایا تو اس بنانے کے یہی معنے ہیں کہ اس نے مٹی سے اینٹیں تھاپیں۔ آن کو پکایا درختوں کی لکڑی چیر کر کڑی۔ تختہ کواڑ۔ چوکھٹ یہ چیزیں بنائیں۔ ان کو لوہے کی کیلوں سے جڑا۔ پھر سب چیزوں کو موقع موقع سے ترتیب دے دیا اتنا کرنے سے بانیِ مکان کہلانے لگا۔ مگر پانی مٹی۔ لکڑی۔ لوہا۔ کوئی چیز بھی آدمی نے پیدا نہیں کی۔

(س) اچھا اور وہ تغیرات جو انسان کے دست رس سے خارج ہیں؟

(م) اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ۔ (بقرہ ع ۱۹)

بے شک آسمان و زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کی آمد و شُد میں اور جہازوں میں جو لوگوں کے فائدے کی چیزیں (یعنی مالِ تجارت) سمندر میں لے کر چلتے ہیں اور مینہ میں جس کو اللہ آسمان سے برساتا پھر اُس کے ذریعے سے زمین کو اُس کے مرے (یعنی افتادہ رہے) پیچھے پھر زندہ (یعنی شاداب) کرتا ہے اور ہر قسم کے جانوروں میں جو خدا نے روئے زمین پر پھیلا رکھے ہیں اور ہواؤں کے اِدھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر پھیرنے میں اور بادلوں میں جو (اللہ کے حکم سے) آسمان و زمین کے درمیان کھرے رہتے ہیں (غرض اِن سب چیزوں میں) اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں قدرتِ خدا کی بہتیری نشانیاں (موجود) ہیں۔

یہ چند باتیں تو مثال کے طور پر بیان کر دی گئی ہیں۔ آدمی خود سوچے سمجھے تو معلوم کر سکتا ہے کہ جس کو اختیار کہنا چاہیئے اُس کا تو نام ہی نام ہے شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے بہت ٹھیک فرمایا ہے ؎

گرت چشمِ خدا بینی بخشند ۔۔۔ نہ بینی ہیچ کس عاجز تر از خویش

دُور کیوں جاؤ خود آدمی ہی کے حال کو دیکھو کہ پیدا ہونا جیتا طفلی اور شباب اور پیری کی منزلیں طے کرنا۔ مرنا ان میں سے کوئی چیز بھی آدمی کے اختیار میں ہے۔

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا

(اے لوگو! وہ (خدا ہی تو) ہے جس نے تم کو (اوّل بار) مٹی سے پیدا کیا (ف) پھر نطفے سے پھر لوتھڑے سے پھر تم کو بچہ (سا) (ماں کے پیٹ سے)

ف آدمی کو اول بار مٹی سے پیدا کرنے میں یا تو آدم کی پیدائش کی طرف اشارہ ہوگا کہ وہ پہلے آدمی تھے جو مٹی سے پیدا ہوئے اور اُن کے بعد سے توالد و تناسل کا یہ دستور ہے یا جو اب چل رہا ہے شاید سارے آدمیوں کا مٹی سے پیدا کرنا مراد ہو کہ لقمۂ غذا سے بنتا ہے اور غذا جو کچھ بھی ہے مٹی سے پیدا ہوتی ہے ۱۲

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ (المؤمن ع ۷)

نکالتا ہے پھر تم کو زندہ رکھتا ہے تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو پھر تم کو اور زندہ رکھتا ہے تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور تم میں سے کوئی (کوئی ان وقتوں سے پہلے بھی) مر جاتا ہے۔ اور (جن کو جوانی یا بڑھاپے تک زندہ رکھا جاتا ہے تو) اس غرض سے زندہ رکھا جاتا ہے کہ تم (لوگ موت کے) وقتِ مقرر تک پہنچو اور (مقصود اصلی) یہ ہے کہ ان آثارِ قدرت کو سمجھو۔

ہم تو جینے کے یہی معنے سمجھتے ہیں کہ آدمی مُونہ کی راہ ماکول و مشروب پیٹ کی کوٹھری میں بھر لیتا ہے۔ جیسے بھٹر بھُونجا بھاڑ بھونکتا ہے۔ خیر یہاں تک تو آدمی کو جوتنا۔ بونا۔ کاٹنا۔ گاہنا۔ پیسنا۔ پکانا۔ نگلنا۔ کچھ کرنا بھی پڑتا ہے۔ نگلے پیچھے اُس کو خبر بھی تو نہیں ہوتی۔ کہ غذا کیونکر گوشت۔ پوست۔ ہڈی۔ پٹھے۔ رگ۔ ریشے۔ خون۔ بال۔ ناخن کی طرف متحیل ہوتی ہے۔

(س) اچھا پھر؟

(ح) غرض بہت نہیں تھوڑا سا غور کرنے سے میرا دل اس بات کو مان گیا کہ دُنیا میں ہمہ وقت انواع و اقسام کے تغیرات ہوتے رہتے ہیں اور کوئی تغیر بڑا ہو یا چھوٹا بے سبب کے نہیں ہوتا۔ خواہ وہ سبب آدمی ہو یا کوئی اور چیز کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ یہاں تک کہ پتھر جہاں پڑا ہے جب تک کوئی اُس کو جگہ سے نہ ہلائے جُنبش نہیں کرتا۔ تخم کے بدون درخت نہیں اُگتا۔ بے باول پانی نہیں برستا۔ آدمی کو ایک حد تک متصرف فی الامور دیکھ کر مجکو دھوکا ہو چلا تھا۔ کہ شاید یہی تغیرات کا باعث ہوتا ہو۔ مگر ساتھ ہی اس کا بھی مشاہدہ کر لیا کہ ہزاروں لاکھوں کروروں بے شمار تغیرات ہوتے رہتے ہیں۔ جن میں انسان کو کچھ بھی دخل نہیں بلکہ انسان کو اُن کی خبر تک بھی نہیں ہوتی دخل کیا خاک ہو۔ علاوہ برس ایک تغیر معدومِ محض کو موجود کرنے کا ہے کہ یہ کرشمہ نہ کسی فردِ بشر نے کیا اور نہ کوئی کر سکے گا۔ اب تو رہی سہی عقل اور بھی چکر میں آئی۔ دل ہے کہ تغیرات کے سبب کا کھوج لگائے بدون کسی طرح نہیں مانتا اور سبب ہے کہ کسی طرف نہیں دکھائی دیتا۔ نہ کہیں اُس کی آواز سُنائی دیتی ہے۔

(س) معدومِ محض کو موجود کرنے سے آپ کی کیا مراد ہے؟

(ح) دنیا کی ہر قسم کی چیزوں کی اصلیت میں غور کرتے کرتے آخر کار یہ دریافت ہوا کہ چار چیزیں تمام چیزوں کی اصل ہیں جن کو عناصرِ اربعہ کہتے ہیں آب و خاک و باد و آتش یعنی دُنیا میں جو چیز بھی ہے۔ بجائے خود ایک مرکب ہے۔ جس میں یہ چار عناصر ملے ہوئے ہیں۔ ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ ہر چیز کی ترکیب جُدا ہے۔ اور مقدارِ عناصر مختلف۔ اب حال کی تحقیقات سے ثابت ہوا کہ جن عناصر کو ہم اب تک بسیط سمجھتے رہے وہ بھی مرکب ہیں۔ مثلاً ہوا میں تین قسم کی ہوائیں ملی ہوئی ہیں آکسیجن۔ نائٹروجن اور ہائڈروجن۔ ایک کا خاصہ ہے آگ کو مشتعل کرنا۔ دوسری کا بجھانا۔ لیکن عناصر بسیط ہوں یا مرکب مجکو اس بحث سے کچھ تعلق نہیں۔ میرا مدعا تو اسی قدر ہے۔ کہ دنیا کی چیزیں تو عناصر کے اختلاط سے بنیں۔ عناصر کا اختلاط بھی ایک طرح کا تغیر ہے۔ اور چونکہ ہر ایک تغیر کا کچھ نہ کچھ سبب ضرور ہے۔ اختلاطِ عناصر کا بھی کوئی سبب ہوا ہوگا۔

اور معلوم ہو کہ اختلاطِ عناصر میں آدمی کو کچھ دخل نہیں اِلّا ماشاء اللہ اور آدمی کو دخل نہیں تو مربیات اور مشاہدات عالم میں کسی کو نہیں جیسا کہ میں تھوڑی دیر ہوئی کہہ چکا ہوں۔ غرض اختلاطِ عناصر کا سبب بھی دریافت طلب ٹھیرا۔ اور اِس سے بڑھکر وجودِ عناصر کا سبب کہ یہ کیسے آموجود ہوئے۔ اِن کا مُوجد کون۔

(س) پھر آپ نے تغیراتِ عالم کے سببِ اصلی اور مُوجد کے دریافت کرنے کی کیا تدبیر کی؟

(م) تدبیر کیا کی۔ دل ہی دل میں سوچتا رہا۔

(س) کسی اَور سے رائے لی ہوتی۔

(م) کس سے رائے لیتا۔

(س) شہر میں سینکڑوں مولوی۔ عالم۔ واعظ۔ صوفی۔ مشائخ بھرے پڑے ہیں آخر یہ لوگ بھی تو کچھ سوچ سمجھ کر مُسلمان ہیں

(م) اجی بس رہنے بھی دو۔ یہ بھی میری ہی طرح کے تقلیدی مُسلمان ہیں۔

(س) نہیں جی اِن لوگوں نے کتابیں اپنے مذہب کی تائید اور دوسروں کی تردید میں لکھی ہیں۔

(م) اِن میں شاید ہی کوئی کتاب اتفاقِ حق کے لیے لکھی گئی ہوگی ورنہ جہاں تک مجھکو اِن کے دیکھنے کا اتفاق ہوا اُنمیں بے مثل بے مثل کہکر مغل سے سر پر کوٹھو

(س) یہ کیا؟

(م) اجی ایک ظریف مزاج مزا صاحب کسی گانو میں گئے وہاں ایک جاٹ بھی اُن ہی کی طرح کا خوش مزاج تھا دونوں میں بے تکلفی ہوگئی۔ ایک دن مزا صاحب نے ہنسی ہنسی میں جاٹ سے کہا "جاٹ بے جاٹ تیرے سر پہ کھاٹ" تو جاٹ کیا جواب دیتا ہے کہ "مغل بے مغل تیرے سر پہ کوٹھو" مغل نے کہا یار تک تو نہ ملی۔ جاٹ بولا پڑی مت ملو۔ بوجھوں تو مرے گا یہی حال علمِ کلام اور مناظرے کی کتابوں کا ہے تک ملے نہ ملے۔ دوسرے کو بوجھوں مارنے سے کام۔ اور یہی وجہ ہے کہ کبھی باطل سے باطل مذہب بھی مغلوبِ مناظرہ ہوکر معدوم نہیں ہوا۔

(س) آخر آپ مُسلمان بھی ہوئے یا نہیں؟

(م) ابھی نہیں۔ اسلام کی پہلی اور ضروری شرط یہ ہے کہ آدمی صمیمِ قلب سے خدا کے ہونے کا قائل ہو اور ہونا بھی ایسا ہو کہ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ اُسی نے دنیا جہان کے کارخانے کو پیدا کیا۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ (ق ع ۳)

اور ہم نے آسمانوں (کو) اور زمین کو اور جو چیزیں آسمان و زمین میں ہیں اُن کو (سب کو) چھے دن میں بنا کھڑا کیا اور تکان نے ہم کو چھو (تک) بھی تو نہیں۔

وہی اُس کو سنبھالے ہوئے ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ (اٰل عمران ع ۱)

اللہ وہ ذاتِ پاک ہے کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ (کارخانۂ عالم کا) سنبھالنے والا۔

اُس کی قدرت کے آگے کوئی چیز ناممکن نہیں جو کچھ ہوا اور ہو رہا ہے اور آئندہ ہوگا اُس کو ذرہ ذرہ معلوم ہے۔

لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَا أَكْبَرُ إِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○ (السبا ع ۱)

(اور) ذرہ بھر (چیز بھی) آسمانوں اور زمین میں اُس سے پوشیدہ نہیں اور ذرہ سے چھوٹی اور ذرہ سے بڑی جتنی چیزیں ہیں سب (اُس کے ہاں) کتاب واضح (یعنی لوحِ محفوظ میں) صاف صاف لکھی ہوئی (موجود) ہیں۔

کوئی چیز اُس سے مخفی نہیں۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ (آل عمران ع ۱)

اللہ (ایسا دانا و بینا ہے کہ) اُس سے کوئی چیز چھپی نہیں (نہ) زمین میں اور نہ آسمان میں۔

یہاں تک کہ دلوں کے بھید

إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

بے شک اللہ تو سب کے جی کی بات جانتا ہے

اُس کے حکم کے بدون پتّا تک نہیں ہل سکتا۔ اگر سمندر کا پانی سیاہی کی جگہ کام میں لایا جائے اور روئے زمین پر جتنے درخت ہیں قلموں میں صرف کر دیئے جائیں اور دنیا بھر کے لکھنے والے روزِ قیامت تک اُس کے اوصاف لکھتے رہیں تب بھی تمام نہ ہوں۔

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ○ (کہف ع ۱۲)

(اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہو کہ اگر میرے پروردگار کی باتوں کے لکھنے کے لیے سمندر (کا پانی) سیاہی (کی جگہ) ہو تو قبل اس کے کہ میرے پروردگار کی باتیں تمام ہوں سمندر نبڑ جائے اگرچہ ہم ویسا ہی (اور) سمندر اُس کی امداد کو لائیں ف

دنیا میں کوئی چیز اُس جیسی نہیں۔

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ (الشوریٰ ع ۱)

کوئی چیز (بھی) اُس جیسی نہیں اور وہ (سب کی) سنتا (سب کچھ) دیکھتا ہے

خدائی میں کوئی اُس کا ساجھی نہیں۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ (بنی اسرائیل ع ۱۲)

اور نہ (دونوں جہان کی سلطنت میں) اُس کا کوئی شریک ہے اور نہ اس سبب سے کہ کم زور ہے کوئی اُس کا مددگار ہے۔

اکیلا ہے نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی اُس سے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ○ (اخلاص ع ۱)

(اے پیغمبر یہ لوگ جو تم سے خدا کا حال پوچھتے ہیں تو تم ان سے) کہو کہ وہ اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اُس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی اُس کے برابر کا ہے۔

قطعہ

ای برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم
وز ہر چہ گفتہ اند و شنیدیم و خواندہ ایم
دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر
ما ہمچناں در اوّلِ وصفِ تو ماندہ ایم

ف باتوں سے مراد ہے اُس کی تعریفیں۔ اُس کے کارنامے۔ اُس کے تصرفات اُس کے انتظامات ۱۲

یا ایسے خدا کا سچے دل سے ماننا تم ہی انصاف کرو کیا کچھ آسان کام ہے۔

(س) پھر دنیا میں اتنے سارے آدمی کس بنا پر اپنے تئیں مسلمان کہتے ہیں

(م) سب تقلیدی مسلمان ہیں۔ الّا ماشاء اللہ۔ ہاں شروع کے مسلمان البتہ مجتہد مسلمان تھے جو گویا خدا کو بچشم سر دیکھ کر ایمان لائے تھے۔ پھر اُن کی نسلیں عام قاعدے کی رُو سے مسلمان ہوتی گئیں۔ اور کچھ اُن کی دیکھا دیکھی اور یوں مسلمانوں کی مردم شماری بڑھتی چلی گئی۔ اور بڑھتی چلی جا رہی ہے۔

(س) یہ تو آپ نے بُری سُنائی۔ معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں میں اکثر تقلیدی مسلمان ہیں یہ کون سی تعریف کی بات ہے

(م) مسلمانوں کی کیا خصوصیت ہے۔ جتنے مذہبی گروہ ہیں۔ اُن میں اکثر مقلد ہیں۔ لوگوں نے مذہب کو قومیت بنا رکھا ہے اور اگر سوچ سمجھ اور اجتہاد کو کام میں لائیں۔ تو یہ اختلافات بھی اُٹھ جائیں۔ یا کم تو ضرور ہو جائیں۔

(س) اچھا پھر اپنے غور و فکر کے سلسلے کو تو ختم کیجیے

(م) ختم کیا کروں۔ برسوں اسی فکر میں پریشان رہا۔ یہ عقدہ کسی طرح حل نہیں ہوتا تھا۔ کہ دنیا کا یہ عظیم الشان کارخانہ کہاں سے آموجود ہوا۔ اور یہ کچھ لڑکوں کا کھیل تو نہیں ہے۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا (آل عمران ع ۱۹) اے ہمارے پروردگار تو نے اس کارخانۂ عالم کو بے فائدہ تو نہیں بنایا ہے

گون اس کو اس ربط و ضبط کے ساتھ چلا رہا ہے۔ میری پریشانی یہاں تک بڑھی کہ آخر میں نے ایک دن دیوانِ حافظ میں فال کھولی تو قسمت سے یہ شعر نکلا ؎

سخن از مطرب و مے گو زراز دہر کمتر جو کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت این معمّا را

فال نے تو بالکل آس توڑ دی اور ایک مدت تک میں نے اس خیال کو پاس نہ آنے دیا۔ اسی اثنا میں اتفاق سے مجھ کو تپ آنے لگی۔ اور سہلوں تک کی نوبت پہنچی۔ علالہ کی حالت میں مجھ کو یہ خیال ہوا۔ کہ اگر میں اسی دُبدے کی حالت میں مر گیا تو گتّے کی موت مرا اور میں نے تندرست ہوتے ہی پھر زور و شور کے ساتھ کوشش شروع کی۔

(س) وہ کیا کوشش تھی؟

(م) وہ کوشش یہ تھی۔ کہ میں نے سوچا میں کوئی انوکھا آدمی تو ہوں نہیں۔ مجھ جیسے اور مجھ سے بہتر سوچ سمجھ کے لاکھوں کروروں آدمی ہو گزرے ہیں اور اب موجود ہیں۔ اور یہ خیال جو مجھ کو پریشان کیے رہتا ہے۔ کوئی ایسا دقیق مضمون نہیں جس کے لیے بڑی عقل درکار ہو۔ بلکہ معمولی ہوش و خرد کا آدمی بھی ایسا خیال کیے بدون نہیں رہ سکتا۔ اور اگر آدمی نے یہی ضروری اور پیش افتادہ بات کا بھی خیال نہ کیا۔ تو حقیقت میں وہ جانوروں سے بھی گیا گزرا ہے۔

أُولٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ۔ یہ لوگ چارپائے کی شل ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے ہوئے

سلہ پوری آیتیں ہیں وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ ۖ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ یعنی اور ہم نے بہت سے جن اور انسان جہنم ہی کے لیے پیدا کیے ہیں اُن کے دل تو ہیں مگر اُن سے سمجھنے کا کام نہیں لیتے اور اُن کی آنکھیں بھی ہیں مگر اُن سے دیکھنے کا کام نہیں لیتے اور اُن کے کان بھی ہیں مگر اُن سے سننے کا کام نہیں لیتے

نوٹ: اگر کوئی صاحب یہ کتاب مفت تقسیم کرنا چاہیں تو ہم ۱۲۰ کاپیاں بلا قیمت بھیج دیں گے۔ ڈاک خرچ ۱۲ روپے ہوگا۔ منیجر

(س) پھر کیا ثابت ہوا۔
(م) ثابت یہ ہوا کہ یہ خیال آدمی کی فطرت میں داخل ہے۔ آدمی کا دل اُس کو اس خیال پر مجبور کرتا۔ اور یہ خیال خود بخود اُس کے دل سے پیدا ہوتا ہے۔
(س) اچھا پھر لوگوں کے اس خیال کا نتیجہ؟
(م) نتیجہ اختلافِ مذاہب جیسا کہ دیکھتے ہو؟
(س) یہ اختلاف کیوں؟
(م) اختلافِ مدارجِ عقول۔ اختلافِ تعلیم۔ اختلافِ تربیت۔ اختلافِ آب و ہوا کی وجہ سے۔
(س) مذہب تو بہت سی باتوں کے مجموعے کا نام ہے۔ اور مذاہب ہیں کہ قریب قریب سبھی باتوں میں مختلف ہیں۔
(م) فروعی اختلاف تو چنداں قابلِ لحاظ نہیں۔ بڑا دیکھنا اُصولی اختلاف کا ہے۔ سو تمام اختلافات کی جڑ معرفتِ ذاتِ باری ہے
(س) ذاتِ باری میں کیا اختلاف ہے۔ اور اس کی وجہ کیا ہے؟
(م) سارے اختلافات تو مجھے معلوم نہیں۔ کچھ ہیں اور وجہِ اختلاف پوچھو۔ تو خود انسان کی طبیعت کا خاصہ کُرید ہے۔
(س) کُرید کیا؟
(م) نامعلوم چیزوں کے معلوم کرنے کا شوقِ مُفرط۔
(س) یہ تو تعریف کی بات ہے یہ نہ ہو تو بابِ ترقی مسدود۔
(م) بے شک ایک حد تک تعریف کی بات ہے لیکن ع چونکہ از حد بگذرد سو اکند ؎

نہ ہر جائے مرکب تواں تاختن کہ جاہا سپر باید انداختن

(س) شوق کی حد ارشاد ہو۔
(م) حد یہ ہے کہ ایاز قدرِ خود بشناس۔"
(س) تعریف الجہول بالمجہول۔ اس کی کچھ توضیح کیجئے۔
(م) بات یہ ہے کہ آدمی اپنے نفس میں غور کرے تو آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ کہ گو وہ عقل رکھتا ہے۔ اور عقل کی وجہ سے اشرف المخلوقات ہے مگر ہزاروں باتیں ہیں جو ہماری سمجھ سے بالاتر ہیں۔ کُنہ اور حقیقت تو کسی چیز کی ہم جانتے ہی نہیں۔ مثلاً کوئی ہم سے پوچھے کہ پانی کی حقیقت کیا ہے۔ جواب میں ہم پانی کے خواص تو بتیرے گنوا دیں گے کہ پانی ایک رقیق اور سیّال چیز ہے۔ نشیب کی طرف کو بہتا ہے۔ جس ظرف میں بھرا جائے جوفِ ظرف کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ جن چیزوں کا وزن مخصوص پانی کے وزنِ مخصوص سے ہلکا ہے وہ پانی پر تیرتی رہتی ہیں۔ جیسے لکڑی اور تیل۔ جانداروں کے لیے سرمایۂ زیست ہے وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اور ہم نے پانی سے تمام جاندار چیزیں بنائیں

؎ جب کسی نامعلوم چیز کی تعریف نامعلوم چیز کے ساتھ کرتے ہیں تو منطق کے صنع میں اُسے تعریف الجہول بالمجہول کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں ۱۲

بے شک یہ ایسی صفتیں ہیں کہ ان سے ہمارا ذہن بے خطا پانی کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ مگر ہیں سب اعراض اسی طرح

جِسْمٌ نَامٍ حَسَّاسٌ مُتَحَرِّكٌ بِالْإِرَادَةِ بَادِي الْبَشَرَةِ عَرِيضُ الْأَظْفَارِ مُسْتَقِيمُ الْقَامَةِ۔

بڑھنے والا جسم ہے۔ رنج و راحت کو دریافت کرتا ہے۔ ارادے کے ساتھ حرکت کرتا ہے۔ اس کی جلد بدن کھلی ہوئی ہے چوڑے ناخن سیدھا قد۔

انسان کی صفات اور اعراض ہیں نہ کہ وحیت۔ خدا نے قرآن میں آدم کی نسبت کہ اس میں نبی آدم بھی داخل ہیں۔

عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا

آدم کو سب چیزوں کے نام بتائیے۔

فرمایا ہے کہ نام بھی ایک طرح کی صفت عارضی ہے نہ عَلَّمَ اٰدَمَ الْحَقَائِقَ اور ایک مقام پر تو صاف صاف۔

وَمَآ اُوْتِيتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيلًا (بنی اسرائیل ع۹)

اور تم لوگوں کو (اسرار الٰہی میں سے) بس تھوڑا ہی سا علم دیا گیا ہے۔

سے آدمی کے علم کی قلعی کھول دی اور دوسری جگہ اُس کو جہول کا خطاب دیا۔

(س) ہم تو شرافت علمی ہی کی وجہ سے انسان کو اشرف المخلوقات سمجھتے تھے۔ جب اس کی لاعلمی کا یہ حال ہے تو وہ بھی جانوروں میں کا ایک جانور ہے۔

(م) آدمی قلیل العلم اور جہول ہونے پر بھی علم کے اعتبار سے جانوروں پر فضیلت رکھتا ہے۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ۝ (بنی اسرائیل ع۷)

اور البتہ ہم نے بنی آدم کو عزت دی اور خشکی اور تری میں (اُن کو جانوروں اور کشتیوں پر) سوار کیا اور عمدہ عمدہ چیزیں انہیں (کھانے کو) دیں اور جتنی مخلوقات ہم نے پیدا کی ہے اُن میں سے بہتیروں پر اُن کو برتری دی۔

جانوروں کا علم وہی ہے۔ اور آدمی کا وہی اور اکتسابی دونوں اور اسی لیے جانوروں کا علم ترقی پذیر نہیں۔ اور آدمی کے علم کی ترقی کی کوئی حد نہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ علمی شرافت ایک امر اضافی ہے۔ آدمی شرافت رکھتا ہے۔ جانوروں کے مقابلے میں مگر کتنی ہی ترقی کیوں نہ کرے۔ خدا کے مقابلے میں جہول ہی رہے گا۔ خدا کے علم کی شان تو یہ ہے کہ ؎

وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِينٍ ۝ (یونس ع۶)

اور (اے پیغمبر) تمہارے پروردگار کے علم سے ذرہ بھر چیز بھی غائب نہیں رہ سکتی (نہ) زمین میں اور نہ آسمان میں اور ذرے سے چھوٹی چیز ہو یا بڑی (سب) کتاب روشن یعنی لوح محفوظ) میں لکھی ہوئی موجود ہے۔

لہ چنانچہ فرمایا اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا یعنی ہم نے ذمہ داری کو (جو انسان پر ہے) آسمانوں (پر) اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا اور یہ بوجھ اُن پر لادنا چاہا) تو انھوں نے بزبانِ حال اُس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اُس سے ڈر گئے اور آدمی نے گویا ارادۂ بے تامل اُس کو اٹھا لیا۔ اس میں شک نہیں کہ وہ (اپنے حق میں) بڑا ہی ظالم (تھا اور ظالم ہونے کے علاوہ) بڑا ہی نادان (بھی) تھا ۱۲ +

ملہ یعنی جلد پر بال (اُگے) ہوئے ہیں ۱۲

بروعلم یک ذرّہ پوشیدہ نیست کہ پیدا و پنہاں بنزدش یکے است

(س) ابھی خدا کی ہستی تو ثابت کی نہیں لگے اُس کی صفات سے استدلال کرنے۔

(م) ٹھیک کہتے ہو آدمی کی لاعلمی کے ثبوت میں مَیں اَور بہت مثالیں دے سکتا ہوں۔ خود افرادِ بشر میں علم کے مدارج متفاوت ہیں کَمَا ھُوَ مُشَاھَدٌ ہم میں کتنے سٹیم الیکٹریسٹی کے اَسرار سے واقف ہیں۔ ہزار ہا قسم کی مشینیں یُورپ اور امریکا میں ایجاد ہوئیں۔ اَور ہوتی چلی جارہی ہیں۔ ایسی کہ ہم میں کا بڑے سے بڑا بُوجھ بُجھکڑ اُن کو دیکھ کر ہکا بکا ہو کر رہ جاتا ہے۔

(قطعہ للمؤلف)

کوئی روز شاید کہ جاتا ہو خالی کہ یُورپ کے لوگوں کے اذہانِ عالی
نہ کرتے ہوں ایک تازہ ایجاد کوئی ہو تم میں بھی اے قومِ ناشاد کوئی

علوم وہبی میں خدا نے بعض جانوروں کو آدمی پر فضیلت دی ہے کہ جو کام جانور کر گزرتے ہیں آدمی سے بن نہیں پڑتا۔ شہد کی مکھی بے کسی کے سکھائے ایسا چھتّہ بناتی ہے کہ اُصولِ ریاضی کی رُو سے کم سے کم مُوم کے خرچ میں زیادہ سے زیادہ شہد کے ذخیرے کے لیے اِس سے بہتر کوئی شکل ہو ہی نہیں سکتی۔ آدمی بیٹے کا سا گھونسلا بنا ہی نہیں سکتا۔ نیولا سانپ کے زہر کے تریاق کی بُوٹی کو پہچانتا ہے۔ پرندوں کو طوفانِ باد اور زلزلوں کی آمد بدون کسی آلے کے پہلے ہی سے معلوم ہو جاتی ہے۔ اَب حال کا مذکور ہے کہ دہلی میں طاعون پھیلا ہوا تھا میرے ایک ملازم نے ایک دن مجھکو اگر خوش خبری دی کہ لیجیے جناب خدا کے فضل سے طاعون رخصت ہونے کو ہے۔ میں نے پُوچھا تم نے کیونکر جانا۔ جواب دیا کہ ابابیلیں بہ ہوائی میں اُڑا نہیں کرتیں آج میں نے ابابیلوں کو اُڑتے دیکھا ہے۔ تو واقع میں اُس دن کے بعد سے طاعون میں کمی تو ہونے لگی ہے۔

(س) آدمی کی لاعلمی کی چند مثالیں اَور

(م) آدمی کو خود اپنی روح کا علم شافی نہیں۔ کہ یہ کیا چیز ہے اور اِس کو جسم سے کس طرح کا تعلق ہے؟ آدمی۔ نجوم۔ رمل۔ جفر فال۔ تعبیرِ خواب مختلف طریقوں سے بہتیری ٹوہ لگاتا ہے غیب کا ٹھیک پتہ نہیں لگتا۔ اور لگتا بھی ہے تو اندھے کی لاٹھی لگا تو تیر نہیں لگا۔ آج تک زندگی کا عقدہ نہیں کھلا۔ کہ جسم میں جان کیسے پڑتی ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ بیج کا درخت کیسے بن جاتا ہے پھولوں میں رنگ و بُو پھلوں میں مزہ کون پیدا کرتا ہے؟ اُٹھتی ہوئی سرسری نگاہ سے دیکھنے کی عادت پڑ گئی ہے نہیں تو غور کرنے والے کو ذرّہ ذرّہ قطرہ قطرہ پتا پتا ہاتھی اور مچھر ہر حقیر پہیلی ہے۔ اَتہ پتہ ندارد

إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي أَن يَضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهِ كَثِيرًا

(اللہ کسی مثال کے بیان کرنے میں (ذرہ بھی) نہیں جھیپتا (جھجکتا) (وہ مثال) مچھر کی ہو یا اُس سے بھی بڑھ کر کسی اَور حقیر چیز کی) سو جو لوگ ایمان لا چکے ہیں وہ تو یقین رکھتے ہیں کہ یہ (مثال بالکل) ٹھیک ہے (اور یہ بھی یقین رکھتے ہیں کہ) اُن کے پروردگار (ہی) کی طرف سے (ہے) اور جو منکر ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس (ذلیل) مثال کے بیان کرنے میں خدا کی کون سی غرض (اٹکی) پڑی تھی ایسی ہی مثال سے خدا بہتیروں کو گمراہ کرتا ہے

وَيَهْدِي بِهٖ كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ (البقرۃ ع ۳)

اور ایسی ہی مثال سے بہتیروں کو ہدایت دیتا ہی لیکن اس سے گمراہ کرتا بھی ہی تو (تو) بدکاروں ہی کو چکا کیئے پیچھے خدا کا عہد توڑ بیٹھتے اور جن (تعلقات) کے جوڑے رکھنے کو خدا نے فرمایا اُن کو قطع کرتے اور مُلک میں فساد پھیلاتے ہیں یہی لوگ آخر کار نقصان اُٹھائیں گے ف

سچ کہا ہی ؎ ہر کس نہ شناسندۂ راز ست وگرنہ ٭ این ہا ہمہ راز ست کہ معلومِ عوام ست ٭

(س) تو حقیقت میں غور کرنا ہی لاحاصل ہی۔ غور کرنے سے ہوگا ہی کیا۔

(م) واہ۔ ایک حد تک غور کرنا ضرور ہی۔ آدمی کو عقل اسی لیے دی گئی ہی۔ غور کرنے سے ہوگا یہ کہ یہی غور تم کو خداشناسی کی طرف راہ نمائی کرے گا۔

(س) ابھی تو آپ نے کہا تھا کہ ذاتِ باری میں غور کرنا کرید پڑی ہی۔

(م) ذاتِ باری میں غور کرنے کی یہی حد ہی۔ کہ اُس کے ہونے کا اعتراف کیا جائے رہی یہ بات کہ وہ کیا ہی اور کیسا ہی اور کہاں ہی۔ اسی کو ہم کرید پڑی کہتے ہیں۔ یہی اختلافِ مذاہب کی جڑ ہی۔ اور ؎

مَا عَرَفْنَاكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ
وَالْعَجْزُ عَنِ الْاِدْرَاكِ اِدْرَاكٌ

ہم نے تجھکو ویسا نہیں پہچانا جیسا تیرے پہچاننے کا حق ہی۔ خدا کی حقیقت دریافت کرنے سے عاجز رہنا بھی ایک طرح کا دریافت کرنا ہی۔

کی تعلیم ہی کی وجہ سے اسلام کا گرویدہ ہوا ہوں۔

(س) آپ کہتے ہیں کہ خدا کے ہونے کا اعتراف یہی ادراکِ بشری کی حد ہی۔ آدمی اس سے زیادہ خدا کو جان ہی نہیں سکتا تو پھر یہ صفات جو خدا کے تو دو ۹۹ ناموں سے ظاہر ہوتی ہیں۔ کیسے معلوم ہوئیں اور خدا کے نو دو ۹۹ ناموں کی تفصیل مع مختصر کیفیت کے کیا ہی

ف قرآن میں لوگوں کے سمجھانے کے لیے جابجا جانوروں اور دوسری چیزوں کی تمثیلیں مذکور ہیں۔ مثلاً ستر جگہوں پارے میں سورۂ حج کی ایک آیۃ کا یہ خلاصہ ہی کہ لوگ خدا کے سوا جن معبودوں کی پرستش کرتے ہیں اگر وہ سب کے سب مل کر جاہیں تو ایک مکھی نہیں بنا سکتے اور بنانا کیسا کسی کوئی چیز اُن سے اچک لے جائے تو چھین بھی نہیں سکتے۔ کہاں مکھی اور کہاں مکھی کی حقیقت اور مکھی سے بڑھکر بے حقیقت جن کے بس کی مکھی بھی نہیں اُس قسم کی آیتیں سن کر بے دین لوگ اعتراض کرتے تھے کہ مسلمانوں کا کیسا خدا ہی کہ ایسی گھنیائی بے حقیقت چیزوں کی مثالیں دیتا ہی۔ خدا تعالیٰ نے معترضین کی تہمید کی اور فرمایا کہ یہ احمق مکھی اور مچھر کے نام سے بدکتے ہیں اور مثال کے نتیجے پر نظر نہیں کرتے ایسی ہی باتوں سے ایمان والے نصیحت پکڑتے ہیں۔ اور جو لوگ نافرمان ہیں اور عہدِ فطرت یعنی عہدِ الست کو جس کی گواہی اُن کے دل دے رہے ہیں یاد نہیں رکھتے اور تعلقاتِ امن وصلح کاری جن پر تمدن ومعاشرت مبنی ہی قائم نہیں رکھتے اور مُلک میں فساد پھیلاتے ہیں اُن پر اِن مثالوں کا بالکل اُلٹا اثر ہوتا ہی کہ نتیجوں سے قطع نظر کرکے ناحق کی کٹ حجتیاں نکال کھڑی کرتے ہیں ۱۱

(ھ) اول خدا کے ۹۹ ننانوے ناموں کی تفصیل ملاحظہ ہو۔

نمبر شمار	اسماء عربی	ترجمہ اردو	کیفیت
۱	اَللّٰہُ	خدا۔ معبود	اگرچہ لفظ اللہ میں وصفی معنے موجود ہیں اور اس حیثیت سے اس کو بھی اسماء صفاتی میں ہونا چاہیئے۔ مگر سب نے اجماع کرکے اس کو اسم ذات قرار دیا ہے۔
۲	اَلرَّحْمٰنُ	نہایت رحم والا	دونوں مبالغے کے وزن ہیں مگر رحمٰن ابلغ ہے کیونکہ دنیا اور آخرت دونوں کی رحمت کو شامل اور صرف خدا کی مختص ذات کے ساتھ مخصوص ہے۔
۳	اَلرَّحِیْمُ	بہت مہربان	
۴	اَلْمَلِکُ	بادشاہ	مَلِک۔ اخص اور ابلغ ہے مالک سے یعنی دونوں میں عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے یعنی ہر ملک کو مالک تو کہہ سکتے ہیں مگر ہر مالک کو ملک نہیں کہہ سکتے۔
۵	اَلْقُدُّوْسُ	تمام عیبوں سے پاک	
۶	اَلسَّلَامُ	تمام نقصانات سے محفوظ	یہ اصل میں مصدر ہے یعنی سلامتی عالم کے معنی میں ہے یعنی وہ جس کی ذات ہر طرح کے عیب نقصان سے سالم اور محفوظ ہے۔
۷	اَلْمُؤْمِنُ	اپنے وعدے میں سچا یا اپنے عذاب سے امن دینے والا	لفظ مومن کا ماخذ امن و امان ہے یا ایمان۔ اگر امن امان ہو تو مومن کے معنے ہوئے امن دینے والا یعنی دنیا میں اسباب امن کا مہیا کرنے والا یا عقبےٰ میں سکون کا دل کو عذاب سے امان میں رکھنے والا اور اگر ماخذ ایمان ہو تو مومن کے معنی ہوئے مصدق یعنی ایمان اور اہل ایمان کو ثواب دینے والا۔
۸	اَلْمُهَيْمِنُ	نگہبان۔ یا گواہ	للھیمن کا لفظ دراصل المؤمن ہے۔ ایمن باب افعال سے ہوا اور المھیمن باب افعال سے تو المھیمن اصل میں المؤمن تھا دوسرے ہ پر میں قاعدہ تلیین جاری کرکے اُسے یے سے بدل لیا اور پہلے ہمزے کو ہے سے صفا المؤمن اور المھیمن ایک ہیں۔
۹	اَلْعَزِيْزُ	غالب۔ قوی۔ قاہر	اصل میں عزیز اُسے کہتے ہیں جس کی بارگاہ میں بآسانی پہنچا ممکن نہ ہو۔
۱۰	اَلْجَبَّارُ	بڑا بنانے والا۔	جبار۔ مبالغے کا صیغہ ہے جبر سے مشتق اور جبر کے معنی سے نہ ٹوٹے ہوئے کو جوڑنا اور کسی حال کی اصلاح کرنا اور کسی کو روز غلبہ سے کسی کام پر آمادہ کرنا۔ پہلی صورت میں یہ اسم جلالی ہوگا۔ اور دوسری صورت میں جلالی۔
۱۱	اَلْمُتَكَبِّرُ	عظمت و برتری والا	متکبر اور شکار کرتے ہیں گردن کشی کرنے اور بڑائی ظاہر کرنے کو اور ایک لفظ ہو کبریا جس کے معنے ہیں بڑائی میں کبر سے مراد ہے کمال بڑائی والا
۱۲	اَلْخَالِقُ	ہر چیز کا پیدا کرنے والا	خالق۔ اور بارئ اور مصور تینوں مترادف المعنی ہیں یعنی تینوں کے معنے ہیں پیدا کرنا۔ اختراع کرنا۔ مگر باعتبار استعمال ہر ایک کے ساتھ ایک خصوصیت جُدا گانہ ہے مثلاً خلق مستعمل ہوتا ہے کسی چیز کو وجود میں لانے سے پیشتر اس کے اندازہ کرنے میں اور برأ ایجاد و پیدا کرنے میں اور تصویر صورت بنانے اور ہیئت بخشنے میں اور اس میں کچھ شک نہیں کہ جو چیز عدم سے وجود میں آتی ہے وہ محتاج ہوتی ہے۔ اوّلاً اندازہ کرنے کی ثانیاً پیدا کرنے کی ثالثاً صورت بنانے کی۔
۱۳	اَلْبَارِئُ	ہر چیز کا موجد	
۱۴	اَلْمُصَوِّرُ	مخلوقات کی طرح طرح کی صورتیں بنانے والا	
۱۵	اَلْغَفَّارُ	بہت بخشنے والا	مبالغہ ہے غفر کا اور ایک ہے غفور یہ بھی مبالغے کا صیغہ ہے مگر اس میں غفار کی نسبت مبالغہ زیادہ ہے یعنی جو سے بڑھ کر گناہ اگر اس کو غفار کہا گیا غفار کہا گیا ہے غفران اور مغفرت سے جس کے معنی ہیں بخشنا مگر کبھی غفر بمعنے ستر بھی آتا ہے اور اس لحاظ سے معنے ہوں گے گناہوں کا چھپانے والا
۱۶	اَلْقَهَّارُ	زبردست یا غلبہ رکھنے والا	
۱۷	اَلْوَهَّابُ	بخشش عطا کرنے والا	وہب اور ہبہ کہتے ہیں بخشنے اور عطا کرنے کو موہبت بمعنی بخشش۔ وہاب۔ مبالغہ ہے یعنی کثیر العطا یم عطا۔
۱۸	اَلرَّزَّاقُ	مخلوقات کو روزی پہنچانے والا	یہ بھی رازق کا مبالغہ ہے یعنی خدا تعالیٰ تمام خلق کو ہر حال اور موقع حکمت رزق پہنچاتا ہے۔ رزق کی دو قسمیں ہیں محسوس اور معقول محسوس ابدان کے لیے اور معقول ارواح کے واسطے۔
۱۹	اَلْفَتَّاحُ	مشکل کشا۔ بندوں میں حکم کرنے والا	فتح کے معنی کھولنے اور حکم کرنے کے ہیں یعنی خدا تعالیٰ اپنی خلق پر رحمت کے دروازے کھولتا ہے اور وہ خلائق میں حکم کرنے والا طلاق ہے
۲۰	اَلْعَلِيْمُ	بہت جاننے والا۔	سلسلہ ہے علم کا یعنی خدا تعالیٰ ظاہر و پوشیدہ بلکہ خطرات دل تک کا جاننے والا ہے۔

نمبر شمار	اسماء عربی	ترجمہ اُردو	کیفیت
۲۱	اَلْقَابِضُ	بندوں کی روزی محدود یعنی تنگی کرنے والا	قبض بسط دونوں باہم ضد یکدیگر ہیں۔ قبض کہتے ہیں تنگی و گرفتگی کو اور بسط فراخی و کشایش کو یعنی خدا جس کی روزی چاہتا تنگ کرتا (اور جس کی چاہتا فراخ کرتا ہے)
۲۲	اَلْبَاسِطُ	بندوں کی روزی فراخ کرنے والا	قبض و بسط کے یہ معنے بھی ہیں کہ لوگوں کی روحیں قبض کرتا اور بیداری کے وقت بسط کرتا ہے۔
۲۳	اَلْخَافِضُ	نافرمانوں کو پست کرنے والا	خفض ضد ہے رفع کی۔ کیونکہ خفض کہتے ہیں پست کرنے کو اور رفع بلند کرنے کو۔ خدا کے خافض و رافع ہونے کے یہ معنے ہیں کہ وہ اپنے فرماں بُرداروں کو قرب کی دولت عطا فرما کر اُنھیں بلند کرتا اور نافرمانوں کو بارگاہِ جلال سے دُور کر کے پستی میں ڈالتا ہے
۲۴	اَلرَّافِعُ	فرماں برداروں کو بلند کرنے والا	
۲۵	اَلْمُعِزُّ	عزت دینے والا	اعزاز کہتے ہیں عزیز کرنے کو اور اذلال خوار و ذلیل کرنے کو یعنی خدا جسے چاہتا عزیز کرتا دنیا میں توفیق طاعت دے کر اور عقبیٰ میں علوِّ مرتبت اور نعیم جنت عطا فرما کر اور جسے چاہتا ذلیل کرتا دنیا میں توفیق طاعت سلب کر کے اور آخرت میں اسفل السافلین میں داخل کر کے۔ امام غزالی کا قول ہے کہ ان لفظوں کے معنے یہ ہیں کہ خدا جسے چاہتا مکانت دیتا اور جسے چاہتا ہیبت لیتا ہے۔
۲۶	اَلْمُذِلُّ	ذلیل کرنے والا	
۲۷	اَلسَّمِیْعُ	بہت سننے والا	
۲۸	اَلْبَصِیْرُ	بہت دیکھنے والا	
۲۹	اَلْحَکَمُ	مخلوقات کا حاکم	
۳۰	اَلْعَدْلُ	منصف یعنی فیصلے میں ظلم نہ کرنے والا	یہ صفت ظلم کی اور کبھی استقامہ اور اعتدال اور ایک چیز کو ایک چیز کے برابر کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ علماء کہتے ہیں کہ عدل وہ ہے جو ہر ملک و ملت میں اچھا سمجھا جائے اور ظلم وہ ہے جو ہر ملک و ملت میں بُرا سمجھا جائے۔ خدا پر ظلم منتفی ہے کیونکہ ظلم غیر کی ملک میں تصرف کرنے کو کہتے ہیں اور عالم میں کوئی چیز ایسی نہیں جو اُس کی ملک سے خارج ہو۔
۳۱	اَللَّطِیْفُ	باریک بیں	لطف کہتے ہیں کسی کام میں نرمی کرنے کو اور کبھی نیکی کرنے کے معنے میں بھی آتا ہے۔ لطیف کے معنے باریک بیں کے بھی ہیں
۳۲	اَلْخَبِیْرُ	آگاہ۔ دانا۔ عالم عارف	مشتق ہے خبر سے اور خبر کے معنے ہیں آگاہی کے۔ خبیر آگاہ اور دانا۔ یعنی ملک و ملکوت میں کوئی چیز مستور و ساکن نہیں ہوتی اور نہ زمین و آسمان میں کوئی ذرہ مضطرب و متحرک نہیں ہوتا اور کون سکاں ہے کوئی سانس نہیں لیتا کہ خدائے تعالیٰ شاہد اُس سے خبردار نہ ہو۔
۳۳	اَلْحَلِیْمُ	بُردبار	علم اور آگاہی اور بُردباری حلیم کے معنے ہیں۔ سزا دینے میں جلدی نہ کرے بلکہ باوجود قدرت کے عفو و درگزر سے کام لے۔ خدا کو حلیم اس لیے کہتے ہیں کہ وہ گنہگار بندوں کی تادیب و تعذیب میں جلدی نہیں کرتا۔
۳۴	اَلْعَظِیْمُ	بزرگ۔ بڑا	عظم و عظمۃ۔ بزرگ ہونا۔ خواہ کسی اعتبار سے بھی ہو۔
۳۵	اَلْغَفُوْرُ	بہت بخشنے والا	غفار کے معنے ہیں ہر اور دونوں صیغوں کے معنے ہیں مگر غفور میں زیادہ مبالغہ ہے یعنی جو بڑے بڑے گناہ بخشنے اور اُس کی بخشش دائم و کامل ہو۔ دوسرے معنے یہ ہیں کہ بندوں کی گناہ اعمال نامہ سے محو کرنے سے یعنی حسانے سے مواخذہ نہ کرنے یا دنیا میں ڈھانپ کر کے یا نہ ظاہر کرنے کے۔
۳۶	اَلشَّکُوْرُ	بڑا قدر شناس	
۳۷	اَلْعَلِیُّ	بہت اُونچا	مشتق ہے علو سے اور علو کہتے ہیں بلندی کو اور علو کے بلند ہونے کو اور کبھی بلندی پر چڑھنے اور کسی چیز کے اوپر ہونے کو بھی علو کہتے ہیں اور اس کی دو قسمیں ہیں حسّی اور عقلی۔ حسّی جیسے ایک جسم کا دوسرے جسم پر ہونا اور عقلی جیسے ایک چیز کا دوسری چیز سے فوق المرتبہ ہونا
۳۸	اَلْکَبِیْرُ	بڑا۔ بزرگ	
۳۹	اَلْحَفِیْظُ	نگہبان	حفظ کہتے ہیں نگاہ رکھنے کو اور خدا تعالیٰ چونکہ تمام مخلوق کو آفت و بلا سے محفوظ رکھتا ہے اس لیے اُسے حفیظ کہتے ہیں
۴۰	اَلْمُقِیْتُ	مخلوق کو قوت یعنی روزی پہونچانے والا	ماخوذ ہے قوت سے اور قوت کہتے ہیں اُس خورش کو جو بدن انسان کے قیام کا باعث ہو۔ اقامت کے معنی قوت دینا اور کبھی قوت توانا اور گواہ اور حاضر اور نگاہ رکھنے والے کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے۔
۴۱	اَلْحَسِیْبُ	کافی	معنی میں ہے محاسبہ کے اور حساب کہتے ہیں کسی چیز کے کافی ہونے کو اور اسی لیے کافی ہونے کو اور اسی لیے کافی ہونے کو اور اسی لیے کافی ہونے کو

نمبر شمار	اسماءِ عربی	ترجمۂ اردو	کیفیت
۴۲	اَلْجَلِیْلُ	بزرگ قدر	جلال اور جلالت کہتے ہیں بزرگ قدر رکھنے اور نیز بزرگی کو۔ پھر اصطلاح قوم میں صفاتِ قہریہ کے ظہورِ آثار کو جلال کہتے ہیں اور صفاتِ لطیفہ کے ظہورِ آثار کو جمال اور جمع لانے میں آثار کو۔ فلاں اسماء جلالی ہیں اور فلاں جمالی۔
۴۳	اَلْکَرِیْمُ	بزرگ	اس کے معنے ہیں بزرگ اور عزیز۔ کہتے ہیں کریم وہ ہے کہ قادر ہو تو معاف کرنے وعدہ کرے تو وفا کرے اور دینے والا دے اور کوئی اس کی طرف التجا لے جائے تو اسے ضائع نہ ہونے دے کبھی کرم اور جود کے معنے میں بھی آتا ہے۔
۴۴	اَلرَّقِیْبُ	نگہبان	رقیب نگہبان اور متوکل اور نگراں کو۔ اصرح۔
۴۵	اَلْمُجِیْبُ	دعا قبول کرنے والا	اجابت کہتے ہیں جواب دینے اور دعا قبول کرنے کو۔ یعنی جس خدا کو بلاتا ہے وہ اسے جواب تلبیہ اور دعا کو قبول کرتا ہے۔ سوال کرنا ضروری نہیں کرتا
۴۶	اَلْوَاسِعُ	وسیع العلم یا وسیع الغنا	ماخوذ ہے سعۃ سے اور سعۃ کہتے ہیں فراخی اور فراخ کرنے اور پھر دینے کو پھر اس کی اضافت کبھی تو علم کی طرف ہوتی ہے اور کہتے ہیں خدا کا علم وسیع و محیط ہے معلومات کو اور کبھی احسان کی طرف بولا کرتے ہیں اس کا احسان وسیع ہے۔
۴۷	اَلْحَکِیْمُ	حقائقِ اشیاء کا عالم	مشتق ہے حکمت سے اور حکمت عبارت ہے کمال علم اور حسنِ عمل اور ایقان اور استحکام علم و عمل سے بعضے کہتے ہیں ہم مبالغہ ہے حاکم کا اور حکیم وہ ہے جو حقائقِ اشیاء کا عالم ہو اور صنائع کے دقائق کو خوب جانتا ہو
۴۸	اَلْوَدُوْدُ	نیک بندوں کو دوست رکھنے والا	سیاغے کا صیغہ ہے وزن پر فعول کے دو دو (بضم واؤ) اور وداد (بکسر واؤ) اور مودت تینوں کے معنے ہیں دوست رکھنے کے یعنی خدا تعالیٰ نیک بندوں کو دوست رکھتا ہے۔
۴۹	اَلْمَجِیْدُ	بزرگ۔ شریف	ماخذ کا مبالغہ ہے اور ماجد۔ مجد سے لیا گیا ہے۔ مجد بزرگی کو۔ مجید بزرگ کو۔ اصرح۔ مجید وہ ہے جس کی ذات شرف افعال جمیل۔ عطا جزیل ہو۔ اور جب یہ ہے تو مجید جامع ہے اجلیل اور وہاب اور کریم کو۔
۵۰	اَلْبَاعِثُ	مُردوں کو مرے پیچھے اٹھا کھڑا کرنے والا۔	بعث کہتے ہیں مُردوں کی قبروں سے اٹھا کھڑا کرنے کو اور کبھی سونے کو جگانے اور کسی کام کے لیے بھیجنے کے معنے میں بھی مستعمل ہوتا ہے۔
۵۱	اَلشَّهِیْدُ	حاضر	شہود سے مشتق ہے یا شہادت سے اگر شہود سے ہے تو اس کے معنے ہیں حاضر مطلع کے کیونکہ شہود کے لغوی معنی ہیں حاضر ہونے کے اور شہادت سے بھی توحی ہیں گواہی دینے والے کے کیونکہ شہادت کہتے ہیں کہ خدا کو شہید پہلے معنی کی رو سے کہتے ہیں کہ وہ ظاہر باطن اور غیب شہادت سب کچھ
۵۲	اَلْحَقُّ	ثابت	حق کے معنے ہیں ثابت اور سچ کے اس کی ضد ہے باطل یعنی نیست و ناچیز۔ کبھی صدق اور راستی اور درستی کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے
۵۳	اَلْوَكِیْلُ	کارساز	وکیل وہ ہے جسے اپنا کام سپرد کریں اور تمام تصرف کی باگ اس کے ہاتھ میں دیں چونکہ خدا تعالیٰ نے اپنے فضل و مہربانی سے بندوں کے تمام مہمات انسان کا کام رزق وغیرہ اپنے ذمے لے لیے ہیں اس لیے اسے وکیل کہتے ہیں۔
۵۴	اَلْقَوِیُّ	توانا۔ تمام القدرت	قوی توانا متین استوار۔ امام غزالی کہتے ہیں قوت دلالت کرتی ہے۔ قدرتِ کاملہ بالغہ پر اور متانت۔ شدتِ قوت
۵۵	اَلْمَتِیْنُ	استوار	پر۔ خدا تعالیٰ قوی ہے۔ اس لیے کہ قدرت کاملہ بالغہ رکھتا ہے۔ متین ہے اس لیے کہ شدید القوت ہے۔
۵۶	اَلْوَلِیُّ	محب۔ مددگار	ولی کہتے ہیں محب ناصر کو اور خدا تعالیٰ کا محب ہے اور انہیں مدد و نصرت دیتا ہے دین متولی کے معنے میں بھی آیا ہے اور حق تعالیٰ نیکوکاروں کے امور کا متولی ہے اور قرب کے معنے میں بھی یعنے اس کی رحمت نیکوکاروں کے قریب ہے۔
۵۷	اَلْحَمِیْدُ	مستحق حمد	ستودہ اور حمد و ثنا۔
۵۸	اَلْمُحْصِیْ	ہر چیز کو حاطۂ علم میں کرنے والا	احصاء شمار کرنا اور بطریق استقصا کسی چیز کو جاننا خدا بھی علی الاطلاق ہے کہ شمار حقائق و دقائق کو جانتا ہے اور قدیم ہونے کے معنی میں کہ اس کا علم محیط ہے
۵۹	اَلْمُبْدِئُ	ابتداً پیدا کرنے والا	مبدئ ماخوذ ہے ابدا سے اور ابدا کہتے ہیں ابتدا کرنے اور دنیا پیدا کرنے کو۔ ابھید لیا گیا ہے اعادت سے جس کے معنے ہیں
۶۰	اَلْمُعِیْدُ	دوبارہ پیدا کرنے والا	توڑنے اور عدم کے بعد ایجاد کرنے کے خدا مبدئ ہے اس معنے کر کہ وہ اول بار پیدا کرتا ہے اور معید ہے اس معنی کر کہ قیامت میں دوبارہ پیدا کرے گا یا معید مثلاً اس عنصر سے کہ رزق کا چکر باندھ رکھا ہے۔
۶۱	اَلْمُحْیِیْ	مخلوق کو زندہ کرنے والا	محیی۔ احیاء کا اسم فاعل ہے اور احیاء کہتے ہیں مسیم میں حیات بسبب کرنے کو اور المیت لیا گیا ہے اماتہ سے جس
۶۲	اَلْمُمِیْتُ	مارنے والا	کے معنے ہیں حیات کا دور کرنا۔

طبع اول اردو دائرہ معارف اسلامیہ کے اہتمام سے ۱۹۳۳ء میں شائع ہوئی

نمبر شمار	اسماء عربی	ترجمہ اُردو	کیفیت
۶۳	اَلْحَیُّ	زندہ	
۶۴	اَلْقَیُّوْمُ	کارخانۂ عالم کا سنبھالنے والا	تمام ذاتِ وجود اور زندہ قائم رکھنے والا اپنے غیر کو یوں کہو قیوم مبالغہ ہے قیم کا اور قیام کہتے ہیں مصلحِ اُمور کو
۶۵	اَلْوَاجِدُ	غنی	مشتق ہے وجود اور وجود کہتے ہیں اتی اور مقصد پا کا سیاق نے کو مشتق ہو وجد اور وجدہ سے جن کے معنے ہیں قوی نگر ہونے کے۔
۶۶	اَلْمَاجِدُ	بزرگی والا	معنے میں ہو مجید کے جس طرح علیم کے معنے میں علیم کے مگر مجید میں مبالغہ اور تاکید ہے یہ لیا گیا ہے مجد اور مجد کہتے ہیں بزرگی کو
۶۷	اَلْوَاحِدُ	تنہا۔ یگانہ	صمد سے لیا گیا ہے جس کے معنے ہیں ایک بے یگانہ ہونا عرف میں احد کا استعمال دو معنی میں ہوتا ہے ایک کہ تجزی اور تعدد نہ ہو یعنی اُس کے اجزاء و حصص نہ ہوں جیسے جوہر فرد دوسرے یہ کہ بے مثل ہے مانند ہو واحد اور احد میں یہ فرق ہے جو ہماری زبان میں ہے
۶۸	اَلصَّمَدُ	بے نیاز	صمد کے اصلی معنے ہیں قصد کے جو نکہ آدمی اپنے تمام مطالب میں بارگاہ خداوندی کا قصد کرتے ہیں اس لئے اُسے صمد کہتے ہیں غرض صمد مرادف ہے مرجع راب کا۔
۶۹	اَلْقَادِرُ	قدرت والا	قدار اور قدرت اور اقتدار اور مقدرت سب کے معنے ہیں توانائی کے تو قادر و مقتدر کے معنے ہوئے صاحبِ قدرت مگر مقتدر میں زیادہ مبالغہ ہے
۷۰	اَلْمُقْتَدِرُ	صاحبِ مقدرۃ	
۷۱	اَلْمُقَدِّمُ	اپنے دوستوں کو بارگاہِ عزت کی طرف بڑھانے والا	مقدم دال کے سرے کے ساتھ تقدیم سے مشتق ہے اور تقدیم کہتے ہیں آگے کرنے کو اسی طرح مؤخر مخفف ہے کے سرے سے تاخیر سے لیا گیا ہے جس کے معنے ہیں پیچھے ہٹانا یعنی خدا تعالیٰ فرمانبرداروں کو راہ قرب میں آگے بڑھاتا اور نافرمانوں کو بارگاہِ عزت سے دور کرتا اور پیچھے ہٹاتا ہے دنیا کے کاموں میں تو حصولِ مطلب میں تقدیم و تاخیر اللہ کرنے کے معنی ہے
۷۲	اَلْمُؤَخِّرُ	دشمنوں کو اپنے لطف سے پیچھے ہٹانے والا	
۷۳	اَلْاَوَّلُ	سب سے پہلا	اوّل ہے یعنی ازلی ہے کہ اُس کے وجود کی ابتدا اور ہستی کا آغاز نہیں اور آخر ہے یعنی دائمی ابدی ہے کہ اُس کے بقا کے لیے نہایت اور دوام کے لیے انقضا نہیں۔
۷۴	اَلْاٰخِرُ	سب سے پچھلا	
۷۵	اَلظَّاهِرُ	آشکارا ہے بلحاظ قدرۃ	خدا ظاہر ہے اس کا یہ مطلب ہے کہ اُس کا وجود اُس کی ہستی اُن آیات و دلائل سے ظاہر ہے جو آسمان و زمین میں ہر صاحبِ بصیرت کو دکھائی دیتے ہیں اور خدا کے باطن ہونے کے یہ معنی ہیں کہ اُس کی کنہ ذات حجاب جلال میں محجوب و پوشیدہ ہے۔
۷۶	اَلْبَاطِنُ	پوشیدہ ہے باعتبار ذات	
۷۷	اَلْوَالِیْ	تمام اُمور کا متولی	ولایت بکسر واؤ سے مشتق ہے جس کے معنے تصرف کرنے اور قابو پانے کے ہیں اور ایک ہے ولایت بفتح واؤ جس کے معنے مدد کرنے اور محبت کرنے کے ہیں یہ معنے کہتے ہیں کہ ولایت بضم واؤ مصدر ہے اور بکسر واؤ اسم۔ والی وہ ہے جو سب کا مالک اور تمام کاموں کا متولی ہو
۷۸	اَلْمُتَعَالِیْ	مخلوقات کی صفات سے منزہ	تمام حکمرانوں الا فرمانروائے مطلق سے بلند قدر۔ یا تمام نقائص و آفات سے عالی شان
۷۹	اَلْبَرُّ	اپنے لطف سے بندوں کے ساتھ نیکی کرنے والا	برّ بفتح باہم فاعل یعنی نیکی کرنے والا۔
۸۰	اَلتَّوَّابُ	گنہگاروں کی توبہ قبول کرنے والا	توّاب مبالغہ ہے تائب کا اور تائب ماخوذ ہے توبہ سے توبہ کے معنے ہیں رجوع کرنے کے پھر جب اس کی نسبت بندے کی طرف ہوتی ہے تو گناہ سے رجوع کرنا مراد ہوتا ہے اور خدا کی طرف ہوتی ہے تو رحمت کے ساتھ رجوع کرنا یعنی بندہ توبہ کرے
۸۱	اَلْمُنْتَقِمُ	نافرمانوں سے بدلا لینے والا	انتقام کہتے ہیں مزا لینے کو یعنی خدا تعالیٰ کا کفروں سے اپنی نافرمانی کا بدلہ لینے والا اور اُن کے تمرد و سرکشی کی سزا دینے والا۔
۸۲	اَلْعَفُوُّ	گناہوں کا مٹانے والا	
۸۳	اَلرَّءُوْفُ	بہت شفقت کرنے والا	رأفت کہتے ہیں شدتِ رحمت کو اور یہ مبالغے کا صیغہ ہے جیسے سَرُوف اور شَکُور

نمبر شمار	اسماءِ عربی	ترجمۂ اُردو	کیفیت
۸۴	مَالِكُ الْمُلْكِ	مُلک کا مالک	
۸۵	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ	بزرگی وعزت والا	
۸۶	الْمُقْسِطُ	عادل ومنصف	اصل کلمہ ہی قسوط اور قسوط کہتے ہیں جور وظلم کو لیکن جب اسے باب افعال میں لے گئے تو معنے ہوئے جور وظلم کے ازالہ کرنے کے اور ازالۂ جور وظلم کا نام ہی انصاف ہے مقسط کے معنے ہوئے منصف عادل۔
۸۷	الْجَامِعُ	تمام مخلوقات کو جمع کرنے والا	قیامت میں خدا لوگوں کو جمع کرے گا یا دنیا میں بچھڑے ہوؤں کو جمع کرتا ہے۔
۸۸	الْغَنِيُّ	بے پروا	غنی مشتق ہے غنار سے اور غنار کہتے ہیں بے نیاز ہونے کو یعنی خدا تعالیٰ سب سے بے نیاز ہے اور غنی کیا گیا ہے افتقار سے جس کے معنے ہیں بے نیاز کرنا یعنی وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے بے نیاز کرتا ہے کہ وہ اپنے ہمجنسوں کی طرف حاجت نہیں لے جاتا غنی جو مال حرام کے معنی میں مشہور ہے وہ بھی بے نیازی کی ایک شاخ ہے۔
۸۹	الْمُغْنِي	لوگوں کو بے پروا کرنے والا	
۹۰	الْمُعْطِي	عطا کرنے والا	معطی دینے والا۔ اور مانع روک رکھنے والا یعنی جسے چاہے اور جو چاہے دیتا اور جسے چاہے اور جو چاہے نہیں دیتا
۹۱	الْمَانِعُ	اپنے دوستوں سے تکلیف دہ کو روکنے والا	
۹۲	الضَّارَّ	ضرر وشر کا خالق	یعنی خدا خالق خیر وشر اور نفع وضرر ہے اور ورد ودوا۔ رنج وشفا گرمی سردی خشکی وتری سب پیدا کی ہوئی اُسی کی ہیں
۹۳	النَّافِعُ	نفع وخیر کا پیدا کرنے والا	
۹۴	النُّوْرُ	روشن کرنے والا	عرفِ عام میں نور کہتے ہیں روشنی کو خدا پر نور کا اطلاق اس سے کیا گیا کہ زمین آسمان میں اُسی کا جاذبا اور اُسی کا ظہور ہے۔
۹۵	الْبَدِيْعُ	مُوجد	بدیع بے مثل ورے مانند کبھی سنے میں مبتدع بنے مُوجد کے بھی آتا ہے جو بے نمونہ دیکھے از خود اختراع کرے تو اس سے کبھی خدا بدیع ہے کہ اُس نے جہان کے بنانے میں کسی کی تقلید نہیں کی۔
۹۶	الْبَاقِي	باقی رہنے والا	دائم الوجود جو کبھی فنا نہیں ہوتا۔
۹۷	الْوَارِثُ	فنا کے بعد باقی رہنے والا	اس سے مراد ہی فنائے موجودات کے بعد باقی رہے والا گویا تمام مرنے والوں کی میراث اُس کو پہنچتی ہے۔
۹۸	الرَّشِيْدُ	صاحبِ رشد	رُشد ضد ہے غی کی اور غی کے سنے میں گمراہی تو رشید کے سنے ہوئے صاحبِ رشد اور خدا کو رشید اس سے کہا گیا کہ قرآن اسلام اس کو پسند آیا اور وہی صراطِ مستقیم ہے یا اس اعتبار سے کہ جو صفات کمالیہ خدا میں ہونی چاہئیں وہ اُس میں ہیں
۹۹	الصَّبُوْرُ	بڑا صبر کرنے والا۔	اہل ہیں صبر سے عمل اور برداشت کرنے کے ہیں اور چونکہ خدا تعالیٰ بندوں کی گستاخیوں اور نافرمانیوں کی برداشت کرتا اور انتقام اور مواخذہ میں جلدی نہیں کرتا اس لیے اس کا نام صبور رکھا گیا۔

رہی یہ بات کہ یہ صفات جو خدا کے ۹۹ ناموں سے ظاہر ہوتی ہیں کیسے معلوم ہوئیں پس اسلامی عقیدہ تو یہ ہے اور ہم بھی برحق کہ صفاتِ باری عین ذات باری ہیں یعنی فی وقتٍ من الاوقات ایسا نہیں ہوا کہ خدا ان صفات سے معرّا ہا ہو صفات باری ذات باری کی لازم ہیں اس سے منفک نہیں ہو سکتیں پس میرا یہ کہنا کہ خدا کے ہونے کا اعتراف ادراکِ بشری کی حد ہے اس کے یہی معنے ہیں کہ ایسے خدا کے ہونے کا اعتراف جو فوق وہ صفات سے متصف ہو ادراکِ بشری کی حد ہے۔ رہی یہ بات کہ ہم نے خدا کا ان صفات سے متصف ہونا کیونکر جانا۔ جہاں سے خدا کے ہونے کو جانا یعنی کائناتِ عالم سے وہیں سے اُس کے ان صفات سے متصف ہونے کو بھی جانا۔ یعنی اگر خدا ان صفات سے معرّی فرض کیا جائے تو کارخانۂ عالم زبانِ حال پکارے کہہ رہا ہے کہ ایسا خدا خدا ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ وہ تنہا

بڑا عظیم الشان کارخانہ بایں حُسن و خوبی پیدا کر سکتا۔ نہ اِس کو سنبھال سکتا نہ اِس کو اِس انتظام سے چلا سکتا ہے۔

(۲۸س) اچھا تو یوں کہیے کہ خدا کا وجود خیالی وجود ہے یعنی ہم نے دل میں فرض کر لیا ہے کہ خدا ہے۔

(۲۸م) خدا کا وجود خیالی وجود تو تب ہوتا کہ عالم کا وجود خیالی ہوتا۔ مگر عالم کو تو ہم موجود فی الخارج دیکھ رہے ہیں تو ضرور ہے کہ خدا بھی پہلے سے موجود فی الخارج ہو۔

(۲۹س) عالم اور چیز خدا اور چیز عالم کے وجود کو خدا کے وجود سے تعلق کیا یہ تو ایسی بے تُکی مثال ہوئی کہ ہم کسی جگہ سے کوّا نکلتا ہوا دیکھیں اور اُس کو سونے کے ہونے کی دلیل سمجھیں۔

(۲۹م) قیاس مع الفارق۔ کوّے کا ہونا۔ سونے کے ہونے کا مستلزم نہیں۔ اور عالم کا ہونا خدا کے ہونے کا مستلزم ہے اس لیے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا عالمِ اسباب ہے۔ کوئی اَدنےٰ تغیر بھی بے سبب نہیں ہوتا۔ خیر دوسرے تغیرات سے قطع نظر یہ بڑا تغیر عالم کا عدم سے وجود میں آنا اِس کا محرک اِس کا باعث اِس کا سبب کون۔ سبب کی جستجو میں ہم نے ہر چہار طرف نظر دوڑائی ہم کو تو کہیں دکھائی دیا نہیں اور ہونے میں شک بھی نہیں۔ اِس حیرت میں ہمارے قصورِ علم نے ہماری دستگیری کی اور ہم نے سمجھا کہ یہ ہماری فہم کا قصور ہے۔ علم حاصل کرنے کے ذرائع جو ہم کو حاصل ہیں یعنی حواسِ خمسہ ہمارے یہ عینک ہیں مگر دُھندلی مثلاً حواسِ خمسہ میں سے ایک قوۂ باصرہ کو لو کہ چشم دید بڑا قوی ذریعہ یقین کا ہے۔ مگر قوۂ باصرہ میں یہ نقص بھی ہے۔ کہ مثلاً گھڑی میں گھنٹے کی سُوئی حرکت تو کرتی ہے ہم کو حرکت سُوجھ نہیں پڑتی۔ اسی طرح سایہ حرکت تو کرتا ہے ہم کو حرکت کرتا ہوا دکھائی نہیں دیتا۔ اور یہ تو ہم نے مثال کے طور پر ایک بات کہی نظر میں اَور کئی نقص ہیں۔ جو علم مناظر و مرایا کی کتابوں میں بالتفصیل مذکور ہیں۔ اَب ہم پُوچھتے ہیں کہ گھڑی میں گھنٹے کی سُوئی یا سایے کی حرکت سُوجھ نہ پڑنے سے سُوئی اور سایے کو ساکن مانو گے یا قصورِ نظر کے قائل ہو گے۔ کارخانہ عالم کی ساخت اور اُس کا انتظام متقاضی ہیں کہ اِس کا مُوجد اَیسا کا ناظم اَیسا اور اَیسا ہو۔ اور اَیسا اور اَیسا ہونا اِس بات کا مستلزم ہے کہ وہ ہمارے ناقص حواس کی گرفت میں نہ آسکے مگر پھر بھی ہم کو اُس کا ہونا ماننا پڑے گا اور وہ ہے

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

کیوں اِس بیان سے تمھاری تشفی ہوئی؟

(۳۰س) ہاں کچھ تو ہوئی جیسے پچھے دار منطقی دلائل سے ہو سکتی ہے۔ مگر خدا کا تعلق خواندہ اور ناخواندہ مرد اور عورت ذہین اور غبی سب کے ساتھ ہے دلیل ایسی چاہیئے جس کو سب آسانی سے سمجھ سکیں۔

(۳۰م) میں نے تمھاری طبیعت میں کُرید دیکھی معلوم کر کے مُسلسل تقریر کی اور شاید میرے بیان میں منطق کا کچھ رنگ آگیا ہو گا مگر تم منطق کی طرف سے اِتنے بدگمان کیوں ہو۔ جس طرح سب آدمی بول چال میں قواعدِ صرف و نحو کا استعمال کرتے ہیں۔ معمولی معاملات۔ حرکات سکنات روزمرہ میں قواعدِ منطق کا گو شائبہ کافیہ۔ اور قطبی۔ تہذیب نہ پڑھے ہوں۔ اچھا ثبوت باری کی جس طرح کی دلیل تم چاہتے ہو وہ بھی لو گو سارا جہان بالاجماع خدا کو مانتا ہے۔

(۳۱س) ابھی تو آپ کہتے تھے کہ اِس میں اختلاف ہے۔

(۳۱م) اختلاف ہے من وجہ اور ساتھ ہی اتفاق بھی ہے۔

(س) ہماری سمجھ تو اِن متضاد باتوں کے سمجھنے سے قاصر ہے۔

(ج) میں ایک مثال سے اِس کی توضیح کرتا ہوں۔ میں نے اپنی کسی کتاب میں یا کسی لکچر میں خدا کو اندھوں کے ہاتی سے تشبیہ دی۔ لفظوں کے اعتبار سے تو تشبیہ اچھی نہ تھی مگر مطلب کی رُو سے تھی خوبیاں۔ ہاتی کا جثہ بڑا ہے اُس کی قیمت بھی بڑی ہے اور اُس کا خرچ بھی بڑا ہے۔ بڑے شہروں میں کوئی اِکا دُکا امیر ہاتی پال لیتا ہے۔ تو ہاتی دکھائی بھی دیتا ہے۔ دیہات میں ہاتی عجیب چیز سمجھا جاتا ہے۔ ایک مرتبہ ایک گانوں میں اتفاق سے ہاتی کا گزر ہوا۔ تو سارا گانوں ہاتی کے دیکھنے کو نکل پڑا۔ گانوں میں کچھ اندھے بھی تھے اِنھوں نے بھی ہاتی کا آنا سُنا اور دیکھنے کو چل دوڑے۔ آنکھیں نہیں کہ سوجھے ہاتی کو دیکھیں۔ فیلبان نے ترس کھا کر ٹٹول لینے دیا۔ گھر لوٹ کر آئے تو لوگوں نے پُوچھا کہ تم نے کیا دیکھا۔ کسی نے سُونڈ ٹٹولی تھی کسی نے کان کسی نے پیٹ کسی نے پاؤں۔ کسی نے دُم۔ جس نے جتنا ٹٹولا اُسی کو ہاتی سمجھا تھا وہی بیان کر دیا۔ ہر ایک اندھا اپنی جگہ سچا تھا۔ وہ ہاتی کے مختلف حُلیے بیان کرتے تھے۔ مگر ہاتی کے ہونے پر متفق تھے۔ یہی حال خدا کا ہے کہ وہ بشری حواس کی گرفت میں آنے کی چیز نہیں مگر آدمی ہے کہ اِن ہی ناقص حواس سے اُس کو معلوم کرنا چاہتا ہے پس ع ہر کس بخیال خویش خبطے دارد کا مصداق ہے۔ مشرک اور بُت پرست جن کو تم مُنکرِ خدا سمجھتے ہو منکرِ خدا نہیں ہیں۔ خُدا کے حُلیے میں غلطی کرتے ہیں۔

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝ (المؤمنون ع ۵)

(اے پیغمبر اِن لوگوں سے) پُوچھو کہ اگر تم (بڑے) بُوجھ بُجھکڑ ہو تو (بھلا اتنی بات تو بتاؤ کہ) زمین اور جو کچھ اُس میں ہے یہ تمام کارخانہ کس کا ہے؟ وہ فوراً (یہی) جواب دیں گے کہ اللہ کا (ان سے) کہو کہ پھر تم کیوں نہیں غور کرتے (اے پیغمبر اِن سے) پُوچھو کہ سات آسمانوں کا مالک کون ہے؟ اور (نیز) عرشِ عالی شان کا مالک (کون ہے؟) وہ فوراً (یہی) جواب دیں گے کہ (یہ سب کچھ) اللہ ہی کا ہے (اُن سے) کہو کہ کیا پھر تم کو (اُس سے) ڈر نہیں لگتا؟ (اے پیغمبر اِن لوگوں سے) کہو کہ اگر تم (بڑے) بُوجھ بُجھکڑ ہو تو (بھلا اتنی بات تو بتاؤ کہ) کون (ایسا قادرِ مطلق) ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے اور وہ (جس کو چاہتا) پناہ دیتا اور اُس کے مقابلے میں کسی کو پناہ نہیں دے سکتا وہ فوراً (یہی) جواب دیں گے کہ (یہ سب صفتیں تو) اللہ ہی کی ہیں (اُن سے) کہو کہ پھر تم پر کیونکر پٹی پڑ جاتی ہے۔

سب سے پہلے مُسلمان کہ وہ خدا کا نام سُن کر کانوں پر ہاتھ دھرتے ہیں کہ بھائی ہم تو مادر زاد اندھے ہیں ہم کیا جانیں کہ ہاتی کیسا ہوتا ہے۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ

(س) تو آپ کے نزدیک کوئی مُنکرِ خدا نہیں۔

(ج) میں تو ایسا ہی خیال کرتا ہوں کہ آدمی مُنکرِ خدا ہو نہیں سکتا۔ آدمی اندھیرے میں رسّی کو سانپ سمجھ کر اُس سے ڈر کر

عہ مخلوقات کی نظر میں تو اُس کو معلوم کر نہیں سکتیں اور لوگوں کی نظروں کی خوب جانتا ہے ۱۲

بھاگے تو وہ غلطی تو بے شک کرتا ہے مگر سانپ کا منکر نہیں۔ منکر ہوتا تو بھاگتا ہی کیوں۔ پس جس کو لوگ انکار سے تعبیر کرتے ہیں وہ عین اقرار ہے۔ اسی طرح کا کسی صوفی کا لطیف مقولہ ایک کتاب میں نظر سے گزرا۔ وہ کہتے ہیں کہ لوگ شیطان کو دشمنِ خدا سمجھتے ہیں حالانکہ اُس سے بڑھ کر کوئی خدا کا دوست نہیں۔ اُس کو خدا کے ساتھ عشقِ مفرط تھا وہ آدم کے تقرر کو دیکھ نہ سکا

غیرت از چشمِ بُرم رُئے تو دیدن نہ دہم گوش را نیز حدیثِ تو شنیدن نہ دہم

پس اُس کی رنجش متفرع تھی محبت پر ؎

اگر درد ہد یک صلائے کرم عزازیل گوید نصیبے بُرم

(س۳۲) خیر مشرک اور بُت پرست آپ کے نزدیک منکرِ خدا نہ سہی دہریوں کو آپ کیا کہیں گے کہ وہ تو کھلے لفظوں میں کہتے ہیں کہ خدا کوئی چیز نہیں۔

(ہ۳۲) میں تو دہریوں کی غلطی کو بھی مشرکوں اور بُت پرستوں ہی کی سی غلطی سمجھتا ہوں۔ مشرک خاص چیزوں کو شریکِ خدائی بُت پرست خاص چیزوں کو خدا مانتے ہیں۔ دہریے ساری خدائی کو حافظِ شیراز نے ٹھیک فرمایا ہے ؎

جنگِ ہفتاد و دو ملت ہمہ اعذر بنہ چوں ندیدند حقیقت رہِ افسانہ زدند

طَلَبُ الکُلِّ فَوْتُ الکُلِّ

(س۳۳) خدا کے بارے میں لوگوں کی رایوں کے اختلاف کا اصلی سبب کیا ہے؟

(ہ۳۳) دنیا کا عالم اسباب ہونا اور انسان کے ذرائع علم کا نقص۔ انسان بدو شعور سے زندگی بھر دیکھتا ہے کہ ہر ایک تغیر کا کوئی نہ کوئی سبب ضرور ہوتا ہے۔ اور پھر سبب بھی خود ایک تغیر ہے اُس کا سبب اور پھر اُس کا وَھلُمَّ جَرًّا مثلاً سورج کی گرمی سے سمندر کا پانی بھاپ کی طرف مستحیل ہوتا ہے۔ ہوا بھاپ کو اُبھار کر اُوپر لے جاتی ہے۔ اس لیے کہ بھاپ ہوتی ہے ہلکی اور ہوا ہوتی ہے بھاری۔ اور ہلکی چیز کا خاصہ ہے کہ وہ بھاری چیز کے اُوپر رہتی ہے جیسے تیل اور پانی۔ پھر یہ بھاپ جو ہم کو بادل کی شکل میں دکھائی دیتی ہے۔ اُوپر کی سردی پاکر پھر بیٹھ کر برستی۔ پانی کی بھاپ۔ بھاپ کا پانی یہ آوا گون ہمیشہ ہوتا رہتا ہے۔ اور اس کی تصدیق تم کو اس طرح ہو سکتی ہے کہ دیگچی میں پانی گرم کرو اُس سے بھاپ پیدا ہوگی کچھ تو ہوا ہو کر اُڑ جائے گی اور کچھ چلتنی میں لگ کر بوندیں بن بن کر دیگچی میں ٹپکے گی۔ تمھارے سمجھانے کے لیے ہم نے ایک چھوٹی سی مثال دی ہے۔ اس میں پانی کے بھاپ ہونے کا سبب ہے گرمی۔ پھر بھاپ کے پانی ہونے کا سبب سردی۔ مگر یہ دو تغیر سلسلۂ تغیرات کی صرف دو کڑیاں ہیں۔ سلسلے کے اُوپر کی اور بیچ کی اور نیچے کی کڑیوں کو چھوڑ دیا گیا ہے ورنہ آفتاب کا ہونا اُس کی گرمی اور پانی اور ہوا اور گرمی سردی کی مختلف تاثیرات یہ سب تغیرات سبب کے محتاج ہیں۔ غرض اس سلسلے کی کڑیوں کا کھوج لگاتے جاؤ۔ آخر کار عاجز آکر ایک سبب ایسا ماننا پڑے گا کہ اُس کو سبب درکار نہیں۔ وہ خود مُسبّب الاسباب یعنی خدا ہے۔ یہاں تک تو کسی کو اختلاف نہیں اور نہ کوئی اختلاف کر سکتا ہے۔ اختلاف ہے تعیینِ سبب میں اس وجہ سے کہ آدمی ادراکِ بشری کی رسائی تک تعیینِ سبب کر سکتا ہے۔ اور یہاں انتظامِ عالم ایسا سبب چاہتا ہے جس کی مثال مرئیات اور مشاہداتِ عالم میں موجود نہیں لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ مثال کا موجود ہونا یگانگی اور یکتائی یعنی وحدانیت کے خلاف اور یکتائی موجدِ عالم یعنی خدا ہونے

ع۵ کوئی چیز (بھی) اُس جیسی نہیں ۱۲ + ۱ پینے اور اسی طرح دور تک بڑھاتے اور کھینچتے چلے جاؤ ۱۲ ۱ ابھی، تو دیکھ ۱۲

کے لیے صفتِ لازمی۔

(۳) توحیدِ باری

(سؤال) خدا کے لیے یگانہ اور یکتا ہونا کیا ضرور ہے۔

(جواب) مَیں نے تم سے کہا نہیں کہ ہم نے خدا کو دیکھا نہیں مگر مخلوقات سے خالق کو جانا۔ اِسی طرح انتظامِ دُنیا سے اُس کی تمام صفات کو پہچانا۔ آزاں جملہ اُس کی یکتائی کو کہ عالم کا سارا صحیفۂ قدرت ایک ہی کاتب کا لکھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ کہیں دائرے کشش اور نقطے اور حرکات اور سکنات اور شوشے اور نوک پلک میں ذرا تفاوت نہیں۔ آیۂ

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا۔ (النساء ۶)

اور اگر (قرآن) خدا کے سوا کسی اَور کے پاس سے آیا ہوتا تو ضرور اُس میں بہت سے اختلاف پاتے۔

یہ تو قرآن کی شان میں مگر صحیفۂ قدرت پر بھی مُنطبق ہے۔ دنیا میں ہزارہا قسم کے انتظام ہیں مگر یہ مجموعۂ قوانین ایک ہی مُتقنّن کا بنایا ہوا ہے تمام قاعدوں میں ایک عجیب طرح کا تناسب ہے۔ کہ ایک دوسرے کی تائید کرتا ہے۔

كَالْبُنْيَانِ الْمَرْصُوْصِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا۔ جیسے سیسہ پلائی ہوئی عمارت کہ اُس کا بعض بعض کو مستحکم کرتا ہے۔

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا (الانبیاء ۲۶)

اگر زمین و آسمان میں خدا کے سوا اَور معبود ہوتے تو زمین و آسمان دونوں کبھی کے برباد ہو گئے ہوتے

کا یہی مطلب ہے اور یہ عقیدۂ توحید اسلام کی بڑی خصوصیتوں میں ہے اور اُس کی صداقت اور حقانیت کی بڑی مستحکم دلیل ہے اِسی کی وجہ سے اسلام نے دوسرے اَدیانِ مروجہ کو رد کر دیا ہے ؎

بتیغے کہ ناکردہ قرآں درست کتب خانۂ چند ملت بشست

(سؤال) ایک خدشہ تو دفع کیجیے کہ آپ خدا کے بارے میں اِدراکِ بشری یعنی عقل سے کام لینے کو منع کرتے ہیں اور ہم نئی آدم عقل ہی کی وجہ سے مکلف بالشرائع قرار دیئے گئے ہیں۔ پس بے اِعمالِ فکر ہم جو فیصلہ خدا کے بارے میں کریں گے وہ کب صحیح اور مستند ہو سکتا ہے اور اسی خدشے کو کسی شاعر نے ایک شعر میں ظاہر بھی کیا ہے۔ اور کہتا ہے ؎

ہوس میں کعبے کی کیوں شیخ بُت خانہ سے گمراہ ہے یہاں تو کوئی صورت بھی ہو واں اللہ ہی اللہ ہے

(جواب) اگر تم نے میرے کسی بیان سے ایسا سمجھا کہ مَیں خدا کے بارے میں عقل کا دخل نہیں چاہتا تو یہ میرے بیان کا قصور ہے یا شاید تم نے غلط سمجھا۔ اگر مَیں ایسا کروں تو اِس کے یہ معنی ہوں گے کہ مَیں انسان سے انسانیت کو سلب کرتا ہوں۔ میرا مطلب صرف اسی قدر ہے کہ چشم سر سے حدِ نظر کے پرے دیکھنے کا قصد مت کرو۔ اور اِدراکِ بشری کی حد کے باہر خدا کے بارے میں رائے مت لگاؤ

لَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔ (نحل ۶)

(لوگو! دنیا کے بادشاہوں کے قیاس پر) خدا کے لیے مثالیں تصنیف نہ کرو (یعنی مثال کا دینا) اللہ کو معلوم ہے اور تم کو معلوم نہیں ف۱

ف۱ مشرکین شرک کی یہ تاویلیں کیا کرتے تھے اور اب بھی کرتے ہیں کہ جس طرح بادشاہوں کے یہاں باختیار وزیر اور کارپرداز ہوتے ہیں ایسے ہی خدا کے بھی ہیں

عقل ہی کے دخل کا نتیجہ ہو کہ عقل انسانی نے اپنی حد کو معلوم کیا۔ اور مسلمانوں نے بے چون و بے چگون خدا کو مانا۔

(س) آپ نے یہ بھی تحقیق کیا کہ خدا کے بارے میں دوسرے مذہب والوں کے کیا عقیدے ہیں۔ آخر ایسی تو کیا بات ہو کہ اسلام کے سوائے کسی دوسرے مذہب والوں کو خدا کا خیال نہ آیا ہو وہ لوگ بھی تو مسلمانوں ہی کے طرح کے آدمی ہیں۔

(م) یقین یقین میں بھی فرق ہوتا ہو مجھکو اسلام کی حقانیت کا ایسا یقین ہو جیسے دو اور دو کے چار ہونے کا میں پوچھتا نہیں پھرتا کہ اور لوگ بھی دو اور دو کو چار ہی کہتے ہیں یا کم و بیش اور فرض کرو کہ سارا جہان دو اور دو کو چار سے کم و بیش کہے تو کیا میں مانے لیتا ہوں پس مجھکو تحقیق کرنے کی ضرورت ہی کیا تھی۔

(س) آپ کا حرج ہی کیا تھا اسلامی عقیدے کی اور توثیق ہو جاتی۔

(م) اوّل تو اسلامی عقیدہ محتاج توثیق نہ تھا اس لیے کہ تمام اسلامی عقائد فطری ہیں کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُّوْلَدُ عَلٰی فِطْرَۃِ الْاِسْلَام اور میں ہر مسئلۂ اسلام کو مطابق فطرت ثابت کرنے کو موجود ہوں تو خدا کے بارے میں بھی اسلامی عقیدہ فطری عقیدہ ہو یعنی جس کسی بشر نے خدا کا خیال کیا ہوگا وہی سمجھا ہوگا جو اسلام نے وہ دوسری بات سمجھ نہیں سکتا۔

(س) یہ تو بداہۃ کے خلاف ہو۔

(م) فطرت پر اثر پڑتا ہو تعلیم کا۔ تربیت کا۔ صحبت کا۔ آب و ہوا کا۔ غذا کا۔ عمر کا اور بہت چیزوں کا۔ جن کی وجہ سے فطرۃ اپنی حالت اعتدال پر اکثر مستقیم نہیں رہ سکتی۔

(س) ابھی یہ بات اچھی طرح میرے ذہن میں نہیں بیٹھی کہ انسان از روئے فطرۃ خدا کا خیال کرنے پر مجبور ہی کیونکہ شاید بہت سے آدمی ایسے بھی ہیں جو ساری عمر خدا کا خیال نہیں کرتے۔ اور اگر احیاناً بات چیت میں خدا کا نام سن بھی لیتے ہیں تو اُن کا ذہن اُس لفظ کے مفہوم کی طرف کو منتقل نہیں ہوتا بلکہ بعض تو سرے سے خدا کو مانتے ہی نہیں۔

(م) تم فطرۃ کے سمجھنے میں غلطی کرتے ہو۔ فطرۃ کے یہ معنی نہیں ہیں کہ آدمی ہمہ وقت ہی خیال میں لگا رہے اگر ایسا ہو تو دنیا کے کاروبار بند ہو جائیں بلکہ فطرۃ کے یہ معنی ہیں کہ انسان کو خدا کا خیال کرنے کے مواقع اکثر پیش آتے رہتے ہیں اور جب ایسا موقع پیش آتا ہو وہ چار و ناچار خدا کا خیال کرتا ہو جیسے حرکۃ بالارادہ انسان کے خواص فطری میں ہو۔ مگر ضرور نہیں کہ آدمی ہمہ

(بقیہ نوٹ صفحہ ۲۲) اسی طرح خدا کی سرکار میں اُن کے دوسرے معبود ہیں خدائے تعالیٰ نے اُن کے اس خیال کو باطل ٹھیرا دیا کہ تم کو مثال دینے کا سلیقہ نہیں تمھاری مثالیں بالکل بے تُکی مثالیں ہیں۔ چنانچہ آگے خدا نے خود دو مثالیں بیان فرمائی ہیں جو نہایت مؤثر ہیں اور چسپاں ہیں اِلا ان اللہ یعلم وانتم لا تعلمون کے یہ معنے بھی ہو سکتے ہیں کہ خدا لوگوں کے حال سے واقف ہو اور تم نہ سہی آدم واقف نہیں ہو سکی ناواقفیت کی وجہ سے تم میں جو بادشاہ ہوتے ہیں اُن کو مدد دینے کی ضرورت ہوتی ہو اور حاجتمندوں کو بھی ضرورت پڑتی ہو کہ کوئی اُن کا سفارشی ہو اور بادشاہ تک اُن کی خبر تو پہنچائے لیکن خدا خود دانا و بینا ہو وہ بغیر واسطے کے تمھاری سنتا اور تمھارا سب حال جانتا ہو ۱۲

(نوٹ صفحہ ۲۳) ۱؎ پوری حدیث اس طرح پر ہو کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُّوْلَدُ عَلٰی فِطْرَۃِ الْاِسْلَامِ فَاَبَوَاہُ یُھَوِّدَانِہٖ اَوْ یُنَصِّرَانِہٖ اَوْ یُمَجِّسَانِہٖ رَوَاہُ اَحْمَدُ یعنی ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے پھر اُس کے ماں باپ اُسے یہودی بنا دیتے ہیں یا نصرانی یا مجوسی ۱۲

وقت حرکۃ کرتا ہے۔ رہا خدا کا انکار میں تو کہے جاؤں گا۔ کہ آدمی نابھی سے خدا کے مصداق میں غلطی کر سکتا ہے۔ خدا کا انکار نہیں کر سکتا اور جن کو تم منکرِ خدا سمجھتے ہو جیسے دہریے۔

وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ (۱۵ الجاثیہ ۳۶)

اور کہتے ہیں ہماری تو یہی دُنیا کی زندگی ہے اور بس کہ (یہیں) مرتے ہیں اور (یہیں) جیتے ہیں اور زمانہ ہی ہم کو (ایک وقتِ خاص تک) زندہ رکھ کر) مار دیتا ہے۔ ان کو اس کی کچھ تحقیق تو ہے نہیں تو نرے اٹکل کے تکے چلاتے ہیں۔

میں تو ان کو بھی اگر ہوں ایک طرح کا بُت پرست ہی سمجھتا ہوں کسی نے خاص خاص بُتوں کو خدا سمجھا دہریوں نے تمام جہان کو

(۴) شرک

(س) اچھا یہ فرمائیے کہ بنی آدم میں شرک اور بُت پرستی نے کیوں کر رواج پایا۔

(م) رواج پایا آدمی کے مرئی اور مشاہد اسباب کے مُخوگر ہونے سے۔ وہ بالطبع خدا کے بارے میں عادی اوقلیدس کا سا ثبوت چاہتا ہے اور اسی سے اُس کی تسکین ہوتی ہے۔ پس وہ خدا کے بارے میں بھی اپنی مَن سمجھوتی کے لیے بے بُنیاد باتیں بناتا اور اُن کی لغو اور بیہودہ اور سخیف تاویلیں کرتا ہے یہ ہے اصل شرک اور بُت پرستی کی۔

(س) خدا کے نو ۹۹ نام کی تو بڑی لمبی فہرست ہے مجکو تو خدا کی صفات کی کوئی مختصر سی فہرست بتائیے کہ وہ تمام صفات چلاوی ہو۔

(م) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ (الاخلاص ۱۶)

(اے پیغمبر) لوگ جو تم سے خدا کا حال پُوچھتے ہیں تو تم ان سے) کہو کہ وہ اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اُس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی اُس کی برابر کا ہے۔

اِس سورۃ کا نام سورۂ اخلاص ہے اور اس کو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ثُلثِ قرآن فرمایا ہے اس لیے کہ قرآن میں بالاصالت خدا اور رسول اور شرائع اِن ہی تین چیزوں کا مذکور ہے تو اِس رُو سے سُورۂ اخلاص ثُلثِ قرآن ہوئی کہ اس میں خدا کی کافی صفتہ ہے۔ خدا کی صفات میں وہ صفت جسکو قرآن کا ترجیع بند کہہ سکتے ہیں وحدانیت ہے اور سُورۂ اخلاص کا مقصود اصلی بھی یہی ہے۔

(س) اسلام کو دنیا میں رواج پائے تو ڈیڑھ ہی ہزار برس ہوئے ہیں اور مذہب کو کہتے ہیں کہ آدم علیہ السلام کے وقت سے اِس کا سلسلہ جاری ہے تو جس طرح ہم بنی آدم حضرت آدم کی نسل ہیں۔ مذاہب مروّجہ بھی مذہبِ آدم کی یادگار ہیں کیا؟

(م) بے شک مذہب کا خیال اور مذہب کیا چیز ہے خدا کا خیال آدمی کی فطرۃ میں تو تھا ہی آدم کی نسل پر کوئی زمانہ ایسا نہیں گزرا کہ وہ خدا کے خیال سے بے تعلق رہے ہوں اور وہ بے تعلق رہ بھی نہیں سکتے تھے اور نہ اب رہ سکتے ہیں۔ ان کو ہمہ وقت ایسے واقعات پیش آتے رہتے ہیں۔ جن پر ان کی زندگی کا انحصار ہے۔ اور اُن پر اِن کا کچھ بس نہیں چلتا۔ اور یہ بے اختیاری ہی تو آدمی کو گشاں گشاں خدا کی طرف لے جاتی ہے اور سب سے آخر میں موت کہ اُس کا کوئی علاج ہی نہیں[۱] اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ

[۱] یہ آیت مع ترجمہ کے صفحہ (۸) میں گزر چکی وہاں اس کا ترجمہ ملاحظہ ہو ۱۲

وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ غرض آدمی کوئی بھی ہو اور کہیں کا بھی ہو مذہبی مخلوق پیدا ہوا ہی ہمیشہ ہر زمانے میں مذہبی مخلوق رہا ہی اور وہ مذہبی مخلوق رہے گا بھی۔

(رس) آدم کی نسل تو شروع سے اب تک خط و خال کے تھوڑے شخصی اختلاف سے ایک ہی شکل و صورت پر چلی جاتی ہی وہی دو ہاتھ وہی دو پاؤں وہی دو آنکھیں وہی مکان وہی ایک ناک۔ اگر مذاہب مروجہ مذہب آدم کی نسل ہوتے جیسا کہ ہونا چاہیئے تو ان میں بدونیک کا اختلاف کیوں ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ اصل احد کی فرع نہیں ہیں۔

(رھ) آدم کی نسل میں جسمانی ساخت کے اعتبار سے تو البتہ کچھ ایسا بڑا اختلاف نہیں ہونے پایا۔ مگر آدم کے وقت سے اب تک بنی آدم کے حالات اور خیالات میں اس قدر تغیر اور تفاوت ہوا ہی کہ گویا ان وقتوں کے آدمی دوسرے آدم کی اولاد ہیں۔ آدم علیہ السلام کے ابتدائی حالات پر نظر کرو۔ کہ مذہبی روایت کی رُو سے اُن کو بیک بینی و دو گوش "ننگا دھڑنگا درختوں کے پتوں سے آگا پیچھا چھپائے اپنے ہاتھ پاؤں کے سوائے نہ کوئی یار نہ مددگار مینہ بوندی گرمی سردی سے بچنے کا کہیں ٹھکانا نہیں زمین پر لا اُتارا۔ جدھر آنکھ اُٹھا کر دیکھتے ہیں خود رُو نباتات اور حیوانات کے سوائے کوئی چیز دکھائی نہیں دیتی۔ درندے ہیں کہ پھاڑ کھانے کو پلے چلے آتے ہیں۔ تحفظ کا نہ سامان ہی نہ سلیقہ۔ بھوک پیاس الگ ستا رہی ہی۔ یا اُسی بے کس بے بس آدم کی اولاد ہی کہ روئے زمین پر حکمرانی کر رہی ہی۔ عیش و عشرت کے کل سامان ضرورت سے بہت زیادہ مہیا۔ آتنی چوڑی چکلی زمین اولادِ آدم کو بس نہیں کرتی ضاقت علیہم الارض بما رحبت چپے چپے زمین پر آپس میں لڑے مرتے ہیں۔

ہفت اقلیم را بگیرد بادشاہ ہمچناں در بندِ اقلیمے دگر

(رس) بنی آدم کے اختلافِ حالت کو اختلافِ مذہب میں کیا دخل؟

(رھ) خدا شناسی جس کا مذکور ہوتا رہا ہی وہ تو واقع میں اصل مذہب ہی اور اُس میں بنی آدم کے اختلاف کی وجہ بھی تم سن چکے ہو اسی اختلاف کے رفع کرنے کو خدا نے وقتاً فوقتاً پیغمبر بھیجے۔ آدم کی نسل کو خدا نے کچھ ایسی برکت دی تھی۔ کہ آدم کی اولاد یوماً فیوماً ساعۃً فساعۃً آناً فاناً بڑھتی اور پھیلتی جاتی تھی۔ ایک وقت خاص تک لوگ بعض واقعاتِ گزشتہ کو زبانی یاد رکھتے ہے اسی اثنار میں بہت سی باتیں بھولی بسری ہوگئیں۔ کتابت کا فن تو کہیں تھوں میں جا کر ایجاد ہوا ہی جس سے یادداشت میں بڑی مدد ملی غرض ہم کو پیغمبروں کا شمار معلوم نہیں کہ کون کس زمانے میں اور کس ملک میں مبعوث ہوا۔ مگر قرآن سے اتنی بات ثابت ہی کہ شروع سے پیغمبروں کا سلسلہ کبھی منقطع نہیں ہوا۔ چنانچہ فرماتے ہیں

وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ (الفاطر ع ۲) اور کوئی اُمت ایسی نہیں رہی کہ اُس میں ڈرانے والا نہ گزرا ہو

اور قرآن میں جو معدودے چند کا مذکور ہی وہ اُن مختلف المذاہب قوموں کے لحاظ سے ہی جو نزول قرآن کے وقت ملک عرب میں بستے اور ان پیغمبروں کو فرستادۂ خدا مانتے تھے مطلب یہ ہی کہ جتنے پیغمبر ہو گزرے ہیں سب کے سب خدا کے بارے میں اسلامی عقائد سکھاتے سمجھاتے رہے تم لوگ باوجودیکہ اپنے تئیں اُن کی اُمت اور اُن کا متبع کہتے ہو اُن کا مسلک چھوڑ کر لگے شرک

شرک اور بُت پرستی کرنے اسلام کی نسبت ارشاد ہے۔

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ۭ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ۝ (الشوریٰ ع ۲)

(لوگو! خدا نے) تمہارے لیے دین کا وہی رستہ مقرر فرمایا ہے جس (پر چلنے) کا اُس نے نوحؑ کو حکم دیا تھا اور (اے پیغمبر) تمہاری طرف (بھی) ہم نے اُسی رستے کی وحی کی ہے اور اُسی کا ہم نے ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسےٰؑ کو (بھی) حکم دیا تھا کہ (اسی) دین کو قائم رکھنا اور اس میں تفرقہ نہ ڈالنا (اے پیغمبر) تم جس (دین) کی طرف مشرکین کو بُلاتے ہو وہ اُن پر (بہت ہی) شاق گزرتا ہے اللہ جس کو چاہتا ہے انتخاب کر کے اپنی طرف بھیج بُلاتا ہے اور جو (اُس کی طرف) رجوع لاتے ہیں اُن ہی کو اپنے تک (پہنچنے کا) رستہ دکھاتا ہے ف

اور سناتا ہی یہ بھی فرمایا مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ۔

(س) یہ تو بڑا گول مال ہو جاتا ہے۔ ہم مسلمان تو یہ سمجھے ہوئے تھے کہ ہم مسلمانوں پر خدا کی یہ خاص عنایت ہے کہ ہماری طرف خدا نے پیغمبر آخر الزماں کو بھیجا اب تو ہندوستان اور چین اور جاپان اور برما اور تبت اور ترکستان اور فارس اور مصر اور امریکا اور افریقہ اور جزائر کل ملکوں کے لوگ ایک پیغمبر نکال کھڑا کریں گے۔ اور کہیں گے کہ ہم بھی ایک پیغمبر کی اُمت ہیں۔

(ش) مسلمانوں کا دعوے خصوصیت تو یہود یوں کا۔

نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّاؤُهٗ (المائدہ ع ۳۔) ہم اللہ کے بیٹے اور اُس کے چہیتے ہیں۔

اور لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا یہود کے سوا جنت میں کوئی نہیں جانے پائے گا۔

ف مطلب یہ ہے کہ شروع زمانہ نوحؑ سے لے کر پیغمبر صاحب آخر الزماں تک جتنے پیغمبر آئے وہی ایک دین اسلام لے کر آئے اُن کو اُسی کی تعلیم کا حکم تھا اور اُنھوں نے اُسی کی تعلیم کی۔ کسی پیغمبر کا اصل دین کسی پیغمبر کے اصل دین سے کسی بات میں مختلف نہیں اور نہ پیغمبروں میں کسی طرح کا تفرقہ اور اختلاف ہے ایک خدا کی پرستش کے لیے سب ہدایت کرتے چلے آئے ہیں سو باوجودیکہ پیغمبروں کے اصل دین میں کسی طرح کا اختلاف نہیں اس پر بھی اُن کی اُمتوں نے کتاب الٰہی نازل ہوئے پیچھے دین میں تفرقہ ڈالا اور یہود و نصاریٰ بن بیٹھے یہ لوگ انبیاء کے بعد وارث کتاب الٰہی بنے تھے ان کو چاہیئے تھا کہ اصل دین میں پھوٹ نہ ڈالتے مگر انھوں نے شیخی یا ضد یا طمع دُنیا کی وجہ سے اصل دین میں فتور پیدا کر دیئے اسی اصل دین کی طرف مشرکین عرب کو بھی بُلایا جاتا ہے اور یہ اُس سے بدکتے ہیں ۱۲

ع پوری آیت اس طرح پر ہے وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۭ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ یعنی اور (اے پیغمبر) ہم نے تم سے پہلے (بہت سے) رسول بھیجے (کسی) ایسے ہیں جن کے حالات ہم نے تم کو سنائے اور (کسی) ایسے ہیں جن کے حالات ہم نے تم کو نہیں سنائے اور کسی رسول کی مجال نہ تھی کہ بے اذن خدا کوئی معجزہ لا دکھائے پھر جب حکم خدا (یعنی عذاب) آموجود ہوا تو انصاف کے ساتھ (اُمتوں اور پیغمبروں میں) فیصلہ کر دیا گیا اور جو لوگ بر سر غلط تھے اس وقت (وہی) گھاٹے میں رہے ۱۲

اور لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً (البقرہ ع ۹۔) گنتی کے چند روز کے سوا (دوزخ کی) آگ ہم کو چھوئے گی (بھی) نہیں۔ کا سا دعوے ہے جس پر خدا نے اُن کو بہت کچھ ملامت کی ہے۔ بندہ ہونے کی حیثیت سے کسی کی کچھ خصوصیت نہیں خصوصیت اگر ہے تو اعمالِ نیک کی ہے۔

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ (الحجرات ۲۶) (لوگو!) اللہ کے نزدیک تم میں بڑا شریف وہی ہے جو تم میں بڑا پرہیزگار ہے اور اس کا ظہور پورا پورا عاقبت میں ہوگا ورنہ دنیا میں تو کوئی قوم خدا کے ساتھ کسی خصوصیت کا دعویٰ نہیں کر سکتی پانی سب کے لیے برابر ہے

اوبیم زمین سفرۂ عام اوست ۔۔۔ برین خوانِ یغما چہ دشمن چہ دوست

دن رات گرمی جاڑا برسات سب کے لیے ہیں۔ توالد۔ تناسل۔ تندرستی اور بیماری جینا مرنا کسی ایک بات کی خصوصیت تو دکھلاؤ (س) یہ تو اونگھتے کو ٹھیلنا ہوا جس کے توبہ توبہ یہ سنے ہوئے کہ خدا بندوں کے ساتھ آنکھ مچولی کا سا کھیل کرتا ہے ؎

دیدارے نمائی و پرہیزے کنی ۔۔۔ بازارِ خویش و آتش تیزے کنی ؛

(ش) یک نشد دو شد۔ یہ تو خدا کی خدائی میں دخل دینا ٹھیرا کہ وہ ایسا کیوں ہے یا اُس نے آدمی کو ایسا کیوں بنایا ہے عجب نہیں خدا کو اس کج دار و مریز میں آدمی کا امتحان لینا منظور ہو تو یہ اعتراض اسی قسم کا ہوا کہ خدا نے مکھی جیسی مبتذل چیز کو ہزاروں آنکھیں دیں جو خورد بین میں صاف معلوم ہوتی ہیں اور اشرف المخلوقات انسان کو صرف دو۔ زیادہ نہیں دو ہی آنکھیں اُس کی گدی میں لگا دیتا۔ کہ آدمی پس پشت آسانی سے دیکھ لیا کرتا تو اُس کی قدرت میں کیا کمی آجاتی۔ خدا نے کائنات اور مخلوقات کے ذریعے سے اپنے تئیں آدمی پر ظاہر کرنا چاہا۔ اور ایسی اچھی طرح ظاہر کر دیا کہ آدمی جدھر آنکھ اُٹھا کر دیکھے یا نہ بھی دیکھے دل میں خیال کرے تو اُس کو خدا ہی خدا دکھائی دے۔ یہ آدمی کی اپنی یاوہ سری ہے کہ وہ خدا کو بھی اسی طرح دیکھنا چاہتا ہے۔ جیسا وہ دوسری چیزوں کو دیکھتا ہے اور نہیں دیکھتا تو انکار کر بیٹھتا ہے یا اپنے دل سے اُس کی خیالی شکلیں فرض کر لیتا ہے۔

(ش) میرے نزدیک سوچ سمجھ کے علاوہ خدا کو انسان کی کچھ اور بھی مدد کرنی تھی تاکہ وہ خدا کے بارے میں کسی طرح کی غلطی نہ کر سکتا

(ہ) یہ تو تم پھر وہی گدی کی دو آنکھوں والی بات لائے۔ بایں ہمہ خدا نے اپنے مزید کرم سے وقتاً فوقتاً ہر ملک اور ہر قوم میں رسول بھیجے اور اُنھوں نے خدا کے بارے میں عقائدِ حقہ اسلامی کی تعلیم کی۔

(ش) پھر مسلمانوں کے سوا اور لوگ جو مسلمانوں کے مقابلے میں چند در چند ہیں طریقِ مستقیم سے کیوں منحرف ہوئے اور ہیں

(ہ) کی نہ کہلوائیے۔ منحرف ہوئے اور ہیں اسی گرپڑی کی وجہ سے جو عموماً بشری طبائع کا خاصہ ہے اور میں تو کسی گروہ کو حتی کہ

ف یا ایک قسم کا بچوں کا کھیل ہے کہ چند بچے جمع ہو کر ایک کو اُس کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر یا آنکھیں بھوا کر بٹھا دیتے ہیں باقی بچے جگہ جگہ جا کر چھپ جاتے ہیں پھر وہ بچہ چھپنے والوں کو ڈھونڈتا پھرتا اور جس کو پکڑ پاتا اپنی جگہ لا بٹھاتا ہے اور پھر اس دوسرے بچے کے ساتھ وہی معاملہ کیا جاتا ہے جو پہلے کے ساتھ کیا تھا اسی طرح کھیل ہوتا رہتا ہے مقصود اس کھیل سے یہ ہے کہ جو بچہ آنکھوں پر پٹی باندھ کر بٹھایا گیا ہے اپنی عقل سے دریافت کرے کہ کون کہاں چھپا ہوگا ۱۲ +

ف اگر ایک پیالے میں لبالب پانی بھر کر کہا جائے کہ اس کو ٹیڑھا کر دو مگر پانی گرنے نہ پائے کج دار و مریز کے بھی معنے ہیں اور اسی طرح کا ایک شعر آگے ہے ؎ در میانِ قعرِ دریا تختہ بندم کردہ + باز مے گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش + حاصلِ مطلب ہے تکلیفِ مالا یطاق ۱۲

مسلمانوں کو بھی اس سے بری نہیں سمجھتا الّا ماشاء اللہ۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اسلام کی تعلیم میں عقیدۂ توحید کی بڑی تاکید ہے کہ ایسی کسی مذہب میں نہیں اور حق یہ ہے کہ ایک وحدانیت خدا کی تمام صفات کی جامع ہے۔ مگر عملاً میں تو سب کو کچھ ایک ہی طرح کا پاتا ہوں۔ کسی کے دلی عقیدے کا معلوم ہونا مشکل ہے۔ یا تو خود صاحبِ عقیدہ اپنے مُنہ سے کہے تو ممکن ہے کہ زبان کسی وجہ سے دل کا معتبر ترجمان نہ ہو یا صاحبِ عقیدہ کے اعمال سے پتہ لگایا جائے اور یہی متعین ذریعہ ہے۔ سو عمل کے ذریعہ سے خاص خاص مسلمانوں کا تو مذکور نہیں وَقَلِیْلٌ مَّا هُمْ عام مسلمان ویسے ہی مُبتلائے شرک ہیں جیسے دوسرے مذاہب کے لوگ ہم تو اس میں کچھ فرق نہیں سمجھتے کہ ایک رامچندر جی اور کرشن جی کو پُوجتا ہے اور دوسرا سلطان جی اور قطب صاحب کو۔ جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو احمد بلا میم اور عرب بلا عین کہنا شرک نہیں تو کیا ہے۔ عیسائیوں پر وَقَالَتِ النَّصَارٰی الْمَسِیْحُ ابْنُ اللّٰهِ (التوبۃ ع۴) اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کے بیٹے ہیں۔ کا اعتراض کس مُنہ سے کر سکتا ہے وہ شخص جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو خود خدا مانتا ہے ؎

احمد کو ہم نے جان رکھا ہے وہی احد ۔۔۔ مذہب کچھ اَور ہو گا کسی بوالفضول کا

جس طرح مثلاً عیسائی

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ	اِن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے عالموں اور اپنے مشائخوں اور
اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِیْحَ	مریم کے بیٹے مسیح کو خُدا بنا کھڑا کیا حالانکہ (ہمارے ہاں سے ان
ابْنَ مَرْیَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا	کو یہی حکم دیا گیا تھا کہ ایک ہی خدا کی عبادت کرتے رہنا اُس کے

وَّاحِدًا ۚ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ (التوبۃ ع۵) سوا اور کوئی معبود نہیں وہ ان کے شرک سے پاک ہے ف۱

کے ملزم ہیں مسلمان بھی اس الزام سے بری نہیں۔ یہ تو بڑی ہیکڑی اور ہٹ دھرمی ہے۔ کہ جن افعال کی وجہ سے دُوسرے شرک کہلائیں ویسے ہی افعال مُسلمان کریں اور پھر موحّد کے موحّد۔ ہم نے اسی وجہ سے اختلافِ مذاہب کی طرف مُطلق توجہ نہیں کی کہ لوگوں کو دیکھا تو ایک حمام میں سب ننگے یعنی کوئی مذہب عملاً شائبۂ شرک سے خالی نہیں۔ دُنیا میں جتنے مذہب بھی ہیں سب اصلِ واحد کی فرع ہیں توحید کی۔ اس لیے کہ ایک طرف تو فطرت توحید کی تعلیم کرتی تھی۔ اور دوسری طرف خود خدا انبیاء اور رسولوں کے ذریعے سے۔ اور ساتھ کے ساتھ انسان کی طبعی کمزوری تعلیمِ فطری اور تعلیمِ الٰہی دونوں میں سے کسی کا نقش نہیں جمنے دیتی تھی۔ اس کشمکش کا یہ نتیجہ ہوا کہ انسان مغلوب الوہام ہو کر شرک کی طرف کو جُھک پڑا۔ میں نے ان من الامم الا خلا فیہا

ع۵ سلطان جی اور قطب صاحب سے مُراد ہیں حضرت سلطان نظام الدین اور جناب قطب الدین بختیار کاکی رحمہما اللہ جو ہندوستان کے قدیم دارالخلافہ دہلی میں دو بڑے مشہور و نامور اور برگزیدہ صوفی گزرے ہیں۔ حضرت سلطان نظام الدین دہلی سے تین میل کے فاصلے پر ایک بستی میں مدفون ہیں جو آپ نظام الدین ہی کے نام سے مشہور ہے اور جناب قطب الدین بختیار کاکی قصبہ مہرولی میں جسے قطب بھی کہتے ہیں اور جو دہلی سے آٹھ میل کے فاصلے پر آباد ہے ۱۲ +

ف۱ یہود و نصاریٰ اپنے پیشواؤں کی تعظیم حد سے زیادہ کرتے تھے کہ اُن کے تمام افعال اقوال کو عین خدا کا فرمودہ سمجھتے اس کو خدا نے پیشواؤں کا خدا بنانا فرمایا۔ آج کل کے بعض مسلمان بھی اسی طرح کی پیر پرستی اور گور پرستی کرتے ہیں اس آیت سے اُن کو پند پذیر ہونا چاہیئے ۱۲

نذیر سے یہی بات مستنبط کی ہے کہ جتنے مذہب ہیں اُن میں وقتی اور مقامی خصوصیتوں کی وجہ سے شرائع کا اختلاف تو ضرور ہے مگر شروع میں ہر ایک مذہب نے اسلام کی طرح توحید خدا کی تعلیم دی ہے۔ پھر جیسے جیسے مذہب پرانا ہوتا گیا معتقدین کی کج فہمی سے شرک دخل پاتا گیا۔ اسلام باوجودیکہ مشہور مذہبوں کے مقابلے میں جدید مذہب ہے اور اس کو جاری ہوئے ابھی پورے ڈیڑھ ہزار برس بھی نہیں ہوئے۔ تاہم توحید کے اعتبار سے مسلمانان درگور مسلمانی در کتاب کے سوائے کچھ کہتے نہیں بن پڑتا اسی خیال سے میں اپنے وقت کے مسلمانوں کو صلاح دیتا ہوں کہ دوسرے مذہبوں کو اپنی چڑ نہ بنائیں ع تجھکو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو کسی مذہب کے بزرگوں سے صرف باین وجہ بدگمان نہ ہوں۔ کہ اُن کے معتقدین اُن کو دیوتا اور خدا کا اوتار سمجھ کر اُن کی پرستش کرتے ہیں۔ عیسائی حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا اور خدا کا بیٹا مان کر اُن کی پرستش کرتے ہیں تو کیا اتنی بات سے معاذ اللہ حضرت مسیح علیہ السلام کی جناب میں کسی طرح کی گستاخی کر سکتے ہیں۔ "پیراں نمے پرند مریداں مے پرانند" کا دستور دنیا میں سدا سے جاری رہا ہے اب بھی ہے اور جب تک آدمی آدمی ہو جاری رہے گا یعنی قیامت تک۔ مسلمانوں کو میں نے خاص کر اسی وجہ سے مخاطب کیا کہ میں ان کا ہم مذہب ہوں اور میرا فرض ہے کہ ان کو نصیحت کروں۔ لیکن اگر سب مذاہب کے لوگ اس نصیحت پر کاربند ہوں تو روئے زمین سے فساد ایسا جائے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔

(س) اچھا اب آپ مجھکو شرک کے معنی سمجھائیے۔

(م) خدا کی خدائی میں کسی کو (ہر کسے کہ باشد یا ہر چہ باشد) ساجھی ماننے کو مذہبی اصطلاح میں شرک کہتے ہیں۔

(س) خدا کی خدائی کیا؟

(م) خدا کی ذات۔ خدا کی صفات۔ خدا کی عبادت۔ پس شرک تین قسم کا ہوا۔

(س) ہر ایک قسم کی کچھ تشریح فرمائیے۔

(م) خدا کی ذات میں شرک کرنے کے یہ معنی کہ کئی خدا مانے جائیں جیسے مثلاً عیسائی باپ بیٹا روح القدس تین خدا مانتے ہیں کہ ہر ایک بجائے خود مستقل خدا ہے اور پھر تینوں ملکر بھی وہی ایک خدا ہیں وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ (النساء ۳۶) شرک فی الصفات یہ ہے

لہ پوری آیۃ یوں ہے یٰاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقٰهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ سُبْحٰنَهٗ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا یعنی اے اہل کتاب اپنے دین میں حد اعتدال سے تجاوز (یعنی افراط وتفریط) نہ کرو اور خدا کی نسبت حق بات کے سوا (ایک لفظ بھی) مُنہ سے نہ نکالو (حق بات تو اتنی ہی ہے کہ) مریم کے بیٹے عیسےٰ مسیح (بن اللہ اور خدا کے نہیں بلکہ) اللہ کے رسول ہیں اور خدا کا حکم جو اُس نے مریم کی طرف بھیجا تھا (کہ بے شوہر حاملہ ہو جاؤ اور وہ ہو گئیں) اور (وہ ایک) روح (تھی جو خاص) خدا کی طرف سے (دنیا میں آئی) تو اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور تین (خدا نہ کہو (اس سے) باز آؤ (کہ یہ) تمہارے حق میں بہتر ہے (اس لئے) کہ اللہ ہی کیا معبود ہے وہ اس سے بری ہے کہ اُس کے کچھ اولاد ہو (اُسی کا ہے) جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ (سب کا) کارساز بس ہے

ف اس مقصود تو اس بات کا سمجھانا ہے کہ خدا اولاد کے جھگڑے بکھیڑے سے بری ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اولاد اسی ہوتی ہے کہ باپ کی مددگار ہو یہ تو باپ کا فائدہ ہوا اور اولاد باپ کے مال متاع کی حق دار ہو یہ اولاد کا فائدہ ہوا۔ سو خدا کے ہاں یہ دونوں باتیں نہیں ما کیلا کارساز بس ہے اُس کو مددگار درکار نہیں تنہا

کہ اُس کی سی قدرت۔ اُس کا سا علم۔ اُس کا سا اختیار۔ یا اُس کی سی کوئی صفت جیسے نہ اُس سے کوئی پیدا ہوا نہ وہ کسی سے پیدا ہو یعنی نہ اُس کا کوئی باپ نہ اُس کا کوئی فرزند کسی دوسرے میں تسلیم کی جائے۔ اور شرک فی العبادۃ یہ کہ اُس کی وہ طریقے جو خدا کے ساتھ خاص ہیں جیسے دعا نذر نیاز۔ منت۔ قسم۔ قربانی وغیرہ دوسرے کے ساتھ عمل میں لائے جائیں۔ کہنے کو شرک تین قسم کے ہیں مگر حقیقت میں شرک فی الصفات اور شرک فی العبادت دونوں شرک فی الذات کی شاخیں ہیں اس لیے کہ خدا کی صفات عین ذات ہیں یعنی مثلاً ہم خدا کو کہتے ہیں کہ وہ علیم ہے تو اس کے یہ معنی ہیں کہ علم اُس کی صفتِ لازمی ہے جب سے وہ ہے علیم بھی ہے ہماری طرح نہیں کہ پیدا ہوئے تو۔

هُوَ الَّذِيْ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (النحل ع ۱۱)

اور (لوگو) اللہ ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا اور (اُس وقت) تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اور تم کو کان دیئے اور آنکھیں اور (دل) اور دل (دیئے) تاکہ تم (اُس کا) شکر کرو۔

پھر پیدا ہو کر دنیا میں رہ کر علم حاصل کیا۔ جس طرح خدا کی ذات ازلی ابدی ہے اسی طرح اُس کی کل صفات بھی ازلی ابدی ہیں اور وہ متصف بتلک الصفات ہمیشہ سے خدا تھا۔ اور ہے اور رہے گا۔ شرک کے متعلق ایک ضروری بات اور ہے اس کو معلوم کرنے کے بعد شرک کا مفہوم اچھی طرح تمہارے ذہن نشین ہو جائے گا کہ شرک دو طرح کا ہے۔ ایک جلی کھلا دوسرا خفی چھپا ہوا۔ شرک جلی سے تو سمجھے ہیں جیسے ہر شخص کانوں پر ہاتھ دھرتا ہے اور کوئی ایسی حرکت کرتا بھی ہے جس سے ہوئے شرک آتی ہو تو

هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ (یونس ع ۲)

(جادے) یہ (معبود) اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں۔

اور مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى (الزمر ع ۱)

ہم تو اُن کی پرستش صرف اس لیے کرتے ہیں کہ خدا سے ہم کو نزدیک کر دیں

کی طرح کی توجیہات تاویل کر لیتا ہے سمجھدار ہندوؤں کو کہتے سُنا ہے کہ ہم تو جا کے وقت مورت کو صرف دھیان کے جانے کے لیے سامنے رکھ لیتے ہیں مورت کی پوجا نہیں کرتے۔ مسلمان صوفیوں میں تصورِ شیخ بھی کچھ اسی قسم کی بات ہے۔ مگر شرکِ خفی ایسی عالمگیر بلا ہے کہ اس سے بچنا بہت ہی مشکل ہے اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی شرکِ خفی کی نسبت فرمایا ہے کہ جس طرح اندھیری رات میں سیاہ پتھر پر چیونٹی رینگے کہ اُس کی آہٹ محسوس نہیں ہوتی۔ اسی طرح شرکِ خفی آدمی کے دل میں گھستا ہے اور اُس کو معلوم نہیں ہوتا۔ مثلاً یہ سمجھنا کہ کونین دافعِ تپ ہے شرکِ خفی ہے۔ کونین بیچاری کیا چیز ہے کہ وہ تپ کو دفع کرے گی اس نے یہ خاصہ خود اپنے میں پیدا نہیں کیا۔ یوں سمجھنا چاہیئے کہ خدا کے حکم سے کونین سببِ دفعِ تپ ہوئی۔ مگر ایسی بال کی کھال۔ دقت کون نکالا کرتا ہے۔ آدمی سبب قریب پر پہنچ کر رک جاتا ہے اور اگر بات میں مسبب الاسباب تک پہونچا کرے تو یہ حالت استغراق کی ہے۔ جو خاصانِ خدا کو نصیب ہوتی ہے ؎

کسانے کہ یزداں پرستی کنند ہمہ آوازہ دولاب ہستی کنند

(۵) وجودِ باری

وا مطلب یہ ہے کہ جب پیدا ہوئے وقت تم بے شعور محض تھے تو اسی سے معلوم ہوا کہ تم اپنے ارادے سے پیدا نہیں ہوئے ۱۲

(س) آپ کی اس وقت تک کی تقریر کا خلاصہ جہاں تک میں سمجھا ہوں یہ ہے کہ انسان ایک مذہبی مخلوق ہے یعنی مذہب کا تقاضا خود اس کی طبیعت سے پیدا ہوتا ہے دنیا میں اگر سب سے پہلی بات جو وہ سیکھتا ہے یہ ہے کہ دنیا عالمِ اسباب ہے اور زندگی بھر اس کو ہر وقت اس کی تصدیق ہوتی رہتی ہے کہ یہاں پتا تک بھی بے ہلائے نہیں ہلتا۔ ہر چیز کے وجود ہر حالت کے وقوع کا کچھ نہ کچھ سبب ضرور ہوتا ہے۔ اور کچھ ایسا جال اسباب کا پھیلا ہوا ہے۔ کہ ہر سبب بجائے خود محتاج سبب ہے۔ مینھ کا سبب بادل بادل کا بخارات۔ بخارات کا گرمیِ آفتاب۔ اسی طرح ہر سلسلۂ اسباب عقلاً منتہی ہوتا ہے

وَاِلَیْہِ یُرْجَعُ الْاَمْرُ کُلُّہٗ اور ہر ایک کام رکھا دار و مدار آخر کار اُسی پر جا کر ٹھیرتا ہے

ایک ایسے سبب کی طرف کہ وہ مسبب الاسباب ہے اور اس کا کوئی سبب نہیں اور اسی کو علے اختلاف الالسنہ کوئی اللہ کہتا ہے کوئی خدا کوئی گاڈ کوئی بھگوان کوئی کچھ کوئی کچھ عقل چاہتی ہے کہ خدا ہو اور ایسا ہو کہ انسان کے حواس ناقص کی گرفت میں نہ آسکے۔ ورنہ موجوداتِ عالم میں سے اُس کی تعیین اور تخصیص نہ ہو سکے گی پھر وہ معرفت اور دریافت اور شناخت ہی کیا ہوئی۔ بڑی مشکل جو کسی کے رفع کیے رفع نہیں ہو سکتی یہ ہے کہ آدمی تو جیسا کچھ کامل یا ناقص مخلوق ہے سو ہے اس کے پاس ذرائع علم بھی اس کے حواس ہیں اور وہ خدا کے بارے میں بکار آمد نہیں پس لے دے کر ایک تقاضائے عقل ہے جس کی دُھندلی روشنی میں وہ چل سکتا ہے۔ پس وہ قدم قدم پر بھٹکتا اور ٹھوکریں کھاتا اور مبتلائے آفتِ شرک ہوتا ہے۔ آپ نے خدا کی معرفت کو ایک اسلام کی نہیں بلکہ کل مذاہب کی اصل قرار دیا۔ اب پوچھنا یہ ہے کہ ایک اسلام کو دیکھتے ہیں تو اس کو قرآن اور تفاسیر اور کتب احادیث و فقہ کا انبار پاتے ہیں۔ اور غالباً یہی حال دوسرے مذاہب کا بھی ہوگا بلکہ ہے آپ کیونکر ایک معرفت اللہ کو اصلِ مذہب بتا دیا

(م) واقعی ہر ایک مذہب میں کئی کئی باتیں داخل ہیں۔ معرفت اللہ کو اصلِ مذہب کہنے سے میرا مطلب یہ ہے کہ آدمی کو اوّل معرفت اللہ کا خیال آیا اس پر متفرع ہوئے دوسرے دوسرے خیالات اور اس سب کے مجموعے کا نام ہوا مذہب۔

(س) تو کیا معرفت اللہ کے خیال کی طرح دوسرے مذہبی خیالات بھی فطری ہیں۔

(م) مذہب اسلام کا تو یہی حال ہے اور اسی نے مجھ کو گرویدۂ اسلام کیا ہے ورنہ میں تو قیدِ مذہب کے نام سے کوسوں بھاگتا تھا مگر میں نے اسلام کی شرعی تکالیف کو دیکھا تو بالکل انسان کی فطرت کے مطابق پایا اور سمجھا کہ یہ تکلیف عین راحت اور یہ قید عین آزادی ہے لوگوں نے اس اصول کو تو سمجھا نہیں اوامر و نواہی کو مصیبت بنا لیا۔ اپنے اوپر آپ تشدد کر کے سہولتوں سے فائدہ اُٹھایا اور ناحق مذہب کو بدنام کیا۔

(۶) دینِ اسلام کی سہولتیں اور اوروں کی تکلیفیں

(س) کیا اسلامی عبادتیں موجبِ تکلیف نہیں ہیں۔

(م) تکلیف دو طرح کی ہوتی ہے روحانی اور جسمانی۔ تم اسلامی عبادتوں کو کس طرح کی تکلیف کا موجب سمجھتے ہو۔ عبادت کسی طرح کی بھی ہو اگر خلوص سے ہے تو وہ روحانی آرام کا موجب ہوتی ہے نہ تکلیف کا اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (۱۳/۲۸)

لہ اس آیت کا سرا یہ ہے اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ یعنی جو لوگ ایمان لائے اور

وَقُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ (بخاری) مرد بھی نہیں عورتیں روحانی آسایش حاصل کرنے کے لیے جلتی آگ میں کود پڑی ہیں۔ مجاہدین نے خدا کی راہ میں سر کٹوائے ہیں اور خلوص نہیں تو وہ عبادت چھلکا ہے۔ جس میں گودا نہیں ؎

من ز قرآں مغز را برداشتم استخواں پیشِ سگاں انداختم

عبادت کی صفت یہ ہے کہ ؎

سجدے میں پائے خم مو یہ ہے کس لطف سے ست یوں عبادت ہو تو زاہد ہیں عبادت کے مزے

خالص عبادت کے ساتھ جسمانی تکان و تکلیف کا احساس ہو ہی نہیں سکتا اور یہ ہر ملّت اور ہر مذہب ہر قوم میں برابر دیکھا جاتا ہے۔ نماز کے بارے میں خدا فرماتا ہے وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ

(س) جب خدا نماز کو خود انہا لکبیرۃ فرماتا ہے تو اسلامی سہولت کہاں رہی۔ اور عباداتِ شاقہ روزہ اور حج اور زکوٰۃ کا تو مذکور ہی کیا ہے

(م) سہولت کے اعتبار سے اسلام اور دوسرے مذاہب کا مقابلہ کرنے کے لیے بڑی معلومات درکار ہے اور میں پکارے کہتا ہوں کہ مجکو خود اسلام کے جزو کُل احکام سے پوری پوری آگہی نہیں تا بمذاہب دیگر چہ رسد۔

(س) تو آپ صاف صاف یہی کیوں نہیں کہتے کہ آپ روداد ناقص پر حکم لگاتے ہیں۔

(م) یہ تمہارا کہنا کسی قدر صحیح ہے مگر اناج کے ڈھیر سے ایک مٹھی بانگی دیکھی جاتی ہے۔ مجکو تو یہ بھی معلوم نہیں کہ دنیا میں سب کتنے مذاہب رائج ہیں اور تمام مذاہب کی تحقیقات اور ان میں محاکمہ کرنے کے لیے میں خوب جانتا ہوں کہ میری عمر بھی وفا نہیں کر سکتی اور اسی خیال سے میں ایک مدت تک بہت ہی پریشان رہا کہ دوسرے مذاہب کے لوگ بھی ہم ہی جیسے آدمی ہیں۔ جن خیالات نے مجکو مذہب اسلام کے اختیار کرنے پر مجبور کیا ہے۔ اسی قسم کے خیالات ضرور ان کو بھی پیش آئے ہوں گے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ انھوں نے دوسرا رستہ اختیار کیا۔ یہ سمجھنا کہ دوسرے لوگ دیدہ و دانستہ غلطی پر ہیں نری ہٹ دھرمی ہے۔ میرا ایکا عقیدہ ہے کہ کوئی فرد بشر

ل جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے ۱۲

ع چنانچہ بعض مفسرین نے اصحاب اخدود کے قصے کے ذیل میں جو قرآن کے تیسویں پارے کی سورہ بروج میں بایں الفاظ واقع ہے قتل اصحاب الاخدود والنار ذات الوقود اذ هم عليها قعود وهم على ما يفعلون بالمؤمنين شهود لکھا ہے کہ جو لوگ ظالم بادشاہ کے حکم سے پکڑے آتے اور آگ میں جلائے جاتے تھے اُن میں ایک عورت بھی تھی جو اپنے شیر خوار بچے سمیت جلتی آگ میں کود پڑی اور حفاظتِ دین کے مقابلے میں اُس نے اپنی اور اپنے شیر خوار بچے کی جان کی مطلق پروا نہیں کی ۱۲ ف۲ اس سے پہلے کا جملہ ملا لیا جائے تو مطلب خوب سمجھ میں آتا ہے ارشاد ہوتا ہے وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ الخ یعنی اور لوگو مصیبت کی برداشت کے لیے) صبر اور نماز کا سہارا پکڑو اور البتہ نماز شاق ہے مگر اُن پر (نہیں) جو خاکسار ہیں (اور) جو یہ خیال پیش نظر رکھتے ہیں کہ وہ (آخر کار) اپنے پروردگار سے ملنے والے اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں ف۱ صبر ایک ایسی خصلت ہے کہ جس کو اختیار کر لیتا ہے دنیا کی تکلیفیں اُس پر آسان ہو جاتی ہیں اور یہی حال نماز کا ہے اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ سن رکھو کہ یاد الٰہی سے دل تسلی پاتے ہیں اور جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کی بھی یہی عادت تھی کہ جب آپ کو کسی طرح کی تشویش لاحق حال ہوتی تو آپ نماز میں مشغول ہو جاتے مگر جن لوگوں کو خدا کا اور عاقبت کا خیال نہیں اُن کو نماز کی پابندی بھی بجائے خود ایک مصیبت معلوم ہوتی ہے ۱۲

نہیں جو خدا کو نہ مانتا ہو۔ آدمی خدا کی طرف سے غفلت کر سکتا ہے کہ اُس کا خیال نہ کرے خدا کے بارے میں غلطی کر سکتا ہے کہ خدا ہے کچھ اور یہ سمجھتا ہے کچھ غرض غفلت کر سکتا ہے اور کرتے ہیں غلطی کر سکتا ہے۔ اور کرتے ہیں مگر انکار نہیں کر سکتا۔ ہم دوسرے مذہب کے لوگوں کو بھی نیک کام کرتے ہوئے دیکھتے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ خدا کی خوشنودی کے طالب ہیں ان میں بھی خدا ترسی ہے۔ رحم ہے۔ صداقت ہے۔ اور بہت سے صفاتِ حسنہ ہیں۔ غرض مذاہب کی کثرت اور ان میں کم و بیش ہست نیست کا اختلاف دیکھ کر معلوم ہوتا تھا۔ کہ میں شاید مذہب کی پہیلی کو کبھی بھی نہیں بوجھ سکوں گا۔ آخر ایک دن قرآن میں یہ آیت نظر سے گزری کہ

لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا اللہ کسی شخص پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اُسی قدر جس کے اٹھانے کی اُس کو طاقت ہو

اور میں نے سمجھا کہ میری مذہبی معلومات جیسی کچھ بھی ناقص و ناتمام ہے مجھکو اسی پر فیصلہ کر لینا چاہیئے۔ اگر حیرت و تذبذب کی حالت میں ملک الموت نے ٹینٹوا آدبایا تو جاہلیت[1] کی موت مرنا ٹھیک نہیں۔ پس میرا نقطۂ انتخاب اسلام پر واقع ہوا۔ فیصلہ تو روداد ناقص و ناتمام پر مبنی ہے مگر اتنی ہی روداد پر مجھکو تو اپنے فیصلے کے حق ہونے کی طرف سے ایسا مستحکم اطمینان ہے جیسا دو اور دو کے چار ہونے کی طرف سے۔ تم کو یا کسی اور کو ہو یا نہ ہو۔ میں نے کسی کا ٹھیکہ تو لیا نہیں۔

(س) خیر وہ فیصلہ اور روداد تو معلوم ہو

(م) فیصلہ یہی کہ اسلام مذہب حق ہے اور روداد اُس کا مطابق فطرت ہونا۔

(س) ابھی تو آپ سہولت سہولت کہہ رہے تھے

(م) مطابق فطرت ہونا اور سہولت ایک ہی چیز ہے صرف عبارت کا فرق ہے۔

(س) یہ کیوں؟

(م) اس لیے کہ جو افعال فطرت کے مطابق ہوں وہ آسانی کے ساتھ کیے جا سکتے ہیں۔ اور آسانی اور فطرت لازم و ملزوم۔ مثلاً پانی کی فطرت ہے کہ وہ نشیب کی طرف کو بہے۔ پس پانی کو نشیب کی طرف بآسانی لے جا سکتے ہو۔ اور نہریں پُل[2] لے کر اسی اصول پر کھودی جاتی ہیں دریا اور ندی اور نالے اسی اصول پر از خود پڑے بہ رہے ہیں۔ برخلاف اس کے پانی کو بلندی کی طرف لے جانا چاہو تو نہیں لے جا سکتے اور کچھ دور لے بھی گئے تو بڑے طول عمل سے اور وہ بھی پانی کی فطرت کے تماشے سے جیسا کہ فواروں میں کیا جاتا ہے۔ کہ پانی کو اونچے سے گراتے ہیں پھر گرے ہوئے پانی کے ریلے سے اگلا پانی اسی قدر اونچا چڑھتا ہے۔ جتنی بلندی سے ریلے کا پانی گرا تھا بعینہٖ یہی حال تو ہر کا ہے۔ افعال کے ساتھ فطرت کے لحاظ سے۔

(س) تو کیا اسلام کے سوائے دوسرے مذاہب میں آدمی کو خلافِ فطرۃ اعمال کا بھی حکم دیا گیا ہے۔

(م) میں نے تم سے کہا نہیں کہ مجھکو تمام مذاہب کا حال معلوم نہیں مجھکو جو واسطہ پڑتا ہے۔ تو اکثر ہندوؤں سے یا کسی قدر عیسائیوں سے ہندو تو ہندوستان کے اصلی باشندے ٹھیرے۔ ع بہر زمیں کہ رسیدیم آسماں بیدست۔ جہاں جاؤ ہندو۔ ہندو چھٹے ہیں تو مسلمان ایک۔ ہم سے ان سے تعارف ہے۔ صاحب سلامت ہے۔ لین دین ہے۔ سیکڑوں برس سے ایک جگہ کا رہنا سہنا ہے۔

---

[1] جاہلیت سے پہلے کا وقت زمانۂ جاہلیت کہلاتا ہے کہ اُن دنوں اہلِ عرب دین و مذہب کچھ بھی نہیں جانتے تھے ۱۲

[2] ہموار کی زمین کے اندازہ کرنے کو انگریزی میں لُول کہتے ہیں ۱۲

اِس پر بھی اختلاط نہیں۔ گمان پان نہیں۔ عجب کس میانہ مذہب ہے۔ کہ دوسرے کی پرچھائیں کا روادار نہیں۔ عیسائی تو وارد ہیں ان میں جو پورے دین ہیں۔ ہندوؤں کو مذہب پورا پورا میل جول نہیں کرنے دیتا۔ اور ان کو حکومت۔ لے دے کر رہ گئے ویسی عیسائی سو بچائے ازیں سور اندہ وزاں سود رماندگاں۔ غرض اپنے ہم مذہبوں یعنی مسلمانوں کے سوائے کسی سے ایسی سم وراہ نہیں کہ نہیں اِس کو ع تا کس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری۔ کہہ سکوں۔ اس ناقص و ناتمام شناسائی پر بھی مجھکو بتحقیق معلوم ہے کہ عیسائی اور یہود دونوں مذہبوں میں سے ایک میں بھی فطرتِ انسانی کا کما حقہٗ لحاظ نہیں۔ اور اسی وجہ سے اسلام کے سوائے مجھے تو اِس سرے سے اُس سرے تک کوئی دوسرا مذہب تکلیف مالایطاق سے خالی دکھائی نہیں دیتا۔ پس مسلمان نہ ہوں تو کہاں جاؤں۔

(س) باایں تکالیفِ مالایطاق جیسی آپ بیان کرتے ہیں۔ کیسے ہندو اپنے دھرم پر اور عیسائی اپنے مذہب پر قائم ہیں۔ ہم نے تو کسی کو گلہ شکوہ کرتے سُنا نہیں بلکہ۔

كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۔ (المؤمنون ع ۴) جو دین) جس فرقے کے پاس ہے وہ اُسی سے خوش ہے۔

(م) اِس کی یا تو یہ وجہ ہے کہ فی زعمہم راہِ راست پر ہیں۔

يَحْسِبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ۔ (الکہف ع ۱۲) وہ (اپنی غلط فہمی سے) اِسی خیال میں ہیں کہ وہ اچھے کام کر رہے ہیں

تکالیف کے معاوضے میں اجرِ عظیم کے اُمیدوار ہیں اِس سے اِن کو تکلیف کا احساس نہیں ہوتا۔ یا الف وعادت نے تکلیف کو ان پر آسان کر دیا ہے ؎

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج — مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں

دوسرے تکلیف امرِ اضافی ہے ممکن ہے کہ ایک حالت ہمارے لیے تکلیف دہ ہو اور دوسرے کے لیے راحت

قطعہ

ای سیہ تر از شبِ حوریں خوش نما — معشوقِ من است آں کہ بنزدیک تو زشت است

حورانِ بہشتی را دوزخ بود اعراف — از دوزخیاں پرس کہ اعراف بہشت است

(س) تو اِس صورت میں کوئی مذہب دوسرے مذہب کو تکلیف دہی کا الزام نہیں دے سکتا اور نہ تکلیف کا کوئی معیار متعین ہو سکتا ہے

(م) اِلَّا لِكُلٍّ حُكْمُ الْكُلِّ کی رُو سے ہو سکتا ہے۔

(س) اِس سے تو آپ کے دعوے کی کہ اسلام میں سہولت ہی سہولت ہے اور اسی سے وہ مطابقِ فطرت ہے اُلٹی تردید ہوتی ہے اِس لیے کہ دوسرے مذاہب کے لوگ بہت ہیں جیسا کہ دنیا کی اور خاص کر ہندوستان کی مردم شماری سے ثابت ہے۔

(م) تکلیف کی ظاہری یا واقعی برداشت سے فقدانِ تکلیف لازم نہیں آتا۔

(س) خیر آپ اسلام کی سہولتوں اور دوسرے مذاہب کی دشواریوں کی چند مثالیں بیان کریں تو معلوم ہو۔

(م) کس طرح کی دشواریاں چاہتے ہو جسمانی یا روحانی۔

(س) دونوں قسم کی

(م) جسمانی تکلیفوں کے مقابلے میں روحانی تکلیفیں زیادہ ایذا دیتی ہیں۔ خدا نے جسم و روح میں کچھ ایسا تعلق رکھا ہے کہ دونوں ایک دوسرے کے شریکِ رنج و راحت ہیں مگر روح حاکم ہے جسم محکوم۔ روح سوار جسم سواری مثلاً گھوڑا۔ روح کاریگر۔ مثلاً بڑھئی جسم اُس کا

ف اکثر کے لیے کل کا حکم لگایا جاتا ہے ۱۲

آپ مثلاً تیشہ۔ بڑھئی بیمار ہو تو تیشہ تیز کیا کر سکتا ہے۔ تیشہ کُند ہو تو تندرست بڑھئی عمدہ کام تو نہیں بنا سکے گا۔ مگر خیر اسی کُند تیشے سے مُہر پٹ کر کچھ تو کر ہی لے گا۔ اِسی لیے مَیں مذہب کی روحانی ڈُکّہ سُکّہ پر زیادہ زور دیتا ہوں۔

(رس) میں تو مذہب کو عموماً تسکینِ خاطر کا مُوجب سمجھتا تھا اب آپ کے کہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں ایسے مذہب بھی ہیں جن سے قلب مُطمئن نہیں ہوتا۔

(ہم) اگر مذہب ہم سے ایسی بات کا اقرار کرانا چاہے۔ جس کو ہماری عقل کسی طرح تسلیم نہ کر سکے تو یہ روحانی تکلیف ہے یا نہیں۔

(رس) تکلیف بھی بڑی سخت تکلیف یہ تو دوسرے لفظوں میں طلبِ محال ہے۔

درمیانِ قعرِ دریا تختہ بندم کردہ ۔۔۔ باز مے گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

(ہم) مَیں تم سے کہہ چکا ہوں کہ میری نظر صرف عیسائی مذہب اور ہندو دھرم میں محصور ہے اس لیے کہ ان ہی دو مذہبوں کا حال سُنا سُنایا مجھے کسی قدر معلوم ہے ان دونوں میں بھی عیسائی مذہب میں معقولیت زیادہ ہے۔ اور ہم مُسلمان عیسائیوں کو اہلِ کتاب بھی مانتے ہیں مگر ان کا ایک عقیدہ تثلیث ہے۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ (المائدہ ع ۱۴) ۔۔۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ خدا تو یہی تین میں کا (ایک) تیسرا ہے (یہ لوگ بھی اِس کہنے سے) بے شک کافر ہو گئے ف

کہ نہ دھڑا جائے اور نہ اُٹھایا جائے اور تثلیث کے بعد کفّارہ۔ اِس نے مذہب کی تمام خوبیوں پر پانی پھیر رکھا ہے اور میرا حال یہ ہے کہ خدا کی توحید کو میں نے حق و باطل کی کسوٹی بنا رکھا ہے ذرا کسی مذہب کی توحید میں تزلزل دیکھا اور سمجھ لیا تانت باجی رگ پائی کہ خدا کی معرفت ہی ٹھیک نہیں جو مذہب کی جڑ بُنیاد ہے تو ساری عمارت مخدوش۔ سو ہے ہندو ان کی توحید کے رخنوں کا تو کچھ ٹھکانا ہی نہیں دوسری خرابیوں کی کون کہے ایک اسلام کی توحید البتہ توحید ہے۔ کہ اُس کو شرک کی ہوا تک نہیں چھو گئی۔

(رس) عیسائیوں اور ہندوؤں کی مذہبی روحانی تکلیف تو معلوم ہوئی ان کی کچھ مذہبی جسمانی تکالیف بھی بیان کیجئے۔

(ہم) عیسائیوں کی جسمانی تکالیف تو غالباً بہت کم ہیں۔ اِس لیے کہ اصل عیسائی یوروپین ہیں۔ ان کی طبائع آزادی پسند واقع ہوئی ہیں یہ لوگ نفسِ مذہب کی قید سے آزاد ہونے کی تدبیریں لگے ہیں اور مذہب کی حکومت اُٹھنے ہی کو ہے بلکہ بعض ملکوں سے اُٹھ گئی۔ یہ لوگ مراسمِ مذہبی کی تکالیف کو کیوں برداشت کرنے لگے تھے۔ ان لوگوں میں بیش بریں نیست کہ مذہب قومیت کی قائم مقامی کر رہا ہے۔ البتہ ان میں مُستثنیات بھی ہیں مگر کم۔ ان میں جو متشدد فی المذہب تھے۔ اُنھوں نے ایک رہبانیت ایجاد کی تھی۔

وَرَهْبَانِيَّةَ ِۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ (الحدید ع ۴) ۔۔۔ اور دنیا کا چھوڑ دینا جس کو اُنھوں نے از خود ایجاد کیا تھا ہم نے وہ (طریق) اُن پر فرض نہیں کیا تھا

اب بھی اِس عقیدے کے عیسائی پائے جاتے ہیں تو رہبانیت بجائے خود ایک مصیبت ہے۔ لکھنؤ میں نصیر الدین حیدر شاہِ اودھ نے

ف نصاریٰ میں بہت سے فرقے ہیں اور سب کے عقائد میں اختلاف ہے اس جگہ دو فرقوں کا مجادلت کے ساتھ مذکور ہے ایک کا اِسی آیت میں اور ایک کا اس سے پہلے کی آیۃ لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم میں ایک فرقہ مسیح علیہ السلام ہی کو خدا سمجھتا تھا اور دوسرا عجیب طرح پر خدا مانتا تھا کہ خدا اور عیسےٰ اور روح القدس تینوں میں خدائی دائر ہے یعنی ان میں کا ہر ایک خدا ہے۔ خدا نے فرمایا کہ یہ سب کفر کے عقائد ہیں اور خدا ایک ہی ہے ۱۲

کچھ راہب عورتیں جمع کی تھیں جو اچھوتیاں کہلاتی تھیں - یہ عورتیں مایں توقع کہ آخرت میں حوریں بن کر ائمہ اثنا عشر علیہم السلام کی زوجیت کا شرف حاصل کریں گی، عمر بھر کنواریاں رہتیں - سو ان کے شرمناک حالات افسانہ بازار ہیں - عیسائیوں میں ایسی عورتیں نن کہلاتی ہیں -

(۱۰) مسلمانوں میں بھی صوفی مشائخ راہبانہ زندگی بسر کرتے ہیں -

(۱۱) یہ نام اس لیے کہ رہبانیت اور اس طرح کا زہد خلافِ فطرت ہے - لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْإِسْلَامِ آدمی اس کو پورے طور پر نباہ نہیں سکتا -

(۱۲) اچھا ہندوؤں کی مذہبی تکلیفات

(۱۳) ان میں بھی جوگی سنیاسی ہیں جو برہنہ یا ننگے دھڑنگے بستیوں اور بازاروں میں بھیک مانگتے پڑے پھرتے ہیں اور عیسی جیسی مصیبتیں ان کو پیش آتی ہیں صورت بہیں حالش مپرس" - ترکِ دنیا کا دعوے کرتے ہیں اور عمل کر نہیں سکتے کیوں؟ اس لیے کہ خلافِ فطرت ہے - اور کسی انکا دکا نے کیا بھی تو نوع من الجنون خودکشی - اور ان ریاکاروں کا تو ذکر ہی مت کرو جو لوگوں کے دکھاوے کے لیے تارک الدنیا بنتے ہیں - وہ خدا کے نزدیک مبغوض ترین خلائق ہیں يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا

لہ اسلام میں ترکِ دنیا نہیں ہے - عَنْ أَنَسٍ قَالَ جَاءَ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ إِلَى بُيُوتِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُونَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ فَلَمَّا أُخْبِرُوا كَأَنَّهُمْ تَقَالُّوهَا فَقَالُوا أَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ أَحَدُهُمْ أَمَّا أَنَا فَأُصَلِّي اللَّيْلَ أَبَدًا وَقَالَ الْآخَرُ وَأَنَا أَصُومُ الدَّهْرَ وَلَا أُفْطِرُ وَقَالَ الْآخَرُ وَأَنَا أَعْتَزِلُ النِّسَاءَ وَلَا أَتَزَوَّجُ أَبَدًا فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَنْتُمُ الَّذِينَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا أَمَا وَاللَّهِ إِنِّي لَأَخْشَاكُمْ لِلَّهِ وَأَتْقَاكُمْ لَهُ لَكِنِّي أَصُومُ وَأُفْطِرُ وَأُصَلِّي وَأَرْقُدُ وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي (اخرجہ البخاری و مسلم یعنی بخاری مسلم میں حضرت انس سے روایت ہے کہ تین شخص جناب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بی بیوں کے گھروں میں آکر (ان سے) آپ کی عبادت (کی کیفیت) لگے پوچھنے اور جب ان کو پیغمبر صاحب کی عبادت کی کیفیت بتائی گئی تو اسے تھوڑا جان کر کہنے لگے کہ ہم جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے رتبے کو کہاں پہنچ سکتے ہیں ان کے تو تمام اگلے پچھلے گناہ بخش دیے گئے ہیں (تو) ان میں سے ایک شخص بولا میں ہمیشہ ساری رات نماز پڑھتا رہوں گا اور دوسرا بولا میں ہمیشہ روزے سے رہوں گا کبھی افطار نہ کروں گا تیسرے نے کہا میں عورتوں سے الگ ہوں گا اور کبھی بیاہ ہی نہیں کروں گا اتنے میں جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور ان کے مخاطب ہو کر فرمایا کیا تم ہی نے ایسی اور اس قسم کی باتیں کہی تھیں سنو قسم خدا کی میں تم لوگوں کی بہ نسبت خدائے تعالے سے بہت زیادہ ڈرتا اور تم سے بہت زیادہ پرہیزگاری رکھتا ہوں لیکن باوجود اس کے میں روزہ بھی رکھتا اور افطار بھی کرتا ہوں رات کو نماز بھی پڑھتا اور سوتا بھی رہتا ہوں اور عورتوں سے نکاح کرتا ہوں پس جو شخص میرے طریقے سے روگردانی کرے وہ مجھ سے نہیں ہے - ترکِ دنیا اور زہد کا مبسوط بیان دیکھنا ہو تو کتاب الحقوق والفرائض کی دوسری جلد میں دیکھو ۱۲ سہ یہ آیت منافقوں کے بارے میں اتری ہے پوری آیت یوں ہے إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلَاةِ قَامُوا كُسَالَىٰ يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا مُذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذَٰلِكَ لَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ وَلَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا یعنی منافق (مسلمانوں کو دھوکا دے کر گویا) خدا کو دھوکا دیتے ہیں حالانکہ (حقیقت میں خدا ان ہی کو دھوکا دے رہا ہے ف اور

ف خدا کے دھوکا دینے کے یہ معنی ہیں کہ خدا نے ان کی عقل اوندھی کر دی ہے سمجھتے کچھ ہیں اور ہوتا کچھ ہے ۱۲

ہ ائمہ اثنا عشر کے اسماء اور مختصر حالات ضمیمہ ۱ میں دیکھو ۱۲

(قطعہ)
اے ذوق کرے گا کوئی دُنیا کیا ترک — دُنیا ہی بُری بَلا ارے کیسا ترک
ممکن نہیں ترک ہو کسی سے دُنیا — جب تک نہ کرے آپ اُسے دُنیا ترک

دوسرے مذہب ترکِ دُنیا کا حکم دیتے ہیں اور اسلام ہو کہ بڑی سختی کے ساتھ اِس کی ممانعت کرتا ہے۔ خدائے تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے۔

مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ط مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ط هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ط هُوَ مَوْلٰكُمْ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

(لوگو! خدا نے) دین (کے بارے) میں تم پر کسی طرح کی سختی نہیں کی (تمہارے لیے وہی) دین (تجویز کیا ہے) تمہارے باپ ابراہیم کا (تھا) اُسی (خدا) نے (اگلی کتابوں میں) پہلے سے تمہارا نام مسلمان رکھا (یعنی فرماں بردار بندے) اور اس (قرآن) میں بھی (رکھا) تاکہ رسول تمہارے مقابلے میں گواہ ہوں اور تم (دوسرے) لوگوں کے مقابلے میں گواہ ہو تو نمازیں پڑھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ ہی کا سہارا پکڑو وہی تمہارا کارساز ہے تو (کیا ہی) اچھا کارساز ہے اور (کیا ہی) اچھا مددگار ہے

اور جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا تو یہ عملدرآمد تھا کہ اصحاب علیہم الرضوان کو کسی علاقے کا حاکم بنا کر بھیجتے تو وصیت فرماتے یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا۔

(۳س) باوجود اس کے اسلام میں زُہد کیونکر داخل ہوا۔ بزرگانِ دین میں جن کے عُرس ہوتے ہیں اور جن کے ہزاروں لاکھوں مُسلمان معتقد ہیں اکثر کو زاہد ہی پاتے ہیں اور زہد شعارِ بزرگی سمجھا جاتا ہے۔

(۴م) اسلام پر روزِ شیوع سے اب تک مختلف حالتیں عموماً گزری ہیں۔ ابتدا میں مُسلمانوں کی حالت یہ تھی کہ زمین و آسمان در و دیوار تک مُسلمانوں کے خون کے پیاسے تھے۔ نہ صرف عرب بلکہ ساری دنیا مُبتلائے شرک و بُت پرستی تھی۔

(مسدس مولفہ)
تھی نارِ شرک سارے زمانے میں مشتعل — روئے زمیں پہ نورِ ہدایت تھا مضمحل
اہلِ کتاب تک اسی آفت میں پا بگل — بس دو طرح کے لوگ تھے یا ضالّ یا مُضِل

(بقیہ نوٹ صفحہ ۳۶) - (یہ لوگ) جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو اکسائے ہوئے کھڑے ہوتے ہیں (ظاہداری کرکے) لوگوں کو دکھاتے ہیں اور (دل سے) اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر کچھ یوں ہی سا کفر اور ایمان کے بیچ میں پڑے جھول رہے ہیں نہ (ان مسلمانوں) کی طرف اور نہ اُن کافروں کی طرف اور جس کو اللہ بھٹکائے تو ممکن نہیں کہ تم راہِ پیغمبر اُس کے لیے رستہ ڈھونڈ نکالو ۱۲

(۵ ص) صحیحین کی روایت میں حضرت انس سے یوں آیا ہے وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا وَفِيْ رِوَايَةٍ وَسَكِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا یعنی جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! تم لوگوں کو آسانی کرنی چاہیے نہ برتاؤ (انھیں) خوش خبری سناؤ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ تسکین دو اور وحشت نہ دلاؤ ۱۲

(ف) گواہ ہونے کا مقصود یہی محجت کا تمام کرنا اور محجت کے تمام کرنے سے غرض یہ ہے کہ جس پر حجت تمام کی جائے اُس کو عذر کرنے کی گنجایش باقی نہ رہے پس خدا نے پیغمبرِ آخر الزماں کے بھیجنے سے ہم مُسلمانوں پر اپنی حُجت تمام کر دی کہ وہ ایسا دین لے کر آئے آسان اور قریب الفہم اور مطابقِ فطرہ کہ ہم کو اُس دین کے قبول کرنے میں کوئی جائے عذر باقی نہیں جس طرح پیغمبر کے بھیجنے سے خدا نے اپنی حُجت ہم مُسلمانوں پر تمام کی اسی طرح ہم مُسلمانوں کو اسلام لانے سے دوسرے لوگوں پر خدا کی حجت تمام ہو گئی کہ جیسے آدمی ہم ویسے ہی وہ جیسے حواس ہمارے ویسے حواس اُنکے جیسی عقل ہم کو دی گئی ویسی ہی عقل اُن کو بھی دی گئی ہے تو کوئی سبب نہیں کہ ہم اسلام قبول کریں

شیطان کی جہاں میں دوہائی پھری ہوئی
یعنی خدا سے ساری خدائی پھری ہوئی

اہلِ عرب کا حال تھا سب میں بہت خراب — جیسے بلا مبالغہ چینوٹی بھرا کباب
بارود سے زیادہ مزاجوں میں التہاب[۱] — گر بات پوچھیے تو ملے جنبیہ جواب[۲]

اِتنے سے لفظ پر کہ چلو یا ہٹو پرے
لڑنے پہ مستعد ہوئے سَو سَو کہ کٹ مرے

سفاک کینہ توز ستمگر ستیزہ خُو — بے رحم سنگدل متمرّد درشت خُو
غارت گروں کو اہلِ قوافل کی جستجو — اس ٹوہ میں سدا پڑے پھرتے تھے چار سُو

صحرا نورد وحشی و خانہ بدوش تھے
اُونٹوں کو پالتے تھے بس اتنے ہی ہوش تھے

اُن کو نظر نہ تھی نہ زیاں پر نہ سُود پر — گھر بار سب لُٹا دیں گر آجائیں جُود[۳] پر
جانیں نثار کرتے تھے اپنے وفود[۴] پر — مرتے تھے فخر و عزت و نام و نمود پر

برداشت کر نہ سکتے تھے از بسکہ بیٹیاں
کم بخت مار ڈالتے تھے اپنی بیٹیاں

معلوم تھے بھی بعض تو صرف از برائے نام — کیا جانیں ایسے لوگ سیاسات و انتظام
ایک رنگ میں رنگے ہوئے چھوٹے بڑے تمام — دادوں کا لیتے پوتوں پڑوتوں سے انتقام

ہر قوم سے طنابِ عداوت تنی ہوئی
بارہ مہینے اُن میں لڑائی ٹھنی ہوئی

با آنکہ شہر مکہ میں تھا کعبۂ خلیل[۵] — نالائقوں نے اُس کو کیا اس قدر ذلیل
گھر میں خدا کے سیکڑوں بُت ہو گئے دخیل — جیسے کہ آن بیٹھے ہما کی جگہ میں چیل

کیا انقلاب گردشِ چرخِ کُہن کے ہیں
یہ بُت پرست خلف اُسی بُت شکن کے ہیں

غالب صفت تھی اُن کی خشونت بحالِ حال — اس طرز میں شریک تھے کیا اہل کیا عیال
وہ خانہ داریاں تھیں بجائے خود و مِلال[۶] — اک مرد جتنی عورتیں چاہے کرے حلال

منکوحہ چھوٹ جاتی تھی عذرِ سخیف پر
نزلہ گرا ہی کرتا ہے عضوِ ضعیف پر

[۱] یہ ایک ہتیار ہے خنجر کی طرح کا جس کو کمر میں لگاتے ہیں ۱۲ [۲] جو دبخشش - سخاوت ۱۲ [۳] وفود وفد کی جمع اور وفد کہتے ہیں مہمان کو ۱۲
[۴] حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تعمیر کردہ گھر جس کا حج کیا جاتا ہے ۱۲
[۵] اخلاق و عادات

ناگفتہ بہ ہی اُن کا طریق معاشرت — شرم و حیا سے اُن کو نہ تھی کچھ مناسبت
کر لیتے زنان بیوہ کی ارث و مقاسمت — دو بہنیں اور حقوق زنی میں مشارکت

ظاہر خراب اُس سے زبوں تر سریر ہیں
انسان ہو کے اُن میں بہ عینہٖ بہائم کی سیرتیں

سب اہل روزگار تھے گمراہ یک قلم — مستوجب عذاب الٰہی عرب عجم
پر اُس نے عین وقت پہ اپنا کیا کرم — پیدا ہوئے نجات دہندہ اُمم

بنیاد شرک و کفر و ضلالت کی ہل گئی
بھٹکے ہوؤں کو منزل مقصود مل گئی

پیغمبر صاحب نے مبعوث ہوتے ہی خدائی دین یعنی توحید کی منادی شروع کی - توحید کی منادی میں شرک اور بت پرستی کی توہین اور مذمت کرنی ہی تھی وہ گرم مزاج لوگ بتوں کی تحقیر اور اپنے بزرگوں کی تجہیل کی تاب نہ لاکر بھڑوں کی طرح چھتوں سے باہر نکل پڑے اور پیغمبر صاحب کے ساتھ گستاخی اور بے ادبی اور دشنام دہی اور موقع پاکر زدوکوب کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا وہ جو کہتے ہیں اَلْحَقُّ یَعْلُوْ - لوگوں کا نورِ فطرت جو آدمی کو خدا کی جستجو پر مجبور کرتا ہے - بعض کا بجھ گیا تھا اور بعض کا بجھا نہیں تھا مانند پٹکر سینوں میں شمار ہا تھا - اِن مزاحمتوں میں بھی دینِ اسلام ہَیہَج ہَیہَج اُن ضعفاء کے دلوں میں جگہ کرتا گیا - جن کو دنیاوی تعزز مانع قبول حق نہ تھا اور جن کے دل دینی تسلی کے جویا تھے - مگر از بسکہ ضعیف تھے اور مقاومت کی طاقت نہیں رکھتے تھے کہ میں ٹھیر نہیں سکتے تھے - پیغمبر صاحب نے اپنی خاندانی وجاہت کے بھروسے پر جہاں تک ہو سکا اِن نومسلموں کی حمایت کی لیکن بڑی وجاہت ایسے لوگوں کی عام شورش کے مقابلے میں کیا کام آئے جو ہر وقت مار کٹائی اور بے حرمتی پر تُلے رہتے تھے - آخر پیغمبر صاحب نے اِن نومسلموں کے تحفظ کے لیے اِن کو نجاشی بادشاہ حبشہ کے یہاں چلتا کیا - پہلی بار مرد و زن ملا کر پندرہ دوسری بار عورتوں اور بچوں کے علاوہ قریباً ستر مردوں کو - یہ مسلمانوں کی پہلی ہجرت تھی - ہجرت کے معنی ہیں ترکِ وطن - حبشے میں بھی کفارِ قریش نے نومسلموں کا پیچھا نہ چھوڑا - اور نجاشی پاس تحفے تحائف لے کر پہنچے کہ اِن نومسلموں نے نیا دین اختیار کر کے ہمارے ملک میں فساد برپا کر رکھا ہے اور اسی غرض سے آپ کے ملک میں بھی آئے ہیں مصلحت اس میں ہے کہ اِن کو پناہ نہ دی جائے - نجاشی تھا منصف مزاج اُس نے قریش کی ایک نہ سُنی[1] - نومسلم نفوس چند تو نجاشی کے پاس امن میں

[1] نجاشی بادشاہ حبشہ کا واقعہ قرآن میں اس طرح مذکور ہے لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الْیَهُوْدَ وَالَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰی ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّیْسِیْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَی الرَّسُوْلِ تَرٰٓی اَعْیُنَهُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِیْنَ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ اَنْ یُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِیْنَ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِیْنَ (المائدہ ع ۱۱) یعنی (ع) پیغمبر مسلمانوں کے ساتھ دشمنی کے اعتبار سے یہود اور مشرکین کو تم سب لوگوں میں بڑا سخت پاؤ گے اور مسلمانوں کے ساتھ دوستی کے اعتبار سے سب لوگوں میں اُن کو قریب پاؤ گے جو کہتے ہیں

ہیں اور پیغمبر صاحب اور اُن کے مسلموں پر جو جھٹے نہ جاسکے وہی نرغہ ہو نوبت بایں جا رسید کہ محلہ شعب ابوطالب میں محبوس ہیں ع نہ یہاں آئے کوئی واں کا نہ واں جائے کوئی یاں کا - چاہا بہتیرا کہ پیغمبر صاحب کو مار ڈالیں تاکہ ہمیشہ کے لیے جھگڑا چکے مگر قصاص اور دیت کے ڈر سے کسی کا ہیاؤ نہ پڑا - آخر ایک رات گھر کو آہی کھیر اکہ نماز کے لیے نکلیں ہی گے سب ٹوٹ پڑیں گے - دیت دینی

(بقیہ نوٹ صفحہ ۳۹) کہ ہم نصاریٰ ہیں (مسلمانوں کی طرف نصاریٰ کا) یہ (میلان) اس سبب سے ہو کہ اُن میں علما اور مشائخ ہیں اور (نیز) یہ کہ یہ لوگ تکبر نہیں کرتے اور جب (قرآن کو) سنتے ہیں جو (ہمارے) اس رسول (محمد) پر نازل ہوا ہو تو اے مخاطب تو اُن کی آنکھوں کو دیکھتا ہو کہ اُن سے آنسو جاری ہیں اس لیے کہ انھوں نے حق بات کو پہچان لیا ہو قرآن کو سُن کر دعا مانگنے لگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم تو ایمان لے آئے تو ہمیں حق کی تصدیق کرنے والوں کے ساتھ ہم کو بھی لکھ اور ہم کو کیا (جنون) ہو گیا ہو کہ اللہ پر اور جو حق بات ہمارے پاس آئی ہو اُس پر تو ایمان لائیں نہیں اور توقع یہ رکھیں کہ ہمارا پروردگار ہم کو نیک بندوں کے ساتھ (بہشت میں لے جا) داخل کرے گا تو ان کے اِس کہنے کے صلے میں خدا نے اِن کو (بہشت کے ایسے) باغ عطا فرمائے جن کے تلے نہریں (پڑی) بہ رہی ہیں (اور یہ) اُن میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے اور خلوص دل سے نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہو ۱۲

۱۲ یہ آیتیں نجاشی بادشاہ حبشہ اور اُس کے درباریوں کے حق میں نازل ہوئی ہیں - جو نصاریٰ تھے بات یہ ہو کہ جب پیغمبر صاحب نے اسلام کی منادی شروع کی تو قریش جو پیغمبر صاحب کے قبیلے کے لوگ تھے سخت برہم ہوئے اِس لیے کہ اسلام کی منادی سے اُن کے دین آبائی میں خلل پڑتا تھا پہلے تو اُنھوں نے ڈرانے دھمکانے سے چاہا کہ بات دبُ جائے مگر پیغمبر صاحب برابر وعظ فرماتے رہے اور لوگ بھی ایک ایک دو دو کر کے اسلام لانے لگے تو قریش نے دوسرے قبیلوں کو اُبھارا اُکسایا اور مسلمانوں کو سب مل کر طرح طرح کی ایذائیں دینی شروع کیں پیغمبر صاحب تو اپنے چچا ابوطالب کی حمایت میں تھے اور ابوطالب رؤسائے قریش میں سے تھے مخالفین پیغمبر صاحب کا تو کچھ کر نہ سکے مگر دوسرے مسلمانوں کو بڑی مشکل تھی اور پیغمبر صاحب اتنی قوت نہیں رکھتے تھے کہ ان کی بھی حفاظت کریں ناچار آپ نے مسلمانوں کو اجازت دی کہ نجاشی بادشاہ حبشہ نیک دل منصف مزاج اور رعیت پرور ہو اُس کی عملداری میں چلے جاؤ چنانچہ اول بار گیارہ مردوں اور چار عورتوں نے حبشے میں جا پناہ لی اور یہ پہلی ہجرت کہلائی - اس گروہ میں جناب پیغمبر صاحب کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ اور اُن کے شوہر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پھوپی زاد بھائی زبیر بن عوام بھی تھے - دوسرے وہلے میں پیغمبر صاحب کے چچازاد بھائی حضرت جعفر طیار بن ابی طالب دوسرے مسلمان مردوں اور عورتوں کے ساتھ حبشے پہنچے یہاں تک کہ عورتوں اور بچوں کے علاوہ بیاسی مہاجر حبشے میں جمع ہو گئے وہاں بھی قریش نے چین سے بیٹھنے نہ دیا - اور نجاشی سے جا چغلیاں لگائیں کہ یہ بے دین ہیں اور تمھارے ملک میں فساد برپا کرنے کو آئے ہیں - اور تمھارے حضرت عیسےٰ کے قائل نہیں اِس پر نجاشی نے مسلمانوں کو بلایا - جعفر سب کے وکیل بنے اور انھوں نے قرآن کی سورتیں اور خاص کر سورہ مریم سُنا کر نجاشی پر اپنے عقائد ظاہر کیے اور وہ اور اُس کے درباری سب قرآن سُن کر روئے اور اسلام کی صداقت کے معتقد ہو گئے اور نجاشی آخر میں اسلام لے آیا ۱۲ ۔

اس سے زیادہ ہجرت کے واقعات الحقوق والعرائض کے دوسرے حصے میں ملیں گے ۱۲ -

۵ قرآن مجید کی آیت وَاِذْ یَمْکُرُ بِکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِیُثْبِتُوْکَ اَوْ یَقْتُلُوْکَ اَوْ یُخْرِجُوْکَ وَیَمْکُرُوْنَ وَیَمْکُرُ اللّٰہُ وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ میں اسی واقعے کی طرف اشارہ ہو اور اس کا مختصر بیان یہ ہو کہ کفار مکہ تو شروع سے اسلام کے مخالف تھے اور جس جس طرح بن پڑتا تھا شیوع اسلام کو روکتے تھے ۵ چراغے را کہ ایزد برفروزد ✤ کسے کو پف زند ریشش بسوزد ✤ یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰہِ بِاَفْوَاہِہِمْ وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ ڈرایا دھمکایا ستایا ۱۲ اسلام تھا کہ ترقی کرتا چلا جاتا تھا - آخر کار عاجز آکر سب دارالندوہ میں جمع ہوئے - دارالندوہ کہتے ہیں ایسی...

آئے گی سب ملکر بھر دیں گے - خدا کا کرنا پیغمبر صاحب کو عین وقت پر معلوم ہو گیا - اندھیرے میں چپکے سے سٹک گئے - نرغہ کرنے والوں میں سے کسی نے نہ دیکھا - تین رات دن مکے سے تین میل کے فاصلے پر غارِ ثور میں چھپے رہے - تو مسلموں میں سے اول نمبر کے مسلمان ایک ابوبکر ساتھ ہیں - ان کے گھر سے پانی اور کھانا پونچتا رہتا ہے - قریش ان کی جستجو میں چاروں طرف پڑے پھر رہے ہیں غارِ ثور پر بھی ہو کر گزرنے نظر آئے - دو ڑ دھوپ مدھم پڑی تو آپ غار سے نکل ابوبکر کو ساتھ لے معمولی راستہ بچا کر مدینے جا داخل ہوئے کہ واں کے لوگ سال کے سال حج کے لیے مکے جاتے ہی رہتے تھے - اور پیغمبر صاحب اُدھر اُدھر کر ایسے مواقع پر دین کی منادی بھی کرتے ہی تھے بعض غیر مسلموں کا خط سن کر اسلام بھی لے آئے تھے پیغمبر صاحب ان ہی میں جا اُترے اور یہ دوسری ہجرت کہلائی جس سے سنہ ہجری چل رہا ہے - یہاں مہینے میں اسلام نے خوب ہاتھ پانوں پھیلائے ادھر ہو مسلمان کافروں کے ڈر سے جہاں چھپا چھپا تھا پیغمبر صاحب کا مہینے آنا سن مہینے کی طرف چل کھڑا ہوا - مہینے کے لوگ انصار اور باہر کے آنے والے مہاجرین کہلائے مکے والوں نے تو مسلمانوں کے ساتھ باپ مارے کا بیر باندھ رکھا تھا اور مسلمانوں کے کاروان نجاشی تک دوڑے گئے تھے مدینہ تو اپنا مکہ اپنا دیس تھا یہاں جو کچھ گزرتے تھوڑا تھا - مسلمانوں میں لڑنے بھڑنے کا میل تو تا ابھی وجہی تھا حبشہ کے مارے یہ بھی انگاروں پر لوٹ رہے تھے آخر دوسری ہجرہ کے دوسرے برس مدینے سے کئی میل کے فاصلے پر دونوں میں مٹھ بھیڑ ہو پڑی باوجودیکہ مسلمانوں کو ساز و سامان اور تعداد فوج کے اعتبار سے دشمنوں کے ساتھ کچھ نسبت نہ تھی کہ وہ تین سو تیرہ تھے اور دشمن ساڑھے نو سو - دشمن سب مسلح تھے اور ان کے پاس کل آٹھ زرہیں - اور چھ تلواریں اور دو گھوڑے مگر بہت مردانِ مردِ خدا کے والوں کو فاش شکست ہوئی ستر مقتول - ستر گرفتار - جو بقیہ تاسیف اپنا سا منہ لے کر لوٹ گئے اور کھسیانے ہو کر دھمکی دیتے گئے کہ اگلے برس آکر سمجھیں گے - اس لڑائی سے پہلے تک مسلمان مغلوب تھے - کم زور تھے مفلس و محتاج تھے - اب لڑائیوں کا سلسلہ چھڑا اور اسلامی سلطنت کی بنیاد رکھی گئی نتیجہ یہ ہوا کہ پیغمبر صاحب کے جیتے جی قریب قریب تمام جزیرہ عرب میں مسلمانوں کی عملداری ہو گئی - اور خلفاء علیہم الرضوان نے تو روم اور فارس جیسی زبردست سلطنتوں کو مغلوب کر کے ایسی وسیع اور باشوکت اسلامی سلطنت قائم کی جس کی نظیر اس وقت تک کسی قوم کی تاریخ میں پائی نہیں جاتی - لوازم سلطنت میں سے ایک غنیٰ اور تونگری بھی ہے - حصولِ سلطنت کے بعد سے اُن مسلمانوں میں جو مارے فاقوں کے پیٹ پر پتھر باندھے رہتے تھے کہ بھوک کی تکلیف کم محسوس ہو جن کو تن بدن کے ڈھانکنے کے لیے پورا کپڑا میسر نہ تھا - جو انصارِ مدینہ کے ٹکڑوں پر قوت بسری کرتے تھے - اب اُن میں بطفیل سلطنت ایسا تمول آیا کہ مہینے بھر میں کوئی زکوٰۃ کا لینے والا نہیں ملتا تھا - مسلمانوں کی اس تبدیل حالت کو دھیان میں رکھو - دوسری بات یہ ہے کہ طب کی دو قسمیں ہیں طبِ ابدان یہی متعارف طب و بد کی ہو یا یونانی یا ڈاکٹری

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۴۰) جگہ تھی جیسے بڑے شہروں میں میونسپل کمیٹی کا ہال اور ہر طرح کی پنچایتیں ہیں ہوا کرتی تھیں غرض ہر ایک نے اپنی اپنی تجویز پیش کی کسی نے کہا پیغمبر صاحب کو شہر بدر کرو کسی نے رائے دی کہ قید کر رکھو نہ کوئی اس شخص کے پاس آنے پائے گا اور نہ یہ کسی کو بہکا سکے گا - کسی نے صلاح بتائی کہ مار ڈالو - رد و قدح کے بعد یہ طے ہوا کہ بطور پر بہت سے آدمی مل کر قتل کر دیں اور وعدہ داران قصاص کو دیت یعنی خونبہا یا داد ان بھروں پیغمبر صاحب کو معلوم ہوا تو آپ شب کے وقت حضرت علیؓ کو اپنی جگہ سلا اور حضرت ابوبکر کو ساتھ لے غار پہاڑ کے خاموش چھپے اور دشمن ہکی ساری رات پیغمبر صاحب کے گھر کو گھیرے پڑے رہے صبح ہوئی تو دیکھا کہ پیغمبر صاحب کا پتہ نہیں اور جن کو پیغمبر سمجھے تھے وہ حضرت علیؓ نکلے بھڑوں کی طرح جستجو کے لیے چاروں طرف کو نکل پڑے جس غار میں پیغمبر صاحب تشریف رکھتے تھے اس پر بھی بعض کا گزر ہوا مگر خدا نے اُن کو اندھا کر دیا - اور پیغمبر صاحب تین رات اُسی غار میں چھپے رہ کر معمولی رستہ کترا تے ہوئے مدینے جا پہنچے ۱۲

دوسرے طبِ ادیان یعنی مذہب۔ کوئی سا بھی ہو۔ کیونکہ اصل وضع میں سب مذاہب کی غرض و غایت ایک ہی۔ طبِ ابدان کا مقصد ہی جسم کو اعتدال کی حالت پر قائم رکھنا۔ طبِ ادیان کا آدمی کے دلی خیالات کو درجۂ توسط سے متجاوز نہ ہونے دینا۔ فقر میں خوفِ فاقہ و فارہ اور مذلّہ کا تو اس کا علاج ہی تعلیمِ صبر و قناعت تھی میں ڈرہی بطر کا۔ اسراف کا۔ کبر کا۔ خود پسندی کا۔ تو اس کا تریاق ہی زہد۔ طب کی کوئی سی کتاب اٹھا کر دیکھو اس میں نسخے پاؤ گے بعض مقوّی۔ بعض مُضعِف۔ دین کی کتابیں قرآن و حدیث و فقہ طبِ روحانی کی کتابیں ہیں۔ ان میں بھی کہیں دُنیا کی مدح ہی۔ جس سے طلبِ دنیا کی ترغیب ہوتی ہی۔

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ (اعراف ع ۴)

(اے پیغمبر ان لوگوں سے) پوچھو کہ اللہ نے جو زینت (کے ساز و سامان) اور کھانے (پینے) کی ستھری چیزیں اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہیں (اُن) کو کس نے حرام کیا ہے۔

مال را گر بہر دیں باشی حمول — نعم مالٌ صالحٌ گفتش رسول

یہ طبِ روحانی کے مقوّی نسخے ہیں۔ اور کہیں دُنیا کی مذمت ہی جس سے زہد کی تعلیم مقصود ہی۔

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى (النساء ع ۱۱)

(اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہو کہ دنیا کے فائدے (بہت ہی) تھوڑے (فائدے) ہیں اور جو شخص (خدا کا) ڈر رکھے اُس کے لیے (فلاح) عاقبت دُنیا کے فائدوں سے) کہیں بہتر ہی۔

اور مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ (آل عمران ع ۱۹) اور دنیا کی زندگی تو صرف دھوکے کی پونجی ہی (اور بس)

یہ طبِ روحانی کے مُضعِف علاج ہیں مُقوّی اور مضعف علاج دونوں ہیں مگر مختلف اور متضاد حالتوں کے لیے۔ وہ وقت تو خواب و خیال ہو گئے جب مسلمان خوش حال تھے دولتمند تھے۔ حاکمِ وقت تھے۔ بادشاہ تھے۔ اُس وقت ان کو تعلیمِ زہد کی ضرورت تھی کہ شیخی میں نہ آجائیں۔ اور اب بھی کوئی مسلمان حکومت اور دولت رکھتا ہو۔ با اقتدار ہو بے تامل اُس کو زہد کی تعلیم دونہ یہ کہ چند غریب تنگ حال مسلمانوں کو (اور ہم تو اکثر مسلمانوں کو ایسا ہی پاتے ہیں اور جو بظاہر خوش حال دکھائی دیتے ہیں ؎

از بروں چوں گورِ کافر پُر حُلل — اندروں قہرِ خدائے عزّوجل)

جمع کیا اور مولوی صاحب لگے اُن کو زُہد کا سبق رٹوانے مرنوں کو مارے شاہ مدار۔ اب سمجھے کہ اسلام میں زہد کیونکر دخیل ہوا اور کیونکر ابھی تک مسلمانوں کے دلوں پر قبضہ کیے ہوئے ہی۔

(۵) سمجھا اور خوب سمجھا۔ اب اسلام کی کچھ سہولتیں بھی رشاد ہوں۔

(۶) مذاہب میں جتنا بھی تشدد ہی عبادات میں ہی سو اسلام میں عبادتیں ہی کتنی ہیں۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ۔ ہر ایک میں اس قدر آسانی ہی کہ عبادت کسی کی بار خاطر ہو نہیں سکتی۔ اس پر بھی کاہل الوجود آدمی بوجہ ضعفِ عقیدت عبادت سے جی چُرائے تو اُس کی شامت ؎

جی عبادت سے چُرانا اور جنت کی طلب — کام چور اس کام پر مُنہ سے اُجرہ کی طلب

اسلامی عبادتوں میں سب سے ضروری نماز ہی اس لیے کہ مرد۔ عورت۔ مقیم۔ مسافر۔ امیر۔ غریب۔ عالم۔ جاہل۔ جوان۔ بوڑھا۔ تندرست

بیمار کسی کو کسی حالت میں معاف نہیں۔ طہارت شرط ہے تو پانی نہ ملے یا نقصان کرتا ہو تو غسل اور وضو کی جگہ تیمم

اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ	(مسلمانو!) اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی جائے ضرور
مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا	سے ہو کر آئے یا عورتوں سے ہم صحبت ہو اور تم کو پانی میسر نہ آئے
مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا (النساء ع ۷۔)	تو پاک مٹی سے تیمم کرو ف۱

وقت مقرر۔ عبادت مختصر کہ سورۂ فاتحہ کے علاوہ چھوٹی تین اور بڑی ایک آیت پڑھنی ہوتی ہے۔ رکوع اور سجدے میں ایک بار اور اضافہ تین بار تسبیح کہی جاتی ہے۔ ظہر اور عصر اور عشاء کی چار، مغرب کی تین صبح کی دو رکعتیں۔ سفر میں آدھی۔ یعنی چار رکعتوں کی دو۔ اٹھا بیٹھا نہ جائے تو اشاروں سے۔ تعدیلِ ارکان اور ترتیل کے ساتھ لمبی قراءۃ۔ فرض اور سُنن اور نوافل ملا کر زیادہ سے زیادہ پندرہ بیس منٹ۔ اس سے بڑھ کر اور سہولت کیا ہو سکتی ہے۔ اور یوں کوئی آدمی اپنے اوپر تشدد کر کے صائم الدہر اور قائم اللیل ہونا چاہے تو اس کی خوشی مگر جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو پسند نہیں فرمایا۔ روزے کی سہولت تو

وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ	اور جو بیمار ہو یا سفر میں (رہا) تو دوسرے دنوں سے گنتی (پوری
مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ	کرے) اللہ تمہارے ساتھ آسانی کرنی چاہتا ہے اور تمہارے ساتھ
وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ (البقرۃ ۲۲۴)	سختی کرنی نہیں چاہتا۔

سے ظاہر ہے حج کی مِنْ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا سے۔ زکوٰۃ صاحب نصاب کو دینی آتی ہے۔ برس میں منافع خالص پر ڈھائی روپیہ سیکڑہ یہ ہے اسلامی عبادتوں کا خلاصہ جن کو آدمی خوش دلی کے ساتھ ادا کر سکتا ہے۔ مزید بصیرت کے لیے ہماری کتاب الحقوق والفرائض کے حصۂ اول کو پڑھو اور اتنا بھی نہ کر سکو تو سمجھ لیں گے کہ دل میں اُڑد پر سعیدی کے قدر بھی دین کا درد نہیں۔

(۳) ہندوؤں کی مذہبی جسمانی تکالیف میں آپ نے جوگیوں سنّاسیوں کی مثال دی تھی تو وہ ایک گروہِ خاص ہے جیسے مسلمانوں میں صوفی۔ ہندوؤں میں کوئی مذہبی جسمانی تکلیف ایسی بھی ہے جو عام ہو۔

(۴) کھانے پینے کی چھوت۔ ذاتوں کی تفریق کہ تکلیف کے علاوہ مانع اتفاق و اتحاد ہے۔ اور میرے نزدیک یہی ایک بات ان کے زوالِ سلطنت کا باعث ہوئی ہے۔ اور اسی کی وجہ سے ان سے اجتماع کی صلاحیت سلب ہو گئی ہے۔ اور یہ ہمیشہ کے لیے کسی نہ کسی غیر قوم کے محکوم ہو کر رہیں گے۔ اب کچھ فہمیدہ ہندو انگریزی تعلیم کی بدولت اس گُر کو پا گئے ہیں۔ اور رفعِ اختلاف کی کوشش کر رہے ہیں مگر نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔ جو لوگ ایک مذہب کے کہلا کر آپس میں متفق نہ ہو سکیں۔ وہ دوسرے مذہب والوں سے کیا متفق ہوں گے۔ اختلافِ عقائد ایسی بدبلا ہے۔ کہ اس سے دل پھٹ جاتے ہیں۔ ابراہیم علیہ السلام اور اُن کے

ف۱ وضو اور تیمم کے مسائل بالتفصیل ہماری کتاب الحقوق والفرائض کے پہلے حصے میں دیکھنے چاہئیں ۱۲

ف۲ پوری آیت یوں ہے وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ یعنی اور لوگوں پر فرض ہے کہ خدا کے لیے خانہ کعبہ کا حج کریں جس کو اُس تک پہنچنے کا مقدور ہو اور جو مقدور رکھے پہنچے نعمت کی ناشکری کرے (اور حج نہ کرنے جائے) تو اللہ دنیا جہان سے بے نیاز ہے ف

ف۳ مقدور سے مُراد ہے زادِ راہ اور سواری اور رستے کا اَمن ۱۲ +

پیروؤں نے سچ کہا تھا بَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتّٰى الخ
(شیخ) یہ جو کچھ آپ نے فرمایا سب سچ ہی مگر اصل مطلب ہاتھ آتا ہی جس پر بات چلی تھی یہ تو کہیئے کہ توحید مذہب کی اصل کیوں ہی۔

(۷) توحید اصل مذہب ہی

(شیخ) میں تم سے کہہ چکا ہوں کہ خدا کی صفات اُس کی عین ذات ہیں۔ اور اُس کی صفات میں سے وحدانیت ایک ایسی صفت ہی جو تمام صفات کی جامع ہی۔ اور اسی لیے توحید اور معرفت الٰہی متحد المفہوم ہیں۔ یعنی جب آدمی نے خدا کو اُس کی ذات اور صفات کی رُو سے یگانہ سمجھا۔ کہ اُس جیسا دوسرا نہیں۔ تو اُس نے خدا کو سمجھا جیسا وہ سمجھ سکتا تھا۔ اور جیسا اُسکو سمجھنا چاہیئے تھا یعنی جیسا سمجھنے کا حق تھا۔ خدا کو خدا سمجھا تو اُس کے دل میں مذہب کا بیج بویا گیا۔ بیج کو درکار ہی پانی اور کھاد تاکہ وہ اُگے نشوونما پائے پھولے پھلے اب اِس نے سَمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی انتظامِ دنیا پر ایک وسیع اور غائر نظر ڈالی۔ اِس سے خدا کی عظمت اور شان اِس کے ذہن نشین ہوئی۔ اور اپنے تئیں یہ سمجھا کہ کیا تھا اور کیا ہونے والا ہی۔ اِن خیالات نے معرفت الٰہی کے بیج کے حق میں کھاد اور پانی کا کام دیا۔ اور وہ ہرے بھرے پھولے پھلے درخت کی صورت میں نمودار ہوا۔ جس کا دوسرا نام ہی دین و مذہب آدمی نے انتظامِ دنیا پر نظر ڈالتے ہوئے دیکھا کہ خدا اپنی قدرت اور حکمت اور شفقت اور عنایت سے ذرّے ذرّے میں بیٹھا ہوا ہی۔

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ (انسان کسی حالت میں بھی ہو) اُس کے آگے اور اُس کے پیچھے باری
يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ (الرعد ع ۲) باری سے خدا کے مُوکّل لگے رہتے ہیں جو بحکم خدا اُس کی حفاظت کرتے ہیں

پس وہ بے اختیار تقاضائے طبیعت سے اُس کی مدح و ثنا میں رطب اللسان ہوا اور تعظیماً سر بزیر اُس کے آگے جھکا دیا یہاں سے عبادات کا فطری ہونا ثابت ہوا) پھر وہ ترقی کرتا ہوا آگے بڑھا اور اُس نے سوچا کہ ہر چند خدا کی ذات تو بے نیاز ہے مگر آفریدہ اور بندہ اور زیر بار چند یں احسانات ہونے کی حیثیت سے خود میرا فرض انسانیت ہی۔ کہ کسی طرح اُس کی مرضی معلوم کرکے اُس پر کاربند ہوں۔ معرفت سے لے کر یہاں تک یہ سب آدمی کی طبیعت ہی کے تقاضے ہیں۔ طبیعت متقاضی ہی کہ کسی طرح خدا کی مرضی معلوم ہو مگر معلوم ہو تو کیونکر ہو۔ خدا کو دیکھا نہیں بھالا نہیں۔ نہ کبھی بات چیت کا اتفاق ہوا۔ وہ ہی سہی مگر اپنے خیال کے سوائے ہم اُس کو کیا کہہ سکتے ہیں۔ خدا کا اور ہمارا تعلق بھی عجیب قسم کا تعلق ہی۔

مجھ میں اُس میں رابطہ ہی اِک ذوقِ مثل بُو و گُل وہ رہا آغوش میں لیکن گریزاں ہی رہا

لہ اس سے پہلے کے ٹکڑے کو ملاؤ تو مطلب نہایت صاف اور واضح ہو جاتا ہی اور وہ یہ ہی قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ یعنی (مسلمانو) ابراہیم اور جو لوگ اُن کے ساتھ تھے یعنی اُس وقت کے مسلمان پیروی کرنے کو (تمہارے لیے اُن کا ایک اچھا نمونہ ہو گزرا ہی جب کہ اُنھوں نے اپنی قوم (کے لوگوں) سے کہا کہ ہم کو تم سے اور تمہارے اُن (معبودوں) سے جن کی تم خدا کے سوا پرستش کرتے ہو کچھ (بھی) سروکار نہیں ہم تم (لوگوں کے عقیدوں) کو (بالکل) نہیں مانتے اور ہم میں تم میں کھلم کھلا عداوت اور دشمنی (قائم) ہو گئی ہی (اور یہ دشمنی) ہمیشہ کے لیے (ہی) جب تک تم اکیلے خدا پر ایمان نہ لاؤ ۱۲ ؎

قطعہ

دوست نزدیک تر از من بمن است ۔۔۔ ویں عجب تر کہ من از وے دورم
چہ کنم باکہ تواں گفت کہ او ۔۔۔ در کنار من و من مہجورم

جس طبیعت نے آدمی کو خدا کی ٹوہ لگانے پر مجبور کیا اُسی نے اُس کو خدا کی مرضی دریافت کرنے کی شہ دی۔ اور جہاں سے اِس کو خدا کا پتہ لگا وہیں سے مرضی کا بھی سُراغ ہاتھ آیا یعنی مخلوقات سے۔

(اُس) خدا کا پتہ تو اِس طرح لگا تھا کہ مخلوقات کا کوئی خالق متصف بچند یں صفات ہونا چاہیئے۔ مرضی کیسی معلوم ہوئی۔

(ہم) اُس نے جس مخلوق پر نظر کی اِس سے کئی باتیں ظاہر ہوئیں۔ ایک یہ کہ جو چیز بھی ہی بہتر سے بہتر ساخت کی ہی اور اُس کا بنانے والا احسن الخالقین ہی۔ دوسرے ہر چیز کی نگہداشت کا کافی سامان بھی اُس کے ساتھ ہی جس سے پایا جاتا ہی کہ جو چیز وجود میں آگئی ہی اُس کا خالق اُس کا معدوم ہونا نہیں چاہتا۔ نباتات اور حیوانات کو اپنا جانشین پیدا کرنے کی قابلیت عطا کی ہی کہ کہنہ اور فرسودہ ہو کر اپنی ہستی چھوڑنے لگیں تو جنس اور نوع معدوم نہ ہو۔

(اُس) اِس سے معلوم ہوتا ہی کہ قیامت کا خیال غلط ہی۔

(ہم) بے شک اِسی سے بہتوں کو دھوکا ہوا ہی اور وہ مادّے کے قدیم ہونے کے قائل ہوئے ہیں اور قیامت کا انکار بھی اِسی قبیل سے ہی۔ مگر تم نے تو بیچ میں ایک اور بات نکال کھڑی کی۔ مجکو وہ بات پوری کر لینے دو کہ آدمی نے خدا کی مرضی کو کس طرح دریافت کیا پھر ہیں تم کو قیامت کی طرف سے مطمئن کر دوں گا۔ کہ خدا کی ہستی اور خدا کی مرضی کی طرح قیامت کا عقیدہ بھی انسان کی فطرۃ میں داخل ہی۔ ذرا صبر کرو۔ ہاں تو آدمی نے جس مخلوق پر نظر کی۔ اِس سے کئی باتیں ظاہر ہوئیں۔ ایک یہ کہ جو چیز بھی ہی بہتر سے بہتر ساخت کی ہی۔ دوسرے یہ کہ ہر چیز کی نگہداشت کا کافی سامان بھی اُس کے ساتھ ہی۔ اِن کے علاوہ تیسری بات یہ ہی کہ خدا نے ہر فرد بشر بلکہ بعض جانوروں تک کے دل میں یہ بات ڈالی ہی کہ ربط و راحت کا احساس جیسا اِن کو ویسا اِن کے اپنائے جنس کو۔ اِس سے ہمدردی کی صفت کا خلقی اور فطری ہونا ثابت ہوتا ہی۔ اور یہ ایسی ضروری بات ہی کہ قوانین تمدن تمامتر اِسی پر مبنی ہیں "آنچہ بر خود نہ پسندی بر دیگرے مپسند"۔ فطری صفات کے تخم سے تو کوئی فرد بشر خالی نہیں۔ مگر اِن کا نشو و نما موقوف ہی۔ تعلیم و تربیت پر صحبت پر۔ مشق و مہارت پر۔ آب و ہوا پر۔ اگرچہ شخصی پر یعنی صفاتِ فطری میں ترقی و تنزل قوت و ضعف دونوں طرح کی صلاحیت ہی۔ اب یہی ہمدردی کی صفت ہی کہ ہندوؤں نے اِس میں یہاں تک ترقی کی کہ اِن میں ایک گروہ جو سراوگی کہلاتے ہیں۔ رات کو چراغ تک نہیں جلاتے کہ کہیں پروانوں کے قسم کے جانور چراغ کی لَو پر گر کر جل نہ مریں اور جو زیادہ پابند مذہب ہیں مُونہ پر کپڑا لٹکائے رہتے ہیں۔ تاکہ سانس کی گرمی سے چھوٹے چھوٹے جھنگے جو ہوا میں بھرے پڑے ہیں اور خالی آنکھ سے دکھائی تک نہیں دیتے۔ دُکھی نہ ہوں۔ خیر یہ تو افراط کا درجہ ہی یوں بھی ہندو عموماً کسی طرح کا گوشت نہیں کھاتے اور ساگ پات پر قناعت کیے ہوئے ہیں۔ ہرا درخت نہیں کاٹتے۔ سرِ راہ جا بجا پیاؤ بٹھا رکھے ہیں۔ بازاروں میں سانڈ چھوٹے ہوئے ہیں۔ اور اُن کو بے مشقت ایسی عمدہ غذا پیٹ بھر کر ملتی ہی۔ کہ مارے مُٹاپے کے چلا نہیں جاتا۔ بعض ہندوؤں کو دیکھا کہ دونا ہاتھ میں لیے چیونٹیوں کے بلوں میں کھانڈ ڈالتے پھرتے ہیں۔ یہ سب اسی ہمدردی کے آثار ہیں جو ہندو دھرم میں بمقابلے دوسرے ادیان کے یقیناً زیادہ اور بہت زیادہ ہیں ۵

میازار موئے کہ دانہ کش است کہ جاں دارد و جانِ شیریں خوش است
زیر پایت گر بدانی حالِ مور ہمچو حالِ تُست زیر پائے پیل

دیکھتے جاؤ کہ دینِ اسلام کی عمارت کس طرح پر فطرت کے مال مسالے سے اُبھرتی اور کھڑی ہوتی جاتی ہی کہ خدا کی معرفت سے بُنیاد رکھی گئی۔ پھر خدا کی مرضی کے دریافت کرنے کی دیواریں کھڑی ہوئیں۔ پھر ہمدردی سے چھت پائی گئی۔ الحمد للہ عمارت بَن گئی صرف استرکاری اور رنگ آمیزی باقی ہی۔ تو اب آدمی کا ذہن ہمدردی کے درجے پر پہنچ کر بالطبع اس بات کی طرف منتقل ہوا کہ خدا جیسے قادرِ مطلق۔ خدا جیسے مہربان کی مرضی کے خلاف کرنا قطع نظر اس سے کہ خلافِ انسانیت و شرافت ہی ضرور مستوجبِ سزا بھی ہونا چاہیئے۔ کیونکہ سیاست کے بدون حضرت آدم کی اتنی ساری اولاد جو روئے زمین کے چپّے چپّے پر پھیلی ہوئی ہی۔ ایک لمحہ بھی امن چین سے نہیں رہ سکتی۔ غرض جس طرح آدمی نے اپنی طبیعت سے خدا کو پہچانا۔ اپنی طبیعت سے اُس کی تعظیم کی۔ اپنی طبیعت سے اُس کی مرضی معلوم کی۔ اپنی طبیعت سے اپنے میں صفتِ ہمدردی پیدا کی۔ اسی طرح اپنی طبیعت سے لگا تدبیر سوچنے کہ اولادِ آدم اس پر کاربند ہو کر امن چین سے رہے سہے۔ بس عمارتِ اسلام بَن کر تیار ہو گئی۔ اور یاد رہے کہ اس عمارت میں شروع سے آخر تک خالص فطرت ہی کا مسالا خرچ ہوا ہی۔ اور اسی سے میں اسلام کو دینِ فطرۃ کہتا ہوں۔ اور مذہب والوں نے بھی اسی طرح کی عمارتیں بنائیں مگر فطرۃ کے چُونے میں اپنے اوہام اور اغلاط کی رکھ ملا دی۔ ویسی ہی اسلامی رینگنے کی عمارت کے مقابلے میں اُن کی عمارتیں بودی اور ناتحکم۔

(س) عمارتِ اسلام تو بَن کر تیار ہوئی۔ مگر استرکاری اور رنگ آمیزی کی نسبت آپ کچھ اور کہنا چاہتے تھے۔

(م) ہاں میں یہ کہنے کو تھا کہ انسان ایک خاص طرح کا مخلوق ہی۔ سب سے بڑی بات جو اس کی طبیعت میں ہی اپنا حفظِ نفس ہی بلکہ میں تو ایسا خیال کرتا ہوں کہ یہ خاصہ کُل جانداروں کی طبائع میں ہی کہ وہ اپنا معدوم ہونا نہیں چاہتے۔ اور جو اُن کی ہلاکت کے درپے ہوتا بمقدور اُس کی مدافعت کرتے ہیں۔ بلکہ پتھر تک اپنی حالت کے بدلنے کا روادار نہیں جو اس کو توڑنا پھوڑنا یا جگہ سے ہلانا چاہے اُس کا مقابلہ کرتا ہی۔ اور اسی سے تو ہم نے یہ بات مستنبط کی تھی۔ کہ عالم کا ذرہ ذرہ خواہانِ بقا ہی۔ بہرکیف حفظِ نفس انسان کا خاصۂ طبعی ہی اس کے لیے اس کو غصہ دیا گیا ہی۔ کہ دفعِ ضرر کرے۔ اور طلبِ جلبِ ملائم کرے اور چونکہ تمام بنی آدم کی طبائع قریب قریب ایک ہی طرح کی واقع ہوئی ہیں اور حفظِ نفس کے علاوہ آدمی مدنی الطبع بھی ہی۔ اور ابنائے جنس کے ساتھ مل کر اس کو حصار اور قصبات اور دیہات میں رہنا ہی۔ اس لیے کہ وہ اکیلا ساز و سامانِ زندگی بہم نہیں پہنچا سکتا تو اس صورت میں باہمی کشمکش کا ہونا بھی ضرور ہی۔ اور اغراض کی کشمکش مستلزم نقضِ امن۔ ابقائے امن کی غرض سے سلطنت کا دستور چلا کہ ایک جماعت کی جماعت نے اپنے میں سے ایک کو حاکم بنایا کہ وہ افرادِ جماعت کے حقوق کی حفاظت کرے۔ اور ایک کو دوسرے کے حقوق میں دست اندازی نہ کرنے دے اور کرے تو حاکم اُس کو ضرب اور حبس اور جرمانے کی سزا دے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہی کہ آدمی نے آپ ہی اپنے دل سے سوچ سوچ کر دنیا کو دارالامن بنا لیا۔ اُس نے حفظِ امن کے لیے قانون بنایا۔ اور ایک کو بادشاہ یا حاکمِ وقت قرار دے کر روپے سے فوج سے اُس کی مدد کی۔ کہ اس کے بل پر بزور لوگوں سے قانونِ امن کی تعمیل کرائے بے شک آدمی نے وضعِ قانون اور اجرائے دستورِ سلطنت کے بعد سمجھا ہو گا۔ (اور بہت لوگ اب بھی سمجھتے ہیں) کہ آدمی نے

اپنی عقل و تدبیر سے خدا کے منشار کو پورا کر دیا - مگر بہت جلد آدمی کو اپنی غلطی معلوم ہو گئی - اور اب بھی ایسے معاملات آئے دن پیش آتے رہتے ہیں - جن سے بخوبی ثابت ہے کہ انسان اپنی تدبیر سے دنیا میں امن کو جیسا اس کا حق ہے اور جیسا خدا کو منظور ہے قائم نہیں رکھ سکتا - اور عدالتیں اور جیلخانے اس کے شاہد ہیں - دنیا عالم اسباب ہے اور خدا اپنے ارادوں کو ان ہی مخلوقات عالم کے ذریعے سے نافذ فرماتا ہے - امن کے لیے آدمی کی تدبیر وضع قانون اور اجرائے دستور سلطنت کافی نہ تھی - اس نقص کے رفع کرنے کو خدا نے آدمی کی فطرت میں یہ بات بھی داخل کی کہ وہ اپنے تئیں غیر فانی سمجھے - آدمی کا وجود جسم و روح دو چیزوں سے مرکب ہے - جسم کی حقیقت تو معلوم ہے کہ عناصر اربعہ آب و خاک و باد و آتش سے بنا ہے - عناصر میں خاک عنصر غالب ہے - چار مختلف الطبائع عناصر کو خدا نے اپنی حکمت بالغہ سے ترکیب دے کر آدمی کو پیدا کیا - یہ چار بزور حکمت الٰہی ایک وقت خاص تک ملے جلے رہتے ہیں پھر آخر کو ایک دوسرے سے ٹوٹ کر منتشر ہو جاتے ہیں کُلٌّ شَیْءٍ یَّرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ - اسی کا نام ہے موت - آدمی کے وجود کا دوسرا جزو روح اس کی حقیقت خدا نے کسی مصلحت سے ہم پر منکشف نہیں ہونے دی -

وَیَسْأَلُوْنَکَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ (بنی اسرائیل ۱۲)

اور (اے پیغمبر لوگ) تم سے روح کی حقیقت دریافت کرتے ہیں تو (ان سے) کہدو کہ روح (بھی) میرے پروردگار کا ایک حکم ہے اور تم لوگوں کو (اسرار الٰہی سے) بس تھوڑا ہی سا علم دیا گیا ہے -

روح کی حقیقت معلوم نہیں مگر جس طرح آثار قدرت سے خدا کے ہونے کا یقین کیا جاتا ہے - اسی طرح آثار تصرف فی الجسد سے روح کے ہونے کا اذعان ہے - تیسرے سے روح ہی کی حقیقت معلوم نہیں جسم کے ساتھ اس کی ترکیب کی کیفیت بھی معلوم نہیں آثار تصرف فی الجسد سے تو روح کے ہونے کا کچھ پتہ بھی چلتا ہے - بقائے روح کا تو سوائے اس کے کچھ بھی پتہ نہیں - کہ آدمی کا دل از خود گواہی دیتا ہے کہ بعد مرگ بھی اس کی روح باقی رہتی ہے اور اس پر ایک عالم کا اجماع ہے - اختلاف اگر ہے تو اس میں ہے کہ بعد مرگ روح کہاں اور کس حالت میں رہتی ہے - بے شک ایسے بھی بندگان خدا ہوئے ہیں (اور اب بھی ہیں جن کے سر پر فلسفہ کا بھوت سوار ہے) جو بقائے روح کے قائل نہ تھے -

وَقَالُوْٓا اِنْ هِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنْیَا نَمُوْتُ وَنَحْیٰی وَمَا یُهْلِکُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِکَ مِنْ عِلْمٍ اِنْ هُمْ اِلَّا یَظُنُّوْنَ ۝ (الجاثیہ ع ۳)

اور (کفار مکہ) کہتے ہیں ہماری تو یہی دنیا کی زندگی ہے اور (بس کچھ نہیں) مرتے ہیں اور (یہیں) جیتے ہیں اور زمانہ ہی ہم کو (ایک وقت خاص تک) زندہ رکھ کر مار دیتا ہے اور ان کو اس کی کچھ تحقیق تو ہے نہیں یہ تو نرے ٹکل کے تکے چلاتے ہیں -

اور اٰتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ - معلوم نہیں کہ یہ لوگ واقعی دل سے ایسا کہتے تھے یا منطقیوں کی سی سرانی جمانی بات تھی -

---

لہ ہر چیز اپنی اصل کی طرف لوٹ جاتی ہے ۱۲ سہ اِنْ هٰٓؤُلَآءِ لَیَقُوْلُوْنَ اِنْ هِیَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰی وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِیْنَ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ - یعنی یہ (کفار مکہ تو مسلمانوں سے) کہتے ہی ہیں کہ یہ ہمارا پہلی ہی دفعہ کا مرنا ہے اور بس (پھر ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہے) اور ہم دوبارہ نہیں اٹھائے جائیں گے پس اگر تم (مسلمان اپنے دعوے قیامت میں) سچے ہو تو ہمارے باپ دادوں کو (جیلا کر ہمارے سامنے) لاموجود کرو ۱۲ ط

ایک حکایت یاد آئی ہے جس سے شُبہہ ہوتا ہے۔ کہ ایک مولوی صاحب اور ایک فلسفی یُورپین (اور علوم جدیدہ کی تعلیم کی برکت سے اکثر اہلِ یُورپ بلکہ ہمارے مُلک کے انگریزی خوانوں میں بھی جن کے عقائد مذہبی کی روک تھام نہیں کی جاتی الحاد اور لامذہبی کی طرف کو تھوڑا بہت مَیلان ضرور ہوتا ہے) ایک کالج میں پروفیسر تھے۔ دونوں میں تعارُف ہوا اور تعارُف سے دوستی اور بے تکلفی۔ آپس میں اکثر مذہبی گفتگو رہا کرتی تھی۔ مخاصمانہ اور مناظرانہ نہیں بلکہ دوستانہ۔ مولوی صاحب بُتپیرا سمجھاتے تھے مگر فلسفی کسی طرح خُدا کا قائل نہیں ہوتا تھا۔ اس لیے کہ وہ خدا کی ہستی کا ثبوت ایسا چاہتا تھا جو وعادی اقلیدس کی طرح مبنی ہو مشاہدات پر اور ایسا ثبوت مولوی صاحب کیا کسی مذہب کا کوئی عالم بھی نہیں دے سکتا فلسفی نے ولایت جانے کے لیے چُھٹی لی۔ مولوی صاحب کو بھی مُدّت سے مصر اور قسطنطنیہ کے دیکھنے کا خیال تھا۔ دونوں ساتھ ہو لیے۔ جہاز میں سوفسطائیہ تھا دونوں میں وہی مذہبی تذکرے رہتے تھے۔ اتفاق سے جہاز سخت طوفان میں آگیا۔ ہر ایک مُسافر اپنی جگہ خدا کے آگے رونے پیٹنے لگا

هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ (یونس ع ۲ -)

(لوگو!) وہی (خُدا تو) ہے جو تم کو خشکی اور تری میں لیے لیے پھرتا ہے یہاں تک کہ بعض اوقات تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور وہ لوگوں کو باد موافق کی مدد سے لے کر چلتی ہیں اور لوگ اُن (کی رفتار) سے خوش ہوتے ہیں (ناگاہ) کشتی کو ایک ہوا کا جھونکا آلگتا ہے اور ہر (طرف) سے ہر طرف سے اُن پر (چڑھی چلی) آرہی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ (بس) آگھیرے تو اس خالص خدا ہی کو مان کر اُس سے دُعائیں مانگنے لگتے ہیں کہ (بار خدایا) اگر (اپنے فضل سے) تُو ہم کو اس مُصیبت سے بچالے تو ہم ضرور (تیرے بڑے ہی) شکر گزار ہوں گے۔

مولوی صاحب نے فلسفی کو دیکھا کہ اپنے حُجرے میں دوسروں کی طرح اوندھے مُنہ سجدے میں پڑے ہیں۔ بائے طوفان فرو ہوا تمام لوگ بدستور سابق اپنے اپنے کام میں لگے۔ مولوی صاحب نے فلسفی کے پاس جاکر پہلے سلامتی کی مبارکباد دی۔ اور پھر کہا کہ آپ بھی تو شورشِ طوفان کے وقت خدا سے دُعا مانگ رہے تھے۔ سچ کہیے کہ کیا مُصیبت میں خدا ہی یاد آتا ہے؟ فلسفی کیا کہتا کہ اُس وقت میری عقل ہی برجانہ تھی۔

فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ (یونس ع ۳ -)

پھر جب وہ اُن کو (اُس بلا سے) نجات دیتا ہے تو وہ خشکی پر پہنچتے ہی ناحق کی سرکشی کرنے لگتے ہیں لوگو! تمھاری سرکشی (کا وبال) تمھارے ہی جانوں پر پڑے گا۔ یہ بھی (دنیا کی چند روزہ) زندگی کے فائدے (ہیں۔ سو خیر ان کے مزے اُڑالو) آخر کار تم کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے تو (اُس وقت) جو کچھ بھی تم (دنیا میں) کرتے ہے ہم تم کو (اُس کا بُرا بھلا) بتادیں گے۔

ف جہاز رانوں کی اصطلاح میں دو موافق کو باد شرطہ کہتے ہیں حافظ شیرازی فرماتے ہیں ؎ کشتی شکستگانیم ای باد شرطہ برخیز باشد کہ باز بینم آن یار آشنا را

اور تم قسی ہو گئے تمہارے دل اس کے بعد تو وہ مثل پتھروں کے ہیں بلکہ سختی میں اور بڑھے ہوئے اور بیشک پتھروں میں کچھ ایسے ہیں جن سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں اور کچھ ایسے ہیں کہ پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی نکلتا ہے اور کچھ ایسے ہیں کہ خدا کے ڈر سے گر پڑتے ہیں اور خدا تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں۔

وَثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ۭ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ۭ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاۗءُ ۭ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ (البقرۃ ع ۹-)

خدائے تعالیٰ نے کیسے جامع اور مانع الفاظ میں انسان کی فطرت بیان فرمائی ہے۔

بے شک آدمی بڑا ہی چھڑا پیدا کیا گیا ہے کہ جب اس کو کسی طرح کا نقصان پہنچتا ہے تو گھبرا اٹھتا ہے اور جب اس کو کسی طرح کا فائدہ پہنچتا ہے تو بخل کرنے لگتا ہے۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۙ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۙ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۙ (المعارج ع ۱-)

(۳۵) بقائے روح اور جزا سزا سے کیا تعلق۔

(۳۶) ہاں سلسلۂ سخن میں مجھ سے ایک کڑی چھوٹ گئی کہ جن باتوں سے آدمی نے دنیا کا عالم اسباب جانا یقین کیا اس عموم میں آدمی کے افعال بھی تھے اور آدمی نے سمجھا کہ علت و معلول کا قاعدہ جیسا کہ موجودات میں تغیرات میں چل رہا ہے ویسا ہی آدمی کے افعال میں جاری ہے ہر فعل کے لیے علت بھی ہے اور معلول یعنی نتیجہ بھی ہے ؎

گندم از گندم بروید جو ز جو — از مکافاتِ عمل غافل مشو

اگر خارکاری ہمن ندروی — لیکن اسباب کا جال کچھ ایسا پیچیدہ اور گتھا ہوا ہے کہ سبب اور نتیجے کی تعیین میں ہم اکثر غلطیاں بھی کرتے ہیں۔ مثلاً ہم ب کو ج نتیجے کا سبب قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ ب اکیلا سبب نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ دوسرے اسباب الجاذ نتیجہ میں دخیل اور مؤثر ہیں جن کو ہم نے غلطی سے نظر انداز کیا ہے۔ اس کو ایک مثال سے بآسانی سمجھ سکتے ہیں۔ اگر ہم ایک روپیہ اور دو تنا ہی چوڑا چکلا کاغذ کا ٹکڑا ایک ساتھ اوپر سے پھینکیں تو ظاہر ہے کہ روپیہ بہ نسبت کاغذ کے زمین پر جلد گرے گا۔ اور اگر ہم سے اس تقدم اور تاخر کا سبب پوچھا جائے تو ہم بے تامل جھٹ سے کہہ دیں گے۔ کہ روپیہ بھاری تھا جلدی سے گرا کاغذ ہلکا تھا دیر سے۔ سچ ہے۔ لیکن ایک شرط ضروری رہی جاتی ہے۔ کہ تقدم و تاخر اس سے ہے کہ ہوا حائل ہے۔ پر کے بوجھ کو سہار سکتی ہے روپے کو نہیں۔ اگر ہم لوہے کا بڑا لمبا نل بنوائیں اور اس کو زمین پر کھڑا کر کے کسی تدبیر سے نل کی ہوا نکال کر دونوں سرے خوب مضبوط بند کر دیں کہ باہر سے ہوا نہ جانے پائے اور میجر نل کے اندر کتنے ہی اونچے سے روپیہ اور پر ایک ساتھ پھینکیں ایک ساتھ گریں گے۔

ف پہاڑوں کا وہیں جانا کوئی غیر معمولی واقعہ نہیں اکثر تو زلزلوں کی وجہ سے بڑے بڑے پہاڑ بیٹھ جاتے ہیں اور بعض پہاڑوں سے خود بخود آگ نکلتی رہتی ہے اور آتش فشاں کہلاتے ہیں۔ ان میں ایسی آفتیں بہت آتی رہتی ہیں۔ اور یوں بھی اندر ہی اندر کسی وجہ سے پہاڑوں کی بڑھوتی پڑ جاتی ہے اور پہاڑ گر پڑتے ہیں تو یہ وہیں جانا۔ بیٹھ جانا۔ گر پڑنا سب خدا کے حکم سے ہوتا ہے کہ اس نے تمام اجسام میں یہ خاصہ رکھا ہے کہ وزنی چیز نیچے گرتی ہے جاذبی اور ملکی زور دیدے۔ اسی کا نام ڈر ہے کہ خدا کے باندھے ہوئے قاعدے کو توڑ نہیں سکتے ۱۲

اس لیے کہ ہوا مزاحم نہیں یہی حال کُل اسباب اور کُل نتائج کا ہے۔ اتفاق کو لزوم سمجھ لینا عام غلطی ہے۔

إِذَا كَانَ الْإِنْسَانُ نَاطِقًا فَالْحِمَارُ نَاهِقٌ — جب آدمی بولتا ہے تو گدھا چلاتا ہے۔

اسی نے تو دُنیا کو گمراہ کر رکھا ہے۔ سبب ہے کوئی اور قرار دے لیا کوئی۔ اسی کو بعض نکتہ شناس طبیعتوں نے خدا شناسی کا ذریعہ قرار دیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں۔

عَرَفْتُ اللّٰهَ بِفَسْخِ الْعَزَائِمِ — ہم نے اِرادوں کے ٹُوٹ جانے سے خدا کو پہچانا۔

یعنی ہم نے اسی سے جانا کہ خدا ہے کہ ہم جو چاہتے ہیں وہ نہیں ہوتا۔ یعنی ہم حصول مطلب کے لیے اپنے زعم میں اسباب کافی جمع کرتے ہیں پھر بھی مطلب حاصل نہیں ہوتا۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم نے اسباب کو کافی غلط سمجھا۔ بلکہ کوئی سببِ مؤثر ہماری نظر سے مخفی اور ہے۔ اور وہ نہیں ہے مگر اِرادۃ اللہ

إِرَادَةُ اللّٰهِ غَالِبَةٌ عَلٰى إِرَادَةِ النَّاسِ — خدا کا اِرادہ لوگوں کے ارادوں پر غالب رہتا ہے۔

زنگیں ایک طور پر گزارا نہ ہوا — جو کچھ کہ ہوا وہ پھر دوبارہ نہ ہوا
چاہا ہم نے بہت نہ چاہا اُس نے — چاہا اُس کا ہوا ہمارا نہ ہوا

تقریر دراز اور پریشان ہوتی جاتی ہے۔ مگر کیا کیا جائے مطلب مشکل اور اِس پر تمھارے سوالات۔

(۷) از برائے خدا مگر یہ نہیں۔ اگر آپ کے سمجھانے سے ایک شخص دین کی طرف سے مطمئن ہو جائے اور میری آپ کی گفتگو قلمبند کر کے چھپوا دی جائے۔ جیسا کہ میرا ارادہ ہے تو آپ اسلام کی بڑی خدمت کریں گے۔ آپ یہ فرماتے تھے کہ آدمی کے افعال میں بھی علت و معلول اور اسباب و نتائج کا قاعدہ جاری ہے مگر یہ تو فرمائیے کہ آدمی کو نیک و بد کا شعور کیونکر ہوا۔

(۸) حُسن و قبح کا احساس فطری ہے

(۸) نیک و بد کا شعور بھی فطرۃً ہی سے ہوا۔ جس چیز سے اِس کو ایذا ہوئی۔ آدمی نے اُس کو بالطبع اپنے حق میں اور ہمدردی کے قاعدے سے دوسروں کے حق میں بھی بُرا سمجھا۔ یعنی حُسن و قبح کا احساس بھی فطری ہے۔ پس سیاست جو اَمن کے قائم رکھنے کے لیے درکار تھی۔ افعال کے حُسن و قبح کے فطری احساس سے پُوری ہو گئی۔

(۹) خدا نے اَمن کے قائم رکھنے کے لیے سب کچھ کیا۔ آدمی کو فطرۃً اَبنائے جنس کا ہمدرد بھی بنایا۔ اِس کو فطرۃً افعال کے حُسن و قبح کا احساس بھی دیا مگر پھر بھی اَمن کو قائم نہ کر سکا وہی آدم زاد ہیں۔ اور وہی اُن کے باہمی فساد و عناد۔

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (الروم ع ۵ -)

خود لوگوں ہی کی کرتوتوں سے (کیا خشکی (میں) اور (کیا) تری میں (یعنی ہر جگہ ہر طرح کی) خرابیاں ظاہر ہو چکی ہیں (اور اس کا ضروری نتیجہ یہی ہے کہ لوگ جیسے جیسے عمل کر رہے ہیں خدا اُن کو اُن کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے تاکہ وہ (ایسی حرکات سے) باز آئیں۔

(ثم) یہ تمہارا غلو اور بیہودہ خیال ہے اس سے ایک تو معاذ اللہ خدا کا عجز لازم آتا ہے۔ تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا دوسرے خدا کی حکمت اور مصلحت میں دخل در معقولات ہوا۔ خدا اگر چاہتا تو آدمی کو اس طرح کا مخلوق بناتا۔ کہ اُس میں سرتابی کا مادہ ہی نہ ہوتا

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ۝ (الزخرف ع ۶۔) اور ہم چاہتے تو تم (لوگوں) میں فرشتے (پیدا) کر دیتے کہ وہ زمین میں تمہاری جگہ آباد ہوتے۔

رہی یہ بات کہ پھر ایسا کیوں نہیں بنایا۔ اسی کو میں خدا کی خدائی میں دخل دینا کہتا ہوں۔ چھوٹا مُونہ بڑی بات

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا (الکہف ع ۱۔) بڑی ہی سخت بات ہے جو ان کے مُونہوں سے نکلتی ہے۔ نرا جھوٹ بکتے ہیں۔

اور تمہارا یہ کہنا کہ خدا نے اقامتِ امن کے لیے سب کچھ کیا مگر پھر بھی امن قائم نہ کر سکا مبنی ہے جہالت پر۔ خدا ایک امر کا ارادہ کرے اور وہ وقوع میں نہ آئے خلافِ عقل۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (یٰس ع ۵) اُس کی تو یہ شان ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو بس وہ اُس سے (اتنا ہی) فرما دیتا ہے کہ ہو اور وہ ہو جاتی ہے۔

نظامِ عالم کو نظرِ وسیع سے دیکھو تو پاؤ گے کہ انسان عقل کے اعتبار سے اشرف المخلوقات بے شک ہے مگر اکبر المخلوقات نہیں

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (المومن ۶۲) البتہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا لوگوں کے پیدا کرنے سے بہت بڑا ہے لیکن اکثر لوگ (اس کو) نہیں جانتے۔

سو آدمی کے حال سے قطع نظر کرو تو پاؤ گے کہ آسمان و زمین میں کوئی ذرہ حکمِ خدا سے باہر نہیں۔

لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ایک ذرہ بھی تو بے حکمِ خدا جُنبش نہیں کر سکتا

خدا نے جس کو جس رستے لگا دیا ہے اسی رستے چلا جاتا ہے۔ اور اپنے خاصۂ طبعی سے رتی برابر انحراف نہیں کرتا۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝ (یٰس ع ۳۔) اور چاند (رہ کہ) اُس کے لیے ہم نے منزلیں ٹھیرا دیں یہاں تک کہ (آخر ماہ میں گھٹتے گھٹتے) پھر (ایسا ٹیڑھا اور پتلا) بن جاتا ہے جیسے (کھجور کی) پُرانی ٹہنی نہ تو آفتاب ہی سے بن پڑتا ہے کہ چاند کو جا لے اور نہ رات ہی دن سے پہلے آسکتی ہے اور (کیا چاند اور کیا سورج) سب (اپنے اپنے) مدار (یعنی گھیرے) میں (پڑے) تیر رہے ہیں

یہی حال زمین اور مخلوقاتِ زمین کا ہے کہ زمین میں کششِ اجسام کا خاصہ رکھ دیا ہے اس کے خلاف کبھی نہیں ہوتا۔ پانی میں نشیب کی طرف کو بہنے کا میلان ہے تو اسی اُصول پر دریا اور ندی نالے پڑے بہ رہے ہیں۔ آدمی کا حال یہ ہے کہ وہ حاکمِ ظاہر کے حکم سے سرتابی نہیں کر سکتا تو کیف اس حاکمِ حقیقی علی الاطلاق کے حکم سے

قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ (اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہو (کہ) بھلا (بتاؤ تو سہی) کہ اگر اللہ مریم کے بیٹے مسیح کو اور اُن کی والدہ کو اور جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کو ہلاک کرنا چاہے

فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا۔ (المائدۃ ع ۳۔) تو ایسا کون ہے جس کا خدا کے آگے کچھ بھی زور چلتا ہو۔

(۲۵) مگر یہ بھی سرتا بیان تورات دن کثرت سے ہوتی رہتی ہیں۔ اور کبھی تو سرتابی کی سزا عاجلاً مل جاتی ہے جیسے نقض قواعد طبیعیات کی کہ آگ میں گرا اور جلا۔ لیکن اکثر نافرمانوں کا بال تک بھی بیکا نہیں ہوتا۔ اسی سے نافرمانیوں اور سرتابیوں کا انسداد نہیں ہوتا اس لیے کہ سیاست کا انتظام ٹھیک نہیں ہمدردی اور احساسِ حُسن وقبح افعال سے تو کچھ بھی نہ ہوا۔

(۲۶) یہ مت کہو کہ ہمدردی اور احساسِ حُسن وقبح افعال سے تو کچھ بھی نہ ہوا۔ دُنیا میں جتنا کچھ اور جیسا کچھ امن بھی دیکھتے ہو اُس کا اکثر حصہ ہمدردی اور احساسِ حُسن وقبح افعال کا طُفیل ہے۔ توضیح مطلب کے لیے ہم اپنی کتاب الحقوق والفرائض کے حصہ اول سے چند سطریں مناسب مقام نقل کرتے ہیں۔

"آدمی ایک خاص طرح کا مخلوق ہے۔ کثیر الحاجات۔ اس کی بناوٹ اس طرح کی واقع ہوئی ہے کہ آرایش اور آسایش نہ بھی سہی زندگی کی سیدھی سادی ضرورتیں اپنے بہت سے ہمجنسوں کی مدد کے بدون بہم نہیں پونچا سکتا۔ ایک ظریف کا مقولہ ہے کہ جینا تو جینا مرنا بھی بے دوسروں کی مدد کے نہیں ہو سکتا۔ اور اسی لیے آدمی تھوڑے تھوڑے بہت بہت جمع ہو کر قصبوں اور شہروں میں بستے ہیں تاکہ ایک دوسرے کی مدد کریں اور کرتے ہیں۔ موچی جوتا بناتا۔ جولاہہ کپڑا بنتا۔ درزی سیتا اور اسی طرح مصرعہ ہر یکے را بہر کارے ساختند۔ جو جس کام میں لگا ہے ابنائے جنس کی کوئی نہ کوئی خدمت کر رہا ہے۔ اور اس اعتبار سے ہر فرد بشر خادم بھی ہے اور مخدوم بھی ہے مگر چونکہ سب کو جینا ہے مصرع شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن۔ اور جینا ہے تو جینے کے ساتھ ضرورتیں اور حاجتیں بھی سب ہی کے پیچھے لگی ہیں اور چونکہ سارے آدم زاد ایک ہی طرح کے مخلوق ہیں ضرورتیں اور حاجتیں بھی سب کی قریب قریب ایک ہی طرح کی ہیں تو اکثر ضرورتوں اور حاجتوں کی کشمکش میں آدمی آپس میں لڑنے جھگڑنے بھی لگتے ہیں۔ اور لڑائی جھگڑا بھی تُو تُو مَیں مَیں تک ہو تو خیر باتوں باتوں میں خون خرابے تک کی نوبت پونہچ جاتی ہے۔ آخر بزرگوں نے دیکھا کہ یہی حالت رہی تو ایک دن یہ سب کٹ مریں گے۔ اور آدم کی نسل معدوم ہو جائے گی ناچار سلطنت کا دستور نکالا اور اپنے میں سے ایک کو سب کا سرور یعنی بادشاہ بنا کر اُس کو خدمت سپرد کی کہ اپنی رعایا میں سے کسی کو دوسرے کے حقوق میں دست اندازی نہ کرنے دے اور لوگ امن وامان کے ساتھ زندگی بسر کریں۔ اور طوعاً کرہاً سب اُس کا حکم مانیں۔ کچھ شک نہیں کہ اس انتظام سے زور وظلم کا بہت کچھ انسداد ہوا۔ مگر اس انتظام میں کئی نقص بھی تھے اور ہیں جو امن کو جیسا چاہیے قائم نہیں ہونے دیتے اوّل تو وقت کا بادشاہ جو امن کا قائم رکھنے والا ہے وہ بھی آدمیوں میں کا ایک آدمی ہے اور حرص اور طمع اور خود غرضی اور غصہ کہ اکثر ایسی ہی باتوں سے فساد پیدا ہوتا ہے یہ سب بلائیں اُس پر مُسلط ہیں اور اکثر ایسا ہوتا ہے

---

۵۱ شاید اس ظریف کا مطلب یہ ہو کہ مرغے کا کٹن دوکن ہے دوسری کی مدد کے نہیں ہوتا ۱۲

۵۲ اسی کا نام ہے تمدن آدمی کو تمدن دیکھ کر مجرموں کی سزاؤں میں سے ایک سزا نفی عن البلد (دیس نکالا) قرار پائی۔ مجرم جو سمندر پار کالے پانی بھیجے جاتے ہیں یہ بھی نفی عن البلد کی ایک شان ہے۔ علیٰ ہذا القیاس برادری سے خارج کر کے حقہ پانی بند کر دینا جو ہندوؤں میں اور خاص کر نیچ قوموں میں ابھی تک بکثرت شائع ہے۔ ابتدائے اسلام میں کفار قریش نے جیسی ہی سزا جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور ان کے ارادتمندوں کو بھی دی تھی کہ اُن کے ساتھ شادی بیاہ۔ کھانا۔ پینا۔ لین دین موقوف کر دیا تھا ۱۲

کہ خود اسی کی ذات سے اَمن میں بڑے بڑے رخنے پڑ جاتے ہیں۔ **دوسرے** وہ جو کہتے ہیں اکیلا سُور بچّا بھاڑ کو تو نہیں پھوڑ سکتا۔ رعایا میں اَمن قائم رکھنے کے لیے بادشاہ کو چاہیئیں۔ اعوان و انصار یعنی علے فصلے۔ لاؤ لشکر۔ اور پھر وہ بھی آدمی ہوں گے اور اپنے اغراض کو دخل دے کر نئے نئے فساد کھڑے کریں گے اور یہی کچھ کہیں ہوں اور عدالتوں میں ہو رہا ہے۔ غرض اِس ظاہری سلطنت کے اِنتظام سے تو لوگوں میں کامل اَمن و اَمان کے قائم رکھنے کی توقع کرنی فضول ہے۔ **مصرع** اوخویشتن گم است کرا رہبری کند ٭ باایں ہمہ منصف مزاج اور خدا ترس بادشاہوں نے بیشتر کچھ کیا ہے اور اب بھی بہتیرے کچھ کر رہے ہیں۔ اور اِس لیے وہ ہماری شکر گزاری کے مستحق ہیں۔"

"بادی النظر میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کا اِنتظام حکّامِ وقت کرتے ہیں۔ اور جُرموں کا انسداد جتنا کچھ بھی ہے اُن کے قوانین کی وجہ سے ہے کہ قانون کے ڈر سے کوئی کسی پر کسی طرح کی زیادتی نہیں کرتا اور کرتا ہے۔ تو اُس کو زیادتی کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔ ہم کو بھی اِس سے اِنکار نہیں۔ مگر ہمارا کہنا یہ ہے کہ ایک چھٹانک اِنتظام حکّامِ وقت کا قانون کرتا ہے۔ تو اُس کے مقابلے میں مَن بھر بلکہ زیادہ قانونِ الٰہی کرتا ہے جس کا دوسرا نام ہے **شریعت یا دین یا مذہب** اِس لیے کہ **اوّل** تو حاکمِ وقت کا قانون نقل ہے قانونِ الٰہی کی۔ اور نقل بھی ہے تو ناقص و ناتمام۔ کجا حاکمِ وقت اور کجا خدائے تعالیٰ۔ **مصرع** چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک ٭ حاکمِ وقت کیسا ہی بیدار مغز اور با اقتدار ہو پھر بھی بندہ بشر ہے۔ مُرَکَّبٌ مِّنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ اور اُس کا اختیار بھی محدود ہے اِنَّمَا تَقْضِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا یا آدمی کیا اُس کا قانون کیا پدّی کیا پدّی کا شوربا۔ **دوسری** بات یہ ہے کہ جُرموں کا وقوع اِس طرح پر ہوتا ہے کہ مُجرم پہلے جرم کا ارادہ کرتا ہے۔ پھر جس فعل کا ارادہ کرتا ہے۔ اُس کو کر گزرتا ہے تو ارادے تک حاکمِ دنیا اُس کا کچھ نہیں کر سکتا اِس لیے کہ اُس کو لوگوں کے دلی ارادے کا علم نہیں ہو سکتا۔ ہاں وقوعِ جُرم کے بعد وہ اختیار رکھتا ہے۔ کہ مجرم کو سزا دے۔ غرض جُرم کا ارادہ قانونِ دنیا کی رُو سے جرم نہیں لیکن قانونِ الٰہی میں جرم کا ارادہ کرنا بھی جُرم ہے۔

وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ (البقرہ ع ۴) اور (لوگو!) جو تمہارے دلوں میں ہے اگر اُس کو ظاہر کرو یا اُس کو چھپاؤ اللہ تم سے اُس کا حساب لے گا۔

اور ظاہر ہے کہ ارادہ اصل ہے اور فعل اُس کی فرع تو نتیجہ کیا نکلا کہ قانونِ الٰہی جرموں کو جڑ سے اُکھاڑتا ہے اور حاکمِ وقت کا قانون جرموں کی جڑ پر تو دسترس نہیں رکھتا۔ ٹہنیوں اور پتّوں کو کاٹتا چھانٹتا رہتا ہے۔ بدی کی جڑ بدستور قائم ہے۔ یا دوسرے لفظوں میں یوں سمجھو کہ

سلہ آدمی بھول چوک کا پتلا ہے ۱۲ علہ تو دنیا کی یہی زندگی پر حکمرانی کرتا ہے فرعون دعویٰ خدائی کرتا تھا حضرت موسےٰ علیہ السلام پیغمبر بنا کر بھیجے گئے تو اُنھوں نے فرعون اور اُس کی قوم کو خدائے واحد کی طرف بُلایا مگر فرعونیوں نے حضرت موسیٰ کو جادوگر بتلایا اور اُن کے مقابلے کے لیے دُور دُور کے شہروں جادوگر جمع کیے ایک وسیع اور ہموار میدان میں مقابلہ ہوا اور انجام کار جادوگر مغلوب ہو کر حضرت موسےٰ پر ایمان لائے یہ دیکھ کر فرعون نے جادوگروں کو سزا سے ڈرایا دھمکایا اس پر جادوگروں نے جو موسےٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے تھے یہ کہا) ۱۲

عہ آج کل سود بینی وغیرہ قسم کی جو خود غرضیاں ہو رہی ہیں یہ نتیجے ہیں اس کے کہ تعلیم میں مذہب داخل نہیں اور تعلیم یافتہ انگریزی خوانوں کے دل سے بوجہ تاثیت مذہب کی حکومت اُٹھ گئی ہے پس اُن کے دل خود بخود اِس خدا کی حکومت سے آزاد اسی واسطے وہ حکّامِ ظاہر کی حکومت سے آزادی چاہتے ہیں۔ اسلام کی رُو سے حکّامِ ظاہر کی حکومت کی اطاعت مشروع ہے اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ پھر جس نے اس آیت کو سُنا تک نہ ہو وہ اُس پر عمل کرے کیا؟

کہ قانونِ الٰہی باطن اور ظاہر دونوں کی اصلاح کرتا ہے اور حاکمِ وقت کا قانون فقط ظاہر کی۔ حکامِ وقت کے قانون میں اس کے سوا ایک نقص اور ہے کہ اس قانون میں ثبوتِ جرم کا مدار شہادت پر ہے۔ اور شہادت نہ ہو یا ہو اور کافی نہ ہو تو مجرم سزا سے بچ جاتا ہے اور ایسی صورتیں ہر حاکم کے اجلاس میں روز پیش آتی رہتی ہیں۔ بخلاف اس کے قانونِ الٰہی کا مجرم سزا سے بچ ہی نہیں سکتا۔ نفسِ لوّامہ کا مجسٹریٹ مجرم کے دل میں بیٹھا ہوا اس کو ندامت اور ملامت اور حسرت اور افسوس کی سزا دے رہا ہے جس کی سزا قید اور جرمانے اور تازیانے سے بڑھ کر ہے۔"

(س) بے شک اب سمجھ میں آیا کہ دنیا کا انتظام جہاں تک اس کو آدمی سے تعلق ہے ہمدردی اور احساسِ حسن و قبحِ افعال کو اس میں بہت بڑا دخل ہے۔

(م) ابھی تک بھی تم نے ہمدردی اور احساسِ حسن و قبحِ افعال کی عظمت کا واجبی اندازہ نہیں کیا۔ ہمدردی کہنے کو ایک مختصر سا لفظ ہے مگر اس میں دیوانی فوجداری وغیرہ یعنی فقہ کے تمام ضوابط اور قوانین اور احکام داخل ہیں۔ واضعِ قانون کیا کرتا ہے کہ مثلاً چوری کی نسبت اس کو قانون بنانا ہے تو وہ خیال کرتا ہے کہ مثلاً زید میرے گھر میں چوری کرے تو اس کے اس فعل سے مجھے راحت پر پہنچے گی یا تکلیف۔ اس کا دل اندر سے بولتا ہے کہ تکلیف۔ اب وہ ہمدردی کی بنا پر خیال کرتا ہے کہ جیسا بشر ہیں ویسے بشر عمرو ڈھمکٹ فلاں وہاں سب۔ جیسا احساسِ تکلیف مجھ کو ویسا اُن کو۔ پس وہ چوری کو قیاساً علیٰ نفسہٖ جرم قرار دیتا ہے۔ اب وہ سوچتا ہے کہ چوری سے امن میں خلل پڑتا ہے۔ اس کا انسداد ہو تو کیونکر ہو۔ پس وہ چور کی سزا تجویز کرتا ہے تاکہ چور سزا کے ڈر سے پھر ایسی حرکت نہ کرے اور دوسروں کو بھی عبرت ہو۔ اور یہی حال ہے تمام مسائلِ فقہی کا۔ اوامر کا نواہی کا تمام افعال مستحقِ اجر اور مستوجبِ عقاب کا۔ ہمدردی اور احساسِ حسن و قبحِ افعال کا خیال بقائے روح کے خیال کے ساتھ مل کر ایک بڑے ضروری خیال عاقبت کو ہماری فطرت کے حدود میں لے آتا ہے۔ کہ یہ نہ ہو تو دنیا کیا ہے ایک جملہ ہے ناتمام جس میں مبتدا کی خبر نہیں شرط کی جزا نہیں۔

(س) یہ تو کچھ اچھی طرح سمجھ میں نہیں آیا۔

(م) کیا مضایقہ۔ بات ذرا ہے بھی پیچیدہ۔ مطلب ہے کہ آدمی نے دیکھا کہ علت و معلول اور اسباب و نتائج کا جیسا قاعدہ موجودات میں ویسا آدمی کے افعال میں۔ موجودات میں تو ہم دیکھتے ہیں کہ نقضِ قاعدہ کبھی نہیں ہوتا۔ آدمی کے افعال میں قاعدے کا عملدرآمد یکسانی کے ساتھ کیوں نہیں۔ ہر بدکرداری ہر نافرمانی۔ ہر سرتابی پر سزائے عاجل اسی زندگی میں کیوں مرتب نہیں ہوتی۔ آدمی یہ سوچ ہی رہا تھا۔ کہ بقائے روح کے خیال نے اس کو متنبہ کیا۔ اور وہ سمجھا کہ علت و معلول اور اسباب و نتائج کا قاعدہ تو صرف لزومِ علت و معلول کو ظاہر کرتا ہے۔ کہ سبب پایا جائے گا۔ تو اس کا نتیجہ لازمی ضرور ہو کر رہے گا۔ سو یہ ہو تو اور بد یہ ہو تو۔ اور چونکہ آدمی مرنے سے معدوم نہیں ہوتا۔ اور مرنے پیچھے بھی اس کی روح باقی رہتی ہے۔ اور بقائے روح بھی ایک طرح کی زندگی ہے تو گو دنیا کی زندگی میں مجرم کو نتیجۂ بد پیش نہ آیا۔ بقائے روح کی زندگی میں پیش آکر رہے گا مگر پیش آکر رہے گا ضرور۔ اور وہاں کا نتیجۂ بد یعنی سزا یا عذاب خدا اس سے محفوظ رکھے۔ دنیا کے نتیجۂ بد سے زیادہ موذی ہوگا

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا اور آخرت کا عذاب تو دنیا کے عذاب سے کہیں بڑھ کر ہے۔ اے کاش

يَعْلَمُوْنَ ۝ (القلم ع ۱-) (اس زمانے کے کافر سمجھتے ہوتے۔

دیکھو معارفِ فطرت حسبِ ترتیبِ ذیل مذہب کی عمارت کو کس طرح درجہ بدرجہ بناتا ہے۔

(۱) معرفتِ الٰہی (۲) عبادت (۳) رضاجوئی (۴) ہمدردی (۵) احساسِ حسن وقبح افعال (۶) جزا سزا - (۷) عاقبت

انسان کو خدا کا بڑا ہی احسان ماننا چاہیئے کہ اُس نے آدمی کو جب کہ وہ جانوروں جتنی عقل بھی نہیں رکھتا تھا۔

قطعہ
مرغک از بیضہ بروں آید و روزی طلبد — آدمی زادہ ندارد خرد و عقل و تمیز
آں بناگاہ کسے گشت و بچیزے نے رسید — وین بہ تمکین و فضیلت بگزشت از ہمہ چیز

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (النحل ع)

اور (لوگو!) اللہ ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا (اور اُس وقت) تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اور تم کو کان دیئے اور آنکھیں (دیں) اور دل (دیئے) تاکہ تم اُس کا شکر کرو۔

غرض خدا نے محض اپنی مہربانی سے آدمی کو جب کہ وہ جانوروں جتنی عقل بھی نہیں رکھتا تھا تعلیم کے لیے اُستادِ فطرت کے حوالے کیا فطرت نے اس کو ایسی مفید اور نافع تعلیم دی جس سے دنیا اور آخرت دونوں میں آدمی کا بیڑا پار ہو گیا - اور اُس کو کسی کی منت نہ اُٹھانی پڑی - اب ذرا تھوڑی دیر کے لیے پھر عمارت کے ضلع میں آؤ کہ معارفِ فطرت نے مذہب کی عمارت تو بنا کھڑی کی جس میں کسی طرح کی کور کسر نہیں - مگر اُس کی نگہداشت کا انتظام بھی ضرور ہے - کہتے ہیں کہ جس مکان میں چالیس دن جھاڑو نہ دی جائے رات کے وقت چراغ نہ جلے اُس کی لیپ پوت نہ ہوتی رہے پڑے پڑے کھنڈر ہو جاتا ہے - تو خدا جسکو ہر طرح پر انسان کی بہبود منظور تھی اُس کے مذہب کی عمارت کو درست رکھنے کے لیے پیغمبر بھیجتا رہا۔

(رس) یہ کام بھی فطرت ہی سے لینا تھا۔

(رھ) پھر تم نے خدا کے کاموں میں دخل دیا خدا کی باتیں خدا ہی جانے * اور میں تم کو اس بیہودگی پر کئی بار ملامت کر چکا ہوں تم اپنی ہستی کو کیوں بھولتے ہو - تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کوئی کام - کہاں راجہ بھوج کہاں بھوا تیلی - مچھر کو کہتے ہیں کہ اُس کی میعادِ حیات تین دن ہے - اِس کو کیا زیبا ہے کہ عالم کے حدوث و قدم میں رائے زنی کرے ؎

کیا جانیں ہم زمانے کو حادث ہے یا قدیم — کچھ ہو بلا سے اپنی کہ ہیں فانیوں میں ہم

(۹) رسالت

(رس) (دونوں گلوں پر تھپڑ مار کر) الٰہی توبہ - الٰہی توبہ -

(رھ) میں نے تو تمہارے سمجھانے کو عمارت اور اُس کی نگہداشت کے ضلع میں بات کی تھی - ورنہ جب سے انسان تبھی سے فطرت تبھی سے مذہب - تبھی سے پیغمبر - پیغمبر تو شروع ہی سے فطرت کی تائید میں لگے ہیں۔

(رس) چاہیئے تھا کہ پیغمبروں کے آنے سے مذہب کے قبول کرنے میں آسانی ہوتی - کیونکہ ایک فطرۃ کا تقاضا دوسرے

* مطلب یہ ہے کہ جب پیدا ہوتے وقت تم بے شعور تھے تو اسی سے معلوم ہوا کہ تم اپنے ارادے سے نہیں پیدا ہوئے ۱۲

پیغمبروں کی تائید مگر ہم دیکھتے ہیں کہ خلافِ توقع آسانی کے عوض مشکلیں بڑھ گئیں - خدا خدا کر کے فطرت کے تقاضے سے خدا کو پہچانا تھا اُس کی مرضی معلوم کی تھی - اَب وہی دقتیں رسولوں کے بارے میں اُٹھانی پڑیں - اِس لیے کہ خدا کے بارے میں اتنا اختلاف نہیں جتنا کہ رسولوں کے بارے میں آپ ہی نے فرمایا تھا کہ جب سے آدمی ہے تبھی سے پیغمبر بھی ہیں ایک - اور دوسرے اِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ (کوئی اُمت ایسی نہیں (ہوئی) کہ اُس میں کوئی ڈرلانے والا نہ گزرا ہو)

اور مَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝ (بنی اسرآءیل ع ۲ -) اور جب تک ہم رسول نہ بھیج کر اتمامِ حجت (تذکیر) نہ کر لیں کسی کو اُس کے گناہ کی سزا نہیں دیا کرتے -

اس رُو سے خدا جانے کہاں کہاں کتنے پیغمبر ہوئے - اِن کی کوئی کامل فہرست مُرتب نہیں - اُمتوں کا حال یہ کہ تمام روئے زمین پر پھیلی ہوئی ہیں - شروع شروع میں تو لوگ باہم آمد و رفت کم رکھتے تھے - اور ایک مُلک کے رہنے والوں کو دوسرے ملک والوں سے کچھ بحث نہ تھی - جیسی جیسی دنیا ترقی کرتی گئی - لوگوں میں اختلاط بڑھتا گیا - نوبت بایں جا رسید کہ اَب تمام روئے زمین کے باشندے گویا ایک ہی اُمت ہیں -

(۴) تمہارا قطع کلام کر کے کہتا ہوں کہ اِسی واسطے تو ہم مُسلمان رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو مبعوث الی کافۃ الناس مانتے ہیں

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ (السبا ع ۳ -) اور (اے پیغمبر) ہم نے تو تم کو تمام (دنیا کے) لوگوں کی طرف (پیغمبر بنا کر) بھیجا ہے -

(۵) خیر میں اِس میں بعد کو کلام کروں گا - میں یہ کہہ رہا تھا کہ اَب تمام روئے زمین کے باشندے گویا ایک ہی اُمت ہیں ایسا کون سا مُلک ہے جس کا جغرافیہ اور ایسی کون سی قوم ہے جس کی تاریخ نہیں - اسلام عرب کی پیداوار ہے - اِس کے پیرو اپنے ساتھ یہود اور نصاریٰ دو مذہبی گروہوں کو اہلِ کتاب مانتے ہیں - اہلِ کتاب وہ لوگ جن کو خدا کے یہاں سے عمل کرنے کے لیے کتاب ملی ہو - تو قرآن میں جا بجا ضمناً اُن ہی پیغمبروں کا مذکور ہے - جن کے نام حضرت موسیٰ کی تورات اور حضرت عیسےٰ کی انجیل میں پائے جاتے ہیں وہ بھی سب کا نہیں - اور اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ عرب میں مُشرکوں اور بُت پرستوں کے علاوہ یہود اور نصاریٰ دو ہی مذہبی گروہ بستے تھے اور اِن کے پیغمبروں کا مذکور بھی قرآن میں استشہاد کے طور پر ہے - کہ اِن کی تعلیم بھی قرآن کی تعلیم سے متحد تھی - بعد کو یہود اور نصاریٰ نے اِس میں ردّ و بدل کر دیا ہے - غرض قرآن میں دوسرے ممالک و دور دست کے پیغمبروں کا کہیں نام و نشان تک نہیں - حالانکہ کوئی مُلک کبھی بے پیغمبر کے نہیں رہا جیسا کہ قرآن خود اس کا معترف ہے - پھر ایک مصیبت یہ ہے کہ یہود اور نصاریٰ اور مسلمان بھی پیغمبروں کے بارے میں مختلف ہیں یہود ہیں کہ مسیح علیہ السلام کو نہیں مانتے یہود و نصاریٰ دونوں پیغمبر صاحب اسلام کو - غرض پیغمبروں کی تشریف آوری نے تو مذہب کو بیخ و بُن سے ہلا مارا - جو شخص مذہب کی تحقیق کرنا چاہے اُس کو بڑی ہی مشکل پیش آتی ہے - اور وہ نفسِ مذہب کی طرف سے مایوس ہو کر بیٹھ رہتا ہے - اور

۱؎ اِس کا پہلا ٹکڑا یوں ہے اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ - یعنی (اے پیغمبر) فی الواقع ہم ہی نے تم کو (خوشخبری سنانے والا اور (عذابِ خدا سے) ڈرلانے والا (بنا کر) بھیجا ہے - اور کوئی اُمت ایسی نہیں (ہوئی) کہ اُس میں کوئی ڈرلانے والا نہ گزرا ہو ۱۲

"تقاضائے فطرت جو پہلے ہی سے ضعیف تھا مضمحل ہو کر بے اثر ہو جاتا ہے۔

(ھم) یہ وقتیں جو تم بیان کرتے ہو بالکل ٹھیک ہیں اور مَیں خود مدتوں اِن میں غلطاں پیچاں رہا ہوں۔ اور بارہا مجھکو خیال آیا ہے کہ اِس جھگڑے کو الگ کروں مگر خدا نے میری دست گیری کی اور مَیں مذہب کی بھول بھلیاں سے کُودا نکل آیا۔ اور اَب خدا کے فضل سے مجھکو مذہب کی طرف سے پُورا اطمینان ہے وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ مگر ہاں یہ ہے کہ میری مَت کسی کی مَت سے نہیں ملتی۔ اور اسی وجہ سے کسی کسی وقت مجھکو خیال آتا ہے کہ اَور لوگ بھی میری ہی طرح کی عقل رکھتے ہیں۔ اُن کی فطرت بھی میری ہی طرح کی ہے۔ نیکی بدی کا معیار بھی میرا اُن کا قریب قریب یکساں کے ہے۔ اُن پر بدگمانی کرنے کا مجھکو کوئی حق نہیں کہ اُنھوں نے جان بُوجھکر غلط رستہ اختیار کیا ہے تو کیوں مَیں اُن کو برسرِ حق اور جمِ غفیر کے مقابلے میں اپنے تئیں برسرِ حق سمجھوں۔

(س) یہ عُقدہ مشکل آپ نے کیوں کر حل کیا ہوگا؟

(ھم) جس طرح قرآن کے ذریعے سے اَور عُقدے حل کیے۔ اسی طرح اِس عُقدے کو بھی حل کیا۔ مَیں نے قرآن میں پڑھا کہ خدا جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے فرماتا ہے۔

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ لَّسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ (الغاشیہ ع ۱ -)	تو (اے پیغمبر تم لوگوں کو) سمجھاؤ (اور) تم تو (خالی) سمجھانے والے ہو اور بَس تم اُن پر کچھ داروغہ کی طرح تو تعینات ہو) نہیں۔
اور آیات مَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيظٍ ۝ (الانعام ع ۱۳ -)	اور (اے پیغمبر اِن مشرکوں سے کہو کہ) مَیں تم لوگوں کا کچھ محافظ تو ہوں نہیں
اور وَمَا جَعَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ۝ (الانعام ع ۱۳ -)	اور (اے پیغمبر) ہم نے تم کو اِن (مشرکین) پر (کوئی) محافظ تو (مقرر) کیا نہیں اور نہ تم اُن پر تعینات ہو کہ (اُن کو بھٹکنے نہ دو)
اور لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ (الکفرون ع ۱ -)	تم کو تمھارا دین اور مجھکو میرا دین
اور فَمَن شَاءَ فَلْيُؤْمِن وَمَن شَاءَ فَلْيَكْفُرْ (الکہف ع ۴)	پس جو چاہے مانے اور جو چاہے نہ مانے۔

اسی کی تائید میں ہیں تو مَیں نے ؎

رندِ خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو — تجھکو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تُو

لہ مزید توضیح کے لیے اُوپر کی آیتیں مع ترجمے کے نقل کر دی جاتی ہیں قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ یعنی (اے پیغمبر اِن کافروں سے) کہو کہ (اے) کافرو نہ (تو اِس وقت) مَیں (تمھارے) اُن (معبودوں) کی پرستش کرتا ہوں جن کی تم پرستش کرتے ہو اور جس (خدا) کی مَیں پرستش کرتا ہوں تم بھی (اِس وقت) اُس کی پرستش نہیں کرتے اور (آیندہ بھی) نہ (تو) مَیں (تمھارے) اُن (معبودوں) کی پرستش کروں گا جن کی تم پرستش کرتے ہو اور نہ تم (اِس سے توقع ہے کہ) اُس (خدا) کی پرستش کرو گے جس کی مَیں پرستش کرتا ہوں (تو میرا تمھارا میل کیا) تم کو تمھارا دین اور مجھکو میرا دین ۔

لہ کافروں سے دیکھا کہ اسلام بڑھتا ہی چلا جاتا ہے تو عاجز آکر پیغمبر صاحب سے درخواست کی۔ کہ آؤ ہم تم باری باندھ لیں ایک سال ہم تمھارے خدا کی پرستش کر لیا کریں ایک سال تم ہمارے بتوں کی پرستش کر لیا کرنا اُس کے جواب میں یہ سُورت نازل ہوئی کہ ہم میں تم میں نہ تو ابھی موافقت ہے اور نہ آیندہ ہو سکتی ہے توحید اور شرک کیسے جمع ہو سکتے ہیں تو یہ تمھاری درخواست محض بیہودہ درخواست ہے ۱۲ ۔

کارِ خود کن کار بے گانہ مکن در زمینِ دیگراں خانہ مکن

کو اپنا دستورِ عمل قرار دیا۔ پیغمبر صاحب تو تبلیغِ اسلام ہی کے لیے مبعوث ہوئے تھے۔

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۖ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ ۚ وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (المائدہ ع ۱۰-)

(اے پیغمبر جو احکام) تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل ہوئے ہیں (بلاکم و کاست لوگوں کو) پہنچا دو اور اگر تم نے (ایسا) نہ کیا تو (سمجھا جائے گا کہ) تم نے خدا کا کوئی پیغام (بھی لوگوں کو) نہیں پہنچایا اور اللہ تم کو لوگوں (کے شر) سے محفوظ رکھے گا

اور آیاتِ مذکورۂ بالا سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلموں کے مذہب سے تعرض کرنے کی ممانعت ہے تو ان دونوں باتوں میں بظاہر ایک طرح کا تناقض پایا جاتا ہے۔ آیہ

ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ (النحل ع ۱۶-)

(اے پیغمبر) لوگوں کو (عقل کی باتوں اور اچھی اچھی نصیحتوں سے اپنے پروردگار کے رستے کی طرف بلاؤ اور ان کے ساتھ بحث (بھی) کرو (تو) ایسے طور پر کہ وہ (لوگوں کے نزدیک) بہت ہی پسندیدہ ہو

نے تناقضِ ظاہری کی توفیق کر دی۔ اور تبلیغِ رسالت کو بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ کے ساتھ مقید و محدود کر دیا۔ اس پر بھی کہا جاتا ہے کہ اسلام بزورِ شمشیر پھیلایا گیا ہے۔

سُبْحَانَكَ هَٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ (النور ع ۲)

حاشا و کلا یہ تو بڑا (بھاری) بہتان ہے۔

میں نے سوچا کہ میں تو پیغمبر بھی نہیں اور بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ کا عمل بھی بے تاثیر ہے۔ اور

وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (آل عمران ۱۱۶)

اور (مسلمانو!) تم میں ایک ایسا گروہ بھی ہونا چاہیئے جو (لوگوں کو) نیک کاموں کی طرف بلائیں اور اچھے کام (کرنے) کو کہیں اور برے کاموں سے منع کریں۔

کے فرض کفایہ کا بیڑا مولوی اٹھائے ہوئے ہیں۔ ان خیالات کی وجہ سے میں تو کسی کے مذہب سے کوئی بھی ہو کچھ سروکار ہی نہیں رکھتا اگر کسی کو اسلام میں آتا سنوں تو خوش نہیں ہوتا۔ چند ہیں شکل برائے اکل" جاتا سنوں تو افسوس نہیں کرتا۔ حس کم جہاں پاک"۔ لوگ جو پیشوایانِ مذہب اور بزرگانِ اوّیان کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں کہ ایک کو بڑھاتے پیراں نے پرند مریداں مے پرانند" "پیرِ من خس است اعتقادِ من بس است" ایک کو گھٹاتے **قطعہ**

چشمِ بد اندیش کہ برکندہ باد عیب نماید ہنرش در نظر

در ہنرے داری و ہفتاد عیب دوست نہ بیند بجز آن یک ہنر

وَعَيْنُ الرِّضَى عَنْ كُلِّ عَيْبٍ كَلِيلَةٌ وَلَكِنَّ عَيْنَ السُّخْطِ تُبْدِي الْمَسَاوِيَا

میں تو اس لڑائی کو اس سے زیادہ وقعت نہیں دیتا کہ شیر شاہ کی ڈاڑھی بڑی تھی یا سلیم شاہ کی"۔ جتنے دین دنیا میں جاری ہیں

سلہ اور خوشنودی و رضامندی کی آنکھ ہر عیب سے اندھی ہوتی ہے لیکن دشمنی اور ناپسندیدگی کی آنکھ تمام برائیوں کو ظاہر کر دیتی ہے ۱۲

چاہے وہ دین خدائی دین ہو یا آدمی کا بنایا ہوا صداقت سب میں ہی۔ دین کسی آدمی نے بھی بنایا ہی۔ تو وقت اور موقع کے لحاظ سے آدمی کے فائدے کے لیے بنایا ہی نہ اُس کے نقصان کے لیے۔ آغاز میں سب دین بجائے خود معقول تھے۔ جوں جوں زمانہ گزرتا گیا۔ اُس کے معتقدین کے تصرفات سے اُس میں نامعقولیت آتی گئی۔ سب سے جدید العہد مذہب اسلام ہی یا اپنے اتنے ہی دنوں میں اُس کے معتقدات اُس کے اعمال میں اتنا ردّ و بدل ہو گیا ہی کہ اسلام خالص سے کچھ مناسبت نہیں۔ وائے برحال دوسرے ادیان کے جو اسلام سے بہت زیادہ عمر کے ہیں۔ اگر تمام مذاہب کے پیرو اس بات میں میرے ہم خیال ہو جائیں۔ تو دُنیا کی کایا پلٹ جائے مگر کیوں ہونے لگے۔

وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ إِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ (ھود ع ۱۰) اور لوگ ہمیشہ (آپس میں) اختلاف کرتے رہیں گے مگر جس پر تمھارا پروردگار فضل کرے اور اسی لیے تو اُن کو پیدا کیا ہی۔

وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ

(س) اثناءِ گفتگو میں میرے مُنہ سے یہ بات نکل گئی تھی کہ خدا کو جو کام پیغمبروں سے لینا تھا وہ بھی فطرۃ ہی سے لینا تھا اس پر آپ نے مجکو بڑی سختی سے زجر کیا تھا اور آپ کا زجر وجہی تھا مگر میں یہ عرض کرتا ہوں کہ خدا کے کام میں اُس کی مصلحتیں اور حکمتیں دریافت کرنے کی نیت سے رائے کے دخل دینے اور غور کرنے میں بھی کچھ قباحت ہی؟

(ھ) قباحت کیسی۔ غور و فکر سے تو ایمان اور قوی اور یقین حق اور یقین ہوتا ہی۔

(س) بابے پُوچھ گچھ کا رستہ تو کھلا بھلا یہ تو فرمائیے کہ پیغمبر بھی ہم ہی جیسے آدمی ہیں۔

(ھ) آدمی ہیں مگر ہم جیسے نہیں۔

(س) کیا پیغمبروں کی فطرت کچھ دوسری طرح کی ہی۔ ہماری فطرت سے متغایر۔

(ھ) جنسیۃ کے اعتبار سے تو ہماری اور پیغمبروں کی فطرت یکساں ہی

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (حٰمٓ السجدۃ ع ۱۔) (اے پیغمبر) ان لوگوں سے (کہو کہ میں (بھی) تم ہی جیسا بشر ہوں مگر نوعیت کے اعتبار سے مختلف

يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ (حٰمٓ السجدۃ ع ۱) مجھ پر وحی آتی ہی کہ تمھارا معبود بس (وہی) ایک معبود ہی۔

قواعد فطری سب آدمیوں میں بلا استثنائے احد یکساں ہیں۔ مگر افراط تفریط اور اعتدال قوی کی رُو سے لوگوں کے مزاج متفاوت ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مبدأ فیاض نے حافظہ سب آدمیوں کے سروں میں رکھا ہی مگر کسی کا حافظہ قوی ہی۔ کسی کا ضعیف کسی کا بدرجۂ متوسط اور اسی پر دوسرے قوی کو قیاس کر لو اس کو ایک مثال سے خوب سمجھو گے

وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ أَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقٰى بِمَاءٍ وَّاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ

اور زمین میں پاس پاس کئی (کئی) قطعے (ہوتے) ہیں اور انگور کے باغ اور کھیتی اور کھجور کے درخت (جن میں بعض) دو شاخے (رہتے) ہیں اور بعض دو شاخے نہیں (ہوتے) حالانکہ سب کو ایک ہی پانی دیا جاتا ہی اور (پھر بھی) ہم بعض کو بعض پر پھلوں میں برتری دیتے ہیں

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝ (الرعد ع ۱-)

بے شک جو لوگ عقل کو کام میں لاتے ہیں اُن کے لیے ان باتوں میں (قدرتِ خدا کی بہتیری ہی) نشانیاں (موجود) ہیں۔

ایک درخت میں ایک قسم کے سیکڑوں ہزاروں پھل لگتے ہیں اُن میں سے معدودے چند ہر طرح سے عمدہ ہوتے ہیں۔ کہ کوئی پھل اُن کو نہیں پاتا۔ یہی حال پیغمبروں کا ہے۔ کہ ان میں بھی سب بشری خواص موجود ہوتے ہیں۔ مگر درجۂ توسّط میں اور معتدل اور پیغمبروں کے معصوم ہونے کے بھی یہی معنے ہیں کہ اِن کے قُویٰ میں نہ افراط ہوتی ہے۔ کہ اُن کے زور کو دبایا جائے اور نہ تفریط کہ اُن کو زور دیا جائے یعنی

خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَاطُهَا — بہتر ہیں اُمور بیچ کی راس کے کام ہیں

کی رُو سے وہ انسانِ کامل ہوتے ہیں اور اسی اعتدالِ قُویٰ کی وجہ سے خدا اُن کو خدمتِ رسالت کے لیے منتخب فرماتا ہے کہ اپنا نمونہ دکھا کر دوسرے لوگوں کی فطری قوتوں کو اعتدال پر لانے کی کوشش کریں۔ تاکہ لوگوں میں قُوائے فطری کے افراط و تفریط کی وجہ سے کسی طرح کی کشمکش واقع نہ ہو جس سے نقضِ امن لازم آئے۔ یہ ہے پیغمبروں کے بھیجنے کی اصلی غرض۔

(۱۱) خدا نے انسان کی فطرت کو تو اپنی معرفت کا سبب قرار دیا اس پر بھی آدم کی نسل میں چند ایسے ناخلف پیدا ہوئے کہ بعض نے انکار کیا بعض نے شرک کہ وہ انکار نہیں۔ تو مرادِ انکار ہے اور بعض کے سر میں ایسا خناس سمایا کہ لگے اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰی۔ کہنے پیغمبروں کی شناخت کا ذریعہ کیا ہے وہ پہچانیں گے نہیں تو مانیں گے کیا۔

(۱۲) وہی فطرت۔

(۱۳) فطرت کی چیخ پکار تو مکھی کی بھنبھناہٹ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی۔ ہم میں سے ایک ۶ بدنام کنندۂ نکونامے چند خدا سے لڑنے کے لیے تو خم ٹھوک کر سامنے آ کھڑا ہوا تھا۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ یٰهَامٰنُ ابْنِ لِیْ صَرْحًا — اور فرعون نے (اپنے وزیر ہامان سے) کہا کہ اے ہامان ہمارے لیے

---

۱۱ یہ فرعون کا مقولہ ہے جس کا قصہ قرآن مجید میں متعدد جگہ مختلف پیرایوں میں کہیں بالتفصیل کہیں بالاجمال مذکور ہوا ہے اُس مقام پر جہاں کا یہ ٹکڑا ہے نہایت مختصر لفظوں میں یُوں ارشاد ہوا ہے وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ مُوْسٰۤی اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی اِذْهَبْ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰۤی اَنْ تَزَكّٰی وَاَهْدِیَكَ اِلٰی رَبِّكَ فَتَخْشٰی فَاَرٰىهُ الْاٰیَةَ الْكُبْرٰی فَكَذَّبَ وَعَصٰی ثُمَّ اَدْبَرَ یَسْعٰی فَحَشَرَ فَنَادٰی فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰی فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰی یعنی (اے پیغمبر) موسےٰ کا قصہ بھی تم کو پہنچا ہے؟ جب اُن کو طُویٰ کے میدانِ پاک میں (جس میں وہ طور واقع ہے) اُن کے پروردگار نے پکار کر فرمایا کہ (موسیٰ) فرعون کے پاس (چلے) جاؤ کہ اُس نے بہت سر نکال رکھا ہے اور (اُس سے جا کر) کہو کہ (بھلا) تجھ کو اس کا بھی فکر ہے کہ تو (کفر کی گندگی سے) پاک صاف ہو جائے اور میں تجھ کو تیرے پروردگار کی طرف (کا) رستہ دکھا دوں اور تو (اُس سے) ڈرے چنانچہ موسیٰ نے جا کر اُس کو (عصا کا بڑا معجزہ دکھایا تو اُس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی (پھر اپنی جگہ کو) لوٹ گیا اور (پروردگار کی) تدبیر کے خلاف) تدبیریں کرنے یعنی (لوگوں کو) جمع کیا اور (اُن میں یُوں) منادی کرا دی اور (آواز بلند کر) کہا کہ میں تمہارا (سب سے) بڑا پروردگار ہوں تو اُس کو خدا نے آخرت اور دنیا دونوں کے عذاب میں دھر پکڑا ہے شک جو شخص خدا سے ڈرتا ہے اُس کے لیے اِس (واقعے) میں (بڑی) عبرت ہے ۱۲

تَعَالَى أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ أَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَأَطَّلِعَ إِلٰى إِلٰهِ مُوسٰى وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ كَاذِبًا (المؤمن ع ۴-)

ایک محل بنوا تاکہ جو آسمان (پر چڑھنے) کے رستے ہیں ہم اُن رستوں پر جا پہنچیں پھر ہم موسےٰ کے خدا تک (آسانی سے) پہنچ جائیں گے اور ہم تو موسےٰ کو (اس بیان میں) جھوٹا ہی سمجھتے ہیں ف۱

مگر خدا اتنی دُور عرش پر جا بیٹھا کہ اُس تک ہمارا پہلوان پہنچ نہ سکا۔ اور اس سے خدا کی جان بچ گئی۔ پیغمبر بیچارے بھاگ کر کہاں جاتے اِن کے ساتھ

أَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوٰى أَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ ۝ (البقرۃ ع ۱۱-)

تو (اے یہود) کیا (تم اس قدر شوخ ہو گئے ہو کہ) جب جب تمہارے پاس کوئی رسول تمہاری اپنی خواہشوں کے خلاف کوئی حکم لے کر آیا تم اکڑ بیٹھے پھر بعض کو تم نے جھٹلایا اور بعض کو لگے قتل کرنے ہوتا رہا۔

(ہم) جن کے کانوں میں ایسے زبردست ٹینٹ ہیں کہ وہ فطرت کی چیخ پکار کو مکھی کی بھنبھناہٹ سمجھتے ہیں معلوم ہوا کہ وہ

وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا أُولٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ أُولٰئِكَ هُمُ الْغٰفِلُونَ ۝ (الاعراف ع ۲۲-)

اور ہم نے بہتیرے جن اور انسان جہنم ہی کے لیے پیدا کیے ہیں اُن کے دل تو ہیں (مگر) اُن سے سمجھنے کا کام نہیں لیتے اور اُن کی آنکھیں بھی ہیں (مگر) اُن سے دیکھنے کا کام نہیں لیتے اور اُن کے کان بھی ہیں (مگر) اُن سے سُننے کا کام نہیں لیتے (غرض) یہ لوگ چارپایوں کے مثل ہیں بلکہ اُن سے بھی گئے گزرے ہوئے یہی وہ (لوگ) ہیں جو (دین سے) بالکل بے خبر ہیں۔

ہیں ہیں اِن سے کہہ دو کہ نفخ صور کے منتظر رہیں۔

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيبٍ يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ (ق ع ۳-)

اور (اے پیغمبر اِس بات کو گوشِ دل سے) سُن رکھو کہ جس دن (اسرافیل) پکارنے والا فرشتہ (اسرافیل) پاس کے پاس سے (سب کو) پکارے گا کہ (اُٹھو) جس دن (اس فرشتے کے) چیخنے کو سب لوگ بخوبی سُن لیں گے وہ دن (لوگوں کے قبروں سے) نکلنے کا ہوگا۔

مطلب یہ ہے کہ فطرت ہی ایک ذریعہ خدا اور رسول پر ایمان لانے اور فوز و فلاح دنیا و آخرت کے حاصل کرنے کا ہے تو ہی تو اور ضعیف اور توہمی سے کام لینا ہے خدا پر بھروسا کر کے ہاتھ پاؤں ہلاتے رہو۔ خدا تمہاری کوشش میں برکت دے گا۔ اُس کا وعدہ ہے۔

وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا

اور جن لوگوں نے ہمارے دین کے کام میں کوششیں کیں۔

ف۱ فرعون خود تو خدا کا قائل تھا ہی نہیں مگر اُس نے موسیٰ علیہ السلام سے سُنا تھا کہ خدا ہے اور وہ آسمان پر ہے۔ اور وہاں سے اُس کے فرشتے زمین پر آتے جاتے ہیں اس سے فرعون کو خیال ہوا کہ موسےٰ کے کہنے کے مطابق خدا آسمان پر ہی تو ہیں اُونچا محل بنوا کر آسمان تک پہنچ سکتا ہوں ۱۲ ✦

لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا (العنکبوت ع ۷-) نہیں تو مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيظُ ۝ (الحج ع ۲)

ہم (ہی) اُن کو ضرور اپنے رستے دکھائیں گے ف
جو شخص (حالتِ مایوسی میں خدا کی نسبت ایسا گمان (بد) رکھتا ہو کہ خدا دنیا اور آخرت میں اُس کی مدد کرے ہی گا نہیں تو اُس کو چاہیئے کہ اُوپر کی طرف کو ایک رسّی تانے (اور اپنے گلے میں پھانسی لگائے اور) پھر زمین سے اپنا) قطعِ تعلق) کرے اور لٹک کر مرے پھر دیکھے کہ آیا اُس کی (اس) تدبیر سے وہ شکایت جس کی وجہ سے ناخوش تھا رفع ہوئی یا نہیں ف

(س ۱۲) یہ تو آپ کا بڑا دل شکن جواب ہے۔ ۱۲

(م) میرا جواب ہے یا خدا نے خود فرمایا ہے لَيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى اور یہ چاہو کہ تم ناک پر کی مکھی تک نہ اُڑاؤ تو جنت نانی جی کا گھر نہیں ہے کہ دَر آنہ جا گھسے۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ (البقرہ ع ۳۱)

(مسلمانو!) کیا تم ایسا خیال کرتے ہو کہ (رفتہ رفتہ) بہشت میں داخل ہو گے اور ابھی تک تم کو اُن لوگوں کی سی حالت پیش نہیں آئی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں کہ اُن کو سختیاں بھی پہنچیں اور تکلیفیں بھی پہنچیں اور جھنجھوڑے (بھی) گئے یہاں تک کہ پیغمبر اور ایمان والے جو اُن کے ساتھ تھے چلا اُٹھے کہ (آخر) خدا کی مدد (کے آنے) کا کوئی وقت بھی ہے؟ سنو سنو بیشک اللہ کی مدد کا وقت (آنا) قریب ہے

جب آیہ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ نازل ہوئی تو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کُنبے کے مَرد و زن سب کو جمع کر کے وعظ فرمایا اور وعظ کے ضمن میں اپنی صاحبزادی فاطمۃ الزہرا علیہا السلام کو خطاب کر کے فرمایا فاطمہ! اس بھروسے مت رہنا کہ میں پیغمبر کی لختِ جگر ہوں خدا کے یہاں عمل پُوچھے جائیں گے۔ عمل کرو عمل۔

ف یہ پُوری آیت مع فائدے کے اُوپر گزر چکی وہاں دیکھو ۱۲

ف پہلے سے بُت پرستوں پر یہ اعتراض چلا آرہا ہے کہ یہ لوگ اپنی حاجت رَوائی کے لیے بتوں کو پکارتے ہیں اور وہ اُن کو نفع نقصان کچھ بھی نہیں پونہچا سکتے لیکن کوئی کٹ حجت آدمی ایسی بدگمانی خدا کی شان میں بھی کر سکتا ہے۔ کیونکہ دنیا کے سارے کام آدمی کے مرضی کے مطابق نہیں چلتے اس کا جواب خدا یوں دیتا ہے کہ اس بدگمان آدمی کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہمارے ارادے کو اپنے ارادے کا محکوم بنانا چاہتا ہے جو وہ کہا کرے ہم کر دیا کریں لیکن یہ ہم کرنے والے نہیں اگرچہ معترض اپنے تئیں ہلاک ہی کیوں نہ کر ڈالے اگر ہم اپنے ارادے کو لوگوں کے ارادے کا تابع کر دیں تو اس کے یہ معنے ہیں کہ لوگوں کو شریک خدائی بنا دیں یہ درجہ است حال ہی باقی رہے بُت وہ تو بھلا کچھ کر ہی نہیں سکتے۔ ہم سب کچھ کر سکتے ہیں لیکن مصلحت سے اور اپنی مرضی سے لوگوں کی خواہش کے مطابق بعض کام نہیں کرتے۔ بُت نہیں کرتے اس واسطے کہ کر نہیں سکتے ہم نہیں کرتے اس واسطے کہ کرنا نہیں چاہتے۔ اور کیوں نہیں کرنا چاہتے یہ ہماری خوشی تمہارا ہم پر کچھ زور نہیں ۱۲ ف آدمی کو وہ ملتا ہی ہے گا جتنی اُس نے کوشش کی ۱۲

يَا فَاطِمَةُ أَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ سَلِينِي اے فاطمہ اپنی جان کو آتش (دوزخ) سے بچالو دنیا میں جو چاہو مجھ سے
فَإِنِّي لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا (رواہ البخاری) مانگ لو مگر آخرت میں میں تمہارے کچھ بھی کام نہ آؤں گا۔

اور اسی طرح اپنی پھوپی حضرت صفیہؓ سے کہا۔ جب ان لوگوں کے ساتھ یہ معاملہ ہو تو ہم نہ ائی الذی نہ اوئی الذی۔ کس گنتی میں ہیں ایک ہندی کے دوہے کا بھی یہی مطلب ہے ؎

ذات پانت پوچھے نہیں کوئی ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئی

ع بندگی باید پیمبر زادگی در کار نیست ؎

پسر نوحؑ با بداں بنشست خاندانِ نبوتش گم شد

پیمبر زادگی کی پوچھ نہیں تو بزرگ زادگی کی کیا قدر ہو۔

(۵) یہ آپ کا فرمانا سب سچ ہے اور مطابق فطرت ہے۔ ع مرد آن گرفت جانِ برادر کہ کار کرد + اور میں جو کچھ بھی آپ سے پوچھتا ہوں۔ اسی غرض سے پوچھتا ہوں کہ عمل کی تحریک ہو۔ تو یہ فرمایئے کہ پیغمبر کی صداقت کی نشانی کیا ہے؟ اور پیغمبروں کے بارے میں ہم کو فطرت سے کیا مدد مل سکتی ہے؟

(۶) میں نے تم سے پہلے بھی کہا ہے اور اب پھر کہتا ہوں کہ نورِ فطرت خداداد ہے۔ اور اس میں دونوں طرح کی قابلیت ہے تعلیم و تربیت اور مشق و مہارت سے اس میں زیادہ چمک آسکتی ہے اور اگر اس کی طرف سے غفلت کی جائے اور اس کی خبر نہ لی جائے تو ماند پڑ جاتا ہے مگر پھر بھی ٹمٹماتا رہتا ہے۔ وعظ و نصیحت کی ہوا لگی اور بھڑک اٹھا۔ باوجودیکہ اس زمانہ فساد میں صداقت کا تھرمامیٹر گرا ہوا ہے۔ اور جھوٹ بہت چل پڑا ہے۔ باایں ہمہ عدالتوں میں گواہوں کے حلفی بیان اسی بنا پر مقبول ہوتے ہیں۔ کہ راستی۔ اور حق گوئی انسان کی فطرت ہے۔ اور وہ گواہ کو سچ کے کہنے پر مجبور کرتی ہے۔ یوں شاید ایک گواہ قسم کھا کر جھوٹ بول بھی دے لیکن اگر وہ مسلمان ہے اور اس سے کہا جائے کہ قرآن ہاتھ میں لے کر یا اولاد کے سر پر ہاتھ رکھ کر اور ہندو ہے تو گنگا جل لے کر گواہی دے تو غالب ہے کہ وہ جھوٹ نہیں بولے گا۔ پیغمبروں کی صداقت کی شناخت میں ہم کو انسان کی اسی فطرت سے مدد لینی چاہیئے خدا نے چاہا تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی صاف کھل پڑے گا۔ میں نے تو جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی صداقت کی طرف سے اسی طرح اطمینان حاصل کیا۔

---

(۵) حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کنعان کا قصہ جو اُن سے باغی ہو گیا تھا قرآن کی سورۂ ہود کے رکوع ۴ میں اس طرح پر آیا ہے وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَنَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا وَلَا تَكُن مَّعَ الْكَافِرِينَ قَالَ سَآوِي إِلَىٰ جَبَلٍ يَعْصِمُنِي مِنَ الْمَاءِ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ إِلَّا مَن رَّحِمَ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ یعنی اور کشتی ہو کہ پہاڑ جیسی بلند لہروں میں نوح اور اُن کے ہمراہیوں کو لیے چلی جا رہی ہے اور نوح کا بیٹا اُن سے الگ تھا تو نوح نے اُسکو پکارا کہ بیٹا ہمارے ساتھ کشتی میں بیٹھ لے اور کافروں کے ساتھ نہ رہ وہ بولا میں ابھی تمہارے دیکھتے دیکھتے تیر کر کسی پہاڑ کے سہارے جا لگتا ہوں کہ وہ مجھکو (طوفان کے) پانی سے بچالے گا نوح نے کہا کہ آج کے دن اللہ کے غضب سے کوئی بچانے والا نہیں مگر خدا ہی جس پر اپنا رحم کرے (وہی بچا سکتا ہے) اور باپ بیٹے (یہ باتیں کر ہی رہے تھے کہ) دونوں کے درمیان میں ایک موج آ حائل ہوئی تو دوسروں کے ساتھ نوح کا بیٹا بھی ڈبو دیا گیا ۱۲+

(س) اِس اجمال سے تو میری تسلّی نہیں ہوتی اِس کو واضح طور پر بیان کیجیے۔

(ھ) مَیں جو مذہب حق کی تحقیق کرنے بیٹھا تو چھوٹتے کے ساتھ مَیں نے فیصلہ کر لیا کہ مذاہب مروّجہ کو ایک دوسرے سے مقابلہ کر کے طوفانِ اختلاف میں حق کے دریافت کرنے کے لیے عمرِ نوحؑ اور صبرِ ایوبؑ کہاں سے لاؤں گا یہ تو میرے بس کی بات نہیں نہ مجھ میں اتنی لیاقت نہ مجھکو اتنی فرصت پس میں نے اپنی تحقیقات کو صرف اسلام میں محدود رکھا اور کسی دوسرے مذہب کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی تو نہ دیکھا۔ تحقیقات کو اسلام میں محدود رکھنے کے دو سبب ہوئے ایک یہ کہ میں حُسنِ اتفاق سے مُسلمان گھر میں پیدا ہوا۔ مُسلمانوں میں پلا اور بڑا ہوا۔ اسلام کے قریب قریب کُل حالات مجھکو معلوم تھے۔ دوسرے مذاہب مروّجہ کے مقابلے میں اسلام ہی جدید العہد تھا۔ اور یہ بات میرے ذہن میں بیٹھی ہوئی تھی کہ پُرانی باتوں میں کچھ نقص ہوتا ہی تو اُس نقص کے رفع کرنے کو نئی بات ایجاد کی جاتی ہی تو مَیں نے خیال کیا کہ تحقیقات کرنے سے اگر میرا دل اسلام کی طرف سے مطمئن ہو جائے تو بس میں نے حق پالیا۔ مجھکو کسی دوسرے سے پُوچھنے کی کچھ ضرورت نہیں مَیں اپنے حق سے ادا ہوا۔ اِس تحقیقات میں بڑی خوبی تھی کہ کسی دوسرے کو اس میں دخل نہ تھا۔ اور مَیں نے دیکھا ہی اور مجھ پر خود گزری ہی کہ ایک فریقِ مقدمہ یا اُس کا وکیل اپنی چرب زبانی سے جج کو جادۂ حق سے منحرف کر دیتا ہی۔ مَیں ہی اِس تحقیقات میں مدّعا علیہ تھا میرا دل گواہ اور میں ہی جج اور اس طرح پر جو فیصلہ مَیں نے کیا میرے نزدیک وہ فیصلہ ناطق ہی جس کا اپیل نہیں۔ اور اپیل کروں تو مَیں اور مجھکو تو وہ فیصلہ تسلیم ہی۔ اور مَیں تو ہر جویائے حق کو یہی رائے دوں گا کہ اگر وہ دل سے جویائے حق ہی تو تحقیقات کا یہی طریقہ اختیار کرے جو میں نے کیا اِن شاء اللہ خاطر خواہ نتیجہ نکلے گا۔ مگر تحقیقات کنندہ جس مذہب کے لوگوں میں پیدا ہوا جن میں پلا اور بڑا ہوا اور اُسی مذہب میں وہ تحقیقات کو محدود رکھنا چاہتا ہی۔ اُس مذہب کے استحسان سے ذہن کو خالی کرنا ہی ذرا ٹیڑھی کھیر مگر چاہے مولوی مجھ پر کفر کا فتویٰ ہی کیوں نہ لگا دیں۔ میں تم سے سچ کہوں مَیں نے تو دورانِ تحقیقات میں ایسا ہی کیا تھا

(۱۰) پیغمبر اسلام کی صداقت

(س) سب صحیح مگر آپ نے ابھی تک بھی یہ نہ بتایا کہ آپ نے پیغمبر صاحب اسلام کی صداقت کو فطرت کی کسوٹی پر کیوں کر آزمایا

(ھ) مَیں نے اِس طرح آزمایا کہ پیغمبر صاحب کا زمانہ کچھ ایسا دُور نہیں جیسے اہلِ کتاب کے اَور پیغمبروں کا۔ اِن کے وقت کے آثار ابھی تک موجود ہیں۔ اگرچہ تاریخیں افراط و تفریط سے محفوظ نہیں۔ اور محفوظ ہو بھی نہیں سکتیں تاہم ایسی باتیں بھی ڈھونڈنے

---

۱۰ حضرت نوح علیہ السلام ساڑھے نو سو برس سے زیادہ عمر رکھتے تھے جیسا کہ قرآن کی اس آیت سے معلوم ہوتا ہی وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ یعنی اور ہم نے نوح کو اُن کی قوم کی طرف (پیغمبر بنا کر) بھیجا تو وہ پچاس برس کم ہزار برس اُن (لوگوں) میں رہے پھر آخر کار اُن (کی قوم) کو طوفان نے آلیا اور وہ (بدستور) نافرمانیاں کر رہے تھے ۱۲

۱۱ ایوب علیہ السلام بڑے خوش حال پیغمبر تھے سب ہی طرح کی برکتیں مال و اولاد اور تندرستی وغیرہ خدا نے اُن کو دے رکھی تھیں اور وہ حالتِ خوش حالی میں خدا کے شکر گزار بندے تھے پھر خدا نے اُن کو مصیبت سے آزمانا چاہا۔ مال اور اولاد سب فنا ہو گئے اپنے تئیں کوڑھ کا مرض لگ گیا اور مشہور یہ ہی کہ بدن میں کیڑے بھی پڑ گئے تھے مگر اس حال میں بھی وہ خدا کا شکر کرتے رہے اور امتحان میں پورے اُترے تو خدا نے اپنے فضل سے اُن کی پہلی ہی خوش حالی کی حالت کر دی (اُس سے بہتر ۱۲

سے مل جاتی ہیں جو مجمع علیہ ہیں۔ پھر میں نے سوچا کہ جیسا تناسب آدمی کے اعضا میں ویسا ہی تناسب اُس کے افعال میں یعنی انسان کے اعضا میں ایک طرح کی نسبت پائی جاتی ہے کہ سر اتنا بڑا آماتہ پاؤں اس قدر لمبے قد اتنا اونچا علے ہذا القیاس ناک گردن۔ انگلیاں۔ سینہ۔ کوئی عضو بے جوڑ نہیں۔

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا یُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّیْنِ ۝ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِیْنَ ۝ (التین ۱۶)

ہم نے انسان کو بہتر سے بہتر ساخت کا پیدا کیا پھر ہم اُس کو (بوڑھا کر کے) کمتر سے کمتر مخلوق کے درجے میں لوٹا لائے مگر جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل (بھی) کیے اُن کو تنزلِ پیری سے تنگ دل نہ ہونا چاہیئے کیونکہ اُن کے لیے (آخرت میں) اجر بے انتہا تو (ای پیغمبر اب) کون ہے جو ان سب باتوں کے معلوم کیے پیچھے (روزِ) جزا کے بارے میں تم کو جھوٹا سمجھے کیا خدا سب حاکموں سے بڑا حاکم اور قدرت والا نہیں ہے؟ تو منکرینِ قیامت اُس سے کیوں نہیں ڈرتے۔

(س) ہم نے تو کبھی اِس کا خیال کیا نہیں۔

(ف) مگر تناسب تو ہے تم خیال کرو یا نہ کرو۔ مثلاً آدمی کا قد تا چبۂ گردن اُس کی اپنی بالشت سے آٹھ بالشت اور تا کاسۂ سر دس بالشت اور اگر آدمی دونوں ہاتھ پھیلائے تو ایک ہاتھ کی بیچ کی انگلی سے دوسرے ہاتھ کی بیچ کی انگلی تک کا فاصلہ بھی اُس کی دس بالشت۔ اِسی طرح کا تناسب کل اعضاء میں ہے۔ کوتہ گردن تنگ پیشانی۔ حرام زادے (شریر، مفسد) کی یہی نشانی

كُلُّ طَوِیْلٍ اَحْمَقُ اِلَّا عُمَرُ وَكُلُّ قَصِیْرٍ فِتْنَةٌ اِلَّا عَلِیًّا

عمرؓ کے سوائے جو بے قد کا ہوگا بے وقوف ہوگا اور علیؓ کے سوائے جو پست قد ہوگا شریر ہوگا۔

خصائصِ فطری کے اعتبار سے انگریزوں کی ولایت کے عجائب خانوں میں ظالموں اور خدا پرستوں اونچیلوں وغیرہ کی بہت سی کھوپریاں جمع ہیں اور کھوپریوں کی ساخت سے نتیجے مستنبط کیے گئے ہیں۔ خیر یہ تو ایک بات ہے جو انگریزی اخباروں میں نظر پڑی ہے۔ اسی قبیل سے ایک **حکایت** یہ ہے کہ کابل کی پہلی مہم میں جس میں امیر دوست محمد خاں کو انگریز پکڑ لائے تھے اور اس کے جواب میں امیر دوست محمد خاں کے فرزند محمد اکبر خاں نے انگریزی فوج کے افسروں اور اُن کی میموں کو قید کر لیا تھا اِس مہم میں آگرے کے لالہ جوتی پرشاد محکمۂ رسد رسانی کے داروغہ تھے۔ مہم کے ہو چکنے پر مصارفِ جنگ کا حساب کتاب ہونے لگا تو لالہ جوتی پرشاد سے کئی کروڑ روپے کا مطالبہ سرکار کے ذمے نکالا۔ محاسبِ سرکار نے اپنی رائے کے مطابق رقموں میں بہت کاٹ چھانٹ کی جوتی پرشاد کو دعوے دائر کرنا پڑا۔ تحقیقات کے لیے کمیشن بیٹھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سرکار کو رقم دینی آئی۔ مقدمے میں جوتی پرشاد کی طرف سے اخبار مفصلاً لٹ کا ایڈیٹر جو بارسٹر بھی تھا وکالت کرتا تھا۔ اُس کو خدا نے اِس بلا کا حافظہ دیا تھا کہ ہزار ہا رقمیں بقید آنہ پائی اہلِ کمیشن کے روبرو برجستہ بلا تامل بیان کرتا چلا جاتا تھا جیسے کوئی لکھے ہوئے حساب کو پڑھتا چلا جاتا ہے اور مزہ یہ ہے کہ اُس نے حساب کو صرف ایک مرتبہ دیکھ لیا تھا اور ایک مرتبہ کے دیکھنے میں اُس کو اس قدر محفوظ

ہوگیا تھا کہ کہیں غلطی نہیں کرتا تھا۔ تمام اہلِ کمیشن اس کی قوتِ حافظہ پر متعجب تھے۔ اخباروں میں اس پر بڑے بڑے مضمون لکھے جانے لگے۔ آخر کار ڈاکٹروں نے اس کا سر اس شرط سے مول لیا۔ کہ اس کے مرنے پیچھے اس کی کھوپری کی تشریح کریں گے کہ خلافِ معمول قوتِ حافظہ کا سبب دریافت کریں اور یہی ہوا کہ اُس کا دماغ معمول سے کوئی چھٹانک سوا چھٹانک زیادہ نکلا اور کاسۂ سر کی ساخت میں بھی کچھ فرق تھا ایسی ہی خبر سید احمد خاں کی نسبت بھی مشہور ہوئی کہ اُنھوں نے اپنا سر بیچ دیا ہے مگر وہ خبر غلط تھی لیکن اگر واقع میں اُنھوں نے اپنا سر بیچ دیا ہوتا اور اُس کی تشریح کی جاتی تو کچھ نہ کچھ فرق تو ضرور نکلتا پر نکلتا کیا لوگ دراز ریش کو بھی محمق کی دلیل بتاتے ہیں۔ اور کسی کتاب میں ایک ہنسی کی بات بھی نظر سے گزری ہے کہ کوئی طویل اللحیہ شب کے وقت چراغ کے آگے بیٹھا ہوا کتاب دیکھ رہا تھا اتفاق سے اُس میں لکھا تھا ؎

ریش باید دو سہ موئے دزنخواں پختہ نہ کہ انبوہ دران بچہ دہد خرگوشے

اور یک مشت ریش فقیہ وَمَا زَادَ عَلٰی ذٰلِکَ فَلِلشَّیْطٰنِ فیہ (اور ایک مٹھی سے زیادہ ہونا بے فائدہ ہے ۱۲) اس شخص کو اپنی ریش کی درازی معلوم تھی۔ اُسی وقت چاہا کہ ڈاڑھی کو ایک مٹھی کی حد میں لے آئے۔ یہ اتفاض موجود نہ تھی اُس نے ڈاڑھی کو مٹھی میں پکڑ مارا ڈاڑھی کو چراغ کی لَو پر رکھ دیا۔ ہاتھ کو پونہچی گرمی اضطراراً مٹھی بائیں۔ ڈاڑھی بھک سے اُڑ گئی۔ اُس نے کتاب کے حاشیے پر لکھ دیا۔ اِتّقِ عَلٰی ذٰلِکَ لِمَنَ الشَّاھِدِیْنَ

ہمارے ہندوستان میں کبودیِ چشم کو دلیلِ بیوفائی اور تنگیِ چشم کو دلیلِ بخل سمجھا جاتا ہے۔ یہ بھی کہتے ہیں کہ سر بڑا ہو تو سردار کا پیر بڑا گنوار کا۔ یہ سب باتیں علمِ قیافہ کی ہیں۔ ہندو ہاتھ کی لکیروں سے عمر اور اولاد اور بیماریاں بہت سی باتیں بتایا کرتے ہیں علمِ قیافہ آدمی ہی تک محدود نہیں رہا آدمی نے بعض جانوروں کا قیافہ بھی معلوم کیا ہے۔ مثلاً گھوڑے کی بال بھونری۔ کنوتی گاچی۔ رنگت دیکھتے ہیں۔ غرض آدمی کے اعضاء اور افعال میں باہمی تناسب اور تعلق ہے۔ میں نے جنابِ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو قیافہ اور تناسبِ افعال دونوں پہلوؤں سے جانچا اور تحقیقات کے بعد مجھکو کامل اطمینان ہوگیا۔ کہ اس قیافے اور ان اخلاق و عادات کا آدمی محالِ عقل ہے کہ نبوت کا غلط دعوےٰ کرے۔ اور خدا پر جھوٹ بولے جس کی عظمت اور جس کا جلال ہمہ وقت اُس کے پیشِ نظر ہے۔

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ (الحاقۃ)

اور اگر (ناخیر بردستی) کوئی بات ہمارے سر چھپکتا تو ہم نے (خونیوں کی طرح) اُس کا داہنا ہاتھ پکڑ کر اُس کی گردن اڑا دی ہوتی ف اور تم میں سے کوئی بھی ہم کو اُس سے روک نہ سکتا

اور وہ کسی حالت میں یادِ خدا سے غافل نہ ہو یہاں تک کہ ساری عمر کھلکھلا کر نہ ہنسے۔

اَلضِّحْكُ يُمِيْتُ الْقَلْبَ ہنسنے سے دل مُردہ ہو جاتا ہے۔

اکثر اوقات خائفانہ آسمان کی طرف دیکھا کرے شدائدِ جان کنی میں اَللّٰھُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی کے سوائے کوئی بات اُس کے مُونہ سے نہ نکلے۔ اُس پر خدا کا خوف اِس قدر غالب ہو کہ راتوں کو نمازمیں کھڑے کھڑے اُس کے پانوں سوج جائیں

ف وتین ایک رگ ہے جو گردن میں ہو کر گزرتی ہے اور وہ سر اور بدن کے درمیان ایک رابطہ ہے۔ اگر اُس کو کاٹ دیا جائے تو جان نکل جاتی ہے اس آیت کے لفظی معنی تو یہ ہیں کہ ہم نے "اُس کی رگِ دل کاٹ دی ہوتی" ہم نے محاورے کے لحاظ سے لازم معنے اختیار کر لیے ہیں ۱۲

ف ۱۲ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ریش دراز ہونا بے فائدہ ہے

یہاں تک کہ خدا اُس کی حالت پر ترس کھا کر خود

مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى (طٰہٰ ع ۱)

(اے پیغمبر) ہم نے تم پر قرآن اس لیے تو نازل کیا نہیں کہ تم (اس کی وجہ سے اس قدر) مشقت اُٹھاؤ ف۱

اور لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ فرمائے اور وہ اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا کہہ کر عبادت سے باز نہ آئے (کیا میں بندہ شکر گزار نہ بنوں) ۱۲

ف۱ پیغمبر صاحب پیغمبر ہوئے پیچھے اپنے نفس پر بڑی مشقت اُٹھاتے تھے راتوں کو نماز میں کھڑے رہتے یہاں تک کہ آپ کے پاؤں سوج جاتے تھے پھر سارا سارا دن لوگوں کے سمجھانے اور وعظ کہنے میں گزر جاتا تھا اور نو مسلموں کو کافروں کی ایذاؤں سے بچانا بجائے خود بڑا کام تھا غرض منصب نبوت کی شرائط کا ادا کرنا کچھ آسان کام نہ تھا اور پیغمبر صاحب خدمت رسالت کے بجا لانے میں اس قدر زحمت اُٹھاتے تھے جس سے خوف ہوتا تھا کہ اُن کی تندرستی میں خلل واقع ہوگا اس لیے خدا نے بنظر مزید عنایت اُن کو زحمت شاقہ سے روک دیا ۱۲

ل لام کا تعلق اظہار کرنے کے لیے اس کے ماقبل جملے کو ملاؤ تو مطلب بآسانی سمجھ میں آئے اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۱۲ (اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صلح کیا ہوئی) حقیقت میں ہم نے کھلم کھلا تمہاری فتح کرا دی تاکہ (تم اس فتح کے شکریے میں دین حق کی ترقی کے لیے اور زیادہ کوشش کرو اور خدا (اس کے صلے میں) تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کرے اور تم پر اپنے احسانات پورے کرے اور تم کو (دین کے) سیدھے رستے لے چلے (اور کوئی تمہارا مانع و مزاحم نہ ہو) اور خدا تمہاری زبردست مدد کرے ف۲

ف۲ ان آیتوں میں صلح حدیبیہ کے واقعے کی طرف اشارہ ہے جو پیغمبر صاحب کی زندگی کا ایک بڑا عظیم الشان واقعہ ..... ہے مختصر یہ ہے کہ ہجرت کے چھٹے برس پیغمبر صاحب نے خواب میں دیکھا کہ مسلمان مسجد حرام میں گئے اور وہاں احرام اُتارنے کے لیے کوئی بیٹھا سر منڈوا رہا ہے اور کوئی بال کتروا رہا ہے (بسکہ پیغمبر کا خواب غلط نہیں ہوا کرتا) آپ نے عمرہ کرنے کا ارادہ کیا مکے کے قریب پہنچے تو کفار قریش مسلمانوں کی آمد سن کر لڑنے کے ارادے سے باہر نکل آئے آنحضرت نے قریش کی آمادگی دیکھ کر حدیبیہ میں مقام کیا اور اب فریقین میں گفت و شنود ہونے لگی آخر بڑی مشکل سے یہ صلح ٹھیری کہ دس برس تک مسلمانوں میں اور قریش میں لڑائی موقوف اور پیغمبر صاحب اس وقت بے عمرہ کیے لوٹ جائیں اگلے سال عمرہ کریں مگر کوئی مسلمان تلوار میان سے باہر نہ نکالے اور تین دن سے زیادہ مکے میں نہ رہیں۔ اور دوران صلح میں اگر کوئی مسلمان کفار قریش سے جا ملے تو قریش اُس کو واپس نہ دیں اور اُن کا کوئی آدمی مسلمانوں کی طرف چلا آئے تو وہ اُن کو واپس دیا جائے یہ صلح پیغمبر صاحب نے دب کر کی اور مسلمانوں کی بڑی دل شکنی کا باعث ہوئی۔ اُس وقت بعض مسلمانوں کو یہ خیال ہوا کہ پیغمبر صاحب نے یہ کیسا خواب دیکھا تھا اور بعض منافقین یہ شبہہ کرتے تھے کہ اگر خدا اسلام کا حامی ہوتا تو یوں دب کر صلح نہ کی جاتی اور کچھ لوگ شروع ہی سے پیچھے رہ گئے تھے اُن کو یقین تھا کہ اہل مکہ ان مسلمانوں کو گھسنے نہیں دیں گے اور ایسا ہی ہوا لیکن ع فکر ہر کس بقدر ہمت اوست ۔ صلح حدیبیہ بظاہر دب کر ہوئی تھی مگر حقیقت میں اس میں مسلمانوں کی بڑی جیت تھی کہ ابتدائی حالت میں آئے دن کی لڑائی اُن کو پسند نہیں دیتی تھی۔ دوسرے معلوم تھا کہ قریش کی طرف سے مزید عہدی ہوگی اور ہوئی بھی کہ بنی خزاعہ اور بنی بکر دو قبیلے تھے بنی خزاعہ مسلمانوں کے طرف دار تھے اور بنی بکر قریش کے تو صلح کے رو سے ان دونوں قبیلوں کو بھی شرائط صلح کی پابندی لازم تھی مگر یہ دونوں لڑے اور قریش نے در پردہ بنی بکر کی مدد کی حدیبیہ کی صلح ٹوٹ گئی مسلمانوں کو حجت ہاتھ آئی اور مکے پر چڑھ دوڑے خدا کا کرنا کہ مکہ بے لڑائی فتح ہوا۔ حدیبیہ سے لوٹے تو پیغمبر صاحب سیدھے (بقیہ نوٹ صفحہ ۶۸)

جس نے ساری عمر جھوٹ نہ بولا ہو اور لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ۔ اُس کا کلمہ کلام ہو اور وہ اپنی رسالت پر سخت سے سخت قسمیں کھائے اور قسموں کو

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَاۗءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَاۗءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰۗؤُا ۭ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ (الانعام ۶ ۱۱)

اور اُس سے بڑھ کر ظالم (اور) کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا دعویٰ کرے کہ میری طرف وحی آئی ہے حالانکہ اُس کی طرف کچھ بھی وحی نہ آئی ہو اور (نیز) اُس سے بڑھ کر بھی ظالم اور کون ہوگا) جو دعوے کرے کہ (قرآن) جس (کی نسبت تم کہتے ہو کہ) اُس کو اللہ نے اُتارا ہے (کہو تو) ایسا ہی میں بھی اُتار دوں اور (اے پیغمبر کاش (ان) ظالموں کو اُس وقت دیکھو کہ موت کی بے ہوشیوں میں (پڑے) ہیں اور فرشتے اُن کی جان نکالنے کے لیے اُن پر طرح طرح کی) دست درازیاں کر رہے ہیں (اور کہتے جاتے ہیں) کہ اپنی جانیں نکالو اب تم کو ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی اس لیے کہ تم خدا پر ناحق (نارَوا) جھوٹ بولتے اور اُس کی آیتوں (کو سُن کر اُن) سے اکڑا کرتے تھے اور (قیامت کے دن ہم ان سے خطاب کر کے ارشاد کریں گے کہ) پہلی بار جیسا ہم نے تم کو پیدا کیا تھا ویسے ہی اکیلے تم ہمارے حضور میں (آخر) آئے پر آئے اور جو کچھ (ساز و سامان) ہم نے تم کو (دنیا میں) دیا تھا (وہ سب) اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آئے اور تمھاری سفارش کرنے والوں کو ہم تمھارے ساتھ (کہیں) نہیں دیکھتے جن کو تم سمجھتے تھے کہ وہ تم میں (یعنی تمھارے پیدا کرنے اور تم کو روزی وغیرہ دینے میں خدا کے) شریک ہیں اب تمھارے آپس کے رابطے (سب) ٹوٹ (ٹاٹ) گئے اور جو دعوے تم کیا کرتے تھے (سب) تم سے گئے گزرے ہو گئے۔

اور اسی طرح کی دوسری باتوں سے مؤکد کرے کسی کی عقل جائز رکھ سکتی ہے کہ ایسا راست باز بھول کر بھی جھوٹ رسالت کے دعوے پر اصرار کر سکتا ہے ایک یہ وَمَنْ اَظْلَمُ اِلٰی اٰخِرِہٖ ایسی بات ہے کہ شقی سے شقی آوارہ سے آوارہ بد وضع سے بد وضع بے باک سے بے باک آدمی کو اس طرح پر قسم دی جائے تو تھرا اُٹھے اور سوائے سچ کے کچھ کہتے نہ بن پڑے۔

فَمَا ظَنُّكَ بِالصَّادُوْقِ الْمَصْدُوْقِ الْاَمِيْنِ عَلَيْهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

تو (اے مخاطب) اُس سچے اور تصدیق کیے گئے امانت دار کے بارے میں تیرا کیا خیال ہے اُس پر خدا اور فرشتوں اور تمام لوگوں کا درود ہو

(س) یہ تو تناسبِ افعال سے پیغمبر صاحب کی صداقت پر استدلال ہوا مگر آپ نے قیافے کا بھی نام لیا تھا۔ کیا آپ قیافے کے بھی قائل ہیں۔

(بقیہ نوٹ صفحہ ۶۷)

خیبر پر جا چڑھے اور اُس کو فتح کیا اور وہاں مسلمانوں کو بہت سا مال غنیمت بھی ہاتھ لگا۔ اس سورۃ میں ان تمام واقعات کا بیان ہے یعنی صلح حدیبیہ کا اور فتح خیبر کا اور آخر کار فتح مکہ کا بلکہ بطور تضمین کوئی کے اشارۃً غزوات فارس اور روم کا بھی جو خلفائے راشدین کے وقت میں ہوئے اس سورت میں اُن لوگوں پر ملامت ہے جو سفر حدیبیہ میں ساتھ نہ تھے مسلمانوں کو طرح طرح پر تسلی دی گئی ہے یعنی اُن کو سمجھایا ہے کہ حدیبیہ کی صلح کو مغلوبانہ صلح نہ سمجھو یہ فتح مکہ کی تمہید ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا بھی۔ کبھی اُن کو تسلی دی ہے کہ گو تم تکے نہ جا سکے مگر فتح خیبر کیا کم ہے۔ اس صلح حدیبیہ کے چند واقعات قابل تذکرہ ہیں ایک بیعت رضوان کہ مسلمانوں کی طرف سے حضرت عثمان پیام صلح لے کر اہل مکہ کے پاس گئے تھے اُن کے آنے میں کچھ دیر ہوئی۔ یہاں یہ مشہور ہو گیا کہ حضرت عثمان کو اہل مکہ نے مار ڈالا تو اب چار و ناچار لڑائی ٹھیری اس پر پیغمبر صاحب نے مسلمانوں سے لڑنے مرنے کی بیعت لی جو بیعت رضواں کے نام سے مشہور ہے اور وہ ایک کیکر کے درخت کے تلے ہوئی تھی۔ اور آخر کار اُس درخت کی تعظیم بھی حد سے زیادہ ہونے لگی۔ جو ایک قسم کی پرستش کے قریب سمجھی جاتی تھی۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں اُس درخت کو اکھڑوا کر پھکوا دیا۔ دوسرا واقعہ تحریر صلح نامہ کا ہے کہ اُس کے لفظوں پر اس قدر حجت ہوئی کہ صلح کا ہونا مشکل ہو گیا۔ مسلمانوں کی طرف سے بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھا گیا مکہ والے کہتے تھے کہ ہم بسم اللہ الرحمن الرحیم نہیں جانتے وہی باسمک اللھم لکھو پھر پیغمبر صاحب نے اپنے تئیں محمد رسول اللہ لکھوایا تھا اس پر کافروں نے اس قدر ضد کی کہ آخر اس لفظ کو مٹوا چھوڑا۔ اول تو عاجزانہ صلح اور پھر ایسی بے عنوانی کے ساتھ اور فریقین کا جوش و خروش خدا ہی تھا کہ یہ بیل منڈھے چڑھی۔ پیغمبر صاحب نے مسلمانوں کا حج کرنا بالتعیین وقت دیکھا شیوع اسلام کی جلدی تو سب کو تھی ہی از خود خیال کر لیا کہ اسی سال مسلمانوں کو حج کرنا نصیب ہو گا۔ حالانکہ فی الواقع اُس میں ذرا دیر تھی۔ چنانچہ دوسرے سال جیسا خواب دیکھا تھا ویسا ہی ہوا ۱۲۔

(م) میں تو قیافے اور نجوم اور رمل اور جفر سبھی کا قائل ہوں۔

(س) یہ تو شاید عقائد اسلام کے خلاف ہے۔

(م) میں تو ایسا نہیں سمجھتا۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط (الانعام ۶۰) اور اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جن کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

تو بے شک اسلامی عقیدہ ہے اور جو شخص اپنی نسبت عالم الغیب ہونے کا دعوے کرے وہ جھوٹا اور جھوٹا ہونے کے علاوہ مشرک بھی ہے مگر غیب کے مفہوم کے سمجھنے میں لوگ غلطی کرتے ہیں۔ غیب کے معنے ہیں وہ چیز جو آدمی سے پوشیدہ ہو مگر پوشیدہ چیزیں دو قسم کی ہیں ایک وہ جن کو آدمی معلوم نہیں کر سکتا جیسے قیامت کا وقت

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ط (السجدہ ۴۶) بے شک اللہ ہی ہے جس کو قیامت (کے آنے) کا علم ہے۔

اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى ۝ (طٰہٰ ۱۶) (قیامت ضرور آنے والی ہے اور) ہم اس (کے وقت) کو (لوگوں سے) پوشیدہ رکھنے کو ہیں تاکہ ہر شخص (قیامت کے ڈر سے) نیک کام کرنے کی کوشش کرے اور قیامت میں اس کو اس کی کوشش کا بدلہ

روح کی حقیقت يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا۔ خدا کی ذات و صفات کو مرئیات کی طرح کا جاننا لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ حالاتِ بعد مرگ جن کے معلوم کرنے کا وحی کے سوائے کوئی ذریعہ نہیں ہے

حالِ عدم نہ کچھ کھلا گرچہ ہے زندگاں پہ کیا
کوئی حقیقت آن کر کہتا نہیں بُری بھلی

مَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ۔ (الاحقاف ۱۶) (اے پیغمبر ان لوگوں سے کہو کہ) میں نہیں جانتا کہ (آئندہ) میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ (یہ جانتا ہوں کہ) تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا) وہی میری طرف جو وحی نازل ہوتی ہے میں صرف اسی پر چلتا ہوں۔

وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ۔ (السجدہ ۳۴) اور خدا ہی (ایک وقت مقرر پر) جس کو اس کے سوائے کوئی نہیں جانتا) مینہ برساتا اور (نر و مادہ) جو کچھ (ماؤں کے پیٹ میں ہوتا ہے) اس کو بھی جانتا ہے اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ (خود) کل کیا کریگا اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ کس زمین میں مرے گا

لہ اس کا ترجمہ اوپر گزر چکا وہاں دیکھو ۱۲ سہ اس کا ترجمہ بھی پہلے گزر چکا ۱۲

ف یا تو مراد یہ ہے کہ میں غیب نہیں جانتا کہ دنیا میں کسی کو کیا پیش آئے گا یا خوف آہی کے لحاظ سے کہا کہ میں کسی کا انجام کار نہیں جانتا نہ اپنا نہ تمہارا

ص خدا کو کام تو سونپے ہیں میں نے سب لیکن + رہے ہے خوف مجھے اس کی بے نیازی کا ۱۲ +

مسیحیان علی کی ویب

یہ وہ غیب کی باتیں ہیں جن کو آدمی نہیں جانتا اور نہیں جان سکتا تو اُن کے جاننے کا دعوے منع لیکن اُن کے معلوم کرنے کی ٹوہ میں لگا رہنا بے سود ہی مگر منع نہیں۔ کیونکہ مجہول کے دریافت کرنے کا شوق انسان کا خاصۂ طبعی ہی۔ اور یہی تو ترقی کا محرک ہی۔ یا ذی الغیث کے ہوتے انگریز پہاڑی برف کے پگھلنے اور ہوا اور سمندر کی موجوں اور سورج کے دھبوں سے بارش کی آمد کا وقت معلوم کرنے کے فکر میں ہیں۔ جس کی زرعی ملک ہندوستان میں بڑی سخت ضرورت ہی۔ ابھی تک تو اس ارادے میں ان کو کامیابی ہوئی نہیں مگر جو بندہ یا بندہ ایک بات کے پیچھے پڑے ہیں عجب کیا ہی کوئی قاعدہ نکل آئے اور ریل اور تار اور ٹیلیفون اور فونوگرافی گراموفون اور فوٹوگرافی اور ہزار ہا طرح کی کلیں اسی اُصول پر ایجاد ہوئی ہیں اور ہوتی چلی جارہی ہیں حالانکہ یہ چیزیں دریافت ہونے سے پہلے غیب ہی سمجھی جاتی تھیں اور ہمارے حسابوں تو اب بھی غیب ہی ہیں کیونکہ ہم ان کی حقیقت سے واقف نہیں۔ نجوم رمل جفر کی نسبت میرا عقیدہ یہ ہی کہ یہ سب فنون ملتی ہیں۔ ان کے کسی حکم کا ٹھکانا نہیں۔ اور جو شخص ستاروں کو یا نقوش کو مؤثر بالاستقلال سمجھے میں تو اُس کو مسلمان نہیں سمجھتا۔ رہا قیافہ ہو تو یہ بھی ظنی مگر خود پیغمبر صاحب نے ایک اعتبار سے اس پر عمل کیا ہی۔ زید بن حارثہ ایک مشہور صحابی ہیں۔ یہ حضرت اصل میں غالباً ترکی نژاد غلام تھے۔ اسلام کے شیوع سے پہلے اُمّ المؤمنین خدیجہ رضؓ کے بھتیجے حکیم بن حزام ان کو اپنی پھوپی کی خدمت کے لیے کسی سے خرید کر کے لوائے تھے۔ اُن دنوں عرب میں کھلے خزانے بردہ فروشی ہوتی تھی۔ لوگ جس کو چاہا دیہات سے زبردستی پکڑ لائے اور وہ غلام ہو گیا۔ پھر اُس کو چاہا اپنے پاس رکھا یا کسی کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ اب وہ خریدار کا غلام ہو گیا آغازِ اسلام میں مسلمانوں سے اور قبائل عرب سے لڑائیاں چھڑ گئیں۔ تو جو لوگ لڑائی میں پکڑ آئے غلام بنا لیے جاتے۔ غرض غلامی کا رواج عرب میں اسلام سے پہلے بھی تھا اسلام کے بعد بھی رہا۔ بلکہ غلامی کی آفت عالمگیر تھی۔ یورپ اور امریکا تک اس وحشیانہ رسم سے محفوظ نہ تھے۔ سب سے پہلے اسلام نے اس کی روک ٹوک شروع کی اور اب تو اس کا سہرا انگریزوں کے سر ہی۔ جہاں جہاں ان کا اقتدار چلتا ہی غلامی موقوف ہوتی جاتی ہی۔ زید پہلے خدیجہ رضؓ کی غلامی میں آئے جب خدیجہ پیغمبر صاحب کی زوجیت میں آئیں۔ اُنھوں نے ان کو پیغمبر صاحب کے حوالے کیا اس وقت زید کی عمر آٹھ سال کی تھی۔ پیغمبر صاحب تو غلامی کو سخت ناپسند کرتے تھے۔ آتے کے ساتھ آزاد کر دیا۔ مگر اپنی خوشی پیغمبر صاحب کے پاس رہ گئے دونوں میں اس قدر اُنس بڑھا کہ زید کے باپ پتہ لگا کر ان تک پہونچے اور ان کو ساتھ لے جانا چاہا انھوں نے نہ مانا یہاں تک کہ پیغمبر صاحب نے باوجودیکہ زید پر غلامی کا دھبہ لگ چکا تھا اپنی پھوپی زاد بہن زینب بنت جحش ان سے بیاہ دی یہاں بی بی میں موافقت نہ آئی زید نے بی بی کو چھوڑ دیا اور وہ پیغمبر صاحب کی ازواج مطہرات میں داخل ہوئیں۔ باایں ہمہ رسوخ جو زید کو پیغمبر صاحب کے یہاں تھا اُس میں سرمو فرق نہ آیا۔ زید بدستور پیغمبر صاحب کے متبنّیٰ یعنی مُونہ بولے بیٹے سمجھے جاتے تھے۔ زید تو مُوتہ کی لڑائی میں جو ہجرت کے آٹھویں برس جمادی الاولیٰ کے مہینے میں ہوئی شہید ہو گئے تھے۔ مگر ویسا ہی برتاؤ پیغمبر صاحب زید کے بیٹے اُسامہ کے ساتھ کرتے رہے۔ یہاں تک کہ وفات سے چند روز پہلے پیغمبر صاحب نے شام پر چڑھائی کرنے کے لیے ایک لشکر تیار کیا اور ابوبکر اور عمر اور دوسرے مہاجر اور انصار صحابہ کے جلیل القدر صحابہ کو جو اسامہ کو کم عمر ہونے کے سبب اُن کی عمر پر سے اٹھارہ برس کی تھی لشکر کی سرداری کے لیے نامزد کیا پیغمبر صاحب کی وفات حسرت آیات تک لشکر مہم پر روانہ نہ ہو سکا ابوبکر نے پیغمبر صاحب کا جانشین ہوتے ہی پہلا کام جو کیا یہی تھا کہ لشکر کو بسرکردگی اُسامہ جلدی سے چلتا کیا۔ لوگ منع بھی کرتے رہے کہ پیغمبر صاحب کی وفات کو ابھی سات دن ہوئے ہیں یہ موقع لشکر کے روانہ کرنے کا نہیں

حضرت ابوبکرؓ نے ایک سُنی۔ یہ تھی پیغمبر صاحب کی وفاداری دید کے ساتھ۔ اور یہ تھیں فرماں بردار یاں صحابہ کی کہ نہ تو کسی نے اُسامہ کی سرکردگی میں چوں کی اور نہ شکر کی روانگی میں دیر۔ اور نہ لشکر سے کسی نے تخلف۔ بات تو اتنی ہی تھی کہ میں تم کو یہ سمجھانے والا تھا کہ میں نے پیغمبر صاحب کی صداقت پر قیافے سے کیونکر استدلال کیا۔ اصل بات کے کہنے کی ابھی نوبت بھی نہیں آئی کہ میں نے اُس کی تمہید میں اتنا کچھ کہڈالا۔ مجلو تو پیغمبر صاحب کی باتوں میں مزہ آتا ہی کہیں تم اُکتا نہ جانا۔

(س) توبہ توبہ میں کانوں کی راہ آپ کی باتوں کے شہد کے سے گھونٹ پی رہا ہوں۔

(ھ) جزاک اللہ وھداک اللہ۔ خیر۔ تو زید تو تھے گورے اور اُسامہ تھے اتفاق سے تیرہ فام

هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ ؕ (آل عمران ع ۱)

وہی (قادرِ مطلق) ہی جو ماں کے پیٹ میں جیسی چاہتا ہی تم لوگوں کی صورتیں بناتا ہی۔

اُسامہ بڑے ہوئے تو لوگ باپ بیٹے دونوں کو چھیڑا کرتے۔ قالَ قالَ بات پیغمبر صاحب تک پہنچی اور اُنھوں نے مُونہ سے کچھ نہیں کہا تو زید کی محبت کی وجہ سے دل میں ضرور بُرا مانا ہوگا۔ حُسنِ اتفاق سے ایک دن زید اور اُسامہ باپ بیٹے دونوں مسجد میں ایک چادر اوڑھے پڑے سوتے تھے اور چادر اُوچھی تھی یا کیا دونوں کے پاؤں چادر کے باہر تھے۔ اُدھر سے گزرا ایک قائف (قیافہ شناس) دونوں کے پاؤں دیکھ کر بول اُٹھا کہ یہ پاؤں اصل و فرع یعنی باپ بیٹے ہیں۔ اُن دنوں لوگ قیافہ شناس کی بات کو پتھر کی لکیر سمجھتے تھے باپ پہ پُوت پتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا۔ اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِّاَبِیْهِ۔ پیغمبر صاحب نے سُنا اور استحساناً قیافہ شناس کی بات کو لوگوں سے نقل کیا۔ قیافے کے متعلق ایک حکایت اور

خانۂ کعبہ چونکہ ابراہیم علیہ السلام کا بنایا ہوا معبد ہی۔ اور تمام عرب ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں۔ قدیم سے سارے عرب خانۂ کعبہ کا ادب کرتے چلے آئے ہیں۔ اسلام سے پہلے بھی سال در سال حج ہوتے تھے۔ زمانۂ جاہلیت میں کچھ یہود وہ رسمیں دخلِ حج ہوگئی تھیں اسلام نے ان کی اصلاح کردی۔ پیغمبر صاحب نے دعوتِ اسلام شروع کی۔ تو مدینے کے چند حاجی ابتدا ہی میں اسلام لے آئے تھے۔ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم دشمنوں کے نرغے سے نکل کر مکّے سے مدینے ہجرت کر آئے تھے۔ اور اُنھوں نے حج سے لوٹ کر مدینے میں عام خبر کردی تھی۔ کہ مکّے میں فلاں صاحب نے نبوت کا دعویٰ کیا ہی اور وہ لوگوں کو شرک اور بُت پرستی سے پھیر کر خدائے واحد کی پرستش کی طرف بُلاتے ہیں اور چونکہ باتیں معقول کہتے ہیں ہم تو اُن پر ایمان لے آئے ہیں اور اہلِ مکّہ اور خود اُن کے قبیلے کے لوگ اُن کو اور معدودے چند اُن کے ہمراہیوں کو ناحق ناروا طرح طرح کی ایذائیں دے رہے ہیں اور ہم نے اُن سے عہد و پیمان کرلیا ہی کہ اگر آپ مدینے تشریف لے آئیں تو ہم ہر طرح آپ کی حمایت کریں گے۔ چنانچہ وہ صبح و شام آنے ہی والے ہیں۔ غرض آنے سے پہلے مدینے کے لوگ حضرت کی تشریف آوری کے منتظر تھے جس دن آنے کو ہوئے سارا مدینہ مُسلمان استقبال کے لیے اور نامُسلم دیکھنے کے شوق میں باہر نکل کھڑے ہوئے۔ عبداللہ بن سلام جن کی نسبت پیغمبر صاحب نے فرمایا کہ[1] اَنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اور جن کے بارے میں قرآن کی یہ آیت اُتری وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ

[1] حدیث یُسنین میں حضرت سعد بن ابی وقاص سے آیا ہی وہ کہتے ہیں مَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِاَحَدٍ يَمْشِیْ عَلَى الْاَرْضِ اِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ وَفِيْهِ نَزَلَتْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ الآیہ (باقی صفحہ ۱۸)

روایت کرتے ہیں کہ مَیں اُس وقت تک اسلام نہیں لایا تھا۔ اور مدینے کے باہر اپنے باغ میں درختوں کی دیکھ بھال کر رہا تھا۔ وہیں مَیں نے پیغمبر صاحب کا آنا سُنا۔ مَیں بھی دیکھنے دَوڑا تو پیغمبر صاحب اُونٹنی سے اُتر کر ابو ایوب انصاری کے گھر میں بیٹھ چکے تھے۔ میں نے پیغمبر صاحب کو دیر تک بغور دیکھا اور مَیں اُن کا دعوے نبوت تو سُن ہی چکا تھا بے قصد میری زبان سے نکلا واللہ ماھٰذا الوجہ بجہ یہ چہرے کاذبہ نہیں ہو سکتا گذشتہ کل اب یہ بھی قیافہ شناسی ہے ؎

دروغ ہر قوم کش از حق مزہ است روئے آوازِ پیمبر معجزہ است

باتیں تو اَور بہت ہیں مگر مجھکو قیافے کے متعلق اس وقت اتنا ہی کہنا تھا۔

(س) تو آپ نے عبد الصدون سلام کی طرح پیغمبر صاحب کو دیکھا تو نہیں۔

(م) دیکھا نہیں تو اُن کا حلیہ اُن کا سراپا اُن کتابوں میں دیکھا جو شمائل پر لکھی گئی ہیں اور ہندوؤں سے سُنا سُنایا کچھ مجھکو معلوم بھی تھا۔ مزید احتیاط کے لیے میں نے پیغمبر صاحب کے سراپا کو قیافے کی کتابوں سے ملایا تو سارا سراپا محاسن اخلاق پر دلالت کرتا تھا۔ اے کاش مَیں نے پیغمبر صاحب کو دیکھا ہوتا۔ مگر ایسے نصیب کہاں تھے۔ یا اَب خواب میں ایک نظر دیکھ لوں کیونکہ حدیث میں آیا ہے۔

مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ بِیْ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

پیغمبر صاحب نے فرمایا کہ جس نے مجھکو یعنی میرے حلیے اور سراپا کو خواب میں دیکھا درحقیقت اُس نے مجھ ہی کو دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت بن کر خواب میں نہیں آتا۔

؎ نفرق تا بقدم ہر کجا کہ مے نگرم کرشمہ دامن دل مے کشد کہ جا اینجا است

تاہم قیافے کی بات تو کچھ ایسی مہتم بالشان بات نہ تھی کہ مَیں نے اُس کو پیغمبر صاحب کی صداقت کا ثبوت سمجھا ہو بلکہ من جملہ مؤیدات کے ایک مؤید۔ بڑی بات تو تناسبِ افعال ہے کہ فطرت افعال میں بے مناسبتی ہونے نہیں دیتی۔ اَلْعَادَۃُ کَالطَّبِیْعَۃِ الثَّانِیَۃِ تو مَیں نے پیغمبر صاحب کے خصائل اور عادات اور اخلاق اُن کی زندگی کے واقعاتِ روزمرہ سے اخذ کیے جیسے بھی کتابوں میں مرقوم ہیں بے شک اِن میں ایسی باتیں بھی ہیں۔ جن پر ایک غیر مذہب الاجو پہلے سے پیغمبر صاحب کی طرف سے بدظن ہے۔ نکتہ چینی کر سکتا ہے مگر پھر بھی مجموعی حالات ایک خالی الذہن آدمی کو مطمئن کرنے کے لیے کافی ہیں۔ کہ پیغمبر صاحب معتدل اور سلیم فطرۃ کے فردِ اکمل تھے۔

اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ۝ (۶۸ ۴) اے پیغمبر بے شک تمہارے اخلاق البتہ بڑے اعلیٰ درجے کے ہیں

اور اُن میں فطرۃ سلیم کا ملکہ ایسا راسخ تھا کہ وہ اس کے خلاف کر نہیں سکتے تھے اور اسی کو ہم پیغمبر کہتے ہیں۔ خیر اَور اخلاق کو تو رہنے دو صرف صدق کو لو جس کی اس وقت بحث ہے تو کلیہ قاعدہ ہے کہ آدمی کے تمام افعال معلّل بالاغراض ہوتے ہیں۔ یعنی آدمی کے ہر ایک فعل کا محرّک اور سبب کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے اور وہ مطلب دو قسم سے خالی نہیں لالچ یا خوف۔ سو لالچ اور خوف دونوں کئی

(بقیہ صفحہ ۷۱) یعنی مَیں نے جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کسی زندہ زمین پر چلنے والے کے حق میں یہ فرماتے نہیں سُنا کہ وہ جنتی ہے مگر عبد اللہ بن سلام کے حق میں یہ فرماتے سُنا اور اُن ہی کے حق میں آیہ وشہد شاھد الخ اُتری ہے ۱۲ ؎ آدمی کی عادت بھی دوسری طبیعت ہوتی ہے ۱۲

کئی طرح کے ہیں۔ لالچ ہی دولت کا۔ لالچ ہی سلطنت اور لوازمِ سلطنت یعنی حکومت اور برتری اور ترفع اور تفضل کا۔

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	(نوح کے جواب میں) اُن کی قوم کے
مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا	سردار جو منکر تھے (آپس میں) لگے کہنے
بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُرِيْدُ	کہ یہ (بھی) بس تم ہی جیسا آدمی ہے (اور)
اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ	تم سے برتر بننا چاہتا ہے اور اگر خدا کو
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ	(پیغمبری بھیجنا منظور ہوتا تو
مَلٰٓئِكَةً مَّا سَمِعْنَا	فرشتوں کو اُتارتا ہم نے تو ایسی
بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا	بات اپنے اگلے باپ دادوں میں
الْاَوَّلِيْنَ ۝ (المؤمنون ع ۲)	(ہوتی) سُنی نہیں۔

لالچ ہی انتقام کا۔ علی ہذا القیاس خوف بھی طرح طرح کے ہو سکتے ہیں۔ منفعتِ حاصلہ کے فوت ہو جانے کا خوف۔ بدنامی کا خوف۔ یا مجمل طور پر کہنا چاہو تو لالچ ہی فائدے کا اور خوف ہی نقصان کا۔ چونکہ ہر ایک آدمی کے خاص اغراض ہوتے ہیں ہم فائدے اور نقصان کی صورتوں اور قسموں کو محصور نہیں کر سکتے۔ لیکن جہاں تک پیغمبر صاحب کی اغراض پر ہماری نظر احاطہ کر سکتی ہے اُن کا لالچ اور خوف اگر ہوتا تو ان ہی صورتوں میں سے کسی صورت میں ہوتا جو میں نے گنوائیں۔ لیکن اُن کے حالات پکارے کہہ رہے ہیں کہ اگر بالفرض اُنھوں نے جھوٹ موٹ نبوت کا دعویٰ کیا تو کوئی محرک اُن کی طرف منسوب نہیں کیا جا سکتا پس اِذَا فَاتَ الشَّرْطُ فَاتَ الْمَشْرُوْطُ۔ کی رُو سے جھوٹے دعوے نبوت کرنا غلط یعنی صداقۃ ثابت

(جب شرط ہی نہیں تو مشروط کہاں؟)

ایک تاریخی واقعہ جس سے کسی نے انکار نہیں کیا اور نہ اُس میں انکار کی گنجایش ہے ذیل میں نقل کیا جاتا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ تخویف و تطمیع دونوں پیغمبر صاحب کے حق میں بے اثر محض تھیں۔ جب پیغمبر صاحب مبعوث ہوئے اور قرآن مجید اُترنا شروع ہوا تو آپ نے سب سے پہلے اپنے خاندان کے لوگوں کو تبلیغ کی اور جب دیکھا کہ آپ کے وعظ و نصیحت کا اِن پر کچھ اثر نہیں پڑتا تو حرم کعبہ میں تشریف لا کر اُس پتھر پر کھڑے ہوئے جو آپ کے جدِ اعلیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نصب کیا تھا اور بآوازِ بلند فرمایا اے گروہِ قریش میں تم کو خدا کی توحید اور اپنی رسالت کی طرف بُلاتا ہوں میری بات مانو اور شرک و بُت پرستی ترک کر دو ایسا کرو گے تو دین و دنیا کی بادشاہت تمھیں نصیب ہوگی۔ جس کو سُن کر کفار نے ایک بڑا قہقہہ لگایا اور آپس میں لگے کہنے کہ محمد کو جنون ہو گیا ہے۔ پیغمبر صاحب موقع بموقع وعظ فرماتے اور رات دن توحید خداوندی کی منادی کرتے تھے مگر کفار ہر موقع پر آپ سے استہزا کرتے اور توہین و تذلیل میں کوئی بات اُٹھا نہ رکھتے۔ کچھ دنوں تک آپ نے صرف توحید کے وعظ پر بس کی مگر جب دیکھا کہ مشرکین بُت پرستی سے باز نہیں آتے۔ اور پتھر مٹی کی بے جان اور عاجز مورتوں کو خدا لے تعالیٰ جلّ علا کی ذات و صفات میں شریک کیے جاتے ہیں تو آپ نے اُن کو مشرک کے ذلیل لقب سے خطاب کرنا اور اُن کے دین کو سراسر گمراہی و ضلالت بتانا شروع کیا۔ اس پر جملہ قریش کو سخت طیش آیا اور اُنھوں نے آپ کے چچا ابو طالب

کو کہلا بھیجا کہ اپنے بھتیجے کو روکو کہ وہ ہمارے دین کی سخت ہجو کرتا اور ہمارے آبا و اجداد کو برائی سے یاد کرتا ہے۔ لیکن جب ابو طالب پر اُن کے اس پیام کا کچھ اثر نہ ہوا تو چند رؤسائے قوم جمع ہو کر خود ابو طالب کے پاس گئے اور کہا اب تک تو ہم آپ کی بزرگی اور جلالتِ شان کی وجہ سے نہایت خاموشی کے ساتھ صبر و تحمل کرتے رہے مگر اس کے آگے ہم سے تحمل نہیں ہو سکتا پس یا تو محمد کو ان باتوں سے باز رکھیئے یا اُسے اور ہمیں دونوں کو چھوڑ کر آپ کنارہ کش ہو جایئے تاکہ ہم ہی غارت ہو جائیں یا وہی۔ ابو طالب نے پیغمبر صاحب کو بلا کر قریش کی اس گفتگو سے مطلع کیا اور کہا فرزند من! اپنی جان کو اور اپنی جان کے ساتھ مجھ بوڑھے کی جان کو ہلاکت سے بچا لو۔ اور اس قدر بوجھ مجھ پر نہ ڈالو جس کی مجھکو برداشت نہ ہو۔ پیغمبر صاحب نے ابو طالب کی یہ گفتگو سُن کر خیال کیا۔ کہ شاید چچا میری حمایت سے دست بردار ہوا چاہتے ہیں۔ آپ نے نہایت متانت اور سنجیدگی کے ساتھ جواب میں فرمایا کہ چچا! اگر یہ لوگ اس اُمید پر کہ میں اس عظیم الشان امر کی بجا آوری سے پہلو تہی کروں گا۔ میرے دائیں ہاتھ میں سورج اور بائیں میں چاند بھی لا رکھیں تو بھی میں اس کو ہرگز ترک نہ کروں گا۔ میں اس بات کا بیڑا اُٹھا چکا ہوں کہ تا وقتیکہ خدا اپنے دین کو تمام ادیان پر غالب نہ کر دے گا میں اس کوشش سے ہاتھ نہ اُٹھاؤں گا۔ ابو طالب پر پیغمبر صاحب کے اس جملے نے وہ اثر کیا کہ بے اختیارانہ اُن کی زبان سے نکلا اِذْهَبْ يَا ابْنَ اَخِيْ فَقُلْ مَا اَحْبَبْتَ فَوَاللّٰهِ لَا اُسْلِمُكَ لِشَيْءٍ اَبَدًا یعنی میرے بھتیجے تم جاؤ اور جو بات تم کو پسند ہو بے دھڑک کہو گزرو خدا کی قسم میں دشمنوں کے ہاتھوں میں تمہیں ہرگز نہ سونپوں گا اور ساتھ ہی ذیل کے اشعار فی البدیہہ پڑھے ؎

وَاللّٰهِ لَنْ يَّصِلُوْا اِلَيْكَ بِجَمْعِهِمْ	حَتّٰى اُوَسَّدَ فِي التُّرَابِ دَفِيْنًا
فَاصْدَعْ بِاَمْرِكَ مَا عَلَيْكَ غَضَاضَةٌ	وَاَبْشِرْ وَقَرِّ بِذَاكَ مِنْكَ عُيُوْنًا
وَدَعَوْتَنِيْ وَزَعَمْتَ اَنَّكَ نَاصِحِيْ	وَلَقَدْ صَدَقْتَ وَكُنْتَ ثَمَّ اَمِيْنًا
وَعَرَضْتَ دِيْنًا لَا مَحَالَةَ اَنَّهٗ	مِنْ خَيْرِ اَدْيَانِ الْبَرِيَّةِ دِيْنًا
لَوْلَا الْمَلَامَةُ اَوْ حِذَارُ مَسَبَّةٍ	لَوَجَدْتَنِيْ سَمْحًا بِذَاكَ مُبِيْنًا

قریش کو جب معلوم ہوا کہ ابو طالب پیغمبر صاحب کی حمایت سے پہلو تہی کرنا نہیں چاہتے تو اپنی قوم کے ایک رئیس زادے مغیرہ کے پوتے ولید کے بیٹے عمارہ کو جو نہایت خوبصورت اور خوبصورت ہونے کے علاوہ شاعر بھی تھا ابو طالب کے پاس لے کر حاضر ہوئے اور کہا آپ اسے اپنا متبنّیٰ کر لیجیئے۔ یہ آپ کے بڑھاپے میں کام آئے گا۔ اور اس کے عوض اپنے بھتیجے کو جس نے آپ کی قوم میں تفرقہ ڈال دیا ہے اور آپ کے آبا و اجداد کو احمق و بیوقوف بتاتا ہے۔ ہمارے سپرد کر دیجیئے تاکہ ہم دنیا سے اُس کا جھگڑا ہی پاک کر دیں۔ ابو طالب نے اس نامعقول درخواست کا نہایت دل شکن جواب دے کر انھیں رخصت کر دیا اور یہ معلوم کر کے کہ کفار

لہ خدا کی قسم اگر یہ سب لوگ مل کر بھی تمہیں ضرر پونچانا چاہیں تو جب تک میں زمین میں دفن نہ ہو جاؤں تمہیں ضرر نہیں پونچا سکتے تمہیں جو حکم ہوا ہے اُسے کھول کر سنا دو اس میں تمہاری کچھ ذلت نہیں اور خوش ہو اور اس سے آنکھیں ٹھنڈی کرو تم نے مجھے اسلام کی طرف بلایا اور میں جانتا ہوں کہ تم میرے خیر خواہ ہو اور اس سے پہلے ہی تم صادق اور امین کے لقب سے پکارے جاتے ہو تم نے ایسا دین پیش کیا جو خلوق کے تمام دینوں سے یقیناً بہتر ہے اگر مجھے ملامت اور دشنام دہی کا خوف نہ ہوتا تو تم مجھے اپنا کھلا ہوا مددگار پاتے ۱۲ +

پیغمبر صاحب کے قتل پر آمادہ رہیں اپنے قبیلے اور خاندان کے لوگوں کو پیغمبر صاحب کی حمایت و نصرت پر آمادہ کیا۔ ابولہب کے سوا تمام بنی ہاشم پیغمبر صاحب کی حمایت کے لیے کھڑے ہو گئے مگر یہ لوگ تھے ہی کتنے ایک قبیلہ یا ایک خاندان ایک شہر کا تو مقابلہ نہیں کر سکتا ہاں اتنا ضرور ہوا کہ پیغمبر صاحب بنی ہاشم کی حمایت کی وجہ سے چند روز تک کفار کی ایذاؤں سے محفوظ رہے مگر غریب نو مسلم تو جب تک مکے میں رہے۔ مخالفوں کی ایذاؤں کے شکار ہی رہے۔ خلاصہ یہ کہ کفار نو مسلموں کو اور خود پیغمبر صاحب کو تکلیفیں پہونچانے میں حتے الامکان کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرتے تھے۔ اور جب دیکھتے کہ درشتی اور سختی سے مدعا حاصل نہیں ہوتا تو نرمی و ملایمت سے کام نکالنا چاہتے تھے۔ چنانچہ ایک دن کا ذکر ہے کہ مغیرہ بن شعبہ جو اپنی قوم میں بڑا رئیس اور ذی وجاہت اور مالدار تھا اپنی قوم کے اشارے سے پیغمبر صاحب کے پاس آیا۔ اور خلاف معمول نہایت نرمی اور ملایمت اور تسلی اور دلجوئی کے ساتھ کہا میرے بھتیجے تم صاحب اوصاف جمیلہ اور عالی خاندان ہو پھر کیا سبب ہے کہ ہمارے معبودوں کو سب و شتم کے ساتھ یاد کرتے ہو اور اُن کی عبادت و بندگی کی وجہ سے ہمیں بے وقوف اور پاگل بتاتے اور ہماری قوم میں تفرقہ ڈالتے ہو کیا اس سے تمہارا یہ مقصود ہے کہ کسی مال دار حسین و جمیل اور عالی خاندان عورت سے تمہاری شادی ہو جائے؟ اگر یہی غرض ہے تو مکے بھر میں جس عورت کو تم پسند کرو ہم ابھی اُس سے تمہاری شادی کرا دیں اور اگر مال و زر مطلوب ہے تو ہم ابھی تمہارے پاس اس قدر دولت جمع کر دیتے ہیں کہ تم سب سے زیادہ دولتمند ہو جاؤ اور اگر حکومت و سرداری کی تمنا ہے تو ہم سب لوگ تم کو اپنا سردار بلکہ بادشاہ بنا لیتے ہیں اور عہد کرتے ہیں کہ ہم تمہاری اطاعت کے آگے اسی طرح سر تسلیم خم کیے رہیں گے اور تمہاری فرماں برداری بالکل اُسی طرح کریں گے جس طرح ایک بڑے جلیل القدر جبار بادشاہ کی کی جاتی ہے۔ اور اگر کسی بھوت پریت کا سایہ ہو گیا ہے یا جن و پری کا اثر معلوم ہوتا ہے اور تم اُس کے دفعیہ سے عاجز ہو تو ہم سے صاف صاف کہہ دو ہم کسی ایسے حاذق و ماہر معالج کو تمہارے واسطے تلاش کر کے لائیں گے جو تم کو تندرست کر دے گا۔ جب مغیرہ بن شعبہ یہ کہہ کر خاموش ہوا۔ تو پیغمبر صاحب نے فرمایا کہ کیا کہہ چکا یا کچھ اور کہنا باقی ہے مغیرہ بولا کہ اتنا ہی کہنا تھا پیغمبر صاحب نے فرمایا کہ اچھا بیٹھ جاؤ اور سُن اور اپنے سورۂ فصلت کی یہ چند آیتیں پڑھنی شروع کیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ (ترجمہ) (شروع) اللہ کے نام سے (جو) نہایت رحم والا مہربان (ہے) تم (یہ فرمان۔ خدائے) رحمن (و) رحیم (کے حضور) سے صادر ہوتا ہے۔ یہ قرآن کتاب ہے جس کی باتیں زبان عربی میں سمجھدار لوگوں

کے لیے تفصیل کے ساتھ بیان کردی گئی ہیں (ماننے والوں کو خوشخبری خدا کی) خوش خبری سُناتا اور (منکروں کو عذاب خدا سے) ڈراتا ہی پس (پیغمبر ہی) اِن میں سے اکثروں نے مُونہ موڑ لیا اور وہ اِس کو سنتے ہی نہیں اور (اِسی پیغمبر پر لوگ ہی) کہتے ہیں کہ جس بات کی طرف تم ہم کو بُلاتے ہو ہمارے دل تو اُس سے پردوں میں ہیں (کہ تمھاری بات دل کو نہیں لگتی) اور ہمارے کانوں میں (ایک طرح کی گرانی ہی کہ تم جو کہتے ہو سُنائی نہیں دیتا) اور ہم میں اور تم میں (ایک طرح کا) پردہ (حائل) ہی (کہ تم ہم پر کسی طرح کا اثر نہیں ڈال سکتے) تو (اِس سے بہتر ہی کہ) تم (اپنے طور پر) عمل کیے جاؤ ہم (اپنے طور پر) عمل کر رہے ہیں (اِسی پیغمبر تم اِن لوگوں سے) کہو کہ میں (بھی) تم ہی جیسا بشر ہوں (مگر) مجھ پر وحی آتی ہی کہ تمھارا معبود بس (وہی) ایک معبود ہی پس سیدھے اُسی کی طرف (مُونہ کیے) چلے جاؤ اور اُس سے اپنے گناہوں کی) معافی مانگو اور شرک کرنے والوں پر افسوس جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے بھی منکر ہیں البتہ جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل (بھی) کیے اُن کے لیے (آخرت میں) بڑا اجر ہی جو (کبھی) موقوف ہونے والا نہیں ف (اِسی پیغمبر تم اِن لوگوں سے) کہو کیا تم اُس (قادرِ مطلق کی خدائی سے) انکار کرتے ہو جس نے دو دن میں زمین کو پیدا کیا اور تم (دوسروں کو) اُس کا ہمسر بناتے ہو یہی (خدا تو) سارے جہان کا پروردگار ہی اور اُسی نے زمین میں اُس کے اُوپر سے (بھاری بوجھل) پہاڑ گاڑ دیئے اور اُس میں ہر طرح کی برکت دی اور اُسی میں اُس کی پیداوار کا اندازہ بھی ٹھیرا دیا اور (یہ سب کچھ) چار دن میں (سب) مانگنے والوں کے لیے برابر ف۲ پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور وہ (اُس وقت تک) گہر (کی طرح کا) تھا تو اُس (گہر) کو اور زمین کو حکم دیا کہ تم دونوں آؤ خوشی سے آؤ تو اور زبردستی آؤ تو اور (جو حکم ہم دیتے ہیں اُس پر کاربند رہو) دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی سے (حکم بجا لانے کو) حاضر ہیں اِس کے بعد دو دن میں اُس (گہر) کے (طبقات) کے سات آسمان بنائے اور ہر ایک آسمان میں (جو انتظام خدا کو کرنا منظور تھا وہ) انتظام (کارکنانِ قضا و قدر کو) بتا دیا ف۳ اور (رُوئے آسمان کو ہم نے ستاروں کی قندیلوں سے) سجایا اور (سجانے کے علاوہ) حفاظت کے لیے بھی ف۴ یہ (اندازے) اُس (خدا) کے باندھے ہوئے ہیں جو زبردست (اور) دانا ہی پس اگر (اِتنے سمجھانے پر بھی گھمنڈ کیے) سرتابی کریں تو (اِی پیغمبر تم اِن سے) کہہ دو کہ جیسی کڑک عاد اور ثمود پر ہوئی تھی اُسی طرح کی کڑک سے میں تم کو بھی ڈراتا ہوں ٭

ف غیر ممنون کے ایک معنے تو وہ ہیں جو ہم نے ترجمے میں اختیار کیے اور ایک معنے بے منت کے بھی ہیں کہ منت رکھنے سے یعنے والے کو تھوڑی بہت ایذا ہوتی ہی چنانچہ صدقات کے بارے میں فرمایا ہی لَا تُبْطِلُوْا صَدَقَاتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى تو مطلب یہ ہوا کہ جنتیوں کو جو اجر دیا جائے گا اُس کا احسان نہیں رکھا جائے گا تاکہ جھینپیں نہیں شرمائیں نہیں ۱۲ ف۲ سعدی علیہ الرحمۃ نے شاید اسی مضمون کو ادا کیا ہی ؎ اے کریم زیں سفرۂ عام اوست ٭ بریں خوانِ یغما چہ دشمن چہ دوست ٭ مانگنے والے سے مراد ہی حاجتمند جس کو اُردو کے محاورے میں صورت سوال کہتے ہیں اور ایک جگہ اسی طرح کی قدرتیں بیان کرکے فرمایا ہی وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ کہ جو کچھ تم نے مانگا یعنی جو کچھ تم کو درکار تھا سو دیا مُونہ سے نہ بھی مانگیں تو بھی رُواں رُواں پُکار پُکار مانگ رہا ہی ۱۲ ف۳ ابتدائے آفرینش کی نسبت انسانی معلومات تو درجۂ تحقیق کو پہنچی نہیں آسمانی کتابوں میں اجمالاً کچھ مذکور ہی اصلی مقصود تو انسان کو خدا کی قدرت کی طرف متوجہ کرنا منظور ہی اور وہ جیسا اجمال سے حاصل ہوتا ہی ویسا ہی تفصیل سے اب اِس زمانے میں علمِ ہیئت نے دُوربین کے ذریعے سے بہت ترقی کی ہی اور قدیم حالات بھی بڑی کاوش کے ساتھ دریافت کیے جاتے ہیں مگر انسان وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا کی حد سے باہر نہیں جا سکتا اب لوگوں کا یہ خیال ہی اور تورات موجودہ سے بھی اِس کا پتہ چلتا ہی کہ شروع میں پانی ہی پانی تھا اُس میں خدا نے اپنی قدرت سے حرارت پیدا کی اور پانی پر جھاگ آگئے اور کچھ بخارات اُڑے بخارات سے بنے آسمان اور جھاگ سخت ہو کر بنی زمین۔ علی ہذا القیاس اب لوگ خیال کرتے ہیں کہ آجرام

(رس) وہ کیا حالات ہیں جن کی وجہ سے پیغمبر صاحب پر دعوی نبوت کے بارے میں لالچ اور خوف کا شبہ نہیں کیا جا سکتا۔
(رم) وہ حالات واقعات نفس الامری ہیں جن کو دوست دشمن سب نے مانا ہے کہ پیغمبر صاحب اصل میں جزیرہ عرب کے شہر مکہ کے رہنے والے تھے۔ مکے کی عظمت جو کچھ ہے خانہ کعبہ کی وجہ سے ہے کہ یہ معبد ابتدا میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بنایا تھا اس کو بنے ہوئے اب تقریباً اٹھائیس سو برس ہوئے۔ کیونکہ جس قاعدے پر زمانہ حال کے مؤرخ قدیم زمانے کا حساب لگاتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیوی سنہ کے بیالیسویں صدی میں یعنی حضرت مسیح سے انیسویں صدی ماقبل میں ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ بنایا تھا۔ بیچ میں کئی بار اس کی تجدید بھی ہوئی ہے۔ چونکہ تمام عرب ان ہی ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں۔ اور یوں بھی

(بقیہ نوٹ صفحہ ۷۶) فلکی یعنی چھوٹے سے چھوٹا ستارہ بھی بجائے خود ایک جہان ہے ستاروں میں پہاڑ اور سمندر اور ہوا اور بادل اور وہ سب اس قسم کی چیزیں دوربین سے دیکھی گئی ہیں اور قیاس کیا جا سکتا ہے کہ عجب نہیں وہاں بھی کسی قسم کی مخلوق آباد ہو ہم کو ان کے حالات بتائے نہیں گئے اور نہ ہم معلوم کر سکتے ہیں وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ بہرکیف جس قدر بتایا گیا ہے اور جس قدر معلوم ہے خدا کی قدرت پر استدلال کرنے کے لیے کافی ہے جو ان بیانات کا مقصود اصلی ہے ۱۲ ۴ حفاظت کا اشارہ شاید اس مضمون کی طرف ہے کہ شیاطین عالم بالا کو وہاں کی باتیں سننے جاتے ہیں تو ان کو شہاب پھینک کر کھدیڑ دیا جاتا ہے اور یہ معاملہ دخل اسرار الٰہی ہے جس کو خدا نے کسی مصلحت سے ہم پر ظاہر نہیں فرمایا ۱۲

نوٹ صفحہ ہذا جس طرح حضرت ابراہیم کا ..... پیغمبر ہونا تمام اہل کتاب کے نزدیک متواترات سے ہے اسی طرح ان کا خانہ کعبہ تعمیر کرنا اور بنانا بھی متواترات سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر ہوتا ہے ساتھ ہی ان کی اس تعمیر کا بھی ذکر ہوتا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تعمیر کعبہ کی کیفیت قرآن مجید کی کئی آیتوں میں بطریق اجمال اس طرح بیان کی گئی ہے کہ ابراہیم نے خدا کے تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق شہر مکہ کے ایک پہاڑ کی گھاٹی میں خانہ کعبہ یعنی مسجد بنائی۔ حضرت اسمٰعیل خانہ کعبہ کی تعمیر میں باپ کے ساتھ شریک تھے۔ اسمٰعیل گارا اور پتھر دیتے جاتے اور ابراہیم علیہ السلام دیواریں اونچی کرتے جاتے تھے۔ باپ بیٹوں نے بامتثال اس عبادت گاہ کو بنایا تھا۔ بناتے جاتے اور خدا سے دعائیں مانگتے جاتے تھے کہ خدا ان کی اس خدمت کو قبول کرے۔ ازرقی کی کتاب اخبار مکہ میں لکھا ہے کہ حضرت ابراہیم کعبے کی دیواریں زمین سے نو ہاتھ اونچی لے گئے اور ایک طرف سے بیس اور ایک طرف سے بائیس ہاتھ کا عرض رکھا اور طول ایک جانب سے اکتیس اور دوسری جانب سے بتیس ہاتھ کا۔ کتب تواریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ اس زمانے میں خانہ کعبہ کی صرف چہار دیواری ہی تھی چھت نہیں تھی اور دروازہ زمین سے بالکل ملا ہوا تھا اس میں نہ کواڑ چڑھے تھے نہ کنڈی لگی تھی۔ اس عمارت کے ایک بیرونی گوشے پر طواف کے شمار کرنے کو جس سے اس کی ابتدا اور انتہا معلوم ہو سکے ایک لمبا پتھر لگا دیا تھا جو حجر اسود کے نام سے مشہور ہے ازرقی نے اخبار مکہ میں لکھا ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوا کہ خدا کا گھر تعمیر کریں اور وہ تعمیر کرتے کرتے وہاں تک پہونچے جہاں اب حجر اسود رکھا ہوا ہے تو انھوں نے اسمٰعیل سے کہا کہ ایک لمبا سا پتھر لاؤ تاکہ وہ لوگوں کے لیے کعبے کا طواف شروع ہونے اور ختم ہونے کی نشانی ہو یعنی تاکہ لوگ اس سے طواف شروع کیا کریں اور اسی پر ختم کریں اسمٰعیل علیہ السلام ایک بڑا سا پتھر اٹھا لائے مگر ابراہیم علیہ السلام نے اس کو پسند نہیں کیا اور خود ان کو ان کی پسند کے موافق ایک پتھر یعنی حجر اسود مل گیا اور انھوں نے اس کو اس جگہ لگا دیا جہاں اب تک لگا ہوا ہے۔ کعبے کی چاردیواری کے اندر حضرت ابراہیم نے ایک کنواں کھودا تھا جس کو لوگ خزانۂ کعبہ کہتے تھے اور جو کچھ نذر و نیاز کعبے میں آتی تھی وہ اس میں رکھ دیتے تھے تاکہ چوری سے محفوظ رہے۔ جب حضرت ابراہیم کعبے کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو اسمٰعیل علیہ السلام کو اس کا محافظ مقرر کر کے شام کو چلے گئے (بقیہ بر صفحہ آئندہ)

ابراہیم علیہ السلام ابوالانبیاء ہیں اور ان کو یہودی اور عیسائی اور مسلمان سب اہل کتاب یکساں مانتے ہیں کعبہ قدیم الایام سے تمام اہل عرب کا مقدس پرستش گاہ رہا ہے۔ حج کے بنا پر برس اس کے حج ہوتے رہے ہیں۔ پیغمبر صاحب کے وقت میں بھی جزیرۂ عرب قبائل میں منقسم تھا اب بھی ہے۔ قبائل میں بزرگ ترین قبیلہ قریش کا تھا۔ اس لیے کہ یہی لوگ خانۂ کعبہ کے متولی اور خدام اور مجاور تھے۔ یہاں تک ان لوگوں کا ادب کیا جاتا تھا کہ عرب میں ذیقعدہ۔ ذی الحجہ۔ محرم۔ رجب کے چار مہینے چھوڑ کر باقی آٹھ

اسمٰعیل علیہ السلام ایک عرصہ تک کعبے کے محافظ رہے جب اُن کا انتقال ہوا تو نبی جرہم اُس میں دخیل ہو گئے اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ اسمٰعیل علیہ السلام نے مضاض بن عمرو کی بیٹی رعلہ نام سے شادی کر لی تھی اور مضاض قبیلۂ جرہم کا ایک بڑا معزز سردار تھا حضرت اسمٰعیل کے انتقال کے بعد مضاض کی بیٹی رعلہ کی کئی اولادیں باقی رہیں اور مضاض نے اس حیثیت سے کہ وہ اسمٰعیل کے بچوں کا نانا تھا اُن کی سرپرستی اور کفالت کا بیڑا اُٹھایا اور اسی کے ضمن میں تولیت خانۂ کعبہ اور حکومت شہر مکہ اور تمام اختیارات اُس نے اپنے ہاتھ میں لے لیے اور رفتہ رفتہ نبی جرہم پورے طور پر دخیل ہو گئے حتےٰ کہ نبی جرہم ہی والیٔ بیت تھے نبی جرہم ہی حُجّاب تھے نبی جرہم ہی مکے کے حاکم تھے ایک عرصے کے بعد ان ہی نبی جرہم کے اختیار کے زمانے میں پہاڑی نالہ آیا اور کعبے میں پانی چڑھ گیا اور کعبہ ڈھ گیا نبی جرہم نے اُن ہی بنیادوں پر جو ابراہیم علیہ السلام نے بنائی تھیں کعبہ کھڑا کیا اور اسی صورت پر از سر نو بنا لیا اس وقت بھی کعبے کی بلندی زمین سے نو ہاتھ تھی۔ نبی جرہم کے بعد قبیلہ عمالیق نے خانۂ کعبہ کی تعمیر کی۔ عرب میں ایک مشہور قبیلہ حمیر بھی آباد تھا اور نبی حمیر کی شاخ ایک اور قبیلے سے ملتی تھی جسے قبیلۂ عمالیق کہتے تھے اور جو مکے میں بستا تھا۔ نبی جرہم اور نبی عمالیق میں اکثر کشت وخون ہوتے رہتے تھے آخر کار عمالیق نے نبی جرہم پر غلبہ پایا۔ اور کعبے کی مختار ہو گئے۔ ان کے زمانۂ حکومت میں ایک بڑا عظیم الشان سیلاب مکے میں آیا جس سے خانۂ کعبہ جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ گیا۔ اس تعمیر کا زمانہ اگرچہ ٹھیک طور پر معلوم نہیں ہوا مگر مؤرخوں نے عمالیق کی حکومت مکہ کا زمانہ سنہ عیسوی سے ایک صدی بیشتر بتایا ہے۔ اس سے قیاس کیا جاتا ہے کہ غالباً عمالیق کے خانۂ کعبہ کی تعمیر کا زمانہ حضرت مسیح سے سو برس بیشتر ہوگا۔ اس تعمیر میں کعبہ کی چھت سات ستونوں پر قائم کی گئی تھی۔ زبیر بن بکار قاضی مکہ کتاب النسب میں لکھتے ہیں کہ جب قبیلۂ خزاعہ نے جو مکے میں آباد تھا اور سارے شہر پر اپنا تسلط رکھتا تھا خانۂ کعبہ کی تولیت قصیّ بن کلاب کے سپرد کی اور شہر مکہ کی حکومت کی باگ اُس کے ہاتھ میں دے دی تو اُس نے سب سے پہلے اپنی قوم کے چندے سے بہت سا روپیہ جمع کیا اور خانۂ کعبہ کو جو متواتر سیلابوں کے صدمے سے جا بجا سے پھٹ گیا تھا دوبارہ از سر نو تعمیر کرایا۔ اور ایسے استحکام اور مضبوطی کے ساتھ تعمیر کرایا کہ اس سے پیشتر کبھی کسی نے ایسی مضبوطی کے ساتھ تعمیر کرایا تھا قصیّ نے بنائے ابراہیمی میں کچھ اور تغیر تو نہیں کیا صرف چھتوں کو گول کی لکڑی سے پاٹ دیا۔ اور حطیم کی طرف سے کچھ عرض کم کر دیا کیونکہ یہاں تک پونہچ کر اُس کے پاس کا سرمایہ ٹھہر گیا تھا یہ تعمیر غالباً جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے دو سو برس پہلے ہوئی ہوگی کیونکہ قصیّ بن کلاب آپ کی ولادت سے دو سو سال پیشتر گزرا ہے۔ ایک عرصے کے بعد قبیلۂ خزاعہ قصیّ سے بگڑ بیٹھا اور اُسے تولیۂ کعبہ اور حکومت شہر سے بے دخل کرنا چاہا مگر قصیّ نے نہایت دلیری اور بے باکی کے ساتھ اُن کا مقابلہ کیا اور سخت خونریزی کے بعد آخر کار بنو خزاعہ کو مکے سے نکال چھوڑا اور خود شہر مکہ کا مستقل اور بااختیار حاکم ہو گیا۔ قصی کی قوم نے اُس کو اپنا بادشاہ تسلیم کیا اور سب نے اُس کے حکم پر گردن تسلیم جھکا دی۔ ان لوگوں کے دلوں میں کعبے کی اس درجہ وقعت و بزرگی تھی کہ کعبے کے ارد گرد سکونت کے لیے مکانات بنانے کو گناہ سمجھتے تھے اور انھوں نے یہ قاعدہ مقرر کر رکھا تھا کہ دن کو تو کعبے کے ارد گرد رہتے اور شام کو مکے سے نکل کر حِل میں چلے جاتے۔ جب ایک مدت اسی طرح گزر گئی تو قصیّ نے اپنی قوم کو جمع کر کے کہا کہ تم مکے میں رہائشی مکانات بناؤ (بقیہ جو ہو آئندہ)

مہینے جو سب کے قبائل خود سر آپس میں لڑتے رہتے تھے۔ لڑائی کے مہینوں میں قریش کے سوائے کسی کی مجال نہ تھی کہ کسی دوسرے قبیلے کی سرحد میں ہو کر گزر جائے مار دھاڑ لوٹ لیتے تھے اور امن کے چار مہینے بھی خانہ کعبہ کے ادب سے قرار دے رکھے تھے کہ لوگ بے روک ٹوک کعبے کا حج اور عمرہ کریں۔ اور ان مہینوں میں دم سے کر لڑائی کے لیے بھی سانوٹے ہو جائیں۔ لڑائی کے مہینوں میں بھی قریش سے کوئی متعرض نہیں ہوتا تھا۔ بلکہ ملوک حوالی تک ان کی تعظیم و توقیر کرتے تھے

۱؎ حج اور عمرے میں فرق ہے۔ حج تو یہ ہے کہ احرام باندھا۔ نویں کے دن عرفات حاضر ہوئے۔ وہاں سے فارغ ہو کر لوٹے تو رات رہے مزدلفے میں جس کو مشعر الحرام بھی کہتے ہیں آگلے دن عید کی صبح منا میں جا کر کنکریاں پھینکیں بال اتروا کر احرام اتار دیا۔ پھر آکر طواف کعبہ کیا۔ صفا مروہ کے درمیان دوڑے۔ پھر دوبارہ منا میں جا کر تین دن یا دو دن رہے اور ہر روز کنکریاں پھینکا کیے پھر لوٹ کر خانہ کعبہ کا طواف کیا اور رخصت ہوئے اور عمرہ یہ ہے کہ جب چاہا احرام باندھا۔ کعبے کا طواف کیا۔ اور صفا اور مروہ کے درمیان دوڑے اور بال اتروا کر احرام اتار دیا ۱۲ ؎

(بقیہ نوٹ صفحہ ۷۸) اور انھیں آباد کرو اس سے عرب پر تمھارا رعب پڑے گا اور کسی کو تم سے لڑنے اور حرم سے نکال باہر کرنے کی مجال نہ ہوگی اس پر قوم نے خانہ کعبہ کے ارد گرد مکانات بنانے شروع کر دیئے۔ سب سے پہلے قصی نے ابتدا کی اور ایک بڑا عظیم الشان مکان بنایا جس کا نام دار الندوہ رکھا یہ مکان ٹھیک اسی جگہ تعمیر ہوا تھا جہاں اب حنفی مصلے ہے۔ دار الندوہ بن کر تیار ہوا تو قوم کے تمام لوگ اپنے کاموں میں مشورہ کرنے اور دانشمندانِ قوم سے رائے لینے کی غرض سے یہاں جمع ہونے لگے اور رفتہ رفتہ اس کی نوبت یہاں تک پہونچی کہ قریش میں کے کسی مرد یا عورت کا دار الندوہ کے علاوہ اور کسی جگہ نکاح ہی نہیں ہوتا تھا۔ پھر ایک زمانے کے بعد قریش نے تعمیر کعبہ کا بیڑہ اٹھایا اس وقت جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا سن شریف قریباً تیرہ چودہ سال کا تھا۔ قریش کو تعمیر کعبہ کی ضرورت یوں محسوس ہوئی کہ معرکۂ فجار کے بعد جو تاریخ عرب میں ایک بڑا مشہور واقعہ ہے کعبے میں آگ لگ گئی تھی اور آتشزدگی کی وجہ سے اس کی دیواریں بودی پڑ گئی تھیں اسی اثنا میں پہاڑی نالوں کی کثرت ہوئی اور ایک عظیم الشان نالہ بڑے زور شور سے آیا اور خانہ کعبہ پانی سے بھر گیا جس کی وجہ سے دیواریں پھٹ گئیں اور گرنے کو ہوئیں اتفاقاً اسی موقع پر کعبے کا خزانہ چند اوباشِ قریش چرا لے گئے جو وقف کعبہ میں ہمیشہ محفوظ رہتا تھا۔ ادھر رومیوں کا ایک بڑا جہاز بندرگاہ جدہ کے قریب آکر جو اب جدہ کے نام سے مشہور ہے پھٹ گیا قریش کو چونکہ لکڑی کی ضرورت تھی اور لکڑی کا دستیاب ہونا مشکل تھا انھوں نے سنا تو وہاں دوڑے گئے اور سب لکڑی خرید لی۔ جہاز میں ایک معمار بھی تھا جو تعمیر اور بڑھئی کا عمدہ کام جانتا تھا اور جسکو باقوم کہتے تھے قریش ہمت اسے ہمراہ لوائے اور قوم سے چندہ جمع کر کے تعمیر شروع کر دی۔ لوگ پہاڑیوں پر سے بڑے چھوٹے پتھر ڈھو ڈھو کر جمع کرنے لگے اور اس وقت ہمارے پیغمبر صاحب اگرچہ تھوڑی عمر رکھتے تھے مگر پتھر ڈھونے میں اپنی قوم کے ساتھ شریک تھے چنانچہ بخاری میں آیا ہے کہ پیغمبر صاحب اپنے چچا عباس کے ساتھ پتھر ڈھوتے تھے۔ عباس آپ کے کندھے پر پتھر رکھ دیتے اور آپ اٹھا کر اس جگہ ڈال آتے جہاں مسالہ تعمیر جمع ہو رہا تھا۔ پتھر لکڑی جمع ہو گئی تو قریش نے کعبے کے ڈھانے کا ارادہ کیا لیکن ساتھ ہی انھیں یہ خوف دامنگیر ہوا کہ خانہ خدا ڈھلنے کی وجہ سے ہم پر کوئی آسمانی آفت نہ آجائے اس لیے انھوں نے مشورہ کیا کہ اس کی ابتدا کس شخص کو کرنی چاہیئے ولید بن مغیرہ نے جو پہلے ہی سے نہایت بے باک اور دلیر تھا جی کڑا کر کے کہا کہ میں ڈھانا شروع کرتا ہوں۔ میں اپنی عمر طبعی کو تو پہنچ ہی چکا ہوں کوئی آفت آئے گی تو میں ہی ہوں گا تاکہ میں مر رہوں گا سو اس کا مجھے کچھ افسوس نہیں چنانچہ وہ کعبے کی ایک دیوار پر چڑھا اور کدال سے ڈھانا شروع کیا۔ پھر تو سب لوگ دیواروں پر پل پڑے اور چند ہی دنوں میں ان بنیادوں تک ڈھا کر زمین کو ہموار اور برابر کر دیا جن پر

اسلام سے پہلے سارا عرب مشرک و بُت پرست تھا خود قریش نے خانہ کعبہ میں بُت بھر رکھے تھے اور ہندوستان کے پانڈوں کی طرح اِن کی پُوجا کراتے تھے اور سمجھتے تھے کہ ہم اپنے جدِّ امجد ابراہیم علیہ السلام کے دین پر ہیں حالانکہ توحید کا چرچا اور زور شور حضرت

(بقیہ نوٹ صفحہ ۷۹) حضرت ابراہیم نے چُنائی کی تھی۔ جب سب ڈھا چکے تو معلوم ہوا کہ جس قدر چندہ جمع ہوا ہے وہ تعمیرِ عمارت کے لیے کافی نہیں ہے اس لیے باہمی مشورے سے یہ بات قرار پائی کہ اِس چندے سے جس قدر عمارت بن سکے بنالی جائے اور باقی کو چھوڑ دیا جائے چنانچہ اوّل چار دیواری بنانی شروع کی اور کعبے کا ارتفاع اٹھارہ ہاتھ تک لے گئے چار ہاتھ ایک بالشت کے مقدار کرسی دی اور اسی قدر کرسی پر آمد و رفت کا دروازہ رکھا تاکہ پہاڑیوں کا پانی پھر کعبے میں نہ گھُس سکے اور کوئی شخص بے سیڑھی کے اور بغیر ہماری اجازت کے اندر نہ جا سکے الغرض جب قریش کعبے کو بناتے ہوئے اُس مقام تک پُہنچے جہاں حجرِ اسود لگانا تھا تو باہم نزاع پیدا ہوئی ایک قبیلہ کہتا تھا حجرِ اسود کو ہم کھڑا کریں گے دُوسرا کہتا تھا ہم نصب کریں گے قریب تھا کہ فریقین کی نزاع سُنجر بقتال ہو جائے مگر خیریت ہوئی کہ ابو اُمیہ مخزومی بیچ میں پڑ گیا اور دونوں قبیلوں میں اِس بات پر مصالحت کرا دی کہ ایک شخص کو اپنا حکم مقرر کر لو اور پھر جو وہ فیصلہ دے اُسے بدل منظور کرو میرے خیال میں اِس نزاع کے رفع کی اِس سے بہتر اور کوئی تجویز نہیں ہے کہ دونوں قبیلوں کے سردار باب مسجد پر کھڑے ہو جائیں اور جو سب سے پہلے اِس رستے سے نمودار ہو وہی فیصلے کے لیے حکم مقرر کیا جائے۔ قریش و قریش نے متفقہ الفاظ میں ابو اُمیہ کی اس رائے کے باتفاق ظاہر کیا اور اُس کی لیاقت کی بہت کچھ تعریف کی۔ تمام سردارانِ قوم کعبے کے دروازے پر جمع ہو گئے۔ اتفاقاً سب سے پہلے جو شخص اُس رستے سے آیا۔ جناب پیغمبرِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم تھے قریش نے آپ کو دیکھ کر نہایت جوشِ مسرت سے کہا هٰذَا الْاَمِيْنُ قَدْ رَضِيْنَا بِهٖ یعنی یہ شخص اَمین ہے اور ہم اِس کے حکم بننے سے خوش اور اس کے فیصلے کو بِسَر و چشم کے کانوں سے سننے کو تیار ہیں۔ جناب پیغمبر صاحب نے اِس بارے میں وہ دانشمندانہ اور عاقلانہ فیصلہ دیا کہ سب لوگ اپنی اپنی جگہ خوش ہو گئے آپ نے اپنی چادرِ مُبارک زمین پر بچھا دی اور حجرِ اسود کو اُٹھا کر چادر میں رکھ دیا پھر سردارانِ قوم سے فرمایا کہ ہر قبیلے کے سردار اس چادر کا ایک ایک کونہ پکڑ لیں اور زمین سے اُٹھا کر وہاں تک لے چلیں۔ جہاں حجرِ اسود کو لگانا ہے سردارانِ قریش نے ایسا ہی کیا اور جب اُس جگہ تک پُہنچے تو پیغمبر صاحب نے خود اپنے دستِ مبارک سے اُس کو وہاں رکھ دیا۔ اَب پھر تعمیر شروع ہوئی۔ دیواریں بن بنا کر تیار ہوئیں تو باقوم معمار نے سردارانِ قریش سے دریافت کیا کہ چھت کیسی چاہتے ہو۔ چورس یا شنگلہ نما اُنھوں نے کہا ہمارے پروردگار کی چھت چورس ہی بنانی چاہیئے۔ چنانچہ باقوم نے چھے ستون کھڑے کر کے اُن پر چورس چھت بنا دی۔ ستونوں کی دو صفیں اِس طرح کھڑی کیں کہ ہر صف میں تین تین ستون آگے پیچھے رکھے۔ اِس تعمیر میں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعمیر میں اِس قدر تغیر ہو گیا کہ کعبے کی بلندی باہر کی طرف سے اٹھارہ گز ہو گئی اور پہلے نو ہی گز تھی۔ آمد و رفت کا دروازہ چار گز ایک بالشت اُونچا کر دیا گیا اور بنا ابراہیمی میں زمین سے مِلا ہوا تھا۔ کعبے کے اندر چھے ستون دو صفوں میں قائم کر کے اُن پر چھت کھڑی کر دی حالانکہ پہلے نہ ستون تھے نہ چھت حطیم کی جانب کو چھے ہاتھ اور ایک بالشت زمین چھوڑ دی اور اُس طرف عرض میں ایک جدید بُنیاد کھود کر دیوار کھڑی کر دی۔ حطیم کی طرف جو زمین چھوڑ دی گئی تھی اُسی میں کعبے کی چھت کا پرنالہ ڈالا۔ رکنِ شامی میں اندر کی جانب کاٹ کا ایک زینہ چڑھایا جس کے ذریعے سے لوگ خانۂ کعبہ کی چھت پر چڑھ سکیں۔

جناب پیغمبرِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد ۶۴ھ ہجری میں حضرت عبداللہ بن زبیر نے پھر خانۂ کعبہ کی تعمیر کی اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ معاویہ بن ابی سفیان کے انتقال کے بعد جب یزید اپنے باپ کا جانشین ہوا تو عبداللہ بن زبیر نے اُس کی حکومت کو تسلیم نہیں کیا

ابراہیم ہی سے ہوا ہے۔ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝

اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِیْفًا وَلَمْ یَكُ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (النحل ع ۱۶)۔ ثُمَّ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ (النحل ع ۱۶)۔	بے شک ابراہیم (لوگوں کے) پیشوا ہو گزرے ہیں خدا کے فرمانبردار (بندے) جو ایک (خدا) کے ہو رہے تھے اور مشرکین میں سے نہ تھے خدا کی نعمتوں کے شکرگزار خدا نے اُن کو انتخاب کر لیا تھا اور اُن کو (دین) کا سیدھا رستہ (بھی) دکھا دیا تھا۔ پھر (ای پیغمبر) ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ ابراہیم کے طریقے کی پیروی کرو جو ایک (خدا) کے ہو رہے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے

ف۵ اس آیت سے پہلے کی چار آیتیں اس کے ساتھ پڑھو تو حضرت ابراہیم کی توحید کا زور شور معلوم ہو اور وہ آیتیں یہ ہیں۔ وَكَذٰلِكَ نُرِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ عَلَیْهِ الَّیْلُ رَاٰ كَوْكَبًا قَالَ هٰذَا رَبِّیْ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّیْ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ یَهْدِنِیْ رَبِّیْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّیْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَآ اَكْبَرُ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ یٰقَوْمِ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ یعنی اور (جس طرح ابراہیم کے دل میں ہم نے یہ خیال پیدا کیا کہ وہ اپنے باپ پر حجت قائم کریں) اسی طرح ہم ابراہیم کو آسمان و زمین کا انتظام دکھانے لگے تاکہ وہ (کامل) یقین کرنے والوں میں سے ہو جائیں تو جب اُن پر رات چھا گئی اُن کو ایک ستارہ نظر آیا اور (اُس کو دیکھ کر) لگے کہنے کہ یہی میرا پروردگار ہے پھر جب وہ غروب ہو گیا تو بولے کہ غروب ہونے والی چیزوں کو تو میں پسند نہیں کرتا (کہ خدا مان لوں) پھر جب چاند کو دیکھا کہ بڑا جگمگا رہا ہے تو لگے کہنے یہی میرا پروردگار ہے پھر جب (وہ بھی) غروب ہو گیا تو بولے اگر مجھکو میرا پروردگار راہ راست نہیں دکھلائے گا تو بے شک میں (بھی) گمراہ لوگوں میں ہو جاؤں گا پھر جب سورج کو دیکھا کہ بڑا جگمگا رہا ہے تو لگے کہنے یہی میرا پروردگار ہے کہ یہ (سب سے) بڑا (بھی) ہے پھر جب (وہ بھی) غروب ہو گیا تو (اپنی قوم سے مخاطب ہو کر) بولے کہ بھائیو! جن چیزوں کو تم شریک (خدا) مانتے ہو میں تو اُن سے بے تعلق (محض) ہوں میں نے تو ایک ہی کا ہو کر اپنا رُخ اُسی (ذات پاک) کی طرف کر لیا ہے جس نے آسمان و زمین کو بنایا اور میں تو مشرکوں میں سے نہیں ہوں ف۱ ابراہیم علیہ السلام کا ستاروں اور چاند اور سورج کو غروب ہوتے دیکھ کر یہ کہنا کہ ان کا غروب ہونا شانِ خدائی کے خلاف ہے اس کا مطلب تھا کہ ستارے اور چاند اور سورج مجبور معلوم ہوتے ہیں اور کسی دوسرے کے ارادے کے محکوم اور جب مجبور اور محکوم ہیں تو خدا نہیں ہو سکتے ۱۲

(بقیہ نوٹ صفحہ ۸۰) اور بیعتِ خلافت سے صاف انکار کر دیا اس پر یزید نے مکے پر فوج کشی کا حکم دیا اور حصین بن نمیر لشکر جرار لے کر مکے پر چڑھ دوڑا کئی روز تک دونوں فریق لڑتے رہے۔ عبداللہ بن زبیر کے ساتھی کعبے کے اردگرد خیموں میں پڑے ہوئے تھے اور حصین بن نمیر کوہ ابوقبیس پر کھڑا ہوا گولوں کے ذریعے سے پتھر چلا رہا تھا۔ عبداللہ بن زبیر کے ہمراہیوں میں سے ایک شخص کے خیمے میں آگ لگ گئی اور چونکہ ہوا تیز تھی خدا کا کرنا کعبے میں بھی جا لگی اور سارا کعبہ جل کر کوئلہ ہو گیا۔ دیواروں کے پتھر راکھ جیسے ہو گئے اور بہت جگہ سے پھٹ کر گر پڑے اس واقعے کے دس گیارہ روز بعد یزید مر گیا اور حصین بن نمیر اپنے لشکر سمیت پانچویں ربیع الاول ۶۴ھ کو بے نیل مرام ملک شام کو واپس چلا گیا حصین بن نمیر کے چلے جانے کے بعد عبداللہ بن زبیر نے اشرافِ مکہ اور معززانِ قوم کو جمع کر کے کعبے کے ڈھانے اور از سرِ نو بنانے میں مشورہ کیا۔ رائے قرار پائی کہ بے شک خانۂ کعبہ کی تعمیر کی جائے اور نہایت خوشدلی اور استحکام کے ساتھ کی جائے۔ عبداللہ بن زبیر نے (بقیہ بر صفحہ آئندہ)

قریش کی اور بھی کئی شاخیں تھیں سب میں شریف تر بنی ہاشم۔ اُن میں شریف تر بنی عبدالمطلب جن میں جنابِ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے کیونکہ وہ عبداللہ کے بیٹے اور عبدالمطلب کے پوتے تھے۔ اگر پیغمبر صاحب مذہب کی چھیڑ چھاڑ نہ نکالیں تو شرافتِ ذاتی کے اعتبار سے تمام قریش کے سرگروہ رہتے۔ خیر دین کی چھیڑ چھاڑ تو آگے چل کر شروع ہوگی۔ خدا کو یوں منظور ہوا کہ پیغمبر صاحب ابھی بطنِ مادر ہی میں تھے کہ اِن کے والد نے قضا کی۔ دادا عبدالمطلب متکفل پرورش ہوئے مگر وہ خود کثیر العیال

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۱) کہنے کے ڈھانے کا حکم دیا تو کسی کو اتنی جرأت نہیں ہوئی کہ کعبے کی کسی دیوار پر کُدال لگائے آخرکار خود عبداللہ بن زبیر کُدال ہاتھ میں لیے ہوئے اُوپر چڑھے اور دیواروں کو ڈھانا اور پتھروں کو نیچے پھینکنا شروع کیا۔ لوگوں کی دہشت رفع ہوئی۔ تو سب اُوپر چڑھ گئے اور بے اندیشہ جلد جلد ڈھانے لگے۔ ۳ جمادی الاخری کا مہینا پندرھویں تاریخ ہفتے کا دن تھا کہ سارا کعبہ ڈھا کر برابر کر دیا گیا۔ جس وقت تک کعبہ ڈھے نہیں چکا ابن عباس مکے میں نہیں گئے بعد کو اُنھوں نے عبداللہ بن زبیر سے کہلا بھیجا کہ لوگوں کو کسی وقت بھی بے قبلہ نہ چھوڑنا چاہیے یعنی کوئی وقت ایسا نہ ہو کہ لوگ طواف کرنے اور نماز پڑھنے سے رُک جائیں خانۂ کعبہ کے گرد اگرد تختے کھڑے کر کے اُن پر پردے لٹکا دو اور تختوں کے باہر کی زمین بالکل صاف کرا دو تاکہ لوگ تختوں کی دیواروں کے گرد طواف کرتے اور نمازیں پڑھتے رہیں۔ عبداللہ بن زبیر نے ایسا ہی کیا اندر اندر کام ہوتا رہا اور لوگ تختے کی دیوار کے گرد طواف کرتے اور نمازیں پڑھتے رہے۔ عبداللہ بن زبیر نے جب کعبے کو ڈھا کر زمین کے برابر کر دیا تو حضرت ابراہیم کی بُنیادیں ظاہر ہو گئیں معلوم ہوا کہ چھے گز اور ایک بالشت زمین حطیم کی طرف نکال دی گئی ہے۔ اِنھوں نے اُس زمین کو خانۂ کعبہ میں داخل کر لیا اور تمام عمارت ابراہیمی بُنیادوں پر بنانی شروع کی۔ کعبے میں آمد و رفت کے لیے دو دروازے رکھے ایک شرقی کی جانب دوسرا غرب کی طرف تاکہ شرقی دروازے سے لوگ داخل کعبہ ہوں اور غربی دروازے سے آسانی کے ساتھ نکل جائیں۔ کعبے کے آگے سامنے کے دونوں دروازے زمین کی برابر لگائے تاکہ آنے جانے والوں کو چڑھنے اُترنے کی تکلیف نہ کرنی پڑے مگر کعبے کی بلندی نو گز اور اُونچی کر دی یعنی قریش اٹھارہ گز اُونچا لے گئے تھے عبداللہ بن زبیر نے قریش کی بلندی سے بھی نو گز بلندی بڑھا دی اور اب خانۂ کعبہ ستائیس گز زمین سے اُونچا ہو گیا۔ قریش نے کعبے کے اندر دو صفوں میں آگے پیچھے چھے ستون کھڑے کیے تھے عبداللہ بن زبیر نے صرف تین رکھے اور دیواروں کا آثار قریب ہو باتھ کے بڑھا دیا۔ عبداللہ بن زبیر کی حکومت کا زمانہ بہت جلد ختم ہو گیا اور اُن کی زوالِ حکومت کے ساتھ ساتھ اُن کی تعمیر کعبہ بھی تغیر پذیر ہو گئی یعنی ۷۳ھ ہجری میں جب عبدالملک بن مروان خلیفہ ہوا تو اُس نے اِسی سال میں حجاج بن یوسف ثقفی کو ایک عظیم الشان فوج کے ساتھ عبداللہ بن زبیر سے لڑنے کے لیے بھیجا۔ دونوں میں خوب مقاتلہ ہوا اور عبداللہ بن زبیر مارے گئے۔ حجاج مکے میں داخل ہوا اور سب طرف کا انتظام کر کے عبدالملک کو لکھا کہ عبداللہ بن زبیر نے خانۂ کعبہ میں ایسی بہت چیزیں ایجاد کی ہیں جو پہلے نہ تھیں اُس نے قدیم دروازے کے مقابلے میں ایک جدید دروازہ بھی بنا دیا ہے اور دروازوں کو زمین سے ملا کر کھڑا کیا ہے۔ حطیم کی طرف کی زمین جو خارج کعبہ تھی اُس نے کعبے میں داخل کر کے قریش کی بنائی ہوئی دیوار توڑ دی ہے۔ عبدالملک نے جواب میں لکھا کہ غربی دروازے کو بند کر دو اور حطیم کی طرف کی زمین خارج کر کے قریش کی بُنیادوں پر دیوار کھڑی کر دو جیسے کہ پہلے تھی اور شرقی دروازے کو پہلے جیسا اُونچا کر دو اور باقی سب چیزیں بدستور رہنے دو چنانچہ حجاج نے حطیم کے پاس سے کعبے کو توڑ کر چھے گز اور ایک بالشت زمین خارج کر دی اور قریش کی بنیاد پر دہاں دیوار بنا دی غربی دروازے کو تیشہ کر دیا اور داخلی دروازے کی اُتنی ہی بلندی کر دی جتنی قریش نے رکھی تھی باقی سب چیز بدستور رہنے دی پس آج جس قدر بھی کعبے کی عمارت ہے سب عبداللہ بن زبیر کی بنائی ہوئی ہے مگر صرف وہ دیوار جو حطیم کی طرف ہے اور غربی دروازے کا تیشہ اور شرقی دروازے کی چوکھٹ اُونچان اور کعبے کے اندر کی سیڑھی اور

* مورخین کی اس روایت سے کہ حجاج نے عبداللہ بن زبیر کے بنائے ہوئے کعبے کو ڈھا کر پھر سے بنایا تھا، ہم متفق نہیں ہیں۔

تھے بیوہ ہُوا اور یتیم پوتے کا بوجھ اوڑھنا پڑا۔ پیغمبر صاحب سات برس کے تھے کہ دادا کا بھی انتقال ہوگیا تو چچا ابو طالب حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے والد نے دستگیری کی۔ اس رُوداد سے پیغمبر صاحب کی مالی مقدرت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ جس کی دُنیاوی وجاہت کے لیے بڑی سخت ضرورت ہے۔ اس پر طُرّہ یہ کہ پیغمبر صاحب کی طبیعت خاص طرح کی واقع ہوئی تھی۔ شروع سے اِن کو از خود شرک اور بُت پرستی کی چڑ تھی۔ اور جن لوگوں میں اِن کو چار و ناچار رہنا تھا اُن کی عادات اُن کی اوضاع۔ اُن کے اطوار یعنی خود اُن کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ نہ اُن کے میلوں تماشوں میں شامل ہوتے نہ لہو و لعب اور شراب خواری اور قمار بازی کی صحبتوں میں شامل ہوتے۔ یہاں تک کہ زمانہ طفولیت میں ہمجولیوں کے ساتھ کھیلنے بھی نہ تھے لوگوں کو کیا خوض پڑی تھی کہ یہ تو اُن کی صورت سے بھاگیں اور وہ زبردستی اِن کے سر ہوں ماں مَیں تیرا مہمان کماٹِدِیْنُ یُدَانُ عمر کے ساتھ حنیفیہ بڑھتی گئی پچیس برس کی عمر میں اُمّ المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے اِن کا بیاہ بھی ہوگیا۔ مگر دل برداشتگی بدستور رہتے سہتے سے تین میل کے فاصلے پر کوہ ابو قبیس میں حرا نامی ایک غار ہے۔ گھر سے کئی کئی دن کا کھانا پانی لے جاتے اور غار میں اکیلے بیٹھے خدائے واحد کی عبادت کرتے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اسی غار میں اِن کو پیغمبری ملی اور دین حق کی مُنادی یعنی دعوتِ اسلام کا حکم ہوا۔ اِس حکم کی تعمیل نے تو ایک دم سے سارے مُلک میں اس سرے سے اُس سرے تک آگ سی لگا دی اور اپنے بیگانے سب پیغمبر صاحب کے دشمن ہوگئے۔ اِس لیے کہ دعوتِ اسلام سے بُتوں کی توہین بزرگوں کی تحقیر ہوتی تھی۔ مکّے کی مرجعیت اور خاص کر قریش کی روزی میں خلل پڑتا تھا۔ لوگوں نے بھی کوئی بے حرمتی نہ تھی جو پیغمبر صاحب کے ساتھ نہ کی ہو۔ آخر دعوتِ اسلام کے چودھویں برس پیغمبر صاحب کو جان لے کر مدینے بھاگ جانا پڑا۔ میں نے اِس بیان میں بہت سی ضروری باتیں چھوڑ دی ہیں تاکہ اصل مطلب سے دور نہ ہو جاؤں۔ پیغمبر صاحب کے حالات جو میں نے بیان کیے اُن کی یتیمی۔ اُن کی خاص طرح کی طبیعت۔ لوگوں سے اُنکی وحشت اور اجنبیت۔ اُن کی خلوت پسندی یہ سب تاریخی واقعات ہیں زمانے کی پتھر کی تختی پر ایسے گہرے کُندہ کیے ہوئے ہیں کہ کسی کے مٹائے مٹ نہیں سکتے اور ایسے صاف پڑھے جاتے ہیں کہ جیسے آج کُندہ کیے گئے ہیں اب تم اِن حالاتِ حقہ صحیحہ کو حاضر فی الذہن رکھ کر ٹھنڈے دل سے انصاف سے تجویز کرو کہ پیغمبر صاحب جھوٹا دعویِ رسالت کر کے کس مُعاوضے کی توقع کر سکتے تھے اِسی دعوے نے تو اِن کی یہ گت بنوائی تھی کہ قطعہ

جھڑکی تو مدتوں سے مساوات ہوگئی　　گالی کھو نہ دی تھی سو اب بات ہوگئی
باقی ہے مار کھانی تو سُن لوگے ایک دن　　اُس کی گلی میں اپنی یا وقعات ہوگئی

اسی دعوے نے اِن کو شہر بدر کرایا۔ سالہا سال پئے در پئے اِس کا تجربہ ہوئے پیچھے کوئی احمق سے احمق بھی برعکس مدعا ایسے دعوے سے کسی فائدے کی توقع کر سکتا تھا نہ کہ پیغمبر صاحب جیسا زیرک آدمی جس نے حقانیت کے بل پر صرف باتوں سے

---

۵۱ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے واقعاتِ زندگی پر منصفانہ نظر ڈالی جائے تو معلوم ہو کہ اُنھوں نے کسی حالت میں کسی متوقع پر کسی طرح کے مفاد دنیا کو کبھی مدِ نظر ہی نہیں رکھا اور جب تک دنیا میں رہے فقر و فاقے کے ساتھ رہے اور اسی میں خوش رہے اور اسی کی اپنے ہمراہیوں کو رغبت دلاتے رہے کتب احادیث و تواریخ میں بہت سے ایسے واقعات مذکور ہیں جن سے ہمارے اِس بیان کی پُوری طرح تائید ہوتی ہے از انجملہ ایک وہ حدیث ہے جس شیخین نے حضرت اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ مِّنْ خُبْزِ الشَّعِیْرِ یَوْمَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ حَتّٰی قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یعنی محمد کے گھر والے دو دن متواتر جَو کی روٹی سے نہیں جیے

ایک عالم کو اپنا ہم خیال بنالیا - اور خالی ہاتھ پاؤں سے ایسی زبردست سلطنت قائم کردی جس کی نظیر اقوام روزگار میں سے کسی قوم کی تاریخ میں پائی نہیں جاتی - جھوٹ میں یہ قوت نہ کبھی ہوئی ہے - اور نہ ہوسکتی ہے -

(س) اس سے تو دوسرے مذہب والے مثلاً ہنود اور نصاریٰ بھی استدلال کرسکتے ہیں بلکہ بدرجۂ اولیٰ اس واسطے کہ وہ شمار میں مسلمانوں سے بہت زیادہ ہیں -

(ھ) یار تم بھی غضب کی چٹکی لیتے ہو - بے شک کرسکتے ہیں اس واسطے کہ ہر ایک مذہب میں صداقت ہے کسی میں کم کسی میں زیادہ

(بقیہ نوٹ صفحہ ۸۳) یعنی کبھی کوئی ایسا موقع نہیں ہوا کہ دو روز برابر جو کی روٹی سیر ہوکر کھائی ہو) یہاں تک کہ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے - از انجملہ ایک وہ حدیث ہے جسے شیخین نے حضرت عمر فاروق رضہ سے نقل کیا ہے - وہ کہتے ہیں ایک دن کا ذکر ہے کہ میں جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کھجور کے ایک بوریے پر کروٹ کے بل لیٹے ہوئے تھے - بوریے پر کسی چیز کا فرش نہ تھا اور اسی وجہ سے جس پہلو پر آپ لیٹے ہوئے تھے اُس میں بوریے کے نقش اُبھر آئے تھے - چمڑے کا ایک تکیہ جو کھجور کے پوست سے بھر دیا گیا تھا آپ کی گردن مبارک کے تلے رکھا ہوا تھا جس پر آپ تکیہ کیے ہوئے تھے - یہ حالت دیکھ کر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ خدا سے دعا کیجیے کہ وہ آپ کی اُمت پر توسیع رزق فرمائے - فارس اور روم باوجودیکہ خدا کی بندگی نہیں کرتے کیسے ناز و نعمت میں پلتے اور زندگی بسر کرتے ہیں - جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے خطاب کے بیٹے کیا تو اسی دنیا میں توسیع رزق اور ترفہ و تنعم طلب کرتا ہے - فارس اور روم جو خوش حالی میں زندگی بسر کرتے ہیں تو اُن کے حصے اور اُن کی خوبیاں اُنہیں کو اسی دنیا کی زندگی میں دے دی گئی ہیں اور ان کو آخرت میں بجز عذاب عتاب کے اور کچھ نہیں ملے گا - عمر! کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ یہ نعمتیں انھیں دنیا میں اور ہمیں آخرت میں نصیب ہوں - از انجملہ ایک وہ حدیث ہے جو ترمذی نے ابوطلحہ رضہ سے روایت کی ہے کہ شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوْعَ فَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَطْنِهٖ عَنْ حَجَرَيْنِ - یعنی ہم نے جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹوں سے ایک ایک پتھر کھول کر دکھایا یا جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے شکم مبارک سے کپڑا ہٹایا اور دو پتھر کھول کر دکھائے - از انجملہ ایک وہ حدیث ہے جسے مسلم نے حضرت جابر رضہ سے نقل کیا ہے - جابر کہتے ہیں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ بدستور جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جانے کے لیے طالب اجازت ہوئے مگر دیکھا کہ چند آدمی پیغمبر صاحب کے دروازے پر بیٹھے ہیں جنھیں اندر آنے کی اجازت نہیں ملی - پیغمبر صاحب کو ابوبکر کے آنے کی اطلاع ہوئی تو آپ نے اجازت دی - اجازت ملنے پر ابوبکر اندر گئے اتنے میں عمر رضہ آئے اور اُنھوں نے اندر آنے کی اجازت مانگی - اجازت ملی تو اندر گئے دیکھتے ہیں کہ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم گوگارد آپ کی بیبیاں بیٹھی ہیں اور آپ خاموش اور غمگین ہیں - عمر کہتے ہیں میں نے اپنے دل میں کہا اس وقت کوئی ایسا چٹکلا چھوڑنا چاہیے جس سے پیغمبر صاحب ہنس پڑیں چنانچہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر خارجہ کی بیٹی (میری بی بی) میری حیثیت سے زیادہ مجھ سے نفقہ مانگے تو میں اُس کی گردن مروڑ ڈالوں یہ سُن کر جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے اور فرمایا جن عورتوں کو تم میرے اردگرد بیٹھا دیکھتے ہو یہ مجھ سے میری وسعت سے بڑھ کر نفقہ مانگ رہی ہیں یہ سُن کر حضرت ابوبکر اُم المؤمنین عائشہ رضہ کی طرف اور عمر اُم المؤمنین حفصہ کی طرف

ھ پیغمبر صاحب کا یہ جملہ باترجمہ ہی قرآن کی آیۂ ویوم یعرض الذین کفروا علی النار اذھبتم طیباتکم فی حیاتکم الدنیا فاستمتعتم بھا فالیوم تجزون عذاب الھون بما کنتم تستکبرون فی الارض بغیر الحق وبما کنتم تفسقون ۱۲

(۱۱۴) اگر آپ ناخوش نہ ہوں تو ایک بات عرض کروں کہ احتمال اس کا بھی تو ہو کہ پیغمبر صاحب نے کسی عاجل مفاد کی توقع پر پیغمبری کا غلط دعوے نہ کیا ہو بلکہ آدمی زیرک تو تھے ہی ان کو کسی طرح پر معلوم ہو گیا ہو کہ آخر کار مجلو کامیابی ہونی ہے گو بدیر ہو اور اس دور دراز توقع پہ پیغمبری کا غلط دعوی کر بیٹھے ہوں۔

(۱۱۵) یہی بات تو صاف کرنے کی ہے کہ پیغمبر صاحب کو اگر اپنی ایسی بے سروسامانی اور سارے جزیرۂ عرب اور خاص کر اہل مکہ اور

(بقیہ نوٹ صفحہ ۸۴) اٹھے اور گئے اُن کی گردنوں پہ۔ گئے بلانے اور کہنے لگے ہیں؛ تم جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے وہ چیز مانگو ہی۔ جو اُن کے پاس نہیں ہے۔ بیبیوں نے کہا کہ اب ہم پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کبھی وہ چیز نہیں مانگنے کے جو آپ کے پاس موجود نہ ہوگی۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد جناب پیغمبر صاحب پورے تیس دن یا انتیس دن تک بی بیوں سے علیحدہ کوٹھے پر رہے اور آیہ یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَهَا فَتَعَالَیْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِیْمًا نازل ہوئی۔ یعنی اے پیغمبر اپنی بی بیوں سے کہہ دو کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور اُس کے ساز و سامان کی طلبگار ہو تو آؤ میں تمہیں (کچھ) دے دلا کر خوش اسلوبی سے رخصت کر دوں اور اگر تم اللہ اور اُس کے رسول اور عاقبت کے گھر کی خواہاں ہو تو تم میں سے جو نیکوکار ہیں اُن کے لیے خدا نے بڑے (بڑے) اجر تیار کر رکھے ہیں۔

الغرض واقعاتِ مذکورہ سے ہمارے اس بیان کی نہایت زور کے ساتھ تائید ہوتی ہے کہ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کسی دنیاوی مفاد و لالچ نے دعوی پیغمبری پر آمادہ نہیں کیا اور نہ کسی طرح کا دنیاوی مفاد کبھی آپ کو مدنظر ہوا۔ بلکہ دنیاوی مفاد حاصل کرنے کی جتنی بھی صورتیں تھیں اور ہو سکتی تھیں پیغمبر صاحب نے سب کی اچھی طرح رخنہ بندی کر دی تھی مثلاً ایک صدقات کی جائز مدتھی کہ مال دار لوگ اپنے مال کا کچھ حصہ پیغمبر صاحب کی خدمت میں بھیجتے تھے یا کھانے کی کوئی چیز بطریق تحفہ تحائف لاتے تھے تو پیغمبر صاحب نے صدقات کو پہلے ہی سے اپنے نفس پر اور نہ صرف اپنے نفس پر بلکہ اپنے تمام خاندان یعنی کل بنی ہاشم پر حرام ٹھیرا دیا تھا جیسا کہ شیخین کی ایک روایت میں آیا ہے عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَخَذَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِیْ فِیْهِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كِخْ كِخْ لِیَطْرَحَهَا ثُمَّ قَالَ اَمَا شَعَرْتَ اَنَّا لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ یعنی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ علی کے فرزند حسن نے ایک دفعہ صدقے کی کھجوروں میں سے ایک کھجور اُٹھا کر مُونہ میں رکھ لی جناب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے پھینک دینے کے لیے فرمایا کخ کخ (پھی پھی) پھر فرمایا کیا تمھیں معلوم نہیں کہ ہم بنی ہاشم خیرات کی کوئی چیز نہیں کھایا کرتے (افسوس ہے کہ پیغمبر صاحب تو خیرات و صدقات سے اس طرح احتراز کریں اور انھیں لوگوں کا میل کچیل فرمائیں اور ہمارے زمانے کے مولوی صاحبان اسی کو ذریعۂ معاش قرار دیں) مسلم کی ایک روایت میں یوں آیا ہے اِنَّ هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ اِنَّمَا هِیَ اَوْسَاخُ النَّاسِ وَاِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَّلَا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ یعنی یہ خیرات و صدقات لوگوں کے میل کچیل ہیں اور وہ نہ تو محمد (یعنی مجلو) حلال ہیں اور نہ محمد کی اہل بیت (خاندان) کو حلال ہیں۔ ہدایا اور تحائف جو لوگ بھیجتے تھے پیغمبر صاحب انھیں لے تو لیتے تھے تاکہ بھیجنے والوں کی دل شکنی نہ ہو مگر ضرورت کی کوئی چیز ہوئی تو بقدرِ ضرورت لے لی ورنہ لوگوں کو تقسیم کر دی۔ صدقات و تحائف کے علاوہ ایک واجب مد غنیمت رکھنے کی بھی تھی جو خدائے تعالیٰ نے پیغمبر صاحب کے خانگی مصارف اور ذاتی ضرورتوں کے رفع کرنے کی غرض سے آپ کے لیے مقرر کر دی تھی مالِ غنیمت یعنی لڑائی میں جو لوٹ کا مال ہاتھ لگتا تھا وہ سب کا سب پیغمبر صاحب کا حق نہ تھا بڑا حق تھا مجاہدوں کا جو خدا کی راہ میں بشوق اپنی عزیز جانیں فدا کرنے کو تیار رہتے تھے بلکہ اُس میں سے صرف پانچواں حصہ یعنی پیتیسے میں سے ڈھڑی بھی نہیں اور پانچواں حصہ بھی پورا آپ کا

متولیانِ خانۂ کعبہ کی ایسی سخت مخالفت کے ہوتے برسوں پہلے اپنی کامیابی کا علم ہوا تو کیونکر ہوا۔ اپنی عقل کے زور سے ہوا تو یہ خلافِ فطرۃ ہے۔ اور خود پیغمبر صاحب علمِ غیب کا نام سُن کر کانوں پر ہاتھ دھرتے تھے۔

لَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْءُ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ (الاعراف ۲۳۶)

(اے پیغمبر ان لوگوں سے کہو کہ) اگر میں غیب جانتا ہوتا تو اپنا بہت سا فائدہ کر لیتا اور مجھ کو (کسی طرح کا) گزند (بھی) نہیں پہنچتا میں تو اُن لوگوں کو جو ایمان لانا چاہتے ہیں (دوزخ کا) ڈر اور (بہشت کی) خوش خبری سنانے والا ہوں اور کچھ

(بقیہ نوٹ صفحہ ۸۵) حق نہ تھا اُس میں شریک تھے آپ کے وہ تمام قرابت دار جن پر آپ نے زکوٰۃ و صدقات کو حرام ٹھیرا دیا تھا اُس میں شریک تھے مساکین اُس میں شریک تھے یتامیٰ اُس میں شریک تھے مسافر اُس میں شریک تھے تمام مصارفِ خیر۔ تو مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ جو برائے نام پیغمبر صاحب کے نام زد ہو گیا تھا در اصل وہ بگڑ مصارفِ خیر میں صرف ہوتا تھا نہ پیغمبر صاحب کے خانگی خرچ میں جیسا کہ صحاح کی ایک حدیث سے ثابت ہوتا ہے عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ صَلَّى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى بَعِيْرٍ مِّنَ الْمَغْنَمِ فَلَمَّا سَلَّمَ أَخَذَ وَبَرَةً مِّنْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ ثُمَّ قَالَ لَا يَحِلُّ لِيْ مِنْ غَنَائِمِكُمْ قَدْرُ هٰذِهِ إِلَّا الْخُمُسُ وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ فِيْكُمْ۔ یعنی عمرو بن عبسہ کہتے ہیں کہ جناب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے غنیمت کے ایک اُونٹ کا سترہ بنا کر ہمارے ساتھ نماز پڑھی سلام پھیرا تو اُونٹ کے پہلو سے ایک رُواں لے کر فرمایا کہ مجھے تمھارے غنیمت کے مال میں سے اتنا لینا بھی تو حلال نہیں ہاں خُمس حلال ہے اور خُمس بھی تمھیں پر صرف کیا جاتا ہے تقسیمِ غنائم کا دستور کوئی نیا دستور نہ تھا بلکہ جناب پیغمبر صاحب سے پیشتر عرب میں مُدتوں سے چلا آتا تھا کیونکہ عرب ہمیشہ سے لڑائی بھڑائی کے لوگ تھے کھیتی باڑی اِن کے یہاں نہیں ہوتی تھی۔ صنعت و حرفت کی طرف اِن کا میلان نہ تھا۔ تجارت پر یہ زور نہیں دیتے تھے رہے کر تمام چیزوں کا نچوڑ۔ قتل و غارتگری اور جنگ و جدل پر تھا تمام جزیرۂ عرب میں رات دن آتشِ جنگ مشتعل تھی۔ اور لُوٹ مار کا بازار ہر وقت گرم تھا۔ قبیلے قبیلے کا فیصلہ یعنی چودھری جُدا تھا جس کے ہاتھ میں صلح و جنگ کی باگ رہتی تھی جب وہ چاہتا دو قبیلوں کو لڑوا دیتا اور جب چاہتا صلح کرا دیتا تھا لڑائی میں جو مال لوٹا جاتا اُس میں رُبع یعنی چوتھائی حصہ چودھری کا ہوتا۔ چودھری اپنا چوتھائی حصہ نکال کر باقی مالِ غنیمت کو فوج پر حسبِ قدر حسبِ مراتب تقسیم کر دیا کرتا۔ پیغمبر صاحب نے مالِ غنیمت میں سے صرف پانچوں حصّے اپنے لیے مقرر کیا اور اُس میں بھی نذکورہ بالا چار کو ہوں کو شامل کر لیا۔ گویا مالِ غنیمت میں زیادہ سے زیادہ آپ کا حصہ خُمس الخُمس تھا یعنے ہمارے حساب سے پیسے میں کچھ اوپر دو کوڑیاں پیغمبر صاحب کا زیادہ سے زیادہ حق تھا بقیہ غنیمت کے مال سے جو مفاد آپ کو پہنچتا تھا صرف یہ تھا۔ رہا مالِ فَے یعنے وہ مال جو بے لڑے مُفت ہاتھ لگ جائے وہ بے شک پیغمبر صاحب کا اور پیغمبر صاحب کے خاندان کا اور دوسرے فقرا و مساکین اور یتامیٰ اور مسافرین کا حق تھا مگر پیغمبر صاحب اِس مال میں سے بھی بقدرِ کفاف لے کر باقی کو اُور لوگوں پر تقسیم کر دیا کرتے یا دیگر مصارفِ خیر میں خرچ کیا کرتے تھے باوجودیکہ ہجرت کے دوسرے سال سے آپ کی وفات کے ڈھائی تک فتوحات و غنائم کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ اور اس ڈھائی میں بہت سے مقاماتِ عرب مفتوح ہوئے مگر پیغمبر صاحب کی مالی حالت جیسے پہلے تھی اَب بھی ویسے ہی ہے آپ بستر مرگ پر پڑے ہیں اور گھر میں اندھیرا ہے چراغ تک جلانے کی وُسعت نہیں۔ بی بیوں کی قوت کے لیے کوئی چیز موجود نہیں پیغمبر صاحب کی زرہ مدینے کے ایک یہودی کے پاس رہن رکھ کر جَو کا آٹا لیا گیا ہے کوئی مہمان آگیا ہے تو اُس کے لیے گھر بھر میں روٹی کا ٹکڑا نہیں نکل سکا۔ پس اِن واقعات کے ہوتے کوئی ہٹ دھرم سے ہٹ دھرم بھی کہہ سکتا ہے کہ پیغمبر صاحب کو دنیاوی مفاد نے دعویِ پیغمبری پر آمادہ کیا؟ ہرگز نہیں! ہرگز نہیں!!+

اور اگر خدا کے بتانے سے ہوا۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ (النور ۶۷)

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل (بھی) کرتے ہیں اُن سے خدا کا وعدہ ہے کہ (ایک نہ ایک دن) اُن کو ملک کی خلافت (یعنی سلطنت) ضرور عنایت کرے گا جیسے اُن لوگوں کو خلافت عنایت کی تھی جو اِن سے پہلے ہو گزرے ہیں اور جس دین کو اُس نے اِن کے لیے پسند کیا ہے (یعنی اسلام) اُس کو اِن کے لیے جما کر رہے گا اور خوف (و خطر) جو ان کو (لاحق) ہے اس کے بعد ضرور (ہی) اِن کو (اس کے) بدلے میں امن دے گا کہ (اطمینان) ہماری عبادت کیا کریں گے (اور) کسی چیز کو ہمارا شریک نہ گردانیں گے ف اور جو شخص اِن (تمام احسانات) کے بعد ناشکری کرے تو ایسے ہی لوگ نافرمان ہیں۔

اور وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ ۔ تو وعدے ہونہ جھوٹا نہ ٹھیرا۔

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ۝ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ۝ (الجن ۲۶)

اُسی کو غیب کی خبر ہے تو وہ اپنی غیب کی باتیں کسی پر ظاہر نہیں کیا کرتا مگر (ہاں اپنے) برگزیدہ پیغمبروں پر (مصلحۃً کوئی بات ظاہر کرنی چاہتا ہے) تو وہ (بھی اس احتیاط سے کہ) اُن کے آگے اور اُن کے پیچھے (فرشتوں کا) پہرہ (اُن کے ساتھ) رکھتا ہے تاکہ دیکھ لے کہ پیغمبروں نے اپنے پروردگار کے پیغام لوگوں کو (ٹھیک ٹھیک) پہنچا دیئے اور اُن کے سارے معاملات اُسی کے احاطۂ (علم) میں ہیں اور اُس نے تمام چیزوں کی گنتی (اپنی نظر میں) کر رکھی ہے۔

اب دوسری بات یہ رہی کہ خوف نبوۃ کے غلط دعوے کا محرک ہوا ہو تو یہ لالچ سے زیادہ بے تک ہے خوف کے معنے کیا ہیں اُمورِ ناملائم جو آیندہ پیش آنے والے ہوں اُن سے تحرز اور تحفظ کا نام ہے خوف۔ سو یہاں آیندہ کا کیا مذکور ہے جتنے اُمورِ ناملائم کسی ظالم کے خیال میں آسکتے ہیں عین دعوے پیغمبری کے وقت بھی تو پیغمبر صاحب کے ساتھ عمل میں لائے جا رہے تھے۔ مخالف اِس سے زیادہ کر ہی کیا سکتے تھے جس کا پیغمبر صاحب کو خوف ہوتا ؎

طبل و علم ہے پاس نہ اپنے نہ ملک و جاہ ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

(س ۱۱۶) خوب صاحب خوب۔ آپ نے پیغمبر صاحب کی رسالت کو نظرت کے دلائل سے تو خوب ثابت کیا۔

(ص ۱۱۶) ثابت کیا کیا۔ اپنی اپنی سمجھوتی ہے۔ لوگ اثباتِ رسالت کے لیے اَور اَور دلائل پیش کرتے ہیں۔ مگر ان سے میرا اطمینان

ف ایسی صاف اور ایسی محکم پیشین گوئی پیغمبر صاحب کی بڑے کٹر سنی تیسلیمان میں سے ہر اُس شخص کو جو پیدا ہوتے ہوئے بھی ساری دنیا نے دیکھا ۱۲

عدم اسلام نے بہت کچھ تیس کا دعوہ (نہ کیا ہو) مگر اس کے تو پیغمبر کی نبوت کا ثبوت ہے

پورا پورا نہیں ہوتا۔

۱۱۶ (س) مسلمانوں کے جمِ غفیر کا اطمینان ہوتا ہے اور آپ کا نہیں ہوتا - کیوں؟

۱۱۷ (م) بھائی جان! ایسے کتنے مسلمان ہیں جو حقیقت میں دین دار ہیں۔ ہندوستان کے چھے کروڑ مسلمانوں میں مرد و زن ملا کر بمشکل چھے لاکھ۔ اور چھے لاکھ بھی میں اس خیال سے کہتا ہوں کہ دوسری قومیں ہم مسلمانوں کو ایسا گیا گزرا نہ سمجھیں۔ خدا کے عفو و درگزر سے کام چل رہا ہے ورنہ ہمارے اعمال تو اس قابل ہیں کہ تختے کا تختہ غرق کر دیا جائے۔ "مسلمانان در گور مسلمانی در کتاب" پھر چھے لاکھ جن کو میں نے دین دار فرض کر لیا ہے۔ تقلیدی دین دار ہیں اور مذہبی شرائط کو صرف رسم کے طور پر بجا لاتے ہیں

اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۝ (الزخرف ع ۲)	ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقے پر پایا اور اُن ہی کے قدم بہ قدم ہم بھی اُن کی پیروی کر رہے ہیں
اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝ (البقرۃ ع ۲۱)	بھلا اگر ان کے بڑے کچھ بھی نہ سمجھتے اور نہ راہِ راست پر چلتے ہوں تو بھی وہ اُن ہی کی پیروی کیے چلے جائیں گے ف

کا بھول کر بھی خیال نہیں آتا اور اگر کوئی شامت کا مارا ایسا خیال ظاہر کرے تو وہ شاید اُس کا مُونہ نوچ لیں۔ ہاں بعض خدا کے بندے ایسے بھی ہیں وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ (اور وہ بہت تھوڑے ہیں) جن کی طبیعت حق جُو واقع ہوئی ہے۔ مگر وہ اُن خیالات کو جو بچپن سے اُن کے ذہن نشین ہو گئے ہیں دل سے دُور نہیں کر سکتے۔ غرض تقلید کا جال ایسا زبردست جال ہے کہ اُس سے نکلنا بہت ہی مشکل ہے اور تقلید اور تحقیق میں ٹھیرائیے اس سے تمام مذہب والوں میں اور از انجملہ مسلمانوں میں بھی تحقیق کا دروازہ ایسا بند ہے کہ کھلنے کا نام نہیں لیتا۔ مگر آپس کی تُو تُو مَیں مَیں جس کا نام لوگوں نے کلام اور مناظرہ رکھ چھوڑا ہے۔ ہر جگہ ہمیشہ ہوتی رہتی ہے تو اُس کو اتفاقِ حق سے کچھ واسطا اور سروکار نہیں ؎

ترسم نہ رسی بکعبہ اے اعرابی کیں رہ کہ تو میروی بہ ترکستان است

(۱۱) معجزات اور پیش گوئیاں

۱۱۸ (س) آخر یہ لوگ پیغمبر صاحب کی رسالت کی تائید میں کیا دلائل پیش کرتے ہیں۔

۱۱۸ (م) معجزات اور پچھلے پیغمبروں کی پیشین گوئیاں۔

۱۱۹ (س) معجزے تو بہتیرے ہی سننے میں آتے ہیں اور پیشین گوئیاں بھی کتنے ہی پیغمبروں نے کی ہوں گی تو ہر ایک معجزہ ایک دلیل ہے اور ہر ایک پیشین گوئی ایک دلیل ہے یعنی سب معجزے اور سب پیشین گوئیاں ملا کر بہت سے دلائل ہیں اس پر بھی آپ کو اطمینان نہیں ہوتا۔

۱۱۹ (م) میں تو تم سے کہہ چکا ہوں کہ میں فطرۃً فطرۃ پرست ہوں۔ فطرۃ ہی کی وجہ سے تو میں مسلمان ہوا ہوں۔

ف مشرکینِ عرب سائبہ وغیرہ کو حرام سمجھتے تھے تو خدا نے فرمایا کہ یہ شیطانی اغوا ہے اور یہ لوگ آندھوں کی طرح اپنے بڑوں کے ڈھرّے پر چلے جاتے ہیں ورنہ خدا نے تو مرے ہوئے جانور اور خون وغیرہ کے سوا جن کی صراحت آگے آ رہی ہے اور کچھ حرام نہیں کیا اور لاچاری میں مُردار بھی حلال ہے ۱۲

فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطْرَتَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ (الروم ع ۳)

تو (اے پیغمبر) تم تو ایک (خدا کے) ہو کر (اُس کے) دین کی طرف رُخ کیے رہو (یہ) خدا کی (بنائی ہوئی) سرشت ہے جس پر خدا نے لوگوں کو پیدا کیا ہے خدا کی (بنائی ہوئی) بناوٹ میں ردّوبدل نہیں ہو سکتا یہی دین (کا) سیدھا (رستہ) ہے مگر اکثر لوگ نہیں سمجھتے ف۱

فطرت میرے ساتھ آئی اور فطرہ ہی میرے ساتھ قبر میں جائے گی۔ نہ فطرت مجھکو چھوڑ سکتی ہے۔ اور نہ میں فطرت کو چھوڑ سکتا ہوں ع یہ ناطہ خدا کا لگایا ہوا ہے۔ یہ کیسے چھوٹ سکتا ہے۔ مذہب کی کوئی سی بات بھی ہو۔ چھوٹی یا بڑی میں تو فطرت ہی کی کسوٹی پر کس کر اُس کا کھوٹا کھرا پرکھا کرتا ہوں۔ معجزے کے معنی ہی خلافِ فطرت کے ہیں اور اسلام شیر اعین فطرت۔ میں دو مخالفوں کو جمع کرنا نہیں چاہتا لوگ خلافِ فطرت سے خدا کی قدرت کے قائل ہوتے ہیں اور میں خود فطرت سے۔ خلافِ فطرت شاذ ہے اور فطرت اکثر۔ اکثر کو چھوڑ کر میں شاذ کا سہارا کیوں ڈھونڈوں۔ دو باتیں مجکو معجزے کا انکار نہیں کرنے دیتیں۔ ایک خدا کی قدرت کہ وہ چاہے پانی سے جلانے کا کام لے اور آگ سے بجھانے کا۔ دوسرے خدا کے کاموں میں دخل دینا چھوٹا مُونہ بڑی بات ہے۔

لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ ۝ (الانبیاء ۱۲)

جو کچھ وہ کرتا ہے اُس کی بازپرس اُس سے نہیں کی جا سکتی اور (اُن) لوگوں سے اُن کے کیے کی بازپرس ہونی ہے۔

ممکن ہے کہ خدا کسی مصلحت سے قانونِ فطرت کسی خاص صورت کے لیئے ملتوی کر دے۔ پس میں منکرِ معجزہ نہیں ہوں بلکہ فطرہ کے ہوتے اپنے اطمینان کے لیے معجزے کی ضرورت نہیں دیکھتا۔ معجزے کے ثبوت میں ایک کم زوری بھی ہے۔ کہ واقعہ ہمارا چشم دید تو ہے ہی نہیں بلکہ جو معجزہ ہے اُس کا وقوع سیکڑوں برس پہلے کا ہے۔ اور اُس کے ثبوت کا مدار شہادت اور شہادت بھی اُن ہی وقتوں کی شہادت اور اُن لوگوں کی شہادت جن کا نام ہی نام ہم نے سُنا ہے۔ بھلا ایسی شہادت کو فطرت کی شہادت سے کیا نسبت حدیثوں میں تو معجزات کا کچھ شمار نہیں مگر قرآن میں کہیں صاف لفظوں میں پیغمبر صاحب کے معجزوں کا مذکور نہیں بلکہ بعض مقامات میں تو معجزے سے صریح انکار کیا گیا ہے جیسے

وَمَا مَنَعَنَا أَنْ نُرْسِلَ بِالْآيَاتِ إِلَّا أَنْ كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ ۚ وَآتَيْنَا ثَمُودَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيفًا ۝ (بنی اسرآءیل ع ۵)

اور ہم کو (فرمائشی) معجزوں کے بھیجنے سے (کوئی اور وجہ) مانع نہیں ہوئی) مگر یہی کہ اگلے لوگوں نے اُن کو جھٹلایا ف۲ چنانچہ ہم نے (قوم) ثمود کو اُونٹنی کا (کھلا ہوا) معجزہ دیا تھا پھر بھی لوگوں نے (نہ مان کر) اُس کو ستایا (یہاں تک کہ) اُس کی ہلاک کر دیا) اور (یہ جو) ہم معجزے (بھیجا کرتے ہیں تو) صرف ڈرانے کی غرض سے بھیجا کرتے ہیں ف۳

ف۱ مطلب یہ ہے کہ خدا نے آدمی کا دل ہی ایسا بنایا ہے کہ وہ ذرا متوجہ ہو تو اُس کو چار و ناچار خدا کا اقرار کرنا پڑے مگر غفلت آدمی کو سوچنے سمجھنے نہیں دیتی ۱۲ ف۲ پیغمبر صاحب سے معجزوں کی فرمایشیں ہوتی تھیں اور وہ ہٹ دھرمی جتانی باتیں تھیں ایسی درخواستیں منظور نہیں ہوئیں اور وہ منظور ہونے کے قابل بھی نہ تھیں ایسے ہی معجزوں کی نسبت فرمایا ہے کہ ہم نے اگلے لوگوں کی تکذیب کے خیال سے ایسے معجزوں کا بھیجنا بند کر دیا ہے اور مثال بھی فرمائشی معجزے ہی کی دی ہے کہ قوم ثمود نے حضرت صالح سے یہ درخواست کی تھی کہ پہاڑ سے اُونٹنی پیدا ہو اُس پر بھی لوگوں نے نہ مانا اور ہمارے پیغمبر صاحب کے زمانے کے لوگ بھی اسی قسم کے تھے۔ فرمائشی معجزے دیکھتے اور نہ مانتے اور

دوسرے معجزات کے لیے ملاحظہ ہو قرآن ایک روشن دلیل اور مولوی محمد علی صاحب کی تفسیر

اور وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ۙ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۙ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ۙ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا (بنی اسرائیل ع ۱۰)

اور (اے پیغمبر کفار مکہ تم سے) کہتے ہیں کہ ہم تو اُس وقت تک تم پر ایمان لانے والے ہیں نہیں کہ (یا تو) ہمارے لیئے زمین سے کوئی چشمہ بہا نکالو یا کھجوروں اور انگوروں کا تمہارا کوئی باغ ہو اور اُس کے بیچ بیچ میں تم بہت سی نہریں جاری کر دکھاؤ یا جیسا تم کہا کرتے تھے آسمان کے ٹکڑے ہم پر لا گراؤ یا خدا اور فرشتوں کو (ہمارے) سامنے لا کھڑا کرو یا (رہنے کے لیئے) کوئی تمہارا طلائی گھر ہو یا آسمان میں چڑھ جاؤ اور جب تک تم ہم پر (خدا کے ہاں سے ایک) کتاب نازل کر نہ لاؤ کہ ہم آپ اُس کو پڑھ (بھی) لیں تب تک ہم تمہارے (آسمان پر) چڑھنے کو (بھی) باور کرنے والے نہیں (اے پیغمبر) ان لوگوں سے کہو کہ سُبحان اللہ میں کیا چیز ہوں یہی ایک بندہ بشر خدا کا بھیجا ہوا اور بس ف۱

معجزات اور نبی صدر دو معجزوں کا حوالہ قرآن میں دیا جاتا ہے تو بعض مفسروں نے ان کے الفاظ کی ایسی توجیہ کی ہے کہ معجزہ گویا گزرا ہو جاتا ہے اور پھر میں کہتا ہوں کہ معجزہ رسول کے اختیار کا تو نہیں۔

وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ (الرعد ع ۴)

اور کسی رسول کی طاقت نہ تھی کہ بے حکم خدا کوئی معجزہ لا دکھائے ہر ایک وقت (موعود) کے لیے (ہمارے ہاں ایک قسم کی) تحریر (یعنی قانون) ہے

(تتمہ نوٹ صفحہ ۸۹) عظیم الشان جیتا جاگتا معجزہ موجود ہے ۱۲ ف۳ یعنی معجزوں سے اس کے سوا کوئی اور غرض متعلق نہیں۔ قرآن کی تعلیم کا تو خلاصہ یہ ہے کہ لوگ دنیا کے معمولی واقعات آسمان اور زمین اور دن اور رات اور ہوا اور بادل اور مینہ اور بجلی اور موت اور حیات اور چوپائی اور مچھر وغیرہ سے خدا اور اُس کی قدرتوں کے قائل ہوں پیغمبر صاحب نے بھی معجزے دکھائے مگر انھوں نے معجزات پر کبھی زور نہیں دیا اور چونکہ معجزے کا وقوع ایک وقت خاص میں خاص شخصوں کے روبرو ہو سکتا ہے اور اس میں بھی مخالفین چند در چند شکوک اور احتمال پیدا کرتے رہتے تھے تو معجزہ کوئی ایسی محکم دلیل نہیں ہو سکتا جس پر زور دیا جائے معمولی واقعات ایسے معجزات ہیں جو ہر وقت واقع ہوتے رہتے ہیں۔ اور کسی کو اُن میں گنجائش انکار نہیں ہو سکتی۔ وہ خاص طبیعتیں ہیں جو معجزے کی محتاج ہیں اور جن کی ایسی طبیعتیں ہوتی ہیں وہ معجزے پر بھی شکل سے ایمان لاتے ہیں وہ ایک واقعہ غیر معمولی دیکھ کر فی الفور ڈر جاتے مگر اِدھر خوف زائل ہوا اُدھر پھر اصلی طبیعت کے شکوک نے حوکیا اور سحر وغیرہ پر محمول کرنے لگے ۱۲

(فوائد صفحہ ۸۹) ف۱ قرآن میں سبحان ربی ہے اور ہم نے اپنے محاورے کے مطابق سبحان اللہ ترجمہ کر دیا ہے کیونکہ تعجب کے مقام پر ہمارے ہاں سبحان اللہ بولا جاتا ہے اور ان دونوں کے معنے قریب قریب ہیں سبحان اللہ کے معنے اللہ پاک ہے اور سبحان ربی کے معنے میرا پروردگار پاک ہے ۱۲

ف۲ مطلب یہ ہے کہ جتنے واقعات ہیں اور ازاں جملہ معجزہ بھی ہے سب کا ایک وقت مقرر ہے جلدی کرنے سے کوئی کام وقت سے پہلے نہیں ہو سکتا واقعات کے لیے ایک طرح کا ضابطہ تو ایسا ہے کہ اُس میں خدا کی مرضی سے ردوبدل بھی ہوتا رہتا ہے اور ایک حکم قطعی ہے وہ کبھی نہیں ٹلتا اور نہ بدلتا ہے پہلے کو قضاء معلق کہتے ہیں اور دوسرے کو قضاء مبرم ۱۲

تو معجزے سے رسالت پر استدلال کرنے کے کیا معنے - ہاں خدا کی قدرت پر استدلال کرو تو جائے بہر بھی ہے - معجزات میں ایک قرآن کا معجزہ البتہ لاجواب ہے - جن دنوں قرآن نازل ہوا عرب میں فصاحت بلاغت کا بڑا چرچا تھا - قاعدے کی بات ہے کہ جب بہت لوگ مل کر ایک کام پر متوجہ ہوتے ہیں تو اُس میں ضرور کامیابی ہوتی ہے - مثلاً یورپ اور امریکا اور جاپان صنعت اور حرفت اور ایجاد میں منہمک ہیں تو اقوام روئے زمین میں سب پر غالب اور سب سے پیش پیش ہیں - انھوں نے حکمت عملی میں ایک صدی کے اندر ہی اندر ایسی ترقی کی ہے کہ دیکھ کر عقل دنگ ہوتی ہے - یہی حال پیغمبر صاحب کے زمانے میں عرب کا تھا کہ اپنی زبان کو معراج الکمال پر پہونچا دیا تھا اور اپنے سوا سب لوگوں کو عجم یعنی گونگے کہتے تھے - فصحائے عرب نے قوت گویائی سے لوگوں کے دلوں کو مسخر کر رکھا تھا - گویا شعراء ملک میں حکمرانی کر رہے تھے - سارے کمالات گویائی اور زبان آوری کے آگے ہیچ تھے - ایسے وقت میں قرآن نازل ہونا شروع ہوا - وہی عربی بولی تھی مگر خدا پیغمبر صاحب کی زبان سے بولتا تھا تو اُس کے الفاظ اور اُس کے مضامین کا کیا کہنا - اگر کلام خدا فصحاء کے کلام کے کسی بات میں اُنیس بیس کے فرق سے بھی گرا ہوا ہوتا تو عرب کے لوگ جن کو اپنے حسن کلام پر بڑا فخر و ناز تھا اُس کو چٹکیوں میں اُڑا دیتے مگر باوجودیکہ آنحضرتؐ شرک اور بت پرستی کی مذمت ہوتی تھی یا پند و نصیحت کی ناگوار باتیں اور وہ بھی نثر میں مگر پیرایہ کچھ ایسا دلچسپ ہوتا تھا کہ جو سنتا تھا لٹو ہو جاتا تھا - اور سرآمد شعراء اپنی جگہ بوکھلا مان گئے تھے - غرض خدا نے اہل عرب کو اسی داؤ سے پچھاڑا جو اُن کو خوب رواں تھا - اِدھر سے بار بار تحدی ہوتی تھی کہ

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرہ ع ۳)

اور وہ ہم نے اپنے بندے (محمد) پر (قرآن) اُتارا ہے اگر تم کو اُس میں شک ہو اور (یہ سمجھتے ہو کہ یہ کتاب خدا کی نہیں بلکہ آدمی کی بنائی ہوئی ہے) اور اپنے اس (دعوے میں) سچے ہو تو ویسی ایک سورۃ (تم بھی) بنا لاؤ اور اللہ کے سوا اپنے حامیوں کو بھی بلا لو پس اگر ایسا نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو (دوزخ کی) آگ سے ڈرو جس کے ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے (اور وہ) منکروں کے لیے (دوزخ ہی دہکائی) تیار ہے -

اور

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝ (بنی اسرآءیل ع ۱۰)

(اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہو کہ اگر آدمی اور جنات جمع (ہو کر اس بات پر آمادہ ہوں) کہ اس قرآن کی طرح کا (اور) کلام بنا لائیں تاہم اس جیسا نہیں (بنا) لا سکتے اگرچہ ان میں سے ایک کی پشتی پر ایک (کہ مدد گار) ہو

اور اُدھر سب کو سانپ سونگھ گیا تھا کچھ جواب نہیں - کیا معجزے کے سر میں سینگ ہوتے ہیں ؟ اس سے بڑھ کر اور معجزہ کیا ہو سکتا ہے - اور یہ کیسی مزے کی بات ہے کہ اور معجزے تو اس قسم کے ہیں کہ پیغمبر نے خلاف فطرت ایک بات واقع کر کے دکھا دی معدودے چند نے دیکھا - کسی نے جادو سمجھا - کسی نے معجزہ - بات گئی گزری ہوئی - اب بعد انقراض معجزہ ایک واقعہ تاریخی رہ گیا

ف پیغمبر صاحب اپنی پیغمبری اور قرآن کے کلام الٰہی ہونے کے بہت سے دلائل پیش کرتے تھے اُن میں سے یہ دلیل سب سے زیادہ مستحکم تھی کیونکہ جن دنوں قرآن نازل ہوا عرب میں فصاحت بلاغت کا بڑا چرچا تھا شعر موزوں کر دینا اُن کے نزدیک ایک معمولی سی بات تھی تو بدباں تکلف مضامین میں ایسے برجستہ فصاحت بلاغت کی تھیں کہ آج اتنے سے اچھا ادیب اُن کا مثل نہیں کہہ سکتا تو ایک اُمّی پر پیغمبر کا بار بار کہنا کہ اس طرح کی ایک ہی سورت بنا لاؤ یا جو لاؤ بڑی وقعت رکھتا ہے اور یہ ایک ایسا معجزہ ہے کہ تا قیام قیامت منجانب خدا مستمر ہے ۱۲

مجھے تحقیقات کیا کرو کہ واقع میں ہوا بھی تھا یا وہی پیراں نے پرند مُردہ میں پرانداز۔ قرآن یہ ایک ایسا زندہ معجزہ ہو کہ روزِ نزولِ قرآن سے اَلیٰ ساعتنا ھٰذہٖ برابر فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ اور قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ کی تحدی ہو رہی ہو اور جب تک قرآن پڑھا پڑھایا جائے گا یعنی روزِ قیامت تک ہوتی رہے گی۔ کسی نے تحدی کے جواب کی ہامی بھری؟ کیا عربی زبان روئے زمین پر سے معدوم ہوگئی؟ یا جن مُلکوں میں عربی بولی جاتی ہو۔ مخالفانِ اسلام نہیں بستے؟ سوا تیرہ سو برس کے عرصے میں کسی نے تو جواب کی جرأت کی ہوتی۔ فقہاں ایسا تو لاجواب اور مُستمر معجزہ مگر میں نے فطرت کے ہوتے قرآن کے معجزے پر بھی کچھ بہت بھروسا نہیں کیا اس لیے کہ گو عربی ساری عمر میرا اوڑھنا بچھونا رہی ہو مگر چونکہ میری مادری زبان نہیں۔ محکو اہلِ عرب سے اختلاط نہیں۔ تھوڑا بہت جو کچھ آتا ہو میں اُس کو کتابی زبان کہہ سکتا ہوں۔ وہ بھی بے مہارتی کی وجہ سے ناقص و ناتمام۔ قلم برداشتہ چار سطروں میں نہیں لکھ سکتا۔ کبھی کوئی عرب آنکلتا ہو تو حاضر جوابی کے ساتھ میں اُس سے بات چیت نہیں کر سکتا۔ میں تو شاید اپنے تئیں کچھ روک ٹوک کر بول بھی لوں عرب کے لہجے میں اس قدر تبدّل در الفاظ میں اتنا تغیر ہو گیا ہو کہ کوئی شخص عربی کا ایک فقرہ بھی بے سوچے بے غور کیے سمجھ نہیں سکتا کیونکہ وہ کتابی عربی کے بالکل خلاف ہو اہلِ عرب عموماً ماء (پانی) کو مویا اور قُل (کہہ) کو گُل اور کم قرءتہ کو گم گرءتہ ہی بولتے ہیں عرب کے اخبار اللواء اور المنار کو دیکھو تو اُس کی عبارت سمجھ ہی میں نہیں آتی خود میرے پاس ایک عرب آیا اور باتوں باتوں میں بول اُٹھا تکلّمُ فِی المَاءِ میں حیران تھا کہ کیا کہتا ہو آخر سوچتے سوچتے معلوم کیا کہ تکلّمُ فی الخوخ کہتا ہو تو اس کم سوادی کے ساتھ میں قرآن کی فصاحت اور بلاغت کو معجزے کی حد تک کیا سمجھ سکتا ہوں تو اب جو میں قرآن کو معجز کہوں تو وہ سُنی سُنائی بات ہوگی۔ علم معانی کی کسی کتاب میں نظر سے گذری ہوئی۔ واسطے برحال اُن مسلمانوں کے جو مُطلق عربی نہیں جانتے۔ پس میں نے جو شروع سے فطرت کا دامن پکڑا تھا اُسی کو پکڑے رہا اور اُسی کے سہارے سے میں اسلام کی طرف سے اطمینان کے درجے تک پونہچا۔

(۳۱) جب قرآن جیسے معجزے کے ساتھ آپ کا یہ معاملہ ہو تو اگلے پیغمبروں کی پیشین گوئیوں کا آپ کے سامنے نام لینا بھی فضول ہو

(۳۲) میں نے فطرت کے دلائل سے پیغمبر صاحب کو پیغمبر مانا۔ اِس کے یہی معنے ہیں کہ قرآن کو کلامِ الٰہی تسلیم کیا[۱] یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ پیغمبر صاحب کی رسالت اور قرآن کا کلامِ الٰہی ہونا دونوں لازم و ملزوم ہیں قرآن میں پیغمبر صاحب کی نسبت اگلے پیغمبروں کی پیشین گوئیوں کا ایسے صاف لفظوں میں مذکور ہو کہ اس کی بابت شک و شبہہ کرنا مُسلمان کا کام نہیں۔

وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِیْنَ رَجُلًا لِّمِیْقَاتِنَا فَلَمَّاۤ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِیَّایَ اَتُهْلِكُنَا	اور موسیٰ نے ہمارے وعدے (پر حاضر لانے) کے لیے اپنی قوم میں سے ستر آدمی منتخب کیے پھر جب اُن کو زلزلے نے آلیا تو موسیٰ نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اگر تو چاہتا تو مجھ سمیت ان لوگوں کو پہلے ہی سے ہلاک کر دیتا ہم میں سے جو

[۱] لاباطل کا موقع کتاب عزیز ہو اس سے پہلے جملے میں مذکور ہو پوری بات اس طرح ہو اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِیْزٌ لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ یعنی جن لوگوں کے پاس (قرآن یعنی) نصیحت آئی اور انھوں نے اُس کو نہ مانا وہ بھی اپنا انجام کار دیکھ لیں گے اور یہ (قرآن) تو بڑے پایہ کی کتاب ہو کہ جھوٹ نہ تو اس کے آگے رہی کی طرف سے اس کے پاس پھٹکنے پاتا ہو اور نہ اس کے پیچھے کی طرف سے (کیونکہ) حکمت والے سزاوار حمد (خدا) کی

بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّآ اِنْ هِيَ اِلَّا
فِتْنَتُكَ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَ
تَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ
لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ
وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً
وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ قَالَ
عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ وَرَحْمَتِيْ
وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ
يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ
هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۚ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ
الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ
يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي
التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ
بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ
وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ
عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ
اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ
عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ
عَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ

لوگ احمق ہیں وہ ایک حرکت کر بیٹھے کیا اُس کی پاداش میں تو ہم
کو ہلاک کیئے دیتا ہو؟ یہ سب تیرے کرشمے ہیں اِن (کرشموں) سے
جس کو تُو چاہے گمراہ کرے اور جس کو چاہے ہدایت دے تُو ہی ہمارا
کارساز ہی تو ہمارے قصور معاف کر اور ہم پر رحم فرما اور تُو تمام بخشنے
والوں سے بہتر (بخشنے والا) ہی ف اور اِس دُنیا اور آخرت (دونوں)
کی بہتری ہمارے نام لکھ دے ہم تیرے ہی طرف رُجوع ہوئے
(خدا نے) فرمایا کہ ہمارا جو عذاب ہی اُس کو ہم جس پر چاہتے ہیں مُصیبت
سمجھ کر) نازل کرتے ہیں اور ہماری جو رحمت ہی وہ (اہل و نااہل) سب
چیزوں کو شامل ہی تو ہم اُس کو (خاص کر) اُن لوگوں کے نام لکھ لیں گے
جو پرہیزگاری اختیار کریں گے اور زکوٰۃ دیں گے اور جو ہماری آیتوں
پر ایمان لائیں گے (اِن سے ہماری مُراد اِس زمانے کے وہ اہل کتاب
تھے) جو (ہمارے اِن) رسولِ نبی اُمّی (محمدؐ) کی پیروی کرتے ہیں جن
(کی بشارت) کو اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں ف۲
وہ اُن کو اچھے کام (کرنے) کو کہتے اور بُرے کام سے اُن کو منع کرتے
ہیں اور پاک چیزوں کو اُن کے لیئے حلال اور ناپاک چیزوں کو اُن
پر حرام کرتے ہیں اور (احکام سخت کے) بوجھ جو اُن لوگوں (کے
سروں) پر لدے ہوئے تھے اور پھندے جو اُن پر پڑے ہوئے
تھے (اُن سب کو) اُن پر سے دُور کرتے ہیں ف۳ تو جو لوگ اِن
(پیغمبر محمدؐ) پر ایمان لائے اور ان کی حمایت کی اور اُن کو مدد دی اور جو نُور

ف حضرت موسیٰ علیہ السلام گوسالہ پرستی کی توبہ کرانے کو اپنی قوم کی طرف سے ستر آدمی منتخب کر کے کوہِ طور پر لے گئے وہاں جو اِن لوگوں نے کلام الٰہی سُنا تو موسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی کہ جب تک ہم خدا کو اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لیں تمہارے کہنے کا اعتبار نہیں کریں گے کہ خدا ہی تم سے کلام کرتا ہی اس گستاخی کی سزا میں اُن پر بجلی گری اور ہلاک ہو گئے موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی کہ خدایا یہ لوگ کم عقل ہیں اِن پر رحم فرما تو خدا نے اِن کو پھر زندہ کیا اگرچہ اِس میں اختلاف ہی کہ یہ لوگ کیوں گئے تھے مگر سیاق سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ گوسالہ پرستی کی توبہ کرنے گئے تھے واللہ اعلم ۱۲

ف۲ اُمّی کے لفظی معنی مادر زاد کے ہیں اور مُراد ہیں اَن پڑھ۔ اَن پڑھ اور سب لوگوں کے لیئے عیب ہی مگر جناب پیغمبر صاحب صلے اللہ علیہ وسلم کے لیئے حسبِ فخر تھا کہ نہ پڑھے نہ لکھے اور وحی کے ذریعے سے بڑے بڑے پڑھے لکھوں کو دنیا اور دین کے انتظام سکھا گئے ۱۲ ف۳ تورات کے پڑھنے سے بھی معلوم ہوتا ہی کہ موسوی شریعت کے احکام نماز۔ روزہ۔ طہارت۔ ذبیحہ وغیرہ بہت ہی سخت تھے چنانچہ نجس کپڑے کے کاٹ کر پھینک دینے اور پھر پاک حصہ لگ جانے تو اُس کے چھیلنے کا حکم تھا یہودیوں کا ذبیحہ اِس قدر مشکل ہی کہ شرعی طور پر ذبح کرنے والا سیکڑوں میں کوئی ہوتا ہی ۱۲

الَّذِیْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (الاعراف ع ۱۹)

اور اِن کی حمایت کی اور اِن کو مدد دی اور جو نُور ہدایت یعنی قرآن اِن کے ساتھ بھیجا گیا اُس کے پیچھے ہو لیے یہی لوگ کامیاب ہیں

اور اس میں بھی شک نہیں کہ جن کتابوں میں اگلے پیغمبروں کی پیشین گوئیاں ہیں اُن میں تحریف بھی یقیناً ہوئی ہے

اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ (البقرۃ ع ۹)

(مسلمانو!) کیا تم کو توقع ہے کہ (یہود) تمہاری بات تسلیم کر لیں گے اور اِن کا حال یہ ہے کہ اِن میں کچھ لوگ ایسے (بھی) ہو گزرے ہیں کہ کلام خدا سنتے تھے پھر اُس کے سمجھے پیچھے دیدہ و دانستہ اُس کو کچھ کا کچھ کر دیتے تھے ف۱

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۫ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (المائدۃ ع ۳)

پس اُن ہی لوگوں نے اپنے عہد توڑنے کی وجہ سے ہم نے اُن کو پھٹکار دیا اور اُن کے دلوں کو سخت کر دیا کہ تورات کے لفظوں کو اُن کی جگہ (یعنی اصلی معنوں) سے پھیرتے ہیں اور اُن کو جو نصیحت کی گئی تھی اُس میں سے ایک (بڑا) حصہ (یعنی پیغمبر آخر الزماں پر ایمان لانا) بھلا بیٹھے اور (اے پیغمبر) اُن کا حال یہ ہو گیا ہے کہ اُن میں چند لوگوں کے سوا سب کی (کسی نہ کسی) چوری کی اطلاع تم کو ہوتی ہی رہتی ہے ف۲ تو اِن لوگوں (سے) ہراساں نہ کرو بلکہ (اِن کے قصور) معاف کرو اور (اِن سے) درگزر کرو کیونکہ اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝ (المائدۃ ع ۳)

اور جو لوگ اپنے آپ کو نصاریٰ کہتے ہیں (اسی طرح) ہم نے اُن سے (بھی) عہد (و پیمان) لیا تھا تو جو کچھ اُن کو نصیحت کی گئی تھی (وہ بھی) اُس میں سے (بڑا) حصہ (یعنی پیغمبر آخر الزماں پر ایمان لانا) بھلا بیٹھے تو (اُس کی سزا میں) ہم نے اُن میں عداوت اور کینے (کی آگ) کو روز قیامت تک بھڑکا دیا اور آخر کار (قیامت کے دن) خدا اُن کو بتا دے گا کہ (دنیا میں) کیا کرتے رہے ف۳

ف۱ کچھ کا کچھ کر دینے میں لفظوں کا ردّ و بدل اور معنوں کا ایر پھیر دونوں باتیں آگئیں ۱۲ ۔

ف۲ چوری سے پیغمبر آخر الزماں کی پیشین گوئی اور دیگر احکام الٰہی کا چھپانا مراد ہے ۱۲ ۔

ف۳ قرآن کی اور پیشین گوئیوں میں سے یہ بھی ایک اٹل درجہ کی پیشین گوئی ہے جس کو ہم اپنے زمانے میں واقع ہوتا ہوا دیکھ رہے ہیں کہ اہل یورپ کل عیسائی ہیں اور تمام اقوام روئے زمین پر غالب مگر انگلستان اور فرانس اور روس اور اٹلی اور امریکا اور آسٹریا اور جرمن سب میں محامدات ہیں جو اُن کو یک دل نہیں ہونے دیتے ۱۲ ۔

وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ لَمْ يَاْتُوْكَ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ (المائدہ ع ۶)

اور بعض یہودی ہیں جو (جھوٹی) جھوٹی باتوں کی کنسوئیاں لیتے پھرتے ہیں (اور) کنسوئیاں (بھی) لیتے پھرتے ہیں (تو) دوسرے (دوسرے) لوگوں کے واسطے جو (ہنوز) تمہارے پاس تک نہیں آئے (احکام تورات مثلاً جم سنگساری کے الفاظ کو اُن کے ٹھکانے (یعنی معنے متعین ہوئے پیچھے جگہ) سے بے جگہ کرتے ہیں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ (الفتح ع ۴)

محمد خدا کے بھیجے ہوئے (پیغمبر) ہیں اور جو لوگ اُن کے ساتھ ہیں کافروں کے حق میں (تو اُن کی ایذاؤں سے بچنے کے لیے) بڑے سخت (ہیں مگر) آپس میں رحم دل (اے مخاطب) تو اُن کو دیکھے گا کہ (کبھی) رکوع کر رہے ہیں اور (کبھی) سجدہ کر رہے ہیں (اور) خدا کے فضل اور خوشنودی کی طلبگاری میں لگے ہیں اُن کی نشانی یہ ہے کہ سجدے کے گئے اُن کی پیشانیوں پر ہیں یہی اوصاف اُن کے تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور (یہی) اوصاف اُن کے انجیل میں بھی ہیں۔

مگر ہم لوگوں کے ایمان ایسے ضعیف ہیں کہ خدا رسول کے فرمانے کا ایسا یقین نہیں ہوتا جیسا چشم دید کا۔ پیش گوئیوں میں تحریف کا کامل یقین تب ہی ہو کہ جس پیغمبر نے پیشین گوئی کی تھی اُس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتاب کہیں سے ہاتھ آجائے ہم خود اُس کو پڑھیں سمجھیں۔ پھر اس کتاب کی نقلیں جو اس نبی کے اُمتیوں کے پاس ہیں ہم تو پہنچائیں اور اصل کتاب کا اُن سے مقابلہ کر کے اختلاف معلوم کریں۔ مگر جو شخص اس کا ارادہ کرے اُس کی نسبت یہی کہا جائے گا ع دماغ بیہودہ پخت وخیال باطل بست۔ پس تحریف کا ثابت کرنا آغاز اسلام میں تو ممکن بھی تھا اگر کوئی کرتا اور اب تو محال ہی اور اس الزام کے صحیح نہ ہونے کی ایک عقلی وجہ یہ بھی ہو کہ واقع میں اگر اُن لوگوں نے تحریف نہیں کی تھی تو پیغمبر صاحب کو ایسا صریح الزام اُن کی طرف عائد کرنے کی کیوں کر جرأت ہو سکتی تھی۔ لیکن اس کے خلاف ایک واہمہ یہ بھی گزرتا ہے کہ کیا اُس وقت کے یہود و نصاریٰ نے کلام خدا کا ادب بالکل اُٹھا دیا تھا کہ دیدہ و دانستہ تحریف کرتے تھے تو اس کا جواب ہی یہودیہ کا وہ واقعہ جو قرآن کی سورۂ مائدہ کے چھٹے رکوع میں مذکور ہے اور جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہود خیبر میں دو معزز مرد و عورت زنا کے مرتکب ہوئے اُن کی شریعت میں زنا کی سزا تھی سنگسار کرنا لیکن دونوں مجرموں کے تعزز کے لحاظ سے وہ اُن کے ساتھ رعایت کرنی چاہتے تھے اور یہ وہ وقت تھا کہ پیغمبر صاحب کا اقتدار جمنے میں جم چلا تھا۔ اور غیر مذہب کے لوگ بھی اپنے جھگڑے فیصلے کرانے کو آنے لگے تھے۔ یہودیوں کے اس مقدمۂ زنا کی خبر لوگوں میں مشتہر ہو گئی تھی تو جو یہودی معزز زنا کاروں کی رعایت کرنی چاہتے تھے۔ انھوں نے اس مقدمے کو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اس توقع سے لے جانا چاہا کہ یہ بھی مجرموں کی رعایت کریں گے اور مقدمہ لے جانے سے پہلے اس قوم کے پیچھے پڑے کہ کسی طرح اس معاملے میں پیغمبر صاحب کی رائے پہلے سے معلوم کریں اور اطمینان ہو تب پیچھے مقدمہ سنائیں

آخر وہ مقدمہ پیغمبر صاحب کے پاس گیا اور پیغمبر صاحب نے بھی وہی سنگسار کرنے کا حکم دیا اور حکم بھی دیا تو بحوالۂ توراۃ۔ توراۃ منگوائی گئی تو یہود سنگسار کرنے کے حکم کو چھپانے لگے بلکہ اُن کے ایک بڑے عالم عبداللہ بن صوریا نے تو یہ غضب کیا کہ آیۂ رجم کے قبل و مابعد کو تو پڑھ دیا اور رجم کی آیت پر ہاتھ رکھ کر اُسے صاف چھوڑ گیا آخر یہ چوری پکڑی گئی اور عبداللہ بن سلام نے وہاں سے اِس کا ہاتھ اُٹھا کر آیۂ رجم پڑھ دی۔ اِس پر بھی بعض فدائیانِ اسلام نے یہ "کوہ کندن وکاہ برآوردن" کیا بھی ہی تو جن پر تحریف کا الزام ہی وہ اُس میں سو طرح کے مجتہیں نکالتے ہیں۔ اِن جھگڑوں کے مارے میں نے اِس دردِ سر کو پاس ہی نہیں آنے دیا۔ اور آنکھیں بند کر کے فطرت کے رستے ہو لیا۔

(س ۱۲) خدا کے بارے میں تو عقل یعنی فطرت سے مدد لینے کے سوائے چارہ نہ تھا اِس لیئے کہ انسان حواسِ بشری کے ذریعے سے اُس تک پونہچ نہیں سکتا۔ اور عقل کے ذریعے سے بھی اتنا ہی پونہچ سکتا ہی کہ خدا کی ایک جھلک سی وہ بھی موہوم معلوم کرتا ہی۔ مگر پیغمبر صاحب کا تو یہ حال نہیں ہی وہ تو سوائے اِس کے کہ خدا کے ساتھ ایک خاص طرح کے نامفہوم تعلق کے مدعی تھے ہر طرح پر ہماری ہی طرح کے آدمی تھے اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحٰٓى اِلَيَّ۔ ہماری طرح پیدا ہوئے۔ ہماری طرح زندگی کی۔ ہماری طرح اپنی ہی جتنی عمر میں نما سے رخصت ہو گئے۔

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝ (الزمر ع ۳)	(اے پیغمبر) کچھ شک نہیں کہ تم کو بھی مرنا ہی اور کچھ شک نہیں کہ اُن کو بھی مرنا ہی۔

خدا کی تو ساری باتیں عجیب ہیں پیغمبر صاحب میں صرف ایک یہی بات عجیب تھی کہ اُن پر وحی نازل ہوتی تھی تو اُس کی طرف سے اطمینان حاصل کرنے کے لیئے عقلی گواہی کے علاوہ اور وہ گواہی بھی اسی قدر کہ کسی شخص کا پیغمبر ہونا اور اُس کا خدا کے ساتھ خاص طرح کا تعلق رکھنا فطرت اِس کو جائز رکھتی ہی۔ میرے نزدیک اطمینان کے لیئے کافی نہیں۔ بھلا یہ بھی کوئی ثبوت ہی کہ فطرت اِس کو جائز رکھتی ہی اور ہونا ممکن ہی۔

(ص ۱۲) بات یہ ہی کہ یہ سب خدا کے کرشمے ہیں جیسا کہ موسیٰ تنگدل ہو کر کہہ گزرے تھے اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ۔ خدا اپنی ذات اور صفات کو بنی آدم سے اِس قدر مخفی رکھنا چاہتا ہی کہ عقل کے سوائے اُس کی معرفت میں کسی کو دخل نہیں اور رسالت کا تعلق بھی آخر کار خدا کی صفات میں جا کر منتہی ہوتا ہی۔

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا	یہ پیغمبر (جو) ہم نے (بھیجے) اِن میں سے بعض کو بعض پر بزرگی دی اِن میں سے کوئی تو ایسے ہیں جن کے ساتھ (خود) اللہ نے کلام کیا اور بعض کے درجے (اور طرح پر) بلند کیئے اور مریم کے فرزند عیسےٰ کو ہم نے کھلے کھلے معجزے دیئے اور روح القدس (یعنی جبریل) سے اُن کی تائید کی اور اگر خدا چاہتا تو جو لوگ اُن (پیغمبروں) کے بعد ہوئے اپنے پاس کھلے ہوئے نشان آئے پیچھے ایک دوسرے سے

لہ اِس کا ترجمہ ابھی پچھلے صفحوں میں گزر چکا وہاں دیکھو ۱۲ سہ آیت ترجمے سمیت پہلے گزر چکی ۱۲

جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ (البقرۃ ع ۳۳)

لیکن (تاہم) لوگوں نے ایک دوسرے سے اختلاف کیا تو اُن میں سے بعض وہ تھے جو ایمان لائے اور بعض وہ تھے جو کافر ہوئے اور اگر خدا چاہتا تو (یہ لوگ) آپس میں نہ لڑتے مگر اللہ جو چاہتا ہی کرتا ہی[1]

اسی واسطے رسالت بھی اسرارِ الٰہی میں سے ہی اور خدا کی ذات اور اُس کی صفات کی طرح رسالت کی حقیقت کو بھی عقل کی روشنی سے دیکھنا ہوگا جتنا بھی دیکھا جا سکے۔ جس طرح مخلوقات کو دیکھ کر ہم نے خالق کو ڈھونڈ نکالا۔ جو صرف ہماری کوتاہ نظری کی وجہ سے مخفی تھا اسی طرح ہم نے بیرونی اَمارات و علامات سے پیغمبر صاحب کو پہچان لیا۔ کہ یہ سچے پیغمبر ہیں۔

۱۲۲ (س) اَب آپ مطلب پر آئیے۔ میں اِن ہی اَمارات اور عَلامات کو تو پُوچھتا ہوں۔

(ھ) اَمارات اور علامات سے اصل چیز کی شناخت کی طرف ذہن کا مُنتقل ہونا بھی عقل کے بدون نہیں ہو سکتا۔ اسی لیے ہم نے فطرت کو اصلی ثبوت سمجھا اور اَمارات اور علامات کو ثبوتِ مؤید۔ پھر ثبوت کا قوی یا ضعیف ہونا موقوف ہی عقیدات کی کثرت اور قلت پر رسالت کے ثبوتِ مؤید کچھ تو بالاجمال سُن چکے۔ صرف ایک ثبوت اَور دینا ہی اور وہ میرے نزدیک تمام ثبوتوں سے بڑھی ہوئی اور ضروری تر ہی۔ اور شاید یہ کہنا پیغمبر صاحب کی رسالت کے ثابت کرنے کے لیے بَس کرتا ہی۔ اِس ثبوت سے میری مراد ہی پیغمبر صاحب کی تعلیم و تلقین کہ اُنھوں نے کس رستے پر اُمّت کو چلانا چاہا۔

۱۲۳ (س) وہ تعلیم و تلقین کہاں ملے۔

(ھ) ۱۲۴ بھی تم بھی عجیب قسم کے مُسلمان ہو اور تم ایک کیا عجیب ہو اکثر مُسلمانوں کا یہی حال ہی کہ پیغمبر صاحب کی تعلیم و تلقین سے اِن کو پُوری پُوری واقفیت نہیں۔ وہ تعلیم و تلقین اُصولی قرآن ہی اور کچھ فروعی حدیث۔

(۱۲) نزولِ قرآن کی اصلی غرض

۱۲۴ (س) آپ اکثر مُسلمانوں کو اور اُن کی لیٹ میں مجکو بھی قرآن سے ناواقف بتاتے ہیں حالانکہ میں تو خدا کے فضل سے حافظ بھی ہوں اور مُسلمانوں کی نسبت میرا یہ خیال ہی کہ جس کثرت سے مُسلمان قرآن پڑھتے پڑھاتے ہیں شاید ہی کوئی قوم اپنی مذہبی کتاب پڑھتی پڑھاتی ہو۔ محض ادنے درجے کے مُسلمانوں کا تو مذکور نہیں ورنہ جن مُسلمانوں کو پڑھنے پڑھانے سے کام نہیں پڑتا وہ تک بھی اپنے بچّوں کو قرآن ضرور پڑھواتے ہیں۔ قرآن خواں لڑکیوں تک کے بیسیوں مکتب تو شہر میں مجکو معلوم ہیں اور جو لڑکیاں گھروں میں اپنی ماؤں اور بزرگوں سے پڑھتی ہیں اُن کا شمار نہیں۔ ماشاء اللہ حافظِ قرآن مسلمانوں میں

[1] مطلب یہ ہی کہ خدا چاہتا تو تمام نبی آدم کی طبائع ایک ہی طرح کی ہوتیں تو اُن میں اختلاف بھی نہ ہوتا لیکن اُس نے حق و باطل دو چیزیں بنائیں آدمی کو حق و باطل کی تمیز دی اور تمیز کے علاوہ اختیار کہ حق کا رستہ اختیار کرے یا باطل کا۔ آدمی کا بااختیار پیدا کرنا خدا کا فعل ہی اور حق و باطل کی تمیز کرنا اور ایک کو لینا اور دوسرے کو چھوڑنا آدمی کا ۱۲

اس کثرت سے ہیں کہ اگر خدانخواستہ مکتوب قرآن روئے زمین پر سے معدوم ہوجائیں تو کچھ پروا کی بات نہیں صدورِ حفاظ میں اُس کی حرکات تک بلا اختلاف محفوظ ہیں۔ بدقسمتی سے جس کی بینائی جاتی رہتی ہے اکثر دیکھا گیا ہے کہ وہ حفظِ قرآن سے بصارت کی تلافی بصیرت سے کرلیتا ہے۔ رمضان میں حافظوں کو قرآن سُنانے کے لیے جگہ نہیں ملتی۔ ہمارے محلے کی مسجد باوجودے کہ کچھ ایسی بڑی مسجد نہیں ہے۔ اس پر بھی چار حافظ تو صحن میں ہوتے ہیں اور دو چھت پر اور جامع مسجد میں تو قدم قدم پر حافظ۔ آپ ایک یہودی کا نشان دیجئے جس کو تورات حفظ ہو یا عیسائی کا جس کو انجیل زبانی یاد ہو یا ہندو کا جس کو چاروں بید اَزبر ہوں۔ اس پر بھی مسلمانوں پر قرآن کی طرف سے غفلت کا الزام سراسر ظلم ہے۔

(ہم) مسلمان جس قدر الفاظِ قرآن کے حفظ کا اہتمام کرتے ہیں اچھا کرتے ہیں۔ مگر میں تم سے پوچھتا ہوں کہ قرآن کے نازل کرنے سے خدا کیا چاہتا تھا۔ کیا صرف یہی کہ مسلمان اُس کے لفظوں کو طوطے کی طرح بیٹھے رٹا کریں۔

(س) آپ ہی فرمائیں کہ خدا کیا چاہتا تھا۔ آپ نے خدا کی مرضی معلوم کی۔ مرضی اور چاہنا ایک ہی بات ہے صرف لفظوں کا فرق ہے

(ہم) خدا چاہتا تھا لوگوں کے خیالات کی اصلاح۔ خیالات کی اصلاح کا ضروری نتیجہ تھا اور ہی معاملات کی اصلاح۔ معاملات کی اصلاح کا ضروری نتیجہ تھا اور ہی اَمن وعافیت یعنی خدا چاہتا تھا کہ سب لوگ اَمن وعافیت سے رہیں۔ اور وہ قرآن کے لفظوں کے رَٹنے اور بُڑبُڑانے سے نہیں ہوتا۔ بلکہ الفاظِ قرآنی کے معانی اور مطالب کے سمجھنے اور اُن پر عمل کرنے سے

(س) معانی اور مطالب پر عمل کرنا موقوف ہے سمجھنے پر اور سمجھنا موقوف ہے زبان دانی پر اور یہ تو ہر ایک سے نہیں ہوسکتا۔

(ہم) نہیں۔ سمجھنا تراجم سے بھی ہوسکتا ہے۔

(س) اس کے لیے بھی پڑھا لکھا ہونا ضرور ہے۔

(ہم) لوگ پڑھے لکھوں سے سُن کر بھی معلوم کرسکتے ہیں۔ اور ناخواندہ مسلمان جن کو شوق ہے ایسا کر ہی رہے ہیں۔ مگر عموماً مسلمان خواندہ ہوں یا ناخواندہ فہمِ مطالب کی طرف متوجہ نہیں اور عملاً قرآن تعویم پارینہ کی طرح بیکار ہے۔ مولوی روم ٹھیک فرما گئے ہیں ؎

من ز قرآن مغز را برداشتم — استخواں پیشِ سگاں انداختم

اور حدیث شریف میں بھی آیا ہے کہ ایک ایسا وقت آئے گا کہ لوگ قرآن پڑھیں گے مگر وہ اُن کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا یعنی سمجھیں گے نہیں[۱] (راجعہ التفہیمات)

(۱۲) اس زمانے کے مولویوں کو نیک صلاح

[۱] حدیث کے الفاظ اس طرح ہیں سَیَجِیْئُ بَعْدِیْ قَوْمٌ یَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ تَرْجِیْعُ الْغِنَاءِ وَالنَّوْحِ لَا یُجَاوِزُ حَنَاجِرَھُمْ اور ایک حدیث میں آیا ہے وَیُوْشِکُ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یَبْقٰی مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اسْمُہٗ وَلَا یَبْقٰی مِنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا رَسْمُہٗ یعنی پیغمبر صاحب نے فرمایا ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ اسلام کا صرف نام ہی نام باقی رہ جائے گا اور قرآن بس رسم ورواج کے طور پر پڑھا جائے گا ۱۲

(س) یہ تو ایک عالم گیر بلا ہی۔ اِس کا علاج کیا۔

(م) اِس کا علاج سوائے اِس کے اَور تو کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ خدا مولویوں کی اصلاح کرے کہ یہ نائبِ پیغمبر ہیں عُلَمَاؤُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ اور عوام مُسلمانوں کو دین کے بارے میں جو کچھ معلوم ہی مولویوں ہی کے بتائے سمجھائے سے بیچارے عوام تو موم کی ناک ہیں جدھر کسی نے پھیرا پھر گئے۔

(س) مولویوں میں آپ کیا خرابی پاتے ہیں جس کی آپ اصلاح چاہتے ہیں۔ مُسلمانوں میں نماز روزے کا جتنا کچھ چرچا بھی آپ دیکھتے ہیں مولویوں ہی کی بدولت ہی۔ لوگوں پر مولویوں کا کچھ زور تو چلتا ہی نہیں کہ زبردستی نماز کے لیے کھینچ بُلایا کریں یہ تو محتسب کا کام ہی سو اسلامی سلطنت کے ساتھ محتسب بھی گئے گزرے ہوئے۔

(م) مجکو مولویوں سے اِس بات کی شکایت تو نہیں جو تم سمجھے۔ مَیں مولویوں کے اختیارات کو خُوب سمجھتا ہوں۔ مگر ساتھ ہی اُن کی ذمّہ داریوں کو بھی۔

(س) مَیں نے تو اِن باتوں کا کبھی خیال کیا نہیں۔ اور مَیں تو نہ مولویوں کا کچھ اختیار دیکھتا ہوں۔ اور نہ اُن کو دوسروں کے افعال و اعمال کا ذمّہ دار جانتا ہوں۔ آپ فرمائیں۔

(م) تم نے دُنیا کے انتظام کو غور سے دیکھا ہی نہیں۔ غور سے دیکھتے ہوتے تو جانتے کہ خدا نے آدمی کو ایک خاص طرح کا مخلوق پیدا کیا کہ دُنیا میں زندگی بسر کرنے کے لیے جتنا ساز و سامان اُس کو درکار ہی کیلا اپنے دَم سے ہم پہونچا نہیں سکتا۔ ناچار اُس کو اپنے ہمجنسوں کے ساتھ مل کر رہنا پڑتا ہی۔ لوگوں نے ضرورت اور آسایش کے لحاظ سے کاموں کو آپس میں تقسیم کر رکھا ہی کوئی کھیتی کرتا ہی۔ جو سب سے زیادہ ضرورت کی چیز ہی۔ کوئی کپڑا بُنتا ہی۔ کوئی سیتا ہی۔ کوئی جوتی بناتا ہی۔ کوئی بڑھئی ہی۔ کوئی لوہار کوئی سُنار۔ کوئی کچھ کوئی کچھ ؎

ہریکے راہرکارے ساختند میل آں اندر دلش انداختند

اور اس طرح پر ہر شخص اپنی جگہ ابنائے جنس کا محتاج بھی ہی۔ اور محتاج الیہ بھی یہ معنے ہیں کُلُّکُمْ رَاعٍ وَّکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ

---

۱۵ میری اُمت کے علماء ایسے ہیں جیسے بنی اسرائیل کے انبیاء ۱۲ ۱۵ پُوری حدیث یُوں ہی عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ فَالْاِمَامُ الَّذِیْ عَلَی النَّاسِ رَاعٍ وَھُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَھُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ وَالْمَرْاَۃُ رَاعِیَۃٌ عَلٰی بَیْتِ زَوْجِھَا وَوَلَدِہٖ وَھِیَ مَسْئُوْلَۃٌ عَنْھُمْ وَعَبْدُ الرَّجُلِ رَاعٍ عَلٰی مَالِ سَیِّدِہٖ وَھُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْہُ اَلَا فَکُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ (ترجمہ یعنی حضرت عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (لوگو) سنو تم سب نگہبان ہو اور تم سب سے اپنی رعیت (یعنی متعلقین) کی بابت (قیامت کے روز) پُوچھا جائے گا تو حاکم جو لوگوں کی اصلاحِ حال کے لیے قائم کیا گیا ہی رعیت کا نگہبان ہی اور وہ اپنی رعایا کے احوال سے پُوچھا جائے گا۔ مرد اپنے اہل خانہ کا نگہبان ہی اور وہ اپنی رعیت (یعنی اہل خانہ کی) بابت پُوچھا جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر اور اُس کے بچّوں کی محافظ ہی اور اُس سے اُن کی بابت سوال ہوگا۔ آدمی کا غلام اپنے مالک کے مال کا نگراں ہی۔ اور اُس سے اُس کی بابت دریافت کیا جائے گا سنو تم سب کے سب راعی ہو اور سب اپنی رعایا کی بابت سوال کیے جاؤ گے ۱۲ +

عَنْ رَّعِیَّتِہٖ کے اور اسی سے ثابت ہو کہ ہر شخص کچھ اختیار رکھتا ہو۔ اور اختیار کے ساتھ اُس کی کچھ ذمہ داری بھی ہو۔ ہر ایک خانہ دار بجائے خود راعی ہو۔ اور گھر کے لوگ جورو بچے نوکر چاکر رعیت۔ اُستاد راعی ہو شاگرد رعیت۔ طبیب راعی ہو بیمار رعیت امام راعی ہو۔ مقتدی رعیت۔ حاکم راعی ہو محکوم رعیت۔ اِسی طرح مولوی راعی ہیں۔ اور متفقد رعیت۔ مولویوں کو منصب رعایت

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ (اٰل عمران ع ۱۱۔)

اور (لوگو!) تم میں ایک ایسا گروہ بھی ہونا چاہیے جو (لوگوں کو) نیک کاموں کی طرف بُلائیں اور اچھے کام (کرنے) کو کہیں اور بُرے کاموں سے منع کریں۔

کی رُو سے ملا ہو۔ اور یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ میں ان کی ذمہ داری اور خدمت بتادی گئی ہو۔ مولویوں نے مولویت کے پیشے کو اختیار کر کے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی ذمہ داری اپنے اُوپر لی۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کہنے کو تو دو لفظ ہیں مگر ان کے معنے اِس قدر وسیع ہیں۔ جن کا خلاصہ ہو فلاحِ دارین۔ اپنی ذاتی جواب دہی کیا کم تھی۔ کہ مولویوں نے دوسروں کا ذمہ لیا۔

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۙ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ (الاحزاب ع ۹)

ہم نے ذمہ داری کو (جو انسان پر ہو) آسمانوں (پر) اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا (اور یہ بوجھ اُن پر لادنا چاہا) تو اُنھوں نے بزبانِ حال اُس کے اُٹھانے سے انکار کیا اور اُس سے ڈر گئے اور آدمی نے (گویا ارادۂ بے تامل) اُس کو اُٹھا لیا (اِس میں شک نہیں کہ وہ (اپنے حق میں) بڑا ہی ظالم (تھا اور ظالم ہونے کے علاوہ) بڑا ہی نادان (بھی) تھا (اور اُٹھایا تو اُس کا ضروری انجام یہ ہوا ہی تھا) کہ اللہ منافق مَردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مَردوں اور مشرک عورتوں کو (اُن کے کیے کی) سزا دے اور مُسلمان مَردوں اور مُسلمان عورتوں پر (اپنی) مہر کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہو۔ ف

ف اِس آیت میں نہایت عمدہ تمثیل کے طور پر انسان کو اُس کے فرائضِ انسانی کی طرف متوجہ کیا گیا ہو۔ مخلوقات میں انسان کی ایک خاص حالت ہو کہ اُس کو عقل دی گئی ہو اور اُس کی طبیعت میں مختلف تقاضے ہیں۔ وہ دنیا میں کبھی لاذمہ زندگی بسر نہیں کر سکتا۔ ناچار اُس کو اپنے ابنائے جنس میں رہنا پڑتا ہو اور وہ بھی اُسی کی سی طبیعتیں رکھتے ہیں اور خواہی نخواہی لوگوں کے اغراض میں کشمکش واقع ہوتی ہو جس کثرت سے انسان کے تعلقات ہیں اُسی کثرت سے اُس کی ذمہ داریاں بھی ہیں۔ اُس پر حقوق ہیں خدا کے۔ والدین کے۔ بیٹے دار وں کے۔ اولاد کے۔ میاں بی بی کے۔ ہمسایے کے۔ قوم کے۔ حاکمِ وقت کے۔ اہلِ معاملہ کے۔ اگر ان تمام حقوق پر نظر کی جائے۔ تو واقع میں انسان بڑے سخت شکنجے میں کسا ہوا ہو۔ اور چونکہ اُس کو عقل دی گئی ہو اور وہ اپنے دل میں سمجھتا ہو کہ اُس کو ہر ایک حق دار کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیے۔ اور اُس کو نیکی اور بدی دونوں کے کرنے کی قدرت ہو اِس وجہ سے کہا جا سکتا ہو کہ انسان نے یہ حالت اپنی خوشی سے اختیار کی ہو انسان کے سوا جتنی مخلوقات ہو اُن کی وہ دوسری حالت ہو۔ اُن کی طبیعتوں میں مختلف تقاضے نہیں اور وہ ذمہ دار نہیں اور اسی وجہ سے اُن پر کسی طرح کی ذمہ داری نہیں اور اسی اعتبار سے انسان کے مقابلے

(س) کیا آپ کا یہ مطلب ہے کہ مولوی ذمہ داری کے ڈر سے اپنا کام چھوڑ بیٹھیں اور آگے کو کوئی اس کام کو ہاتھ نہ لگائے اور نماز و روزے کا چرچا اوّل تو وہ چرچا ہی کیا ہے۔ مگر خیر جو کچھ بھی ہے دُنیا کے پردے پر سے اُٹھ جائے۔

(م) میرا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ مولوی اپنا کام چھوڑ رہے ہیں۔ اُس کو چھوڑ دیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ جو چھوڑ رکھا ہے اور وہ اس کام سے جو کر رہے ہیں میرے نزدیک زیادہ ضروری ہے اُس کو خصوصاً تلافیِ مافات کے لحاظ سے مقدم سمجھیں۔

(س) نماز روزے سے بڑھ کر کوئی اور چیز بھی ضروری ہوگی ؟

روزِ محشر کہ جاں گداز بود اولیں پرسشِ نماز بود

اور معلوم ہے کہ مولوی لوگ اسی کی تعلیم و تلقین کرتے رہتے ہیں۔

(م) تم نے ابھی تک دین و مذہب کی غرض و غایت ہی کو نہیں سمجھا۔ اور مجبوری مجھکو کہنا پڑتا ہے کہ یہی غلطی اپنی جگہ بلا استثناءِ احدے ہر ایک مذہب والا کر رہا ہے اور دنیا کے تمام فسادات تمام رگڑے جھگڑے متفرع ہیں اسی غلطی پر۔

(س) وہ غرض و غایت ارشاد ہو۔

(م) میں نے تو یوں سمجھا ہے کہ مذہب نے دنیا میں امن و عافیت کے قائم کرنے کے لیے رواج پایا ہے۔ دستورِ سلطنت بھی امن و عافیت کے قائم کرنے کی ایک تدبیر تھی مگر تجربے سے وہ ناکافی ثابت ہوئی اور فی الواقع اُس تدبیر میں ایک ایسا نقص ہے جس کی وجہ سے اُس کی کامیابی کی طرف سے پورا اطمینان نہیں ہو سکتا۔ اس لیے زمامِ حکومت آدمی کے ہاتھ میں ہوتی ہے اور یہی حضرت تو خود بانیِ فساد ہیں پس ضرور ہوا کہ حکومت کسی ایسے کے ہاتھ میں ہو جو بشر کی خصائلِ بد سے کہ وہی فساد کی جڑ ہیں پاک اور منزہ ہو اور وہ نہیں ہے مگر خدا۔ اصلی حکومت تو فی الحقیقت خدا ہی کے ہاتھ میں تھی یہ نہیں ہے کہ بنی آدم نے اتفاق کر کے اُس کو حاکم بنایا ہو جیسا کہ دنیا کے بادشاہوں کو بناتے ہیں۔ مذہب نے یہ کیا کہ خدا کی حکومت کو جس سے لوگ غافل اور بے خبر تھے نمودار کیا۔ اور اسی سے ہم نے معرفتِ الٰہی کو مذہب کی جڑ بنیاد قرار دیا ہے۔ پس میرے خیال میں مذہب ایک درخت ہے اور دنیا میں امن و عافیت کا قائم کرنا اُس کا ثمر۔ اب تم ہی سمجھ لو کہ درخت مقصود بالذات ہوتا ہے یا ثمر۔

(س) اچھا پھر مولویوں نے اس کے خلاف کیا کیا؟

(م) اگر تم نے درخت اور ثمر کی مثال کو تسلیم کر لیا ہے۔ تو اب تم میری رائے سے ضرور اتفاق کرو گے۔ مگر اسی کے شمول میں ایک بات اور بھی سمجھنے کی ہے کہ مذہب تو ایک مجموعۂ مسائل کا نام ہے۔ پس مذہب کو میں دو طرح پر تقسیم کرتا ہوں۔ ایک تقسیم تو یہ ہے کہ مذہب میں تین قسم کے مسائل ہیں معتقدات۔ عبادات۔ معاملات۔ دوسری تقسیم اس سے بھی مختصر ہے۔ کہ مذہب میں صرف دو قسم کی باتیں ہیں حقوق اللہ اور حقوق العباد۔ دو طرح کی تقسیم سے اصل مطلب میں کسی طرح کا فرق نہیں آتا۔ پس درخت اور ثمر کی مثال کی رُو سے معتقدات اور عبادات یا حقوق اللہ کو درخت سمجھنا چاہیئے اور معاملات یا حقوق العباد کو ثمر۔ اب مولویوں نے اُلٹا کر دیا۔ کہ درخت کو ثمر بنا دیا۔ اور ثمر کو درخت کیونکہ ان کی تعلیم و تلقین کا سارا زور معتقدات اور عبادات یعنی حقوق اللہ پر ہے۔ اور ثمر یعنی معاملات اور حقوق العباد سے ان کو کچھ بحث نہیں۔ گویا مذہب ایک درخت بے ثمر ہے۔ بس مولویوں سے مجھکو اتنی ہی شکایت ہے۔ اور نہ صرف اپنے مولویوں سے بلکہ ہندوؤں کے برہمنوں اور پنڈتوں سے

عیسائیوں کے پادریوں سے۔ یہود کے احبار اور ربیوں سے جہاں دیکھو خدا کی روئی تو ایسی دھنکی جارہی ہو کہ خدا ہی پناہ دے اور معاملات یا حقوق العباد کا نام نہ تو تعلیم کتابی میں ہو اور نہ تعلیم سینہ بسینہ یعنی موعظ میں مگر برائے نام عوام نے کہ وہی مسلمانوں میں عنصر غالب ہیں۔ اور مذہب کی بات بات میں مولویوں کا مونہہ تکا کرتے ہیں دیکھا کہ مولوی معاملات یا حقوق العباد کا تذکرہ تک نہیں کرتے تانت باجی راگ پایا۔ سمجھ لیا کہ معاملات یا حقوق العباد سے مذہب کو کچھ تعلق نہیں ہوتا تو رفع یدین اور آمین بالجہر اور قرأۃ الفاتحہ خلف الامام اور اطباق السوق عند القیام اور وضع الیدین فی الصلوۃ علی الصدر اور دو والتین اور نو والتین اور اسی طرح کی سیکڑوں باتوں کو مولوی ایسا مہتم بالشان سمجھتے ہیں کہ نماز جمعہ کے بعد سے جو وعظ فرمانا شروع کرتے ہیں تو ان ہی باتوں کی دھن میں عصر کا وقت تنگ ہو جاتا ہے۔ اور وعظ پر قناعت نہ کرکے رسائل اٹھا دوڑتا و کتاب کی تصنیف میں درس تک بند اگر معاملات یا حقوق العباد سے مذہب کو کچھ بھی تعلق ہوتا تو مولوی کبھی نہ کبھی بھول کر تو ان باتوں کا تذکرہ کرتے پر کرتے۔ مولویوں کی اس بے توجہی کا لازمی نتیجہ یہ ہوا اور ہونا ہی تھا کہ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُم بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ

(س) آپ مولویوں کی طرف سے ناحق اس قدر بدگمان ہیں۔ کیا حدیث و فقہ مولویوں کے درس میں نہیں۔ اور کیا حدیث و فقہ میں معاملات نہیں؟

(م) حدیث و فقہ میں معاملات بھی ہیں تو اُن وقتوں کی حالت کے مطابق ہیں۔ جب اسلامی سلطنت تھی اور اُن ہی وقتوں میں حدیث بھی مدون ہوئی تھی اور فقہ بھی۔ مگر اب ہمارے ہندوستان کی کیا حالت ہے ؎

زمیں بدلی بدلا ہوا آسماں ہے ۔۔۔ زمانے کی اگلی سی حالت کہاں ہے

اب معاملات حکماً انگریزی قانون کی رُو سے فیصلہ ہوتے ہیں۔ نکاح طلاق۔ شفعہ۔ گنتی کی چند باتیں ہیں۔ جن میں کہنے کو شرع محمدی پر عمل کیا جاتا ہے اور مولوی ہیں کہ وہی اپنی قدوری لیے بیٹھے ہیں۔

(س) مولوی بیچارے اس میں کیا کریں۔

(م) مولوی اگر کرنا چاہیں تو اس حالت میں بھی بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ مگر انھوں نے کیا نہیں۔ کرتے نہیں اور کریں گے بھی نہیں اس لیے کہ لوگوں کے معاملات کی اصلاح کو وہ اپنا فرض منصبی ہی نہیں سمجھتے۔

(س) آخر معلوم تو ہو کہ مولوی کیا کر سکتے ہیں اور اُن کو کیا کرنا چاہیے۔

(م) میری صلاح مانیں تو مولوی پہلے اپنے نفس کا احتساب کریں اور سمجھیں کہ وہ بھی بشر ہیں اور عشرہ مبشرہ میں نہیں ہیں

(س) عشرہ مبشرہ کیا؟

(م) عشرہ مبشرہ سے وہ دس جلیل القدر صحابی مراد ہیں جنکو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بحکم خدا اُن کے جیتے جی جنتی ہونے کی خوش خبری سنا دی تھی وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ بحکم خدا کی قید ہم نے وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوٰى۔ اور مَا

ع امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنی ۱۲ ع جماعت میں کھڑے ہو کر اپنی پنڈلی کو دوسرے شخص کی پنڈلی سے ملانا ۱۲

ع نماز میں سینے پر ہاتھ باندھنا ۱۲ ع اس کا ترجمہ اوپر گزر چکا ۱۲

آدریٰ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْ سے لگائی۔ پیغمبر صاحب از خود کسی کو جنتی یا دوزخی ہونے کا حکم دے نہیں سکتے تھے۔ کہ اس کا فیصلہ خدا نے خاص اپنے اختیار میں رکھا ہے جس کا ظہور روزِ حشر کو ہوگا۔ مگر قریب قریب تمام ذخیرۂ عرب پیغمبر صاحب کی زندگی میں اسلام لے آیا تھا اور صحاب کا شمار لاکھ سے متجاوز ہو چلا تھا۔ تو دس کی تعیین سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ اصحاب کے جمِ غفیر میں صرف یہی دس بزرگ جنت کی خوش خبری کے لیے خاص کیے گئے تھے۔ ذکور و اناث میں کتنے صحابی اور صحابیات ہیں جو عام یا خاص طور پر جنت کی بشارت سے مشرف ہوئے۔ پھر ان دس کا خصوصیت کے ساتھ مُبَشَّر بالجنۃ ہونا اس سے مشہور ہوا کہ ان کو جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک جلسے میں نام بنام بشارت دی اور یہ بھی ہے کہ اسلامی خدمات کے اعتبار سے بھی ان بزرگوں کو گروہِ اصحاب میں امتیازِ خاص حاصل ہے۔

لہ مثلاً عموماً شہدا کے حق میں پیغمبر صاحب نے فرمایا اَرْوَاحُھُمْ فِیْ جَوْفِ طَیْرٍ خُضْرٍ تَرِدُ اَنْھَارَ الْجَنَّۃِ تَاْکُلُ مِنْ ثِمَارِھَا وَتَاْوِیْ اِلٰی قَنَادِیْلَ مِنْ ذَھَبٍ مُّعَلَّقَۃٍ فِیْ ظِلِّ الْعَرْشِ۔ یعنی شہیدوں کی روحیں سبز ہر پرندوں کے پوٹوں میں رہتی ہیں جو جنت کی نہروں پر آمد و رفت رکھتے اور جنت کا پھل چرتے چگتے ہیں۔ اور پھر سونے کی قندیلوں میں جو عرش کے سایے میں لٹک رہی ہیں بسیرا لیتے ہیں اور امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے بارے میں ارشاد فرمایا اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ سَیِّدَا شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ یعنی حسن و حسین جوانانِ اہلِ جنت کے سردار ہیں۔ اور جعفر طیار کے حق میں بشارت دی کہ رَاَیْتُ جَعْفَرًا یَطِیْرُ فِی الْجَنَّۃِ مَعَ الْمَلَائِکَۃِ یعنی میں نے جعفر کو دیکھا کہ جنت میں فرشتوں کے ساتھ اڑتے پھرتے ہیں۔ حضرت فاطمۃ الزہراء کے حق میں فرمایا.... فَاطِمَۃُ سَیِّدَۃُ نِسَاءِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ یعنی فاطمہ جنتی عورتوں کی سردار ہیں۔ پھر فاطمۃ الزہرا کی والدہ جناب اُمّ المؤمنین خدیجہ کے بارے میں فرمایا کہ انھیں جنت میں ایک موتی کے محل میں جگہ ملے گی ۱۲ سہ جیسا کہ ترمذی میں عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ فِی الْجَنَّۃِ وَعُمَرُ فِی الْجَنَّۃِ وَعُثْمَانُ فِی الْجَنَّۃِ وَعَلِیٌّ فِی الْجَنَّۃِ وَطَلْحَۃُ فِی الْجَنَّۃِ وَالزُّبَیْرُ فِی الْجَنَّۃِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِی الْجَنَّۃِ وَسَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ فِی الْجَنَّۃِ وَسَعِیْدُ بْنُ زَیْدٍ فِی الْجَنَّۃِ وَاَبُوْعُبَیْدَۃَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِی الْجَنَّۃِ یعنی جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر جنت میں ہیں اور عمر جنت میں ہیں اور عثمان جنت میں ہیں اور علی جنت میں ہیں اور طلحہ جنت میں ہیں اور زبیر جنت میں ہیں اور عبدالرحمٰن بن عوف جنت میں ہیں اور سعد بن ابی وقاص جنت میں ہیں اور سعید بن زید جنت میں ہیں اور ابوعبیدہ بن الجراح جنت میں ہیں۔ بخاری اور مسلم کی ایک حدیث میں بھی اسی طرح آیا ہے مگر اس میں ذرا اختصار ہے چنانچہ حضرت ابوموسےٰ اشعری کہتے ہیں کُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ حَائِطٍ مِّنْ حِیْطَانِ الْمَدِیْنَۃِ فَجَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِفْتَحْ لَہٗ وَبَشِّرْہُ بِالْجَنَّۃِ فَفَتَحْتُ لَہٗ فَاِذَا اَبُوْبَکْرٍ فَبَشَّرْتُہٗ بِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰہَ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِفْتَحْ لَہٗ وَبَشِّرْہُ بِالْجَنَّۃِ فَفَتَحْتُ لَہٗ فَاِذَا ھُوَ عُمَرُ فَاَخْبَرْتُہٗ بِمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰہَ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ فَقَالَ لِیْ اِفْتَحْ لَہٗ وَبَشِّرْہُ بِالْجَنَّۃِ عَلٰی بَلْوٰی تُصِیْبُہٗ فَفَتَحْتُ لَہٗ فَاِذَا ھُوَ عُثْمَانُ فَاَخْبَرْتُہٗ بِمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰہَ ثُمَّ قَالَ اللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ یعنی میں مدینے کے ایک باغ میں جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا اتنے میں ایک شخص آکر باغ کا دروازہ کھلوانے لگا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ دروازہ کھول دو اور اس آنے والے کو جنت کی خوش خبری سنا دو۔ میں نے دروازہ کھولا تو وہ ابوبکر تھے پس میں نے جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی انھیں خبر دی

۱۳۸ (س) عشرہ مبشرہ کے نام ارشاد ہوں۔

۱۳۹ (م) اجی وہی نام ہیں جو جمعوں کے خطبوں میں لیے جاتے ہیں مگر صرف ناموں کے گنوا دینے سے کوئی فائدہ نہیں۔ لوگ زید عمرو بکر کی طرح ناموں کو سنتے اور کچھ نصیحت نہیں پکڑتے۔ میں نام گنواؤں تو ناموں کے ساتھ اُن کی خدمات بھی مفصّل نہیں تو مختصر طور پر بیان کروں جن کے صلے میں اُن کو جنات النعیم کا انعام ملا تاکہ ہم ان وقتوں کے مسلمان اپنے اسلام کو اُن کے اسلام سے مقابلہ کرکے دیکھیں اور غیرت ہو تو چلّو پانی لے کر ڈوب مریں کہ ایک مسلمان وہ تھے جنھوں نے اسلام کی خاطر مال تو مال جانِ عزیز تک خرچ کرنے میں دریغ نہیں کیا۔ اور ایک نام کے مسلمان ہم ہیں ۶ بدنام کنندۂ نکونامے چند ۔ کہ اُن مسلمانوں کی چھینٹ تک بھی تو ہم پر نہیں پڑی ۶ عار دارد کفر از اسلام ما۔

۱۴۰ (س) اچھا پھر آپ عشرۂ مبشرہ کے نام بھی گنوا دیجئے اور اُن کی اسلامی خدمات بھی بیان کیجئے۔

۱۴۱ (م) میں تمھاری فرمایش کے بدون ضرور ایسا کرتا۔ اور ان کے حالات تو کتنے ہی مختصر کیوں نہ ہوں۔ میرے اِس رسالے کی جان ہیں۔ میں نے پیغمبر صاحب کے دلائلِ نبوۃ میں اُن کی تعلیم کو سب سے قوی دلیل ٹھیرایا۔ وہ تعلیم قرآن اور کتبِ احادیث میں لکھی ہوئی موجود ہے یعنی قرآن و حدیث اسلام کا کورس یعنی نصاب ہے۔ اور تاریخ و سیر نتیجۂ تعلیم۔ تعلیم کا مفید یا نامفید ہونا موقوف ہے نتیجے کے اچھّے یا بُرے ہونے پر۔ ہندوستان کے سرکاری سررشتۂ تعلیم کے نصاب کو سب اچھا ہی اچھا کہتے ہے اَب بنگالیوں کی غور ش نے ثابت کر دکھایا کہ اِس تعلیم کا نتیجہ ہے **قطعہ**

یا وفا خود نبود در عالم ۔۔۔ یا مگر کس درین زمانہ نکرد
کس نیاموخت علم تیر از من ۔۔۔ کہ مرا عاقبت نشانہ نکرد

جس ہنڈیا میں کھائیں اُسی میں چھید کریں۔ جس درخت پر پھل کھانے کو چڑھیں اُسی کی جڑ کاٹیں نہ چین سے بیٹھیں نہ چین سے بیٹھنے دیں۔ کوّوں کا رہنا اور محلوں کے خواب ۵

شَیْئَانِ عَیْبَانِ هُمَا اَبْرَدُ مِنْ ثَلْجٍ ۔۔۔ شَیْخٌ یُّنَصِّبُنِیْ وَ صَبِیٌّ یُّنَشِّئُنِیْ

ایک تعلیم تو یہ ہو جس کے نتیجے آنکھوں سے دیکھے اور ایک تعلیم جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی تھی۔ کہ جو اُس پر کاربند ہوئے ہر برتری ہر فضیلت میں اقوامِ روزگار پر سبقت لے گئے اور تاریخ اور سیر اس کی شاہد۔ اور وہ تعلیم عام ہی جس کا جی چاہے اَب اُس پر کاربند ہو کر دیکھ لے۔ اور آزما لے۔

۱۴۲ (س) بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہم مسلمانوں ہی کو اپنے بزرگوں کے حالات معلوم نہیں۔

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۰۳) اور اُنھوں نے اِس پر خدا کا شکر کیا۔ پھر ایک اَور شخص نے آکر دروازہ کھلوانا چاہا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دروازہ کھول دو اور اِس کو بھی جنت کی خوش خبری سُنا دو۔ میں نے دروازہ کھولا تو وہ عمر تھے پس میں نے اُن کو بھی جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کی خبر دی اور اُنھوں نے بھی اِس پر خدا کا شکر کیا اِتنے میں ایک اَور شخص نے آکر دروازہ کھلوانا چاہا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ دروازہ کھول دو اور اُس کو ایک ایسی بلا کے صبر کرنے پر جنت کی خوشخبری سُنا دو جو اُسے پہنچے گی میں نے دروازہ کھولا تو وہ عثمان تھے پس میں نے اُن کو جناب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے مطلع کیا اُنھوں نے خدا کا شکر کرکے کہا میں اُس بلا کی تلخی پر صبر کرنے کی خدا سے مدد مانگتا ہوں ۱۲

---

۵ دو عجیب چیزیں ہیں جو برف سے بھی زیادہ ٹھنڈی ہیں بوڑھے کا جوان ہونا اور بچے کا بڑھا ہونا ۱۲

(ف۱۴۱) اِسی سے تو خستہ و خراب اور ذلیل و خوار ہیں۔ جن پر سیکڑوں برس حکومتیں کیں۔ اَب اُن کے نکتوڑے اُٹھانے پڑتے ہیں

عزت نہیں ہنر نہیں چلنے کا نہیں دنیا میں اَب تو جینے کا مطلق مزا نہیں

(س۱۴۲) بات بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اور میں عشرۂ مبشرہ کے حالات سننے کے لیے بے تاب ہوں۔

(ف۱۴۳) تم سُننے کے لیے بے تاب ہو اور میں کہنے کے لیے تم سے زیادہ بے تاب ہوں۔ مگر جو بات میں کہہ رہا تھا وہ بھی کچھ ضروری نہیں۔ میں اُس کو بھی ادھوری نہیں چھوڑ سکتا۔ اور عشرۂ مبشرہ کے حالات کتنے ہی مختصر کیوں نہ ہوں ایسے بسیط ہیں کہ گفتگو کے سلسلے میں اُن کا سمانا مشکل۔ تو میں نے یوں خیال کیا ہے کہ گفتگو کو تو جس طرح چل رہی ہے چلنے دوں۔ اور عشرۂ مبشرہ کے حالات کو ضمیمے کے طور پر گفتگو کے آخر میں بڑھا دوں چنانچہ میں نے صفحہ ۱۱۱ سے اس ضمیمے کو شروع کر دیا ہے

(س۱۴۴) اچھا جیسی آپ کی مرضی

(ف۱۴۵) خیر تو آخر میں تم نے مجھ سے پوچھا تھا۔ آخر معلوم تو ہو کہ مولوی کیا کر سکتے ہیں اور اُن کو کیا کرنا چاہیئے" اور میں جواب میں "میری صلاح مانیں" مولوی پہلے اپنے نفس کا احتساب کریں اور سمجھیں کہ وہ بھی بشر ہیں اور عشرۂ مبشرہ میں نہیں ہیں"۔ یہاں تک کہہ چکا تھا کہ تم نے بیچ میں عشرۂ مبشرہ کا تذکرہ چھیڑ دیا۔ میں اُس جواب میں اتنا اور کہنے کو تھا کہ ایک چھوڑ دو دو ہری دُوہری ذمہ داریاں اُن کے سر پر ہیں۔ ایک اپنی ذاتی دوسرے متعلق منصب ہدایت جس کا بیڑا اُنھوں نے اُٹھایا ہے۔ میں تو نہیں سمجھتا کہ کوئی بندہ بشر سچے دل سے اپنے نفس کا احتساب کرے اور دوسروں کی عیب چینی کی اُس کو فرصت ملے۔ مولویوں کی اس عادت نے جو بَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا وَيَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا کے بالکل خلاف ہے بہت سے مسلمانوں کو مایوس اور شکستہ خاطر کر رکھا ہے۔ اور اسی لیے لوگ اِن سے اور وہ لوگوں سے متنفر ہیں۔ میرے نزدیک اس زمانے میں مولویوں کو زیادہ تر اس آیت کا وعظ کہنا چاہیئے

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (الزمر ۶۲)

(اے پیغمبر۔ لوگوں سے) کہدو کہ اے میرے بندو جنھوں نے (گناہ کر کے) اپنے اُوپر زیادتیاں کی ہیں اللہ کی رحمت سے ناامید نہ رہو کیونکہ اللہ تمام گناہوں کو معاف فرماتا ہے اور وہ بے شک (بڑا) بخشنے والا مہربان ہے۔

قطعہ

باز آ باز آ اے آنچہ ہستی باز آ گر فاسق و رندو شے پرستی باز آ
ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

پھر دیکھیں کہ کتنے دل اسلام کے گرویدہ ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کے ہادی اور راہ نما ہونے کی حیثیت سے مولویوں کا یہ بھی فرض ہے کہ دنیا سے اِس قدر بے تعلقی نہ رکھیں۔ اُن کو جہاں تک ہو سکے دُنیا کے حالات کی رتی رتی خبر رکھنی چاہیئے اور یہ امر اخبار اور رسائل کے ذریعے سے بآسانی ممکن ہے تاکہ مسلمانوں کو مناسب حالت مفید مشورہ دے سکیں۔

(۱۴) زہد

اور ایک ضروری بات یہ ہے کہ زہد کی نئی کو دھیا کریں۔ اُس نے مسلمانوں کو اِس شعر کا مصداق بنا دیا ہے ؎

ف (لوگوں کو) خوش خبری دو اور نفرت نہ دلاؤ (اُن کے ساتھ) آسانی برتو اور سختی نہ کرو ۱۲

بقدرِ ہمّت ہر کس کمال شوی ہنگر تفاوت را ۔ دو بیدن رفتن استادن نشستن فتن مُرن

میرا خیال یہ ہی کہ زہد کا خیال بھی ایک طرح کا فطری خیال ہی - زندگی کے مخمصوں سے قطع نظر
زندگی ہی یا کوئی طوفان ہی ۔ ہم تو اِس جینے کے ہاتھوں پچ چلے

آدی کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ط (الرحمٰن ع ۲) (ای بغیر از جنبی مخلوقات (رُوئے) زمین پر ہی سب فنا ہو جانے والی ہی -

کو لازمی طور پر واقع ہوتا ہوا دیکھتا ہی - اور یہ بھی دیکھتا ہی کہ موت سفر ہی جس سے بازگشت نہیں - مفارقت ہی جس کی انتہا نہیں بے تعلقی ہی جس میں لگاؤ نہیں - انقطاع ہی جس کا پیوند نہیں - اِس حالت کو دیکھ کر خواہی نخواہی آدمی کو دُنیا کی طرف سے افسُردگی پیدا ہوتی ہی - اسی کا نام ہی زُہد - پس زہد تقاضائے فطرت ہوا - پھر ایک طرف تو طبیعت زہد کی متقاضی ہی اور دوسری طرف زندگی بھی ہر ایک کو عزیز ہی -

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ط ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ (آل عمران ع ۲)

لوگوں (کی بناوٹ اِس طرح کی واقع ہوئی ہی کہ اُن) کو (دُنیا کی) مرغوب چیزوں یعنی (مثلاً) بی بیوں اور بیٹوں اور سونے چاندی کے بڑے بڑے ڈھیروں اور عمدہ عمدہ گھوڑوں اور مویشیوں اور کھیتی کے ساتھ دل بستگی بھلی معلوم ہوتی ہی (حالانکہ یہ تو) دنیا کی زندگی کے (چند روزہ) فائدے ہیں اور (ہمیشہ کا) اچھا ٹھکانا تو اُسی اللہ کے ہاں ہی -

مذہب کا کام ہی کہ متناقض تقاضوں میں آدمی کو اعتدال پر لے چلے کہ سانپ بھی مرے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے - یعنی آدمی دنیا میں باہمہ اور بے ہمہ زندگی کرے کہ نہ تو بالکل تارک الدنیا ہو جس سے ابطالِ حکمتِ الٰہی لازم آئے - اور اُس کو نباہ بھی نہ سکے

قطعہ
اِسے ذوق کرے گا کوئی دنیا کیا ترک ۔ دنیا ہی بُری بلا ارے کیسا ترک
ممکن نہیں ترک ہو کسی سے دُنیا ۔ جب تک نہ کرے آپ اُسے دنیا ترک

اور یہ بھی نہ ہو کہ ؎

کیا ہو ہلکا طالب الدنیا ہوس کے بوجھ سے ۔ رہ گیا یہ تو گدھا دُلدل میں پھنس کے بوجھ سے

اعتدال کا رستہ ہی

لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْإِسْلَامِ - (اسلام میں رہبانیت نہیں ہی)

وَرَهْبَانِيَّةً ن ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ

اور دنیا کا چھوڑ بیٹھنا جس کو اُنھوں نے از خود ایجاد کیا تھا ہم نے وہ (طریق) اُن پر فرض نہیں کیا تھا مگر ہاں اُنھوں نے اُس کو خدا ہی کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ایجاد کیا تھا لیکن جیسا اُس کو نباہنا چاہیئے تھا نہ نباہ سکے تو جو لوگ اُن میں سے

اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ (الحدید ع ۳)

ایمان لائے اُن کو ہم نے اُن کے اجر عنایت فرمائے اور اُن میں سے بہتیرے نافرمان ہیں۔

اِس وقت مسلمان۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ (منافقون ع ۱)

اور (اصلی) عزت اللہ کی اور اُس کے رسول کی اور مسلمانوں کی ہے

کے لحاظ سے بہ نسبت زہد کے وعظ کے۔ طلبِ دنیا کے وعظ کے زیادہ محتاج ہیں۔ دیکھو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین اور قرونِ اُولےٰ کے مسلمانوں کی زندگی کہ اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے اسلام جاہ وحشمتِ دنیا کا زیادہ محتاج تھا تو اُنھوں نے طلبِ دنیا میں کوئی کسر اُٹھا رکھی؟ اَب بھی مسلمانوں کو وہی کرنا چاہیئے بلکہ مع تقیٔ زائد

حیف است پس از حکم تحکم بردن خو کردہ بہ ناز جورِ مردم بردن

بڑی بات جو مولویوں کے کرنے کی ہے کہ کابرِ عن کابرٍ سالہا سال کی کتابی اور سینہ بسینہ تعلیم سے جو نفرت دنیا کی طرف سے عام مسلمانوں کے دلوں میں راسخ ہوگئی ہے۔

بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ (المطففین ع ۱)

بلکہ (بات یہ ہے کہ) اُن کے دلوں پر (ان کے) اعمالِ (بد) کے زنگ بیٹھ گئے ہیں۔

اور جس کی وجہ سے طلبِ دنیا میں کوتاہی اور کاہلی اور غفلت کر رہے ہیں اور یوماً فیوماً قعرِ مذلت میں گرتے چلے جا رہے ہیں اِن خیالات کو مسلمانوں کے دلوں سے دُور کیا جائے اور یہ کام مولوی ہی کر سکتے ہیں۔ اس لیے کہ اِن خیالات کے موجد اور مروج بھی وہی ہیں۔ دُنیا کے دو رُخ ہیں۔ ایک رُخ سے وہ حُور اور پری تمثال ہے اور دوسرے رُخ سے بھوتنی اور چڑیل

غافل مشو ز عشوۂ دنیا کہ ایں عجوز مکارہ می نشیند و محتالہ می رود

اور اسی لیے قرآن میں اور احادیث میں اس کے دونوں رُخ جیسے کے تیسے دکھائے گئے ہیں یعنی جہاں بہت سی حدیثیں اس کی ہجو کی ہیں۔ بہت سی اس کی مدح کی بھی ہیں۔ جن میں خدا ہم پر ساز و سامانِ دنیا کی منت رکھتا اور اپنا احسان جتاتا ہے اور ظاہر ہے کہ منت اُسی چیز کی رکھی جاتی ہے۔ احسان اُسی چیز کا جتایا جاتا ہے جو عمدہ اور پسندیدہ ہو۔ پس کیا مناسب ہے کہ ہم ہمیشہ ہمہ وقت دنیا کا بھونڈا رُخ پیشِ نظر رکھ کر اپنی زندگی تلخ کریں۔ اَجی وہ ہمارے چھوڑے چھوٹتی تو ہے نہیں تا بمرگ ہمارے سر پڑی ہے کبھی اس کی دلربایانہ اداؤں سے بھی جی خوش کر لینا چاہیئے۔

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَذٰلِكَ

اے پیغمبر اِن لوگوں سے) پوچھو کہ اللہ نے جو زینت (کے ساز و (سامان) اور کھانے (پینے) کی ستھری چیزیں اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہیں (اُن کو) کس نے حرام کیا ہے؟ (یہ تو اس کا کیا جواب دیں گے تم ہی اُن کو) سمجھا دو کہ جو لوگ دنیا کی زندگی میں ایمان لائے ہیں قیامت کے دن یہ (نعمتیں) خاص کر اُن ہی کو دی جائیں گی اسی طرح

نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ (الاعراف ع ۱۲)

ہم (اپنے) احکام اُن لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہیں ف۱

روزمرہ کی چیزوں میں ایک کیسی اچھی مثال سمجھ میں آئی ہے جس سے ہم طلب دنیا اور زہد دونوں کے جمع کرنے میں کافی ہدایت پا سکتے ہیں کہ دنیا کو ایک باغ سمجھو ہزار بھرا پھولا پھلا۔ ایسا کون کوڑ مغز ہوگا جس کو بہار کے موسم میں ایسے باغ کی سیر سے فرحت وانبساط خاطر نہ ہو ؎

گل جو چمن میں ہیں ہزار دیکھ ظفر ہے کیا بہار سب کا ہے رنگ الگ الگ سب کی ہے بو الگ الگ

بایں ہمہ وہ جو سیر باغ سے خوش ہوتا ہے اپنے دل میں خوب سمجھے ہوئے ہے کہ یہ تمام رونق برق عارضی اور چند روزہ ہے۔ خزاں آئی اور باغ مجعلہ غُثَآءً اَحْوٰی ہو کر رہ گیا ؎

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

پس جو معاملہ باغ کے ساتھ کرتے ہو وہی دُنیا اور مافیہا کے ساتھ کرو۔ لِکَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی مَا فَاتَکُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَا اٰتَاکُمْ۔

حقیقت میں میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جو لوگ دینداری کے مدعی ہیں کیوں دنیا اور دین کے تعلق کے سمجھنے میں ایسی مکروہ اور فاش غلطی کرتے ہیں۔ کہ گویا دنیا اور دین دو سوکنیں ہیں جن میں التیام ممکن نہیں ؎

دنیا خواہی و دیں ہمی طلبی این نازبکانہ پدر باید کرد

میرے نزدیک دنیا جوہر اور دین عرض یعنی دنیا کو شریعت کی پابندی کے ساتھ برتنے کا نام ہے دین ورنہ دین خود جداگانہ کوئی چیز نہیں۔ اگر مسلمانوں کی تمام اُدائیں اُن کی بربادی اور تباہی پڑی پکار رہی ہیں

یہ دُنیا میں رہنے کے لچھن نہیں ہیں اُٹھاؤ چلو تہ کرو اپنا بستر

مگر یہ غلطی جو وہ دنیا اور دین کے تعلق کے بارے میں کر رہے ہیں ماں کی جگہ ہے اور دوسری غلطیاں اُس کے انڈے بچے۔

(س) اپنا سارا ہی زہر اُگل ڈالیے۔ کیونکہ میں آپ کی تمام باتیں مولویوں کے گوش گزار کرنے والا ہوں۔ تاکہ معلوم ہو کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔

(م) گوش گزار کرنے سے تو میں منع نہیں کرتا۔ مگر مولویوں کا جواب معلوم ہے۔

(س) وہ کیا؟

(م) کَفَرَ وَارْتَدَّ۔ مولویوں کو اتنا ضبط کہاں۔

(س) خیر میں تو محفوظ ہوں۔ "نقل کفر کفر نہ باشد"۔ آپ کی نسبت جو کچھ فرمائیں گے میں اُس کو غیبت سمجھوں گا۔

ف۱ مطلب یہ ہے کہ دنیا و مافیہا سب کچھ آدمی کے لیے پیدا کیا گیا ہے کافر ہو یا مسلمان از قسم زینت و رزق طیبہ کوئی چیز کسی پر حرام نہیں ہے جو کچھ کہ جہاں میں ہے سب انسان کے لیے ہے۔ آراستہ یہ گھر رہی مہماں کے لیے ہے۔ البتہ آخرت میں یہ نعمتیں کافروں پر حرام ہوں گی یعنی کافر ان نعمتوں سے محروم رہیں گے تو جو مسلمان ہو کر زینت کی کسی چیز یا رزق طیب کو از خود اپنے اوپر حرام کرے وہ خدا کی منشا کے خلاف ہے ۱۲ ھ۔ کافر ہوا اور مرتد ہو گیا ۱۲ ھ۔ مسلمانوں کو کوئی چیز تو سے جاتی رہے تو اُس کا رنج نہ کریں اور کوئی نعمت خدا

لَا یَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا	اور (مسلمانو!) نہ تم میں سے ایک کو ایک پیٹھ پیچھے بُرا کہے بھلا
اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ	تم میں سے کوئی (اس بات کو) گوارا کرے گا کہ اپنے مرے ہوئے
یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْہِ مَیْتًا	بھائی کا گوشت کھائے یہ تو (یقیناً) تم کو گوارا نہیں تو غیبت کیوں
فَکَرِہْتُمُوْہُ (پ ۲۶ الحجرات ع ۲-۱۲)	گوارا ہو (کہ یہ بھی ایک قسم کا مُردار کھانا ہی) ف۱

آپ سب باتیں جن کی اصلاح آپ مولویوں سے چاہتے ہیں گنوا تو دیجئے۔

۱۴۶ (رھم) مسلمانوں کا حال تو یہ ہے کہ اُونٹ بے اُونٹ تیری کوئی بھی کَل سیدھی اِن کے سروں سے عقلِ سلامت اندیش زائل ہو گئی ہے جو راہ چلتے ہیں اُوندھی جو بات کرتے ہیں اُلٹی۔ تیں مدت سے اِن کی یہ حالت دیکھ رہا ہوں اور بظاہر اِن کی شکل و صورت میں کچھ تفاوت نہیں۔ دل و دماغ صحیح ہیں۔ سمجھ بوجھ بھی خاصی ہے۔ آخر بڑے غور کے بعد یہ بات معلوم ہوئی کہ اِن کے ذہنی خیالات فاسد ہیں۔ اور چونکہ اِن کی بات بات میں مذہب دخیل ہے۔ مذہبی خیالات کے فساد نے ساری خرابی کر رکھی ہے۔

(۱۵) دیگر مذاہب اور اُصولِ اسلام

۱۴۷ (رس) اسلام ایک طرف تو مذہب آسان ہونے کا دعوے کرتا ہے جیسا کہ آپ بادضاحت بیان کر چکے ہیں مَا جَعَلَ عَلَیْکُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ اور دوسری طرف اپنے معتقدوں کو ایسا تنگ پکڑا ہے کہ بات بات میں دخیل ہے دم مارنے کی جگہ نہیں۔

۱۴۸ (رھم) اسلام تو خدا نہ کرے ایسا کیوں سخت گیر ہونے لگا تھا۔ سخت گیر ہے۔ مذہب ہنود جس نے کھانے پینے کے لیے دم ناکوں میں کر رکھا ہے۔ سخت گیر ہے یہود کا مذہب کہ وہ اس بارے میں ہندوؤں سے بھی چند قدم آگے ہے۔ سخت گیر ہے عیسائیوں کا مذہب کہ وہ ایک کو تین اور تین کو ایک گھلونے کے درپے ہیں رہا اسلام وہ تو پکارے کہہ رہا ہے وَیَضَعُ عَنْھُمْ اِصْرَھُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِیْ کَانَتْ عَلَیْھِمْ اس پر بھی اگر مسلمان مذہب کے بدون ٹکڑا نہ دیں تو مسلمان جہاں اور بہتیری مذہبی غلطیاں کر رہے ہیں اِن ہی میں کی ایک غلطی یہ بھی ہے۔ اسلام کا اِس میں کیا قصور۔

۱۴۹ (رس) کیا اسلام کی مذہبی کتابوں میں معاملات کا بڑا حصہ نہیں ہے۔ پھر یہ بات بات میں دخل دینا نہیں تو کیا ہے۔

۱۵۰ (رھم) ع۔ بریں عقل و دانش بباید گریست ✦ مردِ خدا انسان ایک مخلوق ہے کثیر الاطلاق اِس کو تو تم بھی مانتے ہو کہ ایک امر ہے جزئی۔ اور کثیر الاطلاق کو کثیر المعاملات ہونا لازم۔ اسلام کو خدا نے کافۂ انام کا مذہب قرار دیا اَمن و عافیت قائم کرنے کے

ف۱ اِس آیت میں غیبت کو مُردہ بھائی کے گوشت کھانے سے تشبیہ دی ہے اور وجہِ تشبیہ یہ ہے اوّل بے خبری کہ جیسے مُردے کو اپنی بوٹیوں کے نوچے جانے کی خبر نہیں ہوتی اسی طرح اُس شخص کو جسے پیٹھ پیچھے بُرا کہا جاتا ہے غیبت کی خبر نہیں ہوتی۔ دوسرے جس طرح گوشت خوار مُردے کی بوٹیاں نوچ نوچ کر کھائیں اسی طرح غیبت کرنے والے نے اپنے بھائی کی عزت کا خون کر دیا یا یوں کہو کہ اُس کی عزت کا خون پی لیا۔ فارسی میں غیبت کو دُر پوستین مردم افتادن کہتے ہیں۔ یہ محاورہ اس تشبیہ سے بہت ہی ملتا ہوا ہے۔

ل یہ آیت ترجمہ سمیت اُوپر گزر چکی ۱۲ اس کا ترجمہ بھی اُوپر لکھ دیا گیا ۱۲ ✦

تو جن جن معاملات کو شارع اسلام نے دیکھا کہ ان میں کشمکش کے ہونے کا احتمال ہی۔ یعنی جہاں جہاں معاملات میں پانی مرتا ہی اُن کے بارے میں حکم فیصل صادر کر کے کشمکش کی رخنہ بندی کر دی۔ اور بہت سے معاملات کو اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْیَاکُمْ فرما کر آدمی کی رائے پر چھوڑ دیا کہ جو مناسب سمجھو کرو۔ کیا اسی کو تم نے سخت گیری سمجھا۔ اگر کوئی آدمی اس سے بچنا چاہتا ہے تو اُس کو چاہیئے کہ سرے سے معاملات ہی نہ کرے یعنی زہد اختیار کرے اور ترکِ دنیا کر کے راہبوں میں جا شامل ہو۔ مگر میں تم سے کہہ چکا ہوں کہ پورا راہب نہ کوئی ہوا ہی فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا اور نہ ہو سکتا ہی۔ اور ایک بات میں تم سے اور کہتا ہوں کہ جو مذہب معاملات میں دخل نہ لے میں اُس کو مذہب ہی نہیں سمجھتا اور اگر وہ مذہب ہی بھی تو ایسا مذہب ہی جس سے کوئی مفاد نہیں۔ جس مذہب نے دنیا ہی کی اصلاح نہ کی وہ ہُوا تو کیا۔ اور نہ ہُوا تو کیا۔ تثلیث اور کفارے کے علاوہ عیسائی مذہب کی ایک یہ بات بھی میرے ذہن میں کھٹکتی ہی کہ یہ لوگ اسی دقیانوسی موسوی شریعت کو لیے بیٹھے ہیں۔ اِن کے یہاں حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی بنائی ہوئی کوئی شریعۃ تو ہی نہیں۔ اُن حضرت نے صاف اعلان کر دیا تھا۔ کہ میں موسےٰ کی شریعت کو مٹانے نہیں آیا بلکہ اُس کو جمانے اور مستحکم کرنے کے لیے آیا ہوں۔ اور زمانے کا رنگ اِس قدر بدل گیا ہی کہ موسوی شریعت کو حالتِ موجودہ سے کچھ مناسبت باقی نہیں رہی۔ پس عیسوی مذہب بے شریعت کا مذہب ہی۔ اُس میں چند مُعَقَّدات کے سوائے اور مُعَقَّدات بھی وہ جن کے سمجھنے سے عقلِ انسان قاصر ہی۔ از قسمِ اَمرِ وہنی متعلقِ معاملات کچھ بھی نہیں۔ بے شک سچے پیغمبر جو سچے خدا کی طرف سے مبعوث ہوئے ہیں۔ اُن کی صداقت کی ایک شناخت یہ بھی ہی کہ متاخر متقدم کی تصدیق کرے کیونکہ اگلے پچھلے سب ایک ہی سرکار کے نوکر ہیں۔ اگر پیغمبروں میں تُو تُو مَیں مَیں ہونے لگے تو سب کا اعتبار اُٹھ جائے۔ یہی حال ہم حکامِ دنیا میں دیکھ رہے ہیں۔ کہ جو نیا حاکم آتا ہی وہ اَدبِ تعظیم سے اپنے سے پہلے کا ذکر کرتا ہی۔ عیسےٰ علیہ السلام نے اپنے سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کا یہ اَدب کیا کہ اُن کی شریعت کو چھُوا تک نہیں۔ ہمارے پیغمبر صاحب نے نئی شریعت بنائی جس کی دنیا کو بڑی سخت ضرورت تھی۔ مگر ساتھ ہی انبیائے متقدمین کی تصدیق بھی کی۔

نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ	(اے پیغمبر) اُسی خدا نے تم پر یہ کتاب برحق اُتاری جو اُن آسمانی کتابوں کی تصدیق کرتی ہی جو اِس سے پہلے (نازل ہو چکی) ہیں اور اُسی نے (اس سے) پہلے لوگوں کی ہدایت کے لیے تورات

لہ یہ ایک بڑی حدیث کا آخری ٹکڑا ہی جو کتبِ صحاح میں موجود ہی پوری حدیث کا خلاصہ یہ ہی کہ مدینے کے اکثر باشندے باغات کی پرورش کیا کرتے تھے کہ یہی اُن کی وجہِ معاش تھی باغات میں زیادہ تر کھجوروں کے درخت تھے اور یہ لوگ پھلوں کے کثیر ہونے کی غرض سے درختوں میں پیوند کا عمل بہت کیا کرتے تھے۔ یعنی نَر درخت کی شاخ کا مادہ درخت کی شاخ میں پیوند لگایا کرتے تھے اور اِس عمل سے درخت کثرت کے ساتھ پھل دیتے بھی تھے۔ پیغمبر صاحب مدینے تشریف لے گئے تو اُن کا یہ عمل دیکھ کر فرمایا کہ اگر ایسا نہ کرو تو بھی شاید درختوں میں اتنے ہی پھل لگیں لوگوں نے آپ کے ارشاد کی موافقت کی اور پیوند لگانے کا عمل چھوڑ دیا اتفاق سے اُس سال درختوں نے اُتنے پھل نہیں دیئے جتنے کہ وہ پہلے دیتے تھے لوگوں نے آپ سے شکایت کی اس پر آپ نے فرمایا کہ اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْيَاكُمْ یعنی دنیا کے اُمور میں میرے حکم کی متابعت بے شک ضروری ہی مگر دنیاوی اُمور میں ضروری نہیں کیونکہ دنیا کے اُمور سے تم خوب واقف ہو ۱۲ منہ

لہ اس کا ترجمہ بھی گزر چکا ہی وہاں دیکھو ۱۲

ضمیمہ نمبر (۱)

ائمہ اثنا عشر سے وہ بارہ جلیل القدر حضرات مُراد ہیں جو جناب پیغمبر صاحب اور آپ کے خلفا یعنی حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق اور عثمان ذوالنورین اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم کی وفات کے بعد امامت کے معزز لقب سے پکارے گئے باستثنا حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کہ ان ہی پر اُن کا سلسلۂ نسب آکر ٹھیرتا ہے۔ باقی سب امام جناب پیغمبر صاحب کی صاحبزادی سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی اولاد اور اولاد کی اولاد ہیں ذیل میں اُن کے اسامی مختصر حالاتِ زندگی درج ہوتے ہیں۔

(۱) ابو تُراب علی بن ابی طالب کرّم اللہ وجہہ — اِن کے حالاتِ زندگی قدرے تفصیل کے ساتھ ضمیمہ نمبر ۲ عشرۂ مبشرہ کے ذیل میں لکھے گئے ہیں وہاں دیکھو۔

(۲) ابو محمد امام حسنؑ بن علی المرتضیٰ — اُن کا نام حسن۔ کُنیت ابو محمد۔ لقب نقی اور سیّد۔ ہجرت کے تیسرے سال نصف رمضان کو مدینے میں بطنِ سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا سے پیدا ہوئے ساتویں روز اِن کے نانا جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن کا عقیقہ اور ختنہ کیا۔ اور اسی روز اِن کا نام حسن رکھا۔ اِن کا سراپا پیغمبر صاحب کے سراپا سے بہت ہی ملتا جلتا تھا یعنی سر سے سینے تک پیغمبر صاحب کے بالکل مشابہ تھے۔ اِس کی تائید اُس اثر سے خوب ہوتی ہے جسے طبرانی نے بسندِ صحیح روایت کیا ہے کہ ایک موقع پر امیر المؤمنین حضرت ابوبکر صدیق حسنؑ کو اپنے کندھے پر چڑھائے ہوئے فرماتے تھے کہ بخدا یہ پیغمبر صاحب کے بہت ہی مشابہ ہیں علی سے تو کچھ بھی نہیں ملتے۔ اور علی تھے کہ اسی موقع پر کھڑے مُسکرا رہے تھے۔ پیغمبر صاحب نے اِن کے اور اِن کے بھائی حسینؑ کے حق میں فرمایا کہ یہ دونوں جوانانِ بہشت کے سردار ہیں۔ امام حسن کی خلافت کے متعلق جو کچھ ہمیں لکھنا ہے ضمیمہ میں لکھیں گے وہاں دیکھنا چاہیئے۔ حضرت امام حسنؑ نے ۴۹ھ ہجری میں پچاس برس کی عمر کو پہنچکر مدینے میں وفات پائی اِن کے پیچھے گیارہ صاحبزادے اور ایک صاحبزادی کل بارہ اولادیں باقی رہیں۔ صاحبزادی کا نام اُمّ الحسنؑ تھا اور صاحبزادوں کے نام عبداللہ۔ قاسم۔ حسن۔ زید۔ عمرؓ۔ عبیداللہ۔ عبدالرحمن۔ احمد۔ اسمٰعیل۔ حسین۔ عقیل تھے۔ اِن میں اہل العقب یعنی جن سے آگے کونسل چلی ذیل کے صرف پانچ حضرات ہیں حسن۔ زید۔ حسین۔ عقیل۔ اُمّ الحسن۔

حسن جن کو مثنّیٰ بھی کہتے ہیں اپنے وقت کے تمام عُلما و فضلاء کے امام اور عباد و زُہّاد کے متفقہ تسلیم کیے جاتے تھے ۹۷ھ میں کچھ اُوپر پچاس برس کی عمر پاکر انتقال کر گئے اور اپنے پیچھے چھے صاحبزادے۔ محمد۔ عبداللہ۔ ابراہیم۔ حسن۔ جعفر۔ داؤد۔ اور پانچ صاحبزادیاں زینب۔ اُمّ کلثوم۔ فاطمہ۔ ملیکہ۔ اُمّ القاسم چھوڑیں۔ حسن مثنّیٰ کی اولاد ذکور میں **عبداللہ** اپنے سب بھائیوں میں ممتاز تھے جن کو **المحض** کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔ منصور عباسی نے جب ان کی شہرتِ مرجعیت کی عام خبریں سُنیں تو مدینے سے بُلا کر قید کر دیا۔ اور انھوں نے ۱۴۵ھ ہجری کو قید خانے ہی میں انتقال کیا۔ ان کے پانچ صاحبزادے تھے محمد النفس الزکیہ ابراہیم النفس الرضیہ یحییٰ النفس المرضیہ۔ ادریس۔ موسیٰ۔ محمد النفس الزکیہ اس وجہ سے کہ اپنے بھائیوں میں سب سے زیادہ قابل۔ سب سے زیادہ دانشمند۔ سب سے زیادہ خوش رُو تھے۔ اپنے والد **عبداللہ المحض** کو بہت عزیز تھے۔ جب عبداللہ المحض کا منصور عباسی کے محبس میں انتقال ہو گیا تو اہلِ حجاز نے محمد النفس الزکیہ سے بیعت کی اور ان کو اپنا امام اور خلیفہ تسلیم کر کے منصور عباسی پر خروج کیا۔

منصور عباسی نے یہ خبر سُن کر ایک لشکر جرّار مدینے کی طرف روانہ کیا۔ دونوں فوجیں صف آرا ہوئیں۔ اور کئی روز تک نہایت سختی کے ساتھ کُشت وخُون ہوتا رہا۔ آخر محمد النفس الزکیہ عباسیوں کے ہاتھ سے عین معرکے میں قتل کیے گئے اور بقیع میں مدفون ہوئے اِن کے بعد ان کے بھائی ابراہیم النفس الرضیہ نے علمِ امامت اُونچا کیا۔ عراقیوں کے ایک جمِ غفیر نے اِن سے بیعت کی اور دوبارہ منصورِ عباسی پر خروج کرنے کی غرض سے لشکر کی ترتیب دی۔ موضع باخمرا میں دونوں لشکروں کی مُٹھ بھیڑ ہوئی اور ایک عام خُونریزی کے بعد ابراہیم قتل کر دیئے گئے۔ پھر آگے چل کر ہارون الرشید کے زمانہ خلافت میں عبداللہ المحض کے تیسرے فرزند یحییٰ النفس المرضیہ نے امامت کا دعویٰ کیا اور تھوڑے ہی دنوں میں ہارون الرشید کے اشارے سے زہر دلا دل سے کر مار ڈالے گئے۔ اِن کے بعد ادریس نے مغرب میں امامت کا جھنڈا اُونچا کیا اور وہیں اُن کا انتقال ہوگیا۔ موسیٰ نے نہ تو خلافت میں کسی طرح کی نزاع کی۔ اور نہ مدعیِ امامت ہوئے اسی وجہ سے جب تک زندہ رہے تمام خرخشوں اور جھگڑوں سے محفوظ رہے اور خلفائے عباسیہ اور معاندینِ اہلِ بیت کی ریشہ دوانیوں سے بے خوف وطمئن زندگی بسر کی۔ حسنِ مثنّٰی کے دوسرے صاحبزادے جن کو حسنِ مثلّث کہتے تھے اپنے بھائی عبداللہ کے ساتھ منصورِ عباسی کے محبس میں مقید تھے۔ عبداللہ کے انتقال کے بعد منصور کی رائے ہوئی کہ حسنِ مثلّث سے عہد وپیمان لے کر چھوڑ دیا جائے مگر بعض حاسدانِ اہلِ بیت کے کہنے سُننے سے اُس کی رائے بدل گئی۔ اور حسنِ مثلّث نے قید ہی کی حالت میں وفات پائی۔ حسنِ مثلّث کے پیچھے اگرچہ ان کی کئی اولادیں باقی رہیں مگر سب میں زیادہ فاضل سب میں زیادہ متقدر سب میں زیادہ شجاع دو صاحبزادے علی اور عباس تھے پھر ان میں علی بڑی قدر ومنزلت کے آدمی تھے اور بلحاظِ عبادت وزہد اور ورع وتقوےٰ حسنیّین میں بالکل اُسی مرتبے کے تھے جیسے امام زین العابدین حسینیّین میں۔ علی کی بھی کئی اولادیں تھیں مگر سب میں زیادہ قابل اور ہوشیار حسین تھے جنھوں نے حجاز میں دعوۓ امامت کیا اہلِ حجاز اور عراقیوں نے اِن سے بیعت کی اور اپنا امام برحق تسلیم کیا۔ منصور کا پوتا مہدی کا بیٹا ہادی اُن دنوں کُرسیِ خلافت پر متمکن تھا۔ اس کو یہ خبر پہونچی تو ایک نہایت خونخوار فوج حجاز کو روانہ کی۔ علی عُمرہ کرنے کی غرض سے مکے گئے ہوئے تھے اور ابھی محرم ہی تھے کہ لشکرِ ہادی نے موضع فخ میں جو مکے اور تنعیم کے درمیان میں ہے ان کو قتل کر ڈالا۔ اِن کے ساتھ اہلِ بیت کی ایک جماعت بھی قتل کی گئی جن میں سُلیمان بن عبداللہ بن حسین اور عبداللہ بن حسین بن علی زین العابدین بھی موجود تھے حسنِ مثنّٰی کے تیسرے صاحبزادے ابراہیم ہیں جو اس وجہ سے کہ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بہت ہی ملتے جُلتے تھے **الشبیہ** کے ساتھ پکارے جاتے تھے ان کی بھی کئی اولادیں تھیں لیکن سب میں ممتاز اسمٰعیل تھے۔ نجدِ یمن میں اکثر امام اِن ہی کی اولاد میں تھے اور جیل اور دیلم میں بھی ان کی بہت سی اولاد بستی تھی۔

امام حسن بن علی المرتضیٰ کے دوسرے صاحبزادے جن سے آگے کو نسل چلی زید ہیں۔ یہ اور ان کے بھائی حسنِ مثنّٰی اور ان کے ابن عم زین العابدین اُس زمانے میں نہایت عزت ووقعت کی نگاہوں سے دیکھے جاتے اور مذہبی مقتدا تسلیم کیے جاتے تھے زید نے ۱۲۲ھ میں وفات پائی اور اپنے پیچھے اپنی کئی ہونہار اور جیتی جاگتی یادگاریں چھوڑیں جن میں سب سے زیادہ فاضل سب سے زیادہ بزرگ حسین تھے۔ اِن کی صاحبزادی نفیسہ مصر میں دلیّہ کے نام سے مشہور تھیں اور بلحاظِ علم وفضل خواتینِ مصر بلکہ عراق وشام میں بھی اِن کی کوئی نظیر نہ تھی۔ حسن بن زید کے انتقال کے بعد اِن کے صاحبزادے قاسم کو دینی ودنیاوی دونوں طرح کا عُروج

اور وجاہت اور وہ قدر و منزلت حاصل ہوئی کہ سادات حسنیہ کے پچھلے طبقے میں کسی کو میسّر نہیں ہوئی۔
تیسرے امام حسن بن علی المرتضیٰ کے باقی تین صاحبزادے اُن کے حالات باوجود تحقیقات کے کہیں نہیں ملے۔

ابوعبداللہ امام حسین بن علی المرتضیٰ

اُن کا نام حُسین۔ کُنیت ابوعبداللہ۔ لقب شہید۔ اور سیّد اور سیّد الشہداء ائمہ اثنا عشر میں ان کا تیسرا نمبر ہے۔ ہجرت کے چوتھے سال شعبان کی چوتھی تاریخ منگل کے روز مدینے میں پیدا ہوئے۔ حضرت حسن کی ولادت کے پچاس روز بعد اُن کا علوق بطنِ مادر میں پڑا۔ یعنی امام حسین اپنے بھائی امام حسن کی پیدائش کے پچاس روز بعد اپنی والدہ کے پیٹ میں آئے۔ پیغمبر صاحب نے ان کا بھی ساتویں روز عقیقہ اور ختنہ کیا اور اسی روز حُسین نام رکھا۔ یہ سینے سے پاؤں تک پیغمبر صاحب کے مشابہ تھے۔ پیغمبر صاحب اِن کے حق میں فرمایا کرتے تھے کہ حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے۔ خدا اُس شخص کو دوست رکھتا ہے جو حُسینؑ کو دوست رکھتا ہے اور اُس کو ذلیل و خوار کرتا ہے جو حُسینؑ سے عداوت رکھتا ہے۔ اُن کی دعوی خلافت اور شہادت کا مختصر تذکرہ ضمیمے میں لکھا گیا ہے وہاں دیکھو امام حسین رضی اللہ عنہ کے چھ صاحبزادے۔ علی اکبر۔ علی اصغر۔ عبداللہ۔ محمد۔ جعفر۔ حسن اور تین صاحبزادیاں تھیں۔ زینب۔ سکینہ۔ فاطمہ۔ علی اکبر اور عبداللہ تو اپنے والد امام حسین کے ساتھ موضع کربلا میں شہید ہوگئے۔ اور محمد اور جعفر اور حسن کم سنی ہی میں انتقال کر گئے صرف علی اصغر یعنی امام زین العابدین عمر طبعی کو پہنچے۔ اور ان ہی سے امام حسین رضی اللہ عنہ کی آگے نسل چلی۔

امام علی الاصغر زین العابدین بن حسین بن علی المرتضیٰ

یہ ائمہ اثنا عشر میں چوتھے امام ہیں۔ ان کا نام علی الاصغر کُنیت ابومحمد اور ابوبکر یا ابوالحسن لقب سجّاد۔ اور زین العابدین۔ ہجرت کے چھتیسویں یا اڑتیسویں سال مہینے میں پیدا ہوئے۔ اِن کی والدہ کا نام شہربانو تھا اور وہ صاحبزادی تھیں یزدجرد بادشاہ ایران کی۔ اِن کے زین العابدین کے ساتھ مقب ہونے کے متعلق اہل تاریخ نے ایک نہایت ہی عجیب اور دلچسپ حکایت نقل کی ہے کہ محترم امام ایک رات نماز تہجّد میں مصروف تھے شیطانِ لعین ایک نہایت خوفناک اژدہے کی صورت میں متشکل ہوکر ان کے سامنے آکھڑا ہوا تاکہ ان کو اس وقت کی نماز سے باز رکھے اور جب انھوں نے اُس کی طرف کچھ التفات نہیں کیا۔ اور حسبِ دستور خشوع و خضوع سے نماز پڑھے چلے گئے تو اُس نے اِن کے پاؤں میں کاٹ کھایا اور اس زور سے کاٹا کہ فاضل امام باوجود اُس محویّت اور استغراق کے جو آپ کو حالتِ نماز میں حاصل تھا بے چین ہوگئے۔ پاؤں حد سے زیادہ وَرم کر آیا اور زخم میں سے نیلا نیلا پانی بہنے لگا۔ اس حالت سے ظاہر ہوتا تھا کہ امام زین العابدین کو سخت تکلیف ہوئی ہوگی یہ سب سچ تھا لیکن فاضل امام اُسی طرح مصروفِ نماز تھے۔ جس طرح مصروف ہونا چاہیئے تھا اسی اثنا میں دفعۃً ایک طرف سے آواز آئی کہ یہ اصل میں اژدہا نہیں ہے۔ شیطان ہے اژدہے کی صورت میں۔ امام زین العابدین نے اُس کے ایک طمانچہ مارا اور لاحول پڑھی۔ اِس سے وہ اژدہا دُھواں بن کر ہوا میں اُڑ گیا۔ اور غیب سے آواز آئی کہ یا زَیْنَ العابدین اُسی روز سے آپ اِس لقب کے ساتھ مشہور ہوگئے یہ واقعہ کربلا میں اپنے والد بزرگوار کے ساتھ موجود تھے مگر علالت کی وجہ سے لشکرِ یزید کے مقابلے میں نہ آسکے اور اسی سبب سے آخر کار یزید نے ان کو رہا کر دیا۔

امام زین العابدین اپنے زمانے کے مشہور اولیا اور فضلا میں اول نمبر کے ممتاز فاضل تھے۔ اور زہد و عبادت اور ورع و تقوی میں اپنا نظیر نہیں رکھتے تھے اور اسی وجہ سے مرجع الخلائق بھی تھے۔ لوگ دور دور سے ریگستانِ عرب کی سخت اور دشوار گزار

سنتریں طے کر کے حاضر خدمت ہوتے اور ظاہر و باطن کے فیض سے مستفید و مستفیض ہوتے۔ عبدالملک بن مروان کو جب یہ معلوم ہوا تو اُس نے بایں خیال کہ مبادا امام زین العابدین خروج کر کے خلافت کے دعویدار ہوں۔ اِن کو بُلا کر قید کر دیا لیکن جب اُسے اچھی طرح تحقیق ہو گیا کہ یہ دعوی خلافت کرنے اور لڑنے بھڑنے کے لوگ نہیں ہیں تو قید سے رہائی دے دی اٹھارہویں محرم ۹۴ھ کو انتقال کیا کہتے ہیں معاندین اہل بیت کی سازش سے زہر دیا گیا۔ اِن کے انتقال کے بعد روئے زمین پر بجز اِن کی نسل کے اور کوئی حسینی نہ تھا اِن کی اولاد کا شمار دس کے قریب تک پہنچتا ہے۔ لیکن اُن میں پانچ صاحبزادے علم و فضل میں مشہور اور زہد و اتقا میں معروف ہیں۔ محمد الباقر ایک یہ عمر میں سب سے بڑے اور علم و فضل میں سب سے ممتاز تھے۔ زید دو۔ اِن کا لقب تھا صاحب المذہب اِن کے مناقب فضائل تواریخ میں بہت تفصیل کے ساتھ لکھے ہیں اور اِن کی اُن تصانیف مفیدہ کو بھی بعض مؤرخوں نے گنوایا ہے جو انھوں نے وقتاً فوقتاً حسب ضرورت تصنیف کی ہیں آخر میں انھوں نے خلافت کا دعوی کیا اور ۱۲۵ھ ہجری میں ہشام بن عبدالملک کے لشکر نے انھیں قتل کر ڈالا ان کی قبر خراسان میں ہے۔ اِن کے انتقال کے بعد اِن کے صاحبزادے یحیی دعویدار خلافت ہوئے اور انجام کار ہشام کے لشکر کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ اِن کی قبر بلاد عجم کے مشہور موضع **جورجان** میں اب تک موجود ہے۔ یحیی کے علاوہ زید بن علی کے چھ فرزند اور بھی تھے۔ عیسیٰ محمد حسن عبداللہ عمر حسین۔ مگر اِن میں سے کسی نے خلافت کا دعوے نہیں کیا۔ اور آگے کو اِن کی نسل بھی نہیں چلی۔ یہیں سے بنی اُمیہ کی دولت کا زوال اور بنو العباس کی خلافت کا آغاز ہوا۔ عباسیوں کا زمانہ اہل بیت کے حق میں بنو اُمیہ کے زمانے سے بھی زیادہ خطرناک تھا اس زمانے میں جو محنتیں اور تکلیفیں اہل بیت نے اُٹھائیں قابل ذکر نہیں۔

(۶) امام محمد الباقر بن علی زین العابدین

اِن کا نام محمد کنیت ابو جعفر۔ لقب باقر۔ یہ امام زین العابدین کے فرزند اکبر ہیں ۵۷ھ صفر کے مہینے میں جمعے کے روز مدینے میں پیدا ہوئے اِن کی والدہ کا نام فاطمہ تھا اور وہ صاحبزادی تھیں امام حسن بن علی المرتضیٰ کی۔ جابر بن عبداللہ پیغمبر صاحب کے مشہور صحابی جو اس وقت نابینا ہو گئے تھے موجود تھے۔ امام باقر نے اِن کا شہرہ سُنا تو ملاقات کی غرض سے حاضر ہوئے۔ جابر نے فرمایا صاحبزادے تم کون ہو۔ امام باقر نے کہا میں ہوں حسین کا پوتا۔ زین العابدین کا بیٹا باقر۔ حضرت جابر نے اِن کے ہاتھ کو بوسہ دیا اور کمال الفت و مہربانی سے اپنے پاس بٹھالیا۔ آن کا انتقال ساتویں ذیحجہ ۱۱۴ھ کو مدینے میں ہوا۔ ستاون برس کی عمر پائی۔ مدینے کے گورستان جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔ اِن کے کئی اولادیں تھیں لیکن علم و فضل کی شہرت صرف دو صاحبزادوں یعنی جعفر الصادق اور عبداللہ کو حاصل تھی۔ اوّل الذکر روایت و درایت اور حفظ میں انتہا درجے کا ملکہ رکھتے تھے اور عبداللہ حفاظ حدیث میں اوّل نمبر کے حافظ شمار کیے جاتے تھے۔

(۷) امام جعفر الصادق بن محمد الباقر

آن کا نام جعفر۔ کنیت ابو عبداللہ۔ لقب صادق ۸۰ھ میں ربیع الاول کی تیرھویں تاریخ روز دوشنبہ کو پیدا ہوئے۔ اِن کی والدہ کا نام اُمّ فروہ تھا اور وہ صاحبزادی تھیں قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق کی یہ اہل بیت کے موجودہ لوگوں میں نہایت بزرگ تسلیم کیے جاتے تھے اور ان کا تقدس و تعزز تمام اہل حجاز کے نزدیک مسلّم تھا۔ علماء سادات میں اول درجے کے عالم و فاضل شمار کیے جاتے اور جود و کرم میں اپنا نظیر نہیں رکھتے تھے خلیفہ منصور کو علویوں سے اتنی عداوت تو نہ تھی۔ جتنی اور خلفاء عباسیہ کو لیکن تاہم وہ اِن لوگوں سے بدظن ضرور تھا۔ اور اسی وجہ سے

وہ کبھی اُن کی طرف سے مُطمئن نہیں رہا۔ چنانچہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ اہلِ بیت کے کسی دشمن نے خلیفہ منصور سے امام جعفر صادق کی چُغلی جالگائی اور اُس نے اپنے مصاحب ربیع نام کو ان کے بُلانے کو بھیجا۔ جب یہ دربار میں پہنچے تو خلیفہ نے ایک نہایت طیش اور برہمی کے لہجے میں کہا جعفر! اگر میں تم کو قتل نہ کروں تو خدا مجھکو قتل کر ڈالے۔ جب سے میرے کان میں یہ لفظ پڑے ہیں کہ تم زمین میں ہر طرف فسادات برپا کرتے پھرتے اور چاہتے ہو کہ زمین کو مسلمانوں کی خونریزی سے آلودہ کرو۔ میں اپنی انگلیاں چباچبا لیتا ہوں۔ امام جعفر نے نہایت متانت اور سنجیدگی سے فرمایا کہ نہ میں نے زمین میں کسی طرح کا فساد پھیلایا یا پھیلانا چاہتا ہوں مسلمانوں کی خونریزی کا نہ کبھی مجھے خیال آیا نہ آسکتا ہے۔ جس شخص نے آپ کے دل میں یہ خیال ڈالا ہے۔ محض جھوٹا اور مفتری ہے خلیفہ یہ سُن کر بہت خوش ہوا اور امام جعفر کو اُن کا ہاتھ پکڑ کر اپنے تخت پر بٹھالیا۔ اور جس نے اِن کی چُغلی کھائی تھی بُلا کر قتل کرا دیا امام جعفر الصادق کبھی عراق میں رہتے تھے اور کبھی مدینے میں۔ عبداللہ المحض کے صاحبزادے محمد النفس الزکیہ نے جب عباسیوں پر خروج کیا ہے تو انھیں اپنے ساتھ چلنے اور عباسیوں سے لڑنے کی بڑی سختی کے ساتھ تحریک کی مگر انھوں نے اپنے بڑھاپے اور ضعف کی وجہ سے معذرت کر دی۔ اور اپنے دونوں صاحبزادوں عبداللہ اور موسیٰ کو اُن کے ساتھ کر دیا۔

امام جعفر الصادق نے رجب کی پندرھویں تاریخ روز جمعہ ۱۴۹ھ کو مدینے میں وفات پائی اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے امام جعفر کے تو فرزند تھے لیکن جن پر تاریخی روشنی پڑ چکی ہے پانچ ہیں۔ اسمٰعیل ایک۔ یہ اپنے والد سے بیشتر ہی انتقال کر گئے تھے اور فرقہ اسمٰعیلیہ اپنے تئیں اِن ہی کی طرف منسوب کرتا ہے۔ عبداللہ دو۔ محمد تین۔ موسیٰ چار۔ اسحٰق پانچ۔ یہ پانچوں حضرات اہلِ فضل و اہلِ روایت و درایت کے ساتھ شہرت رکھتے۔ اور علم و فضل کے امام مانے جاتے تھے۔ اِن میں سے صرف محمد نے خلافت کا دعویٰ کیا اور حجاز میں اِن کے لیے بیعت لی گئی۔ آخرکار ہارون الرشید کے فرزند مامون نے اِن کو نظر بند کر لیا۔ اور یہ زمانہ وفات تک مامون ہی کے پاس رہے۔

(۷) امام موسیٰ کاظم بن جعفر الصادق

اِن کا نام موسیٰ۔ کُنیت ابوالحسن یا ابوابراہیم۔ لقب کاظم۔ اِن کی والدہ حمیدہ بربریہ اُم ولد تھیں۔ جن کو امام محمد باقر نے اپنے صاحبزادے جعفر کے لیے ستر دینار کو خریدا تھا۔ امام موسیٰ ساتویں صفر روز چہارشنبہ ۱۲۸ھ ہجری کو موضع ابوا میں جو مکے اور مدینے کے درمیان میں واقع ہے پیدا ہوئے۔ اِنھوں نے باوجود اِس کے کہ خلافت کے اہل تھے نہ کبھی دعویٰ خلافت کیا نہ کسی خلیفہ پر خروج کرنا چاہا۔ منصور کا بیٹا مہدی یہ سُن کر کہ موسےٰ کاظم کے تقدس کا سکہ تمام حجاز میں بیٹھ گیا ہے اور وہ خروج کا ارادہ رکھتے ہیں خود مدینے پہنچا اور امام موسیٰ کاظم کو بغداد میں لاکر قید کر دیا۔ ایک رات کا ذکر ہے کہ مہدی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کو خواب میں یہ کہتے سنا کہ وہ اس سے بطرز سرزنش و ملامت فرما رہے ہیں[1] اَیُّھَا الْمَھْدِیُّ فَھَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ تَوَلَّیْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَکُمْ مہدی بیدار ہوا تو اس نے ربیع حاجب کو محبس میں آدھی رات کو روانہ کیا۔ وہ امام موسیٰ کاظم کو اپنے ہمراہ لے آیا۔ مہدی نے اِن کو آتے دیکھا تو جھٹ تعظیماً کھڑا ہو گیا معانقہ کیا۔ اور ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ تخت پر بٹھالیا۔ اور اپنا خواب بیان کیا۔ امام موسیٰ نہایت متانت اور خاموشی کے ساتھ مہدی کی ساری باتیں سُنتے رہے۔ آخرکار مہدی بولا کہ موسےٰ کیا تم مجھے اطمینان دلا سکتے ہو کہ مفسدوں کے

[1] یہ سورۂ محمد کے تیسرے رکوع کی آیت ہے مفسرین نے اِس کے معنی میں اختلاف کیا ہے اور اختلاف پیدا ہوا ترکیب کے لفظ سے تم میں تو تی کے دو معنی ہیں تندگردانی کرنے اور والی وحاکم ہونے کے آیت کا سیاق و سباق چاہتا ہے پہلے معنی کو اور اسی لیے اکثر مفسرین نے یہی معنی اختیار کیے ہیں اور ہم نے بھی اسی کو ترجیح دی چنانچہ ہم نے اِس بیت کا یوں ترجمہ کیا ہے۔

ساتھ ہو کر مجھ پر خروج تو نہیں کرو گے۔ امام موسیٰ نے فرمایا والد میں نے خروج نہیں کیا۔ اور کروں گا بھی نہیں۔ مہدی نے یہ سُن کر اپنے حاجب ربیع کو حکم دیا کہ موسےٰ کے لیئے سامانِ سفر فوراً مہیا کر دو۔ اور دس ہزار درہم اِن کی نذر کر کے اَمن و عافیت کے ساتھ مدینے پہنچا دو۔ ربیع نے راتوں رات سارا سامانِ سفر جمع کر دیا اور صبح ہوتے ہی امام موسیٰ خلیفہ سے رخصت ہو کر مدینے روانہ ہو گئے۔

امام موسیٰ کاظم ہارون الرشید کے زمانہ خلافت تک نہایت سکون و اطمینان سے مدینے بیٹھے رہے لیکن پھر حسّاد نے اِن کی طرف سے جھوٹی جھوٹی بے اصل باتیں ہارون الرشید کے گوش گزار کیں۔ اور اُس نے اِن کو مدینے سے بُلا کر بغداد میں قید کر دیا اور یہ قید خانے ہی میں انتقال کر گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یحییٰ بن خالد ہارون الرشید کے وزیرِ اعظم نے ہارون الرشید کے ایما سے امام موسیٰ کاظم کو چھوہارے میں زہر ملا کر دے دیا اور محترم امام تین روز بعد ۱۸۳ھ ہجری میں روزِ جمعہ کو انتقال کر گئے۔ امام موسیٰ کاظم کے انتقال کے بعد ان کی تیس اولادیں ذکور و اناث باقی رہیں جن میں علی الرضا اور احمد بڑے پایئے کے آدمی تھے۔ اور اِن دونوں میں علی الرضا خصوصیت کے ساتھ بڑے مُقتدر اور صاحبِ علم و فضل تھے۔

(۸) امام علی الرضا بن موسیٰ کاظم

اِن کا نام علی۔ کُنیت ابوالحسن۔ لقب رضا۔ ۱۵۱ھ ربیع الاول کی گیارھویں تاریخ روز پنجشنبہ کو پیدا ہوئے۔ یہ بھی ایک اُمِّ ولد کے پیٹ سے پیدا ہوئے جس کے نام کی تعیین میں مؤرخوں کا اختلاف ہے کوئی اُمّ البنین بتاتا ہے کوئی شماتہ اور کسی نے نجمیہ لکھا ہے۔ خلیفہ ہارون الرشید کے بعد اُس کا فرزند مامون تخت نشین ہوا۔ تو اُس نے شروع شروع میں اپنے دربار میں علویوں کا وہی ادب و احترام قائم رکھا۔ جو اُن کی شان کے شایان و سزاوار تھا اور امام علی الرضا سے تو اُس کو اس قدر محبت ہو گئی تھی کہ بے اُن کے چین ہی نہیں پڑتا تھا آخرکار مامون نے امام علی الرضا کو اپنا ولیعہد قرار دے دیا۔ اور اب دونوں میں وہ اتحاد و اتفاق دکھائی دینے لگا جو ایک حقیقی پاک نفس مہربان بھائی کو بھائی کے ساتھ ہوا کرتا ہے۔ امام علی الرضا جب جب مامون سے ملاقات کرنے دربار میں جاتے تو اُمرا دربار نہایت جوشِ محبت اور تعظیم کے ساتھ اِن کا استقبال کرتے اور سراپردہ جو خلیفہ کے آگے لٹکا رہتا تھا اِن کے داخل ہونے کے لیئے اُٹھا لیتے تھے مگر مامون کا نوں کا بہت کچا تھا اور اُس کی طبیعت میں زیادہ ثبات و استقلال نہ تھا۔ بعض امرا دربار کے حسد و بُغض کی وجہ سے بے تحقیق کیئے مامون علی الرضا سے بدگمان ہو گیا۔ پہلے اُنہیں بیعت کی تکلیف دی۔ اور جب وہ اِس سے بیعت کر چکے تو بلادِ عجم میں اُنھیں جلاوطن کر دیا اور اِس سے بھی دل ٹھنڈا نہ ہوا۔ تو زہر دلوا کر مروا ڈالا۔ امام علی الرضا کا انتقال ولایتِ طوس کے موضع سنابا میں نویں رمضان المبارک ۲۰۳ھ ہجری کو ہوا۔

(۹) امام محمد تقی بن علی الرضا

اِن کا نام محمد۔ کُنیت ابوجعفر۔ لقب تقی۔ اِن کی والدہ کا نام ریحانہ تھا جو ماریہ قبطیہ کے قبیلے سے تھیں۔ دسویں رجب ۱۹۵ھ ہجری روز جمعہ کو مدینے میں پیدا ہوئے۔ چونکہ کمالِ علم و ادب اور فضل و بزرگی کے ساتھ موصوف تھے حجاز و عراق کا جمِ غفیر اِن کے فیضِ باطن سے استفید و استفیض تھا مامون الرشید کی پیشانی پر امام علی الرضا کی زہر خورانی کا داغِ بدنامی لگا تھا لگ کر رہا لیکن ساتھ ہی وہ اپنی اِس حرکتِ بے جا سے نہایت ہی شرمندہ ہوا اور اِس داغِ بدنامی کے مٹانے کے لیئے اُس نے اپنے تختِ جگر اُمّ الفضل کو جو اُسے سب سے زیادہ عزیز اور محبوب تھی امام محمد تقی کے نکاح میں دے کر اُن کے ہمراہ مدینے روانہ کر دیا اور ہزار دینار سالانہ اِن کے خرچ کے لیئے بیت المال سے تجویز رہا۔ مامون الرشید کے ان

پر اس درجہ مہربان ہونے کے متعلق ایک نہایت دلچسپ حکایت کتب تواریخ میں لکھی ہے کہ امام محمد تقی کی گیارہ برس کی عمر تھی۔ اور یہ محلے کے بچوں کے ساتھ بغداد کے ایک منظر عام میں کھڑے ہوئے تھے۔ مامون شکار کے لیے باہر جاتے ہوئے ادھر سے گزرا۔ اور لڑکے تو خلیفہ کی سواری دیکھ کر ادھر اُدھر بھاگ گئے لیکن امام محمد تقی اسی جگہ کھڑے رہے۔ مامون ان کے قریب پہنچا تو اُس نے اپنی سواری روک لی اور ان کی طرف رُوئے سخن کر کے کہا لڑکے! تو اور لڑکوں کی طرح یہاں سے کیوں نہیں بھاگا۔ امام محمد تقی نے جواب دیا کہ رستہ کچھ ایسا تنگ تو تھا نہیں کہ میرے پہلے جانے سے کشادہ ہو جاتا اور میں کسی جرم کا مرتکب بھی نہیں ہوا ہوں کہ اُس کے خوف سے بھاگ جاتا علاوہ بریں میرا گمان آپ کے حق میں یہ ہے اور یہی ہے کہ آپ کسی کو ناحق تکلیف نہیں پہنچاتے۔ امام محمد تقی کا یہ برجستہ اور معقول جواب سُن کر مامون بہت خوش ہوا اور اس نے دوبارہ پُوچھا کہ صاحبزادے تمہارا نام کیا ہے؟ اور تمہارے والد کون ہیں؟ امام محمد تقی نے نہایت متانت اور سنجیدگی کے لہجے میں فرمایا میرا نام محمد ہے اور میرے والد مرحوم کو علی الرضا کہتے ہیں مامون نے یہ سُنا تو فوراً علی الرضا کی صورت اُس کی آنکھوں تلے پھر گئی اور امام محمد تقی کی محبت دو قعت اس کے دل میں گھر اثر کر گئی۔ شکار گاہ سے لوٹتے ہوئے وہ انھیں اپنے ہمراہ لے گیا۔ اور نہایت خاطر و مدارات سے پیش آیا اور آخر کار اپنی بیٹی اُم الفضل سے ان کا نکاح کر دیا۔ ۲۱۷ھ میں مامون کا انتقال ہوا اور اس کے تین مہینے بعد ماہ ذیقعدہ ۲۱۸ھ شنبہ کو امام محمد تقی نے زہر کے صدمے سے وفات پائی۔ کہتے ہیں معتصم باللہ کے ایما سے جو مامون کے بعد خلیفہ ہوا اُن کو زہر دیا گیا

(۱۰) امام علی تقی بن محمد تقی

ان کا نام علی۔ کنیت ابوالحسین و ابوالحسن۔ لقب عسکری و تقی۔ ان کی والدہ کا نام اُم الفضل تھا۔ رجب ۲۱۲ھ ہجری کو مدینے میں پیدا ہوئے۔ خلیفہ متوکل ان پر بہت مہربان تھا اور ان کے علم و فضل کی انتہا سے زیادہ قدر کرتا تھا اور اسی وجہ سے دربار خلافت میں ان کا وہ ادب و احترام کیا جاتا تھا جو ان کی شان کے لائق تھا لیکن معاندین اہل بیت نے کسی زمانے میں اس معتبر خاندان کے لوگوں کو چین سے بیٹھنے نہیں دیا اور ہمیشہ ان کے تکلیف و ایذا کے درپے رہے۔ امام علی تقی کا زمانہ بھی حُسّاد سے خالی نہ تھا۔ ایک دن کسی ہمدرد اہل بیت نے خلیفہ متوکل سے جا لگایا کہ علی تقی نے بے شمار خزانہ اپنے گھر میں جمع کر رکھا ہے اور بہت سے ہتیار عراق و شام سے منگا کر فراہم کیے ہیں۔ اگر خلیفہ نے بہت جلد اس کا تدارک نہ کیا تو کوئی دن جاتا ہے کہ علی تقی بغاوت کا جھنڈا اُونچا کر کے ایسے فسادات برپا کریں گے جن کا دفع کرنا خلیفہ کو سخت مشکل پڑ جائے گا۔ متوکل یہ سُن کر خوف کے مارے سر سے پانوں تک کانپ اُٹھا اور اُسی وقت فوراً اپنے ایک مقرب سعید نامی کو بُلا کر کہا کہ آج جب آدھی رات گزر جائے تو فوج کا ایک دستہ لے کر علی تقی کے مکان پر پہنچ اور غفلت کا وقت تاک کر مکان میں گھس جاؤ پھر از قسم ہتیار و مال و دولت جو چیز گھر میں پاؤ سب نکال لاؤ۔ سعید نے نہایت چستی کے ساتھ اس کا انتظام کیا اور آدھی رات گزرتی تو چند تجربہ کار اور دلیر سواروں کو ہمراہ لے کر امام علی تقی کے مکان پر جا پہنچا۔ مکان کے اندرونی حصے میں سکوت و خاموشی پھیلی ہوئی تھی اور سب طرف اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ سعید اہل خانہ کو غافل خیال کر کے سیڑھی کے ذریعے سے مکان میں اُتر گیا اور دیوانہ وار اِدھر اُدھر ہاتھ پانوں مارنے لگا۔ امام علی تقی اپنے حجرے میں مشغول نماز تھے سلام پھیر کر آواز دی کہ سعید ذرا ٹھیر جا کہ میں شمع روشن کر دوں۔ سعید کا بیان ہے کہ شمع روشن ہوئی تو میں نے دیکھا کہ امام علی تقی کے جسم کو بالوں کا لباس چھپائے ہوئے ہے اور خود ایک مصلے پر رُو بقبلہ بیٹھے ہیں اور فرما رہے ہیں "سُرا گھر تھا سے سامنے پڑا ہے جو پاؤ شوق سے لے جاؤ"۔ میں نے سارے گھر کا کونہ کونہ چھان مارا مگر مجھے تو بجز اشرفیوں کی ایک سربمہر تھیلی اور ایک تلوار کے کچھ ملا نہیں۔ چنانچہ میں نے یہ دونوں چیزیں اُٹھا لیں اور دربار میں حاضر ہو خلیفہ متوکل کے سامنے رکھ دیں۔ متوکل کو اشرفیوں کی سربمہر تھیلی دیکھ کر سخت تعجب ہوا۔ تعجب کی وجہ یہ تھی کہ اس تھیلی پر

متوکل کے ماں کی ٹھہرگی ہوئی تھی - متوکل نے درباریوں سے پوچھا کہ یہ قبیلی کیسی ہے اور اس کا قصہ کیا ہے لوگوں نے بیان کیا کہ جس زمانے میں آپ کی ران میں پھوڑا نکلا تھا تو آپ کو یاد ہوگا کہ تمام اطبار اس کے علاج سے عاجز آگئے تھے اور ہم لوگوں کو مایوسی ہوگئی تھی - اس حالت میں علی تقی کی طرف رجوع کیا گیا تو اُن کی دوا اور دعا سے ایک ہی دن میں پھوڑا پکا اور پھوٹا اور زخم مندمل ہوگیا - اس کے شکریے میں آپ کی والدہ نے یہ قبیلی اُن کی خدمت میں بھیجی تھی جو ابھی تک جیسی کی تیسی موجود ہے - متوکل نے سعید سے کہا کہ اس قبیلی کے ساتھ ایک دُرِ قبیلی ملا کر اور تلوار پر سونے کا قبضہ چڑھا کر علی تقی کی خدمت میں لے جاؤ اور میری طرف سے معذرت کردو - سعید نے فوراً تعمیل حکم کی اور امام علی تقی کی خدمت میں خلیفہ کی طرف سے اور خلیفہ کے ساتھ اپنی طرف سے بہت کچھ معذرت کی امام علی تقی نے مسکرا کر فرمایا وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوٓا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ[1] ان کی وفات مستنصر باللہ کے زمانہ خلافت میں آخر ماہ جمادی الاُخریٰ ۲۵۴ھ کو چالیس یا اکتالیس برس کی عمر میں ہوئی -

(۱۱) امام حسن زکی بن علی تقی

ان کا نام حسن - کُنیت ابو محمد - لقب زکی - ان کی والدہ کا نام سوسن تھا ۲۳۱ھ کو مدینے میں پیدا ہوئے - اور اُنتیس برس کی عمر میں وفات پائی - کہتے ہیں کہ خلیفہ بغداد کے اشارے سے ان کے کھانے میں زہر ملایا گیا اور اسی سے ان کا انتقال ہوا -

(۱۲) امام محمد مہدی بن حسن زکی


ان کا نام محمد - کُنیت ابو القاسم - لقب مہدی اور حجۃ اللہ اور قائم اور منتظر - تیرھویں رمضان المبارک ۲۵۵ھ ہجری کو موضع سُرَّمَنْ رَأَے میں پیدا ہوئے - ان کی والدہ کا نام نرجس تھا - یہ بارھویں امام ہیں جن کے بارے میں اہل السنۃ والجماعت اور اہل تشیع کا سخت اختلاف ہے - اہل تشیع کا اعتقاد ہے کہ امام محمد وہی مہدی آخر الزماں ہیں جن کی نسبت پیغمبر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ آخر زمانے میں میری اُمت بلکہ میرے اہل بیت میں سے حضرت مسیح کے آسمان سے اُترنے سے پیشتر ایک شخص ظاہر ہوگا جسے مہدی کہیں گے وہ روئے زمین سے کفر کی تاریکی کو مٹا کر ہر چہار طرف ایمان کی روشنی کو پھیلا دے گا - اہل تشیع کا یہ بھی بیان ہے کہ امام محمد مہدی خضر علیہ السلام کی طرح عمر جاوید دیئے گئے ہیں وہ زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ رہیں گے لیکن بالفعل آدمیوں کی نظروں سے غائب ہیں - اہل تسنن کہتے ہیں کہ یہ امام محمد مہدی - مہدی آخر الزماں نہیں ہیں - مہدی آخر الزماں تو آخری دور میں قیامت کے برپا ہونے سے کچھ ہی پہلے پیدا ہوں گے - ان کا نام محمد ہوگا اور والد کا نام عبداللہ - حضرت مسیح ان کی اقتدا کریں گے - اور دونوں مل کر کفار سے جہاد کریں گے ہے امام محمد بن حسن زکی وہ ۲۵۵ھ ہجری میں پیدا ہوکر ۲۶۴ھ یا ۲۶۵ھ یا ۲۶۶ھ میں وفات پاگئے واللہ اعلم - وھذا آخر ما لخصناہ من الریاض المستطابۃ للفاضل یحیی بن ابی بکر العامری الیمنی +

---

[1] اور جنھوں نے لوگوں پر ظلم کیے ہیں ان کو ذرا سے پہلو عنقریب معلوم ہوجائے گا کہ کیسی جگہ اُن کو لوٹ کر جانا ہے ۱۲ +

ضمیمہ نمبر (۲)

عشرہ مبشرہ کے اسمار گرامی یہ ہیں ابوبکر صدیقؓ۔ عمر بن الخطابؓ۔ عثمان بن عفانؓ۔ علی بن ابی طالبؓ طلحہ بن عبیداللہؓ۔ زبیر بن العوامؓ عبدالرحمن بن عوفؓ۔ سعد بن ابی وقاصؓ۔ سعید بن زیدؓ۔ ابوعبیدہ بن الجراحؓ۔ عشرہ مبشرہ کے مناقب و فضائل اور اُن کی خصوصیات و مآثر اور اُن کی خدمات اسلام کتب احادیث و سیر میں اس کثرت سے مذکور ہیں کہ اگر ہم اُن کا دسواں حصہ بھی منتخب کریں تو اُس کے لیے ایک علیحدہ ضخیم کتاب تیار کرنی پڑے اس لیے ہم اس موقع پر نہایت اختصار کے ساتھ ہر ایک مبشر بالجنہ کے چند مناقب اور خدمات کو ذکر کرنے پر اکتفا کرتے ہیں ہم نے مناقب و خدمات دونوں کی علیحدہ علیحدہ فہرست دکھائی ہے اور ہر منقبت و خدمت پر ہندسے دے دیے ہیں قبل اس کے کہ ہم ہر ایک صحابی کے جلیل القدر مناقب اور نمایاں خصلت کا ذکر کریں اُن کا ایک شجرہ نسب دکھلاتے ہیں جس سے اُن کا وہ خاندانی تعلق جو جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اُن کو ہے بآسانی ظاہر ہوتا ہے۔



(۱) ابوبکر الصدیق العتیق عبداللہؓ اِن کا نام عبداللہ۔ کنیت ابوبکر۔ عتیق اور صدیق لقب اِن کے والد ابوقحافہ۔ ماں اُمّ سلمےٰ بنت صخر۔ اِن کا شجرۂ نسب ساتویں پشت میں جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملتا ہے جیسا کہ شجرۂ نسب سے ظاہر ہوتا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق کے مفاخر

حسبِ تفصیل ذیل ہیں

(۱) چالیس برس کی عمر میں جب جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نبوّت کا اظہار کیا تو اس کے چند ہی روز بعد حضرت ابوبکر صدیق نے ۳۷ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ اِن سے پہلے صرف تین شخص یعنی جناب پیغمبر صاحب کی بی بی اُمّ المومنین خدیجہؓ اور پیغمبر صاحب کے چچازاد بھائی علی بن ابی طالب اور خدیجہ کے غلام آزاد زید بن حارث مشرف باسلام ہو چکے تھے پس ابوبکر صدیق سابقین اوّلین مسلمانوں میں ہیں (۲) اِن کے مشرف باسلام ہونے کا سبب ایک وہ مشہور واقعہ ہے جو کتبِ سیر میں بڑی تفصیل کے ساتھ لکھا ہے مختصر یہ ہے کہ ابوبکر صدیق زمانۂ بعثت سے کچھ قبل شام میں تجارت کو گئے ہوئے تھے خواب میں دیکھا کہ ایک جگمگاتا ہوا نور آسمان سے خانۂ کعبہ کی چھت پر گرا اور اُس کا تھوڑا تھوڑا حصہ مکّے کے ہر ایک گھر میں پہونچا۔ مگر تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ وہ نور سب طرف سے سمٹ سمٹا کر پہلے کی طرح جمع ہو گیا۔ اور پھر میرے گھر کی طرف رُخ کیا میں نے گھر کا دروازہ بند کر دیا۔ صبح ہوئی تو میں نے ایک یہودی معبّر سے اس خواب کی تعبیر دریافت کی۔ مگر اُس سے کچھ سُراغ نہ چلا۔ دوبارہ جب میں ملکِ شام کو تجارت کی غرض سے گیا تو بحیرا راہب سے اس خواب کی تعبیر پوچھی اُس نے کہا تم کون ہو اور کہاں کے رہنے والے ہو میں نے اپنا سارا واقعہ بیان کر دیا اُس نے کہا تم لوگوں میں نبی آخر الزماں پیدا ہوگا۔ جس کا دین مشرق سے مغرب تک پھیل جائے گا تم اُن کی زندگی میں وزیر اور وفات کے بعد خلیفہ ہو گے تو ابوبکر صنیٰ مکّے واپس چلے آئے۔ اِسی اثنا میں پیغمبر صاحب مبعوث ہوئے اور آپ نے ابوبکر صدیق کو اسلام کی تبلیغ کی ابوبکر صدیق بے طلب دلیل فوراً مسلمان ہو گئے (۳) ابوبکر صدیقؓ کے اِس سہولت کے ساتھ اسلام لائے کی وہ روایت بڑے زور سے تائید کرتی ہے جو بخاری نے ابوالدرداء سے نقل کی ہے کہ میں ایک روز پیغمبر صاحب کے پاس بیٹھا تھا کہ ابوبکر صدیق کچھ رنجیدہ خاطر سے آئے اور کہا یا رسول اللہ مجھ میں اور عمر بن الخطاب میں ایک طرح کی رنجش ہو گئی ہے اور چونکہ پہل میری ہی طرف سے ہوئی تھی۔ اِس لیے میں نے نادم ہو کر اُن سے معافی چاہی مگر وہ راضی نہیں ہوئے اب میں آپ کے پاس آیا ہوں کہ آپ عمر کو راضی کر دیں۔ پیغمبر صاحب نے تین دفعہ فرمایا کہ ابوبکر! خدا تم کو معاف کرے اِتنے میں حضرت عمر نادم ہو کر ابوبکر صدیق کے گھر گئے اور جب وہاں اُنکو نہ پایا تو پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ پیغمبر صاحب کا چہرۂ مبارک اِن کو دیکھ کر غصّے میں تمتما اُٹھا جس سے ابوبکر صدیق پر سخت خوف طاری ہوا۔ اور اُنھوں نے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر کہا یا رسول اللہ قصوروار تو میں ہی ہوں۔ کیونکہ بات میں پہل میں نے کی تھی عمر اس سے بالکل بری ہیں

اس پر پیغمبر صاحب نے تمام حاضرین جلسہ کی طرف روئے سخن کر کے فرمایا کہ لوگو! جب خدا نے مجھے نبوت سے سرافراز فرما کر تم میں بھیجا تو تم سب نے میری تکذیب کی مگر ابوبکر نے بے تردد میری تصدیق ... اور اپنی جان و مال سے میری غم خواری کی تو کیا تم میرے دوست کو میرے لیے چھوڑنے والے ہو؟ مطلب یہ ہے کہ تم میرے اور ان کے معاملے میں کسی طرح کا دخل نہ دو۔ ابوالدرداء کا بیان ہے کہ اس کے بعد پھر کبھی کسی طرح کی تکلیف ابوبکر کو نہیں پہنچی۔ اسی کی مؤید ایک وہ حدیث ہے جس کو ابن عدی نے ابن عمر سے روایت کیا ہے کہ ایک دفعہ عقیل بن ابی طالب اور ابوبکر صدیق میں کچھ گفت و شنود ہو گئی تھی۔ ابوبکر صدیق سے پیغمبر صاحب کی قرابت کی وجہ سے عقیل کو کچھ نہیں کہا اور حاضر خدمت نبوی ہو کر پیغمبر صاحب سے شکایت کی۔ پیغمبر صاحب نے کھڑے ہو کر فرمایا کہ لوگو! تم میرے دوست کو صرف میرے لیے چھوڑ دو تم کو اس سے مناسبت ہی کیا ہے۔ قسم خدا کی تم میں سے ہر ایک کے دروازے پر ظلمت اور ابوبکر صدیق کے دروازے پر نور ہے۔ ابتدا میں تم سب نے مجھے جھٹلایا اور ابوبکر نے میری تصدیق کی۔ تم نے اپنے مال مجھ سے عزیز رکھے۔ اور ابوبکر نے اپنا سارا مال مجھ پر فدا کر دیا۔ تم نے میری توہین کی۔ اور ابوبکر نے غم خواری۔ تم نے مجھ سے نفرت و وحشت اختیار کی اور ابوبکر سایے کی طرح میرے ساتھ رہے (۴) یہ کہ پیغمبر صاحب نے ابوبکر کو اپنا وزیر قرار دیا تھا۔ جیسا کہ ترمذی کی روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ پیغمبر صاحب نے فرمایا میرے کے دو آسمانی اور دو زمینی وزیر ہوتے ہیں میرے دو آسمانی وزیر جبرئیل و میکائیل ہیں۔ اور زمینی دو وزیر ابوبکر و عمر (۵) یہ کہ پیغمبر صاحب نے فرمایا ابوبکر صدیق کو قیامت کے روز جنت کے آٹھوں دروازے بلائیں گے۔ ہر ایک دروازہ کہے گا خدا کے بندے! مجھ میں سے ہو کر جنت میں داخل ہو (۶) یہ کہ پیغمبر صاحب نے فرمایا جو شخص اپنی صحبت اور اپنے مال میں مجھ پر زیادہ عطا کرنے والا ثابت ہوا ابوبکر ہے اور اگر میں خدا کے سوا کسی اور کو دوست خالص بنانا چاہتا تو ابوبکر کو اپنا دوست خالص بناتا۔ لیکن اسلامی دوستی و اخوت باقی ہے (۷) یہ کہ پیغمبر صاحب نے فرمایا پسندیدہ خصلتیں تین سو ساٹھ ہیں جب خدا کسی بندے کو بھلائی پہنچانا چاہتا ہے تو ان میں سے ایک خصلت اس میں پیدا کر دیتا ہے جس کی وجہ سے وہ بہشت میں داخل ہوتا ہے۔ ابوبکر نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ان خصلتوں میں سے مجھ میں بھی کوئی خصلت ہے؟ فرمایا ہاں تم میں سب خصلتیں موجود ہیں (۸) یہ کہ پیغمبر صاحب نے فرمایا خدا ابوبکر پر رحم کرے کہ انھوں نے اپنی بیٹی ام المومنین عائشہؓ مجھے بیاہ دی۔ اور وارد ہجرت (مدینہ طیبہ) تک مجھے بلا لائے اور بلال (حبشی مؤذن پیغمبر صاحب) کو خرید کر آزاد کیا۔ (۹) یہ کہ پیغمبر صاحب نے فرمایا ہمارے ساتھ جس نے بھی سلوک کیا ہم نے اس کی تلافی کر دی۔ مگر ابوبکر کے سلوک کی ہم سے تلافی نہیں ہو سکی۔ پس خدائے تعالیٰ قیامت کے روز میری طرف سے اس کے سلوک کی تلافی کرے گا۔ مجھ کو کسی ایک کے مال نے بھی اتنا فائدہ نہیں پہنچایا جتنا ابوبکر کے مال نے فائدہ پہنچایا (۱۰) یہ کہ عمر فاروقؓ نے فرمایا ابوبکر ہم سب کے سردار ہم سب سے بہتر ہم سب میں جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو محبوب تر تھے (۱۱) یہ کہ پیغمبر صاحب نے فرمایا ابوبکر! تم جس طرح دنیا میں میرے رفیق غار رہے آخرت میں حوض کوثر پر میرے مصاحب ہو گے

ابوبکر صدیق کی اسلامی خدمات

یہ بات تمام مؤرخوں کو تسلیم ہے کہ ابوبکر صدیق قبول اسلام کے زمانے سے بارہ سال تک جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم

کی خدمت میں مکے حاضر رہے اور اسلام اور پیغمبر اسلام کی خدمات کی بجا آوری میں اپنی جان اپنے مال اپنی عزت کی کبھی مطلقاً پروا نہیں کی۔ اسلامی مقاصد کے رواج دینے میں بذل مال کے علاوہ بعض اوقات اپنی جان کو مصائب میں ڈال دیا اور پھر اُن مصائب کو نہایت خوش دلی کے ساتھ برداشت کیا۔ الغرض اسلامی مقاصد کی اشاعت۔ پیغمبر اسلام کی حمایت و رفاقت ترقی دین الٰہی میں صرف زر۔ مخالفوں کے مقابلے میں سینہ سپر ہو کر اُن کی تکالیف کی برداشت یہ ایسی باتیں ہیں جن میں سب سے بڑا حصہ ابوبکر صدیقؓ ہی نے لیا۔

(۱) ابوبکر صدیق نے پیغمبر اسلام کی حمایت و نصرت میں کئی مرتبے سخت سخت تکلیفیں جھیلیں۔ اور کفار قریش کے مقابلے میں سینہ سپر ہوئے کتب سیر و احادیث میں اس کے متعلق بہت سے واقعات درج ہیں۔ اس موقع پر صرف دو واقعوں کا مذکور ہے ایک وہ جو بخاری میں عروہ بن زبیر سے منقول ہے کہ پیغمبر صاحب نماز میں مصروف تھے عقبہ ابی معیط نے آکر آپ کی گردن مبارک میں چادر ڈال دی۔ اور پھر اس زور سے کھینچی کہ آپ کا گلا گھٹ گیا۔ اسی حال میں ابوبکر صدیق آپہنچے۔ اور عقبہ کو پیغمبر صاحب سے ہٹا کر یہ آیت پڑھی اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ یعنی کیا تم لوگ صرف (اتنی بات پر) ایک شخص کے قتل کے درپے ہو کہ وہ خدا ہی کو اپنا پروردگار بتاتا ہے حالانکہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس معجزے لے کر بھی آیا ہے دوسرا واقعہ خود ابوبکر کی بیٹی اسماء سے منقول ہے کہ ایک دن کفار قریش مسجد الحرام میں جمع تھے اور اُس میں ایک دوسرے سے پیغمبر صاحب کا اور اُن مذمتوں اور برائیوں کا جو پیغمبر صاحب اُن کی اور اُن کے بتوں کی ہجو میں بیان کرتے تھے ذکر کر رہے تھے اتفاقاً اسی موقع پر پیغمبر صاحب بھی مسجد الحرام میں تشریف لے آئے۔ مشرکین کے سردار آپ کی طرف اُٹھے اور آپ کی عادت تھی کہ جو بات آپ سے پوچھی جاتی بالکل سچ سچ کہہ دیتے۔ مشرکین نے کہا محمد! کیا تم ہمارے معبودوں کے حق میں ایسا ایسا کہتے ہو فرمایا ہاں کہتا ہوں اور بجا کہتا ہوں یہ سنتے ہی سب لوگ آپ پر پل پڑے تب ایک شخص چیختا ہوا ابوبکر صدیق کے پاس پہنچا اور کہا یہاں بیٹھے کیا کر رہے ہو اپنے دوست کی خبر لو ابوبکر خانہ کعبہ میں آئے دیکھتے ہیں کہ بہت سے مشرک پیغمبر صاحب کے گرد جمع ہیں اُنھوں نے وہی آیت اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا پڑھی کفار مکہ نے پیغمبر صاحب کو تو چھوڑ دیا۔ اور ابوبکر صدیق کو شہد کی مکھیوں کی طرح چمٹ گئے۔ اور بے تحاشا مارنا شروع کیا۔ ابوبکر جب گھر آئے تو اُن کی حالت تھی کہ سر کے بالوں پر جدھر ہاتھ پھیرتے بالوں کی لٹیں ہاتھ میں چلی آتیں لیکن اس پر بھی بار بار یہ کہتے تھے تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام یعنی خداوندا تو بزرگ و برتر اور بابرکت ہے۔

(۲) ان کے سوا ایک بڑا اہم اور خاص واقعہ رفاقت غار کا ہے جس سے حضرت ابوبکر صدیق کی خدمت اسلام نمایاں طور پر ظاہر ہوتی ہے۔ حضرت حمزہ اور عمر فاروق کے قبول اسلام سے جو تقویت مسلمانوں کو ہوئی وہ اُس پر خوش تھے مگر افسوس کہ ابوطالب اور ابوطالب کے ساتھ اُمّ المومنین بی بی خدیجہ کے انتقال کی وجہ سے یہ چند روزہ عارضی خوشی رنج و غم سے بدل گئی۔ ابوطالب پیغمبر صاحب کے چچا اور اُمّ المومنین خدیجہ پیغمبر صاحب کی بی بی دونوں پیغمبر صاحب کے بڑے حامی و مددگار تھے۔ اور اسی وجہ سے کفار قریش اِن دونوں کی زندگی میں پیغمبر صاحب کا کچھ نہ کر سکے۔ اِن کے انتقال کے بعد کفار کے حوصلے بڑھ گئے اور اب وہ پیغمبر صاحب اور مسلمانوں کو کھلم کھلا سخت سے سخت تکلیفیں پہنچانے لگے۔ آخر کار پیغمبر صاحب نے نبوت کے تیرھویں سال مشرکین مکہ کی ایذاؤں سے اکتا کر ترک وطن کا ارادہ کیا۔ اور ادھر خدا کی طرف سے بھی ہجرت کی اجازت ہو گئی۔ پیغمبر

صاحب ٹھیک دوپہر کے وقت ابوبکر صدیق کے مکان پر تشریف لے گئے۔ اور مدینے ہجرت کر جانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ اور فرمایا تم بھی تیار رہو۔ ابوبکر صدیق اپنی معیت کا حال سُن کر اس قدر خوش ہوئے کہ فرطِ خوشی سے اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اِس کے بعد ابوبکر صدیق نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے پاس دو اُونٹنیاں ہیں اور آپ کی خدمت کے لیے حاضر ہیں پیغمبر صاحب نے فرمایا تو کوئی رہنما بھی تلاش کر رکھو۔ چنانچہ دونوں صاحبوں کی رائے سے ایک شخص عبداللہ بن اُریقط جو مشرکین میں کا ایک معمولی شخص تھا رہنمائی کے لیے مقرر ہوا۔ دونوں اُونٹنیاں اُس کے حوالے کر دی گئیں۔ اور حکم دیا گیا کہ آج سے تین رات بعد اُن کو غارِ ثور پر لے آئے جو مکّے سے دکھن کی طرف تین میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ اِس قرارداد کے بعد پیغمبر صاحب اپنے مکان پر تشریف لے آئے۔ رات کے وقت قریش کے چند نوجوان اُس تجویز کے مطابق جو اُن میں باہم قرار پا چکی تھی گئی آدمی مل کر پیغمبر صاحب کو قتل کر دیں۔ اور تفتیش مقدمہ کے بعد اُن کے وَرثہ کو دیت بھر دیں۔ آپ کے مکان کے آس پاس جمع ہو گئے کہ صبح کی نماز کو مسجد جائیں ہی گے۔ سب مل کر قتل کر دیں گے۔ پیغمبر صاحب کو اطلاع ہوئی تو علی مرتضیٰ کو اپنے بچھونے پر سُلا اور خود چپکے سے نکل ابوبکر صدیق کے گھر جا پہنچے۔ ابوبکر کی بیٹی بی بی عائشہ جو آیندہ پیغمبر صاحب کے شرفِ زوجیت سے ممتاز ہونے والی تھیں بیان کرتی ہیں کہ ہم نے نہایت عجلت کے ساتھ پیغمبر صاحب اور ابوبکر کے لیے سامانِ سفر مہیا کر دیا اور ایک توشے دان میں تھوڑا سا زادِ راہ بھی رکھ دیا۔ توشے دان کا مُونہ باندھنے کے لیے سر دست کوئی چیز نہیں ملی۔ تو ابوبکر صدیق کی دوسری بیٹی اسماء نے اپنا کمر بند یعنی کمر باندھنے کا پٹکا پھاڑ کر توشے دان کا مُونہ باندھ دیا۔ اور اسی وجہ سے وہ بعد کو ذات النطاقین یعنی دوپٹے والی بی بی کہلائیں۔ ابوبکر صدیق اور پیغمبر صاحب دونوں جبلِ ثور کے غار تک پہنچے۔ یہاں پہنچ کر ابوبکر بولے یا رسول اللہ ذرا توقف فرمائیے پہلے میں غار میں اُتر لوں میرے بعد آپ تشریف لائیے گا۔ تاکہ اگر کیڑے مکوڑے کا کوئی مُوذی جانور ہو تو اُس کا گزند مجھے پہنچے۔ اور آپ محفوظ رہیں۔ چنانچہ پیغمبر صاحب تو غار کے دروازے پر کھڑے رہے۔ اور ابوبکر صدیق نے غار میں اُتر کر جھاڑو دی۔ اور جہاں جہاں سُوراخ دکھائی دیئے۔ اپنا تہمد پھاڑ پھاڑ کر سُوراخوں کے مُونہ بند کر دیئے مگر ابھی دو سُوراخ باقی تھے کہ تہمد ہو چکا۔ اور اُن کا مُونہ بند کرنے کے لیے کوئی چیز نہ پائی۔ تو اُن میں اپنے پاؤں اڑا دیئے اور عرض کیا یا رسول اللہ تشریف لے آئیے۔ پیغمبر صاحب غار میں جلوہ آرا ہوئے۔ اور ابوبکر صدیق کے زانو پر سر رکھ کر سو گئے۔ تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ ایک سُوراخ سے کسی مُوذی جانور نے ابوبکر صدیق کے پاؤں میں کاٹا اور اس زور سے کاٹا کہ ابوبکر نے پیغمبر صاحب کے پاسِ اَدب سے جنبش تو نہیں کی۔ مگر اُن کی آنکھوں سے بے اختیار پیغمبر صاحب کے چہرۂ مُبارک پر آنسو ٹپک پڑے۔ پیغمبر صاحب فوراً چونک پڑے اور فرمانے لگے ابوبکر! کیا ہے؟ عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ میرے پاؤں میں کسی جانور نے کاٹا ہے۔ پیغمبر صاحب نے اپنا لعابِ دہن لے کر ابوبکر صدیق کے موضعِ وقوف پر مل دیا۔ اور زخم فوراً اچھا ہو گیا۔ اِدھر صبح کے وقت جب قریش کو معلوم ہوا کہ پیغمبر صاحب رات کو نکل کر نکل گئے تو اُنھوں نے بہت سے جاسوس چاروں طرف دوڑائے۔ کچھ جاسوس اِدھر بھی آئے اور ایک دو دفعہ تو غار کے اس قدر قریب ہو گئے کہ ابوبکر صدیق نے انھیں دیکھ بھی لیا۔ اور پیغمبر صاحب سے عرض کیا کہ لوگ اگر اپنے پاؤں کی طرف دیکھیں گے تو ہمیں پالیں گے پیغمبر صاحب نے تسلّی کے لہجے میں فرمایا ابوبکر! اُن دو آدمیوں کے ساتھ تیرا کیا گمان ہے جن کا تیسرا خدا ہو۔ الغرض پیغمبر صاحب اور ابوبکر صدیق تین راتیں غار میں مخفی رہے۔ ابوبکر صدیق رات بھر پیغمبر صاحب

کی خدمت میں حاضر رہتے اور صبح سویرے مکے میں قریش سے جا ملتے۔ اور جو باتیں اور تدبیریں معلوم ہوتیں سلم کو پیغمبر صاحب سے عرض کر دیتے۔ عامر بن فہیرہ ابوبکر صدیق کا غلام اسی غار کے آس پاس بکریاں چرایا کرتا تھا۔ اور اُسے معلوم تھا کہ پیغمبر صاحب اور ابوبکر اس غار میں مخفی ہیں۔ جب رات ہوتی تو یہ دودھیل بکریوں کو غار میں چھوڑ آتا۔ یہ دونوں صاحب رات کو اُن کا دودھ پی لیتے عامر صبح کی پو پھٹے آکر بکریوں کو آواز دیتا۔ اور وہ غار سے نکل باہر چلی آتیں۔ غرض تین رات تک یوں ہی ہوتا رہا اب کفار قریش کی بھی جستجو کچھ کم ہو گئی۔ اور عبداللہ بن اُریقط بھی وقت مقررہ پر دونوں اُونٹنیاں لے آحاضر ہوا۔ ایک پر پیغمبر صاحب اور ابوبکر صدیق اور دوسری پر عبداللہ بن اُریقط اور عامر بیٹھ گئے۔ اور سب معمولی رستہ کترتے ہوئے مدینے کو روانہ ہو گئے مدینے پہونچ کر ابوبکر صدیق نے عبداللہ بن اُریقط کو مکے واپس کیا اور یہ مکے آیا تو ابوبکر صدیق کے فرزند عبداللہ اپنے باپ کے پاس مدینے پہونچنا سُن کر اُدھر روانہ ہو گئے۔ اِس سفر میں بی بی عائشہ اور اُن کی والدہ اُم رومان عبداللہ کے ہمراہ تھیں۔ ان کے مدینے پہونچنے پر ابوبکر صدیق نے محلہ سُنح میں مستقل سکونت اختیار کی۔

پھر قیام مدینہ سے لے کر پیغمبر صاحب کے زمانہ وفات تک جو اسلام کی نمایاں خدمتیں ابوبکر صدیق سے ظاہر ہوئیں۔ اِتنی بہت ہیں کہ مشکل سے شمار میں آسکتی ہیں۔ تمام اہل سیر کا اتفاق ہے کہ ابوبکر صدیقؓ شروع زمانہ اسلام سے پیغمبر صاحب کی وفات تک کل جنگوں اور کل سفروں میں ہمیشہ آپ کی خدمت میں حاضر رہے۔ ہاں جب خود پیغمبر صاحب ہی نے کہیں جانے کی اجازت دی تو آپ چند روز کے لیے خدمت سے علیحدہ ہو گئے۔ مدینے میں آکر جس قدر غزوات پیغمبر صاحب کی موجودگی میں ہوئے ابوبکر صدیق سب میں حاضر رہے (۳) معرکہ بدر میں جو شجاعت ابوبکر صدیق سے ظہور میں آئی خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہے۔ مقام بدر میں پہونچ کر صحابیوں نے پیغمبر صاحب کے لیے ایک جگہ ایک چھپر سا ڈال دیا۔ اور باہم تجویز کی کہ اس چھپر میں پیغمبر صاحب کی حفاظت کے واسطے کسی ایسے شخص کو مقرر کرنا چاہیئے جو پیغمبر صاحب کے پاس کسی دشمن کو نہ آنے دے۔ سارے صحابیوں میں کسی کو اتنی جرأت نہیں ہوئی کہ وہ پیغمبر صاحب کی حفاظت کی ہامی بھرتا ابوبکر صدیق نے جب یہ دیکھا تو جھٹ تلوار میان سے کھینچ پیغمبر صاحب کے سر مبارک کے پاس آکھڑے ہوئے اور جس دشمن نے اِدھر کا قصد کیا۔ ابوبکر نے فوراً اُس کا سر تن سے جُدا کر دیا۔

(۴) ابوبکر صدیق جب شرف اسلام سے بہرہ یاب ہوئے ہیں۔ تو ان کے پاس چالیس ہزار دینار تھے جو انھوں نے کپڑے کی تجارت سے حاصل کیے تھے لیکن جب ہجرت مدینہ کے موقع پر گھر سے نکلے تو صرف پانچ ہزار باقی رہ گئے تھے۔ یہ سارا زر و مال انھوں نے غریب نومسلموں کی مہمانی اور اُن کی اعانت اور مسلمان غلاموں کو خرید کر آزاد کرنے میں صرف کیا۔

(۵) لکھا ہے کہ ابوبکر صدیق نے وہ سات غلام خرید کر آزاد کیے جن کو صرف اظہار اسلام کے جُرم میں اُن کے مالک کفار طرح طرح کے جانکاہ عذاب پہونچاتے تھے (۶) ایک دفعہ پیغمبر صاحب نے صحابیوں کو راہ خدا میں خیرات دینے کی رغبت دلائی حضرت عمر کہتے ہیں حُسن اتفاق سے اِس موقع پر میرے پاس بہت سا مال تھا اور میں ہمیشہ اس بات پر حریص تھا کہ کسی طرح ایک دفعہ تو ابوبکر صدیق پر سبقت لے جاؤں اِس وقت میں نے اپنے دل میں کہا کہ اگر آج میں ابوبکر پر سبقت لے گیا تو سمجھوں گا کہ پھر بھی کسی اور موقع پر سبقت لے جا سکوں گا۔ چنانچہ میں نے اپنے سارے مال کے دو حصے کیے ایک حصہ گھر چھوڑ آیا۔ اور ایک پیغمبر صاحب کی خدمت میں پیش کیا پیغمبر صاحب نے مجھ سے فرمایا کہ عمر! گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے ہو میں نے عرض کیا آدھا اتنے میں

ابوبکر صدیق نے اپنا سارا مال و متاع سمیٹ کر پیغمبر صاحب کی خدمت میں لا حاضر کیا - پیغمبر صاحب نے اُن سے دریافت کیا تو کہاں تو گھر والوں کے لیے بس خدا کا نام ہی نام چھوڑ آیا ہوں اس وقت مجھے یقین ہو گیا - کہ میں ابوبکر صدیق سے کسی بات میں کسی موقع پر بھی سبقت نہیں لے جا سکتا -

(۷) ابوبکر صدیق ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ ہجری روز سہ شنبہ کو جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کے دوسرے روز خلیفہ تسلیم کیے گئے اور تمام مہاجرین و انصار نے اُن کے ہاتھ پر بیعت کی - زمانہ خلافت میں اسلام کی جو خدمتیں ان سے ظہور میں آئیں اُن کا مختصر بیان یہ ہے کہ تختِ خلافت پر بیٹھتے ہی جس پہلے لشکر اُسامہ کو کوچ کر جانے کا حکم نافذ فرمایا - جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مرض وفات میں زید بن حارث کے بیٹے اُسامہ کو سات سو آدمیوں پر امیر مقرر کر کے روم کی طرف روانہ کیا تھا لیکن جب یہ لشکر موضع ذی خشب میں پہونچا تو پیغمبر صاحب کا انتقال ہو گیا - اس خبر کے مشہور ہوتے ہی مدینے کے آس پاس کے بہت سے عرب مرتد ہو گئے - اس پر دانشمندانِ صحابہ نے ایک مجلس شوریٰ قائم کر کے اس رائے پر اتفاق کیا کہ لشکر اُسامہ کو جو روم پر چڑھائی کرنے کی غرض سے بھیجا گیا ہے واپس بُلا لیا جائے تاکہ مرتدین عرب کے مقابلہ کرنے پر فوج کے جمع کرنے کی ضرورت نہ رہے مگر ابوبکر نے اس رائے کی بڑی زور کے ساتھ مخالفت کی اور کہا خدا کی قسم اگر مدینے کے کتے ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پانوں گھسیٹ کر لے جائیں گے تو بھی میں اس لشکر کو واپس نہ بُلاؤں گا جس کو جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رُومیوں پر چڑھائی کرنے کے لیے روانہ فرمایا ہے الغرض لشکر اُسامہ روم کی طرف متوجہ ہوا اور حضرت ابوبکر صدیق کی اس مخالفت سے کا یہ نتیجہ نکلا کہ جو لوگ دینِ اسلام سے مرتد ہونا چاہتے تھے وہ بایں وجہ ثابت قدم رہے کہ اگر مسلمانوں میں فوجی قوۃ نہ ہوتی تو اس نازک اور خطرناک موقع پر روم کی چڑھائی ضرور ملتوی کر دی جاتی - پس معلوم ہوتا ہے کہ اُن کی فوجی قوۃ بہت بڑھی ہوئی تھی اُدھر اُسامہ نہایت تیزی کے ساتھ روم پر حملہ آور ہوئے اور چند ہی روز میں فتحیاب ہو کر واپس آ گئے اس سے اُن لوگوں کے حوصلے بالکل ہی پست ہو گئے جو پیغمبر صاحب کی وفات کے بعد مدینے میں شورشِ عام پھیلانے کی غرض سے مرتد ہوا چاہتے تھے -

(۸) جو قبائل عرب اسلام سے مرتد ہو گئے تھے یا جنھوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا تھا - ابوبکر صدیق نے اُن پر فوج کشی کا حکم فرمایا - عمر فاروق نے کہا بھی کہ امیر المومنین! برائے خدا اس قدر جلدی نہ کیجیے اور جہاں تک بن سکے لطف و نرمی سے کام لیجیے مگر ابوبکر صدیق نے ایک نہایت مستقل اور تجربہ کار بہادر کے ٹھنڈے میں آ کر صاف کہہ دیا کہ اگر لوگ ایک رسی بھی جو پیغمبر صاحب کے زمانے میں دیتے تھے اب دینے سے انکار کریں گے میں اُن سے ضرور جہاد کروں گا - اور اگر اس بارے میں مسلمان میرا ساتھ نہ دیں گے تو میں تنہا راہِ خدا میں لڑوں گا - یہ فرما کر خود مسلح ہوئے اور مہاجرین و انصار کے لشکر کو ساتھ لے مدینے سے باہر نکل آئے مگر جب موضع نقعا میں جو نجد کے محاذی واقع ہے پہونچے تو عمر فاروق اور علی مرتضیٰ سمجھا بجھا کر آپ کو مدینے واپس لے آئے اور خالد بن الولید کو سالار لشکر بنا کر مرتدین کے مقابلے کو روانہ کیا - خالد بن الولید نے سب سے پہلے بنی اسد اور غطفان پر حملہ کر کے بہتوں کو قتل - اور بہتوں کو قید کر لیا اور باقی لوگ اسلام کی طرف لوٹ آئے -

(۹) پھر یمامہ پر فوج کشی کی اور ۱۲ھ ہجری کے آخری مہینے میں مسیلمہ کذاب سے جس نے جھوٹ دعوے نبوت کیا تھا مقابلہ ہوا دونوں فوجیں صف آرا ہوئیں اور کئی روز تک دونوں طرف سے ہر ایک کو جواب ترکی بہ ترکی ملتا رہا آخر کار مسیلمہ قتلہ ہند ہو گیا -

اور خالد بن الولید کو چند روز تک محاصرے کی زحمت اُٹھانی پڑی - لیکن بعد کو وحشی قاتلِ حمزہؓ نے مُسیلمہ کو قتل کر ڈالا - اور یمامہ فتح ہوگیا (۱۰) ۱۲ھ ہجری کے آغاز میں ابوبکر صدیق نے علاء بن الحضرمی کو بحرین کی طرف اور عکرمہ بن ابی جہل کو عمان کی طرف روانہ کیا - اِن دونوں موضعوں کے بہت سے لوگ مرتد ہوگئے تھے جو آخر کار اپنے بیجا اصرار کی وجہ سے قتل کر دیئے گئے (۱۱) پھر اسی برس میں مہاجر بن اُمیہ کو اہلِ یُحبر کی طرف اور زیاد بن لبید انصاری کو ایک اَور مرتد گروہ پر فوج کشی کا حکم فرمایا (۱۲) المختصر جب ابوبکر صدیق مرتدین کے قلع و قمع سے فارغ ہوئے تو خالد بن الولید کو ایک نہایت جرّار فوج کا سپہ سالار بنا کر مُلکِ بصرہ کی جانب بھیجا اِنھوں نے اُبلّہ کو فتح کیا - اور عراق میں جس قدر کسریٰ کے شہر تھے سب کو یکے بعد دیگرے اسلامی فتوحات میں شامل کر دیا (۱۳) اسی برس ابوبکر صدیق حج کو تشریف لے گئے واپس آئے تو عمرو بن العاص کی سرکردگی میں ایک عظیم الشان لشکر ملکِ شام کی طرف روانہ فرمایا اور جمادی الاولیٰ ۱۳ھ میں اَجنادین کا واقعہ پیش آیا اور مُسلمانوں کی فتح و نصرت کے جھنڈے تمام ملکِ شام میں گڑ گئے - اسی برس ۲۲ جمادی الاُخریٰ سہ شنبہ کی رات کو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دو سال تین مہینے خلافت کر کے ۶۳ برس کی عمر میں انتقال فرمایا -

(۱۴) ابو حفص عمر بن الخطاب

اِن کا نام عمر - کُنیت ابوحفص - لقب فاروق - یہ بھی قریشی ہیں - اور شجرۂ نسب جو اُوپر ہم دکھا آئے ہیں ظاہر ہوتا ہے کہ اِن کا سلسلۂ نسب آٹھ واسطوں سے جناب پیغمبرِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نسب سے جا ملتا ہے +

اِن کے مفاخر و خدمات کتبِ احادیث و سیر میں اِتنے بہت ہیں - جن کے جمع کرنے کے لیے ایک مُستقل کتاب کی ضرورت ہے اور اگر حیاتِ مُستعار باقی ہے تو اس طرح کی ایک کتاب جمع کی بھی جائے گی بلکہ جمع کرنی شروع کر دی گئی ہے خدا وقت میں برکت اور دماغ میں قوّہ بخشے تو اِس کا جمع ہونا اور جمع ہو کر طبع ہونا اور طبع ہو کر شائع ہونا کوئی بڑی بات نہیں

عُمرِ فاروق کے مفاخر

(۱) عمرِ فاروق کے مفاخر میں صرف اِتنا کہنا بس کرتا ہے کہ خدائے تعالیٰ نے اِن کی وجہ سے دین کی تائید کی اور اِن کے حق میں اپنے پیغمبر کی دُعا قبول فرمائی (۲) اِن کی یہ منقبت اور خصوصیت سب سے اعلےٰ اور اَرفع اور اہم ہے - کہ یہ مُلہَم بالصواب تھے اور اِن کے دل میں حق ڈالا جاتا تھا اور اِن کی رائے وحی اور کتاب اللہ کے مطابق واقع ہوتی تھی (۳) جناب پیغمبرِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر بن الخطاب ہوتے (۴) اور یہ بھی فرمایا کہ لوگو! جو اُمتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں اُن میں ایسے بھی لوگ ہوا کرتے تھے جن کو خدا کی طرف سے الہام ہوا کرتا تھا اگر میری اُمّت میں بھی کوئی ایسا شخص ہوگا تو وہ عمرؓ ہوں گے (۵) اور یہ بھی فرمایا کہ خدا نے حق کو عمرؓ کے دل و زبان پر جاری کر دیا ہے (۶) اور یہ بھی فرمایا کہ عمر سے بہتر شخص پر آفتاب طلوع نہیں ہوا (۷) اور فرمایا کہ عمر! تم سے شیطان ڈرتا ہے (۸) اور یہ بھی فرمایا کہ میں شیاطینِ اِنس و جان کو دیکھتا ہوں

کہ وہ عمر سے بھاگتے پھرتے ہیں (۹) اور یہ بھی فرمایا کہ یہ شخص (عمر بن الخطاب) میری اُمت میں بلند ترین مرتبہ ہوگا جنت میں (۱۰) اور فرمایا کہ عمر اہلِ جنت کے چراغ ہیں (۱۱) اور فرمایا کہ خدائے تعالیٰ اہلِ عرفہ کے ساتھ عموماً اور عمر فاروق کے ساتھ خصوصاً فخر کرتا ہے (۱۲) اور فرمایا کہ میرے بعد حق عمر کے ساتھ ہوگا جہاں کہیں بھی وہ ہوں گے (۱۳) عمر فاروق پیغمبر صاحب کے دعوے نبوت کے چھٹے برس مشرف باسلام ہوئے۔ قبولِ اسلام سے کچھ دنوں پہلے پیغمبر صاحب نے ان کے حق میں بایں الفاظ دعا کی تھی اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِاَحَبِّ ھٰذَیْنِ الرَّجُلَیْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَوْ بِاَبِیْ جَھْلِ بْنِ ھِشَامٍ یعنی خداوندا! ان دونوں شخصوں عمر بن الخطاب اور ابوجہل بن ہشام میں سے جو تجھے محبوب ہو اُس کے مُسلمان ہونے کی وجہ سے اسلام کو غلبہ عنایت فرما۔ خدائے تعالیٰ نے پیغمبر صاحب کی دُعا عمر بن الخطاب کے حق میں قبول فرمائی۔ اور انھیں راہِ راست کے قبول کرنے کی توفیق عنایت کی

عُمرِ فاروق کی اسلامی خدمات

(۱) عمر فاروق کے خلوص اور اسلامی خدمات کی قدر و وقعت کی جناب میں یہاں تک تھی کہ اُن کی رائے اُن کی تجویز اُن کی قرارداد کی تائید میں جناب پیغمبرِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل ہوا جس سے اُس زمانے کے لوگوں کو صاف معلوم ہو گیا تھا کہ عمر فاروق کی اکثر رائیں مصیب ہوتی ہیں۔ عمر فاروق کی رائے ہوئی کہ خانۂ کعبہ کے طواف سے فارغ ہونے کے بعد دو رکعت تحیۃ الطواف مقامِ ابراہیم کے پیچھے پڑھنی چاہیئے۔ نہ تمام حرم میں اور نہ تمام عرفات میں اور اس بارے میں جناب پیغمبرِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰھٖمَ مُصَلًّی۔ اس پر آیہ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰھٖمَ مُصَلًّی نازل ہوئی۔ پھر اُمہات المؤمنین کے بارے میں عمر فاروق کی رائے ہوئی کہ ان کو پردے میں بیٹھنا چاہیئے اور جناب پیغمبر صاحب سے عرض کیا کہ آپ کے پاس نیک و بد سب ہی طرح کے لوگ آتے ہیں اگر آپ اُمہات المؤمنین کو پردے میں رہنے کا حکم فرمائیں تو بہت بہتر ہو خدائے تعالیٰ نے آیہ حجاب یعنی آیہ وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاھِلِیَّۃِ الْاُوْلٰی نازل فرمائی۔ بدر کے قیدیوں میں جب پیغمبر صاحب نے اصحاب سے مشورہ کیا کہ ان کو کیا کیا جائے تو بعضے لوگوں نے اس وجہ سے کہ قیدی مُسلمانوں کے رشتے ناطے کے تھے۔ یہ رائے دی کہ تاوان لے کر چھوڑ دیا جائے مگر حضرت عمر فاروق کی رائے تھی کہ یہ لوگ مُسلمانوں کے جانی دشمن ہیں رہائی پاکر پھر فساد کریں گے ان کا قتل کر دینا ہی مناسب ہے خدائے تعالیٰ

سلہ اور (پیغمبر کی بیبیو!) اپنے گھروں میں جمی بیٹھی رہو اور اگلے زمانۂ جاہلیت کے (سے) بناؤ سنگھار دکھاتی نہ پھرو ا

ف پیغمبر صاحب کے عہد میں مدینے کی ایسی حالت تھی جیسے ہماری یہاں دیہات کی۔ گھروں میں بیت الخلا نہیں تھے۔ شریف زادیاں قضائے حاجت کے لیے جُٹ پُٹے کا وقت دیکھ کر آبادی کے باہر چلی جاتی تھیں اور بدوضع لوگ کسی کو آتے جاتے دیکھ پاتے تو اُس کو چھیڑ بیٹھتے اور اُن کو لاّنا دیا جاتا تو جواب دیتے کہ ہم نے لونڈی سمجھا تھا اس طرح کی چھیڑ چھاڑ کی انسداد کے لیے شروع میں یہ حکم دیا گیا کہ شریف زادیاں گھونگٹ نکال کر آیا جایا کریں پھر تو اسلامی ترقی کے ساتھ مدینہ بڑا شہر ہو گیا۔ لوگوں نے گھروں میں بیت الخلا بنا لیے اور مستورات کو قضائے حاجت کے لیے بستی کے باہر جانے کی ضرورت باقی نہیں رہی ۱۲

مہربان علی ۱۹۰۷ء

نے اِن کی رائے کے موافق آیہ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ نازل فرمائی - جنگِ بدر میں جاتے وقت پیغمبر صاحب نے اپنے اصحاب سے مشورہ کیا کہ حملہ آور مخالفوں سے مدینے میں رہ کر لڑنا چاہیے یا مدینے کے باہر نکل کر عمرِ فاروق کی رائے تھی کہ مدینے کے باہر نکل کر لڑنا چاہیے اِن ہی کی رائے کے مطابق خدائے تعالیٰ نے آیہ

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝ (انفال ۱۶)

اولاً پیغمبر مالِ غنیمت کے بارے میں ان لوگوں کو اسی طرح کی غلطی واقع ہوئی ہو) جیسے (جنگِ بدر کے وقت واقع ہوئی تھی) کہ تمھارے پروردگار نے (لڑائی کے دو پہلوؤں میں سے) صحیح پہلو اختیار کر کے تم کو گھر سے نکلنے پر آمادہ کیا اور مسلمانوں کا ایک گروہ (تمھارے نکل کھڑے ہونے سے اُس وقت بھی) ناخوش تھا ف

ف۵۲ نبی جب تک ملک میں (کافروں کو) اچھی طرح مار دھاڑ نہ لے اُس کے آس پاس قیدیوں (کی پھیر) کا رہنا مناسب نہیں (مسلمانو) تم تو مال (یعنی دنیا کے خواہاں ہو اور اللہ (تم کو) آخرت (کی نعمتیں دینی) چاہتا ہے اور اللہ زبردست (اور) باتدبیر ہے ف

ف بدر کی لڑائی میں دشمنوں کے ستر آدمی گرفتار ہو آئے تھے اور یہ لوگ مسلمانوں کے رشتے ناطے کے تھے مسلمانوں میں سلطنت کا اسلوب کچھ بیٹھا نہ تھا کہ اِن قیدیوں کا معاملہ پیش آیا - پیغمبر صاحب نے اصحاب سے مشورہ کیا کہ اِن قیدیوں کو کیا کیا جائے - بعض نے رائے دی کہ تاوان لے کر چھوڑ دیا جائے عجب نہیں یہ لوگ رفتہ رفتہ اسلام کی خوبیوں کو سمجھ کر مسلمان ہو جائیں - اور چونکہ پیغمبر صاحب نہایت درجے کے رحم دل تھے اُنھوں نے بھی اِن ہی لوگوں کے ساتھ اتفاق کیا اور تاوان لے کر قیدیوں کو چھوڑ دیا - لیکن بعض اصحاب کی یہ رائے تھی کہ یہ لوگ مسلمانوں کے جانی دشمن ہیں رہائی پا کر پھر فساد کریں گے اب ہمارے بس میں ہیں ان کا قتل کر دینا مناسب ہے خدائے تعالیٰ نے مصلحتِ وقت کے اعتبار سے اسی رائے کی تصویب فرمائی مگر جو کچھ ہونا تھا ہو چکا تھا اس سے اتنا ہوا کہ مسلمانوں کو اپنی غلطی پر تنبیہ ہو گیا ظاہر میں یہ احکام سخت معلوم ہوتے ہیں لیکن جب تک آدمی لڑائی میں خود موجود نہ ہو وہ دشمنوں کی عداوت کا اندازہ کر نہیں سکتا اور نہ مصلحتِ وقت کو سمجھ سکتا ہے بے شک ستر آدمیوں کی جان کا بچا دینا ظاہر میں مقتضائے رحم ہے لیکن یہ ستر مفسد شاید ستر ہزار آدمی کا خون کرا دیتے غرض یہ احکام اسی قسم کے ہیں جو انگریزوں میں مارشل لا یعنی فوجی قانون کہلاتے ہیں اور اُن کی مصلحتوں کو حکام فوج ہی خوب سمجھتے ہیں ۱۲

ف اِس آیت میں جنگِ بدر کے قصے کی طرف اشارہ ہے اِس کا مختصر حال یہ ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کفارِ مکہ کی ایذا دہی سے عاجز آ کر مدینے تشریف لے آئے تھے اور مسلمانوں میں سے بھی جس جس کو موقع ملتا تھا مدینے چلا آتا تھا لیکن کفارِ مکہ اِس پر بھی مسلمانوں کو چین سے نہیں بیٹھنے دیتے تھے اور بگاڑ کی بنیاد پڑ گئی تھی اِتنے میں پیغمبر صاحب کو معلوم ہوا کہ کفارِ قریش کا قافلہ شام سے مالِ تجارت لے کر مکے کو جا رہا ہے پیغمبر صاحب نے سوچا کہ آئندہ کے تحفظ کے لیے مسلمانوں کی فوجی قوت اور اُن کی جرأت دکھانے کا یہ اچھا موقع ہے - آپ قافلے پر حملہ کرنے کے ارادے سے مسلمانوں کو لے کر نکلے اُدھر اہلِ مکہ کو اپنے قافلے کی اور مسلمانوں کے ارادے کی خبر لگی تو ابوجہل بڑا لشکر جمع کر کے قافلے کی مدد کو چلا - قافلے والوں نے دریا کنارے کا رستہ اختیار کیا اور مسلمانوں کی زد سے بچ گئے مگر ابوجہل مقامِ بدر تک چڑھا چلا آیا تو مسلمانوں میں اختلاف ہوا بعض نے کہا ہم قافلے پر حملہ کرنے کی غرض سے آئے تھے اُن ہی کا تعاقب کرنا چاہیے اور پیغمبر صاحب کو یہ منظور ہوا کہ دشمن چھاتی پر چڑھا چلا آ رہا ہے اِس کا دفع کرنا ضرور ہے آخر پیغمبر صاحب کے سمجھانے بجھانے سے ابوجہل کے ساتھ لڑائی ٹھن گئی - اور باوجودیکہ مسلمان تھوڑے اور بے سامان تھے خدا نے اُن کو کافروں پر فتح بھی دی ۱۲

۲ ہے آخر پیغمبر صاحب کے سمجھانے بجھانے سے ابوجہل کے ساتھ لڑائی ٹھن گئی - اور باوجودیکہ مسلمان تھوڑے اور بے سامان تھے خدا نے اُن کو کافروں پر فتح بھی دی ۱۲

نازل کی تحریم خمر کے بارے میں حضرت عمر نے جناب الٰہی میں اس طرح دعا کی اَللّٰھُمَّ بَیِّنْ لَنَا فِی الْخَمْرِ بَیَانًا شَافِیًا۔ یعنی خداوندا شراب کے بارے میں ہمارے لیے صاف صاف بیان فرمادے اس پر آیۂ تحریم خمر یعنی

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝ (المائدہ)

مسلمانو! شراب اور جوا اور بت اور پاسے (ان میں کا ہر ایک کام) تو بس ناپاک شیطانی کام ہی تو اس سے بچتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ شیطان تو بس یہی چاہتا ہی کہ شراب اور جوئے کی وجہ سے تمہارے آپس میں دشمنی اور بغض ڈلوادے اور تم کو یاد الٰہی سے اور نماز سے باز رکھے تو کیا (ان باتوں سے) باز آؤ گے (یا نہیں)

نازل ہوئی۔ جب رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبَیّ مَرا تو اُس کے بیٹے نے جو مخلص مسلمان اور اسلام و پیغمبر اسلام کا بہی خواہ تھا پیغمبر صاحب کو ابن اُبَیّ کے جنازے کی نماز پڑھنے کے لیے بُلایا۔ پیغمبر صاحب تشریف لے گئے اور نماز جنازہ پڑھنے کے ارادے سے کھڑے ہوئے تو عمر فاروق نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ دشمن خدا ابن اُبَیّ کے جنازے پر نماز پڑھتے ہیں۔ جو آپ کی شان میں پرلے درجے کا گستاخ تھا۔ پیغمبر صاحب نماز کے لیے آگے بڑھتے جاتے اور عمر فاروق پیچھے پیچھے یہی کہتے جاتے تھے یہاں تک کہ آیۂ

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ ط (التوبہ ع ۱۱)

اور (اے پیغمبر) اگر ان (منافقوں) میں سے کوئی مرجائے تو تم ہرگز اُس (کے جنازے) پر نماز نہ پڑھنا اور نہ اُس کی قبر پر (جاکر) کھڑے ہونا ف۱

نازل ہوئی اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ کے قصۂ افک میں جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اصحاب سے مشورہ کیا۔ تو عمر فاروق نے کہا یا رسول اللہ عائشہ رض کو آپ کے نکاح میں دیا کس نے ہی۔ فرمایا خدا نے عمر فاروق نے کہا تو کیا آپ کا یہ خیال ہی کہ آپ کے خدا نے اُن کے عیب آپ سے مخفی رکھے سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِیْمٌ عمر فاروق کی رائے کے مطابق آیۂ نور سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِیْمٌ نازل ہوئی الغرض ایسے ایسے اکیس موقعوں پر عمر فاروق کی تجویز و رائے کے مطابق جناب پیغمبر صاحب پر قرآن نازل ہوا ہم نے کتاب کے بڑھ جانے کے خوف سے صرف ان ہی چند موافقات کو ذکر کیا ہی۔ اور باقی موافقات سیوطی کی تاریخ الخلفاء میں مذکور ہیں من شاء التفصیل فلیرجع الیہ۔

ف۱ صحیح حدیثوں میں آیا ہی کہ عبداللہ بن اُبَیّ ایک منافق تھا وہ مَرا تو اُس کے بیٹے نے جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ آپ اس کے جنازے کی نماز پڑھا دیجئے پیغمبر صاحب راضی ہوگئے اور جنازے کی نماز پڑھانے کو کھڑے ہوگئے۔ عبداللہ تھا کٹا منافق اور اسلام کا بڑا سخت دشمن اور اس سے پیغمبر صاحب اور مسلمانوں کو بڑی بڑی سخت تکلیفیں پہنچی تھیں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پیغمبر صاحب کو نماز پڑھانے سے روکا اور آیۂ استغفر لھم او لا تستغفر لھم الخ یاد دلائی پیغمبر صاحب نے فرمایا خدا نے ستر بار کے لیے فرمایا ہی کہ میں منافقوں کے حق میں یہاں تک تمہاری دعا نہیں سنوں گا تو میں ستر بار سے زیادہ دعا کروں گا شاید قبول ہو یہ فرما کر عبداللہ کے جنازے کی نماز پڑھائی بلکہ اُس کے کفن کے لیے اپنے پہننے کا ایک کرتہ بھی عنایت فرمایا نماز پڑھا چکے تھے کہ آیۂ ولا تصل علی احد منہم الخ نازل ہوئی پیغمبر صاحب کے

(۱) عمر فاروق جس روز سے اسلام میں داخل ہوئے اسلام نے دن دُونی رات چوگنی ترقی کرنی شروع کی۔ اب تک جو شخص اسلام لاتا تھا اُسے مخالفوں کے ڈر سے اپنا اسلام چھپانا پڑتا تھا۔ عمر فاروق نے ایک منٹ کے لیے بھی اسلام کا چھپانا اپنے لیے پسند نہیں کیا۔ بلکہ قبولِ اسلام کے بعد ہی مخالفوں پر اپنے اسلام کو ظاہر کر دیا۔ اور مخالفوں کی ایذا اور تکلیف دہی کی ذرہ بھر پروا نہ کی۔ اب پیغمبر صاحب بھی علانیہ اور کھلم کھلا اسلام کی منادی کرنے لگے اور مسلمان بھی جو خانہ کعبہ میں گھسنے نہیں پاتے تھے۔ آزادی کے ساتھ نمازیں پڑھنے اور طوافِ کعبہ کرنے لگے۔ اور تھوڑی دُور آگے چل کر تو اُن کو اتنی جرأت ہو گئی کہ جو اُن پر بے جا سختی کرتا اُس سے انتقام لینے کے درپے ہوتے۔ عبداللہ بن مسعودؓ کا بیان ہے کہ واللہ عمر فاروق کا اسلام ہمارے حق میں فتح اور اُن کی ہجرت ہمارے لیے مدد اور اُن کی خلافت ہمارے لیے رحمت تھی۔ ہم کو یہ بات کبھی فراموش نہ ہوگی کہ ابتدا اسلام میں ہم لوگ خانہ کعبہ میں تو کجا اُس کے آس پاس بھی نماز نہیں پڑھ سکتے تھے۔ لیکن جب عمر فاروق مشرف باسلام ہوئے اور اُنھوں نے مخالفوں کو بڑی دلیری کے ساتھ ترکی بہ ترکی جواب دینا اور لڑنا جھگڑنا شروع کیا تو مشرکینِ مکہ نے ہمیں تکلیف پہنچانے سے ہاتھ اُٹھا لیا اور ہم آزادی کے ساتھ خانہ کعبہ میں نماز پڑھنے لگے۔

(۲) پیغمبر صاحب کے مدینے تشریف لے جانے سے کچھ پہلے آپ کی اجازت سے عمر فاروق نے مع چند مسلمانوں کے ترکِ وطن کا ارادہ کیا۔ کعبے سے چلتے وقت گلے میں تلوار لٹکائی۔ کمان کے چلّے چڑھائے اور ہاتھ میں تیروں کا مٹھا لیے خانہ کعبہ میں آئے یہاں اس وقت بہت سے رؤسا قریش جمع تھے۔ عمر فاروق نے پہلے خانہ کعبہ کا طواف کیا۔ دو رکعت نماز پڑھی۔ پھر روسا قریش کے حلقوں پر جُدا جُدا گزر کر فرمایا۔ شَاهَتِ الْوُجُوهُ۔ بھاگے سے مُونہ۔ تم میں سے جس کسی کو اس بات کی تمنا ہو کہ اُس کی ماں اُس پر ماتم کرے۔ اُس کے بچے یتیم ہوں۔ اُس کی جورو رانڈ رہ جائے اُس کو چاہیئے کہ مکے کی چار دیواری سے باہر نکل کر میرے سامنے آئے عمر فاروقؓ نے یہ اس لیے فرمایا کہ حرم کے اندر کشت وخون اور لڑائی جھگڑا کرنا ممنوع اور دابِ کعبہ کے خلاف تھا) اور مجھے ہجرت سے روک دے روسا قریش میں سے کسی بہادر کو بھی اتنی جرأت و ہمت نہیں ہوئی کہ عمر فاروق کو اس کا جواب دیتا یا اُن کا پیچھا کرتا۔ عمر فاروق نہایت آزادی و دلیری کے ساتھ ہتیار لگائے ہوئے مکے سے باہر نکل مدینے تشریف لے گئے۔

(۳) مدینے پہونچ کر بھی عمر فاروق اسلام کی حمایت میں وہی گرمجوشی اور مستعدی دکھلاتے رہے جو مکے میں مخالفوں کے مقابلے میں وقتاً فوقتاً آپ سے ظاہر ہوتی رہی یہاں تک کہ پیغمبر صاحب کے تمام غزوات میں آپ کی خدمت میں حاضر رہے۔ اور جنگِ

طریقِ عمل سے یہ نہ سمجھ لینا کہ وہ ستر کے محاورے سے واقف نہ تھے بلکہ بات یہ ہے کہ پیغمبر صاحب سرتاسر رافت و رحمت تھے وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اور گزرا اور شفقت اُن کی جبلت اور اُدھر خدا کے عفو و رحم سے اُن کو بڑی بڑی توقعات تھیں پیغمبر صاحب کی طبیعت نے ستر کے لفظ کا ایک حیلہ نہایا اور اپنا رحمۃ للعالمین ہونا ثابت کر دکھایا ؎ یارب تو کریمی و رسولِ تو کریم ؎ صد شکر کہ ہستیم میانِ دو کریم ؎ اور وہ جو عبداللہ کے کفن کے لیے کُرتہ عنایت کیا تھا اُس کا باعث یہ ہے کہ وہ حقیقت میں عبداللہ کے ایک احسان کا معاوضہ تھا کہ حضرت کے چچا عباسؓ مسلمان ہوئے تو فی الوقت اُن کے کپڑے بدلوانے پڑے وہ آدمی تھے قد آور جسیم و شحیم اور عبداللہ کے کُرتے سے سوا اور کسی مسلمان کا کُرتہ اُن کے بدن میں نہ آیا۔ اللہ اللہ کیسی غیر طبیعت واقع ہوئی تھی کہ ایک کُرتے کے احسان کو بھی اُتار کر رہے یہ ہیں وہ باتیں جو پیغمبر صاحب کے ساتھ ہماری عقیدت کو بڑھاتی ہیں ۱۲

اُحد کے موقع پر جب کہ تمام صحابی منتشر ہو گئے تھے عمر فاروق پیغمبر صاحب سے ایک لمحہ کے لیے بھی جُدا نہیں ہوئے۔ اور کفارِ قریش کو اپنی آبدار تیغ کے جوہر برابر دکھاتے رہے۔

(۴) یہ بالکل سچ ہے کہ عمر فاروق نے اسلام کو جس قدر ترقی دی اُس کی نظیر ہمیں کہیں ڈھونڈے نہیں ملتی۔ اور غالباً اسی ترقی اسلام میں کوشش اور مستعدی ظاہر کرنے کی وجہ سے جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اِن کے حق میں فرمایا لَوْ كَانَ بَعْدِيْ نَبِيٌّ لَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ۔ عمر فاروق نے اسلامی مقاصد کی اشاعت میں کوشش کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا اور ہر جس پہلو پر پڑا اُنھیں رواج دیا۔ مسلمانوں کی اعانت و امداد میں مال انھوں نے خرچ کیا۔ اُن کو جسم و جان سے مدد انھوں نے پہنچائی یہاں تک کہ اُن کی حفاظت میں جان تک کی بھی پروا نہیں کی۔ اور زمانہ خلافت میں تو سبحان اللہ اِن کی کوششوں سے اسلام ترقی کے وُھرزے پر چڑھ گیا اور اُسے وہ عُروج حاصل ہوا جو نہ اب تک ہوا تھا نہ آیندہ ہوا۔ حذیفہ جو ایک عمر اور جلیل القدر صحابی ہیں اور جنھوں نے پیغمبر صاحب کا اور پیغمبر صاحب کے بعد ابوبکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کا زمانہ دیکھا ہے فرماتے ہیں کہ جب سے عمر فاروق اسلام میں داخل ہوئے اسلام اقبالمند آدمی کی طرح یوماً فیوماً اور وقتاً فوقتاً اور آناً فاناً لوگوں کے قریب ہوتا اور ترقی کرتا رہا لیکن اُن کے شہید ہوئے پیچھے اسلام اُس بدنصیب آدمی کے مانند ہو گیا جو روز بروز لوگوں سے دور ہوتا اور تعزتنزل میں گرتا چلا جاتا ہے۔ حذیفہ کے اِس بیان کی اُس حدیث سے پُوری طرح تائید ہوتی ہے جو طبرانی نے اُبی بن کعب سے بسند رفع روایت کی ہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِيْ جِبْرِيْلُ لِيَبْكِ الْاِسْلَامُ عَلٰى مَوْتِ عُمَرَ یعنی جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ سے جبرئیل نے کہا عمر کی موت پر اسلام کو رونا چاہیے۔

(۵) عمر فاروق کی اسلامی خدمتوں میں ایک بڑی اہم اور عظیم الشان خدمت یہ ہے کہ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جب مہاجرین و انصار میں ابوبکر صدیق کی خلافت میں اختلاف واقع ہوا اور انصار کے سرداروں نے اِس رائے پر بڑی سختی کے ساتھ زور دیا کہ صرف تنہا ابوبکر صدیق کو مستقل خلیفہ بنانا ضرور نہیں۔ بلکہ ایک امیر انصار میں سے اور ایک مہاجرین میں سے منتخب کر کے دونوں کو حاکم اور خلیفہ تسلیم کیا جائے۔ اِس اختلاف و نزاع نے یہاں تک طول کھینچا کہ دونوں گروہ کشت و خون کرنے پر آمادہ ہو گئے۔ سچ پوچھیے تو عمر فاروق نے بہت بڑا کام کیا کہ بھرے مجمع میں سب سے پہلے خود ابوبکر صدیق کے ہاتھ پر بیعت کی۔ ابوبکر صدیق کہتے بھی رہے يَا عُمَرُ ابْسُطْ يَدَكَ لِأُبَايِعَكَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ اَنْتَ اَفْضَلُ مِنِّيْ فَقَالَ لَهُ اَبُوْبَكْرٍ اَنْتَ اَقْوٰى مِنِّيْ[1] مگر عمر فاروق نے ایک نہ سُنی اور فوراً بیعت کر لی یعنی ابوبکر صدیق کو خلیفہ تسلیم کر لیا۔ اِن کا بیعت کرنا تھا کہ تمام مُہاجرین بیعت کے لیے کھڑے ہو گئے اور اب انصار کو بھی ابوبکر صدیق کی بیعت سے مَفَر نہیں رہا۔ اس طرح عمر فاروق نے مسلمانوں کو جان و مال کے نقصانات سے بچا لیا۔

(۶) اسلام کی ایک اور عظیم الشان خدمت جو عمر فاروق سے ظہور میں آئی قرآن کی جمع و تالیف ہے قرآن کی جمع و تالیف اگرچہ ابوبکر صدیق کے حکم سے ہوئی اور اُن ہی کے دورِ خلافت میں ہوئی اور اسی وجہ سے اہل سیر نے اِس خدمت کو ابوبکر صدیق کی طرف منسوب کیا ہے مگر چونکہ اِس خدمت کی ابتدائی تحریک عمر فاروق سے سرزد ہوئی اور وہی قرآن کی جمع و تالیف کے باعث و محرک تھے اس لیے ہم اِس خدمت کو عمر فاروق ہی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے انتقال

[1] عمر! ہاتھ پھیلا کہ میں تم سے بیعت کروں۔ عمر فاروق نے فرمایا کہ (ابوبکر!) تم مجھ سے افضل ہو (ابوبکر نے کہا عمر!) تم مجھ سے بہ حکم قوت رکھتے ہو۔۱۲

کے بعد ابوبکر صدیق نے اپنی خلافت کے پہلے برس یعنی ۱۱ھ ہجری کے اخیر میں خالد بن الولید کو لشکرِ اسلام کا سپہ سالار مقرر کر کے مسیلمۃ الکذاب سے جس نے جھوٹ دعوئ نبوت کیا تھا مقابلہ کرنے کے لیے یمامہ کی طرف روانہ کیا۔ دونوں فوجیں صف آرا ہوئیں اور مسیلمہ چند روز محصور رہنے کے بعد وحشی کے ہاتھ سے مارا گیا۔ مگر اس لڑائی میں مسلمانوں کو بہت نقصان پہونچا۔ سات سو صحابی تو وہ شہید ہوئے جو حافظِ قرآن تھے اور جو قرّاء کے نام سے مشہور تھے۔ لشکرِ اسلام مدینے واپس آیا تو عمر فاروق ابوبکر صدیق کے پاس گئے اور کہا امیر المؤمنین! یمامہ کی لڑائی میں پورے سات سو حافظِ قرآن شہید ہو گئے ہیں اور مجھے اندیشہ ہو کہ اگر چند اور معرکے اسی طرح کے پیش آ گئے تو قرآن کا بڑا حصہ ضائع ہو جائے گا مصلحت اس میں ہو کہ آپ قرآن کو ایک مصحف میں جمع کرنے کا حکم فرمائیں۔ تاکہ قرآن ہمیشہ کے لیے محفوظ ہو جائے۔ ابوبکر صدیق نے عمر فاروق کی یہ گفتگو سُن کر زید بن ثابت کو بُلایا جو ایک نہایت جلیل القدر صحابی اور کاتبِ وحی اور فرائض کے بہت بڑے عالم تھے۔ یہ آئے تو ابوبکر صدیق نے عمر فاروق کی تمام گفتگو ان سے دُوہرائی اور ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ جب عمر فاروق نے قرآن کی جمع و تالیف کی مجھ سے تحریک کی تو میں نے اُن کو جواب دیا کہ عمر! تم ایسی بات کی کیوں تحریک کرتے ہو جسے پیغمبر صاحب کسی مصلحتِ خاص کی وجہ سے عمل میں نہیں لائے اس پر عمر نے کہا وَاللّٰہِ ھٰذَا خَیْرٌ یعنی قسم خدا کی قرآن کی جمع و تالیف میں سراسر خیر یت ہی خیریت ہی۔ الغرض عمر فاروق مجھ سے اس بارے میں بہت کچھ گفت و شنید کرتے اور معقول جواب دیتے رہے یہاں تک کہ خدا نے میرا سینہ کھول دیا اور جو بات عمر فاروق نے پسند کی تھی مجھے بھی بہت ہی عمدہ اور نتیجہ خیز معلوم ہوئی۔ حقیقت میں اس وقت قرآن کے دائمی تحفظ کے لیے اس سے بہتر اور کوئی تدبیر ہی نہیں۔ کہ سارا قرآن ایک مصحف میں نقل کر دیا جائے۔ زید! تم نوجوان دانشمند ہو اور مدتوں جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی لکھتے رہے ہو اور یوں بھی سہو و غفلت کے سانحہ کبھی متہم نہیں ہوئے لہٰذا میں چاہتا ہوں کہ اس خدمت کو میری خاطر قبول کرو۔ اوّل قرآن کو تلاش کرو پھر جہاں پاؤ وہاں سے اخذ کر کے سب کو ایک جگہ جمع کر دو۔ زید بن ثابت کہتے ہیں کہ ابوبکر صدیق کا یہ تمہیدی بیان سُن کر میں تو حیرت میں رہ گیا۔ بہت سوچا کہ کیا جواب دوں مگر میں اُس وقت ایسا خالی الذہن تھا کہ کوئی بات سمجھ ہی میں نہیں آتی تھی خدا کی قسم اگر لوگ مجھے نقلِ جبال کی تکلیف دیتے تو وہ قرآن کی جمع و تالیف سے مجھ پر بہت آسان تھی۔ الغرض میں نے تھوڑے تأمل کے بعد اتنا تو عرض کیا کہ یا خلیفۃ رسول اللہ آپ وہ کام کیوں کرتے ہیں جو پیغمبر صاحب نے نہیں کیا ابوبکر صدیق نے جواب میں فرمایا ھُوَ وَاللّٰہِ خَیْرٌ

یہ بھی زید کا بیان ہو کہ ابوبکر صدیق بار بار اسی کی تحریک کرتے اور مجھے اُبھارتے رہے یہاں تک کہ میری حالت میں ایک فوری تغیّر پیدا ہو گیا یعنی خدا نے میرا سینہ ویسا ہی کھول دیا جیسا ابوبکر صدیق اور عمر فاروق کا کھولا تھا اور میں نے بھی قرآن کی جمع و تالیف میں وہ مصلحت دیکھی جو ان دونوں صاحبوں نے دیکھی تھی پس میں نے قرآن کو ڈھونڈنا اور کھجور کے پتّوں اور کتلوں اور جھلیوں سے نقل کر کے جمع کرنا شروع کیا۔ اور بڑی محنت اور جانکاہی سے ایک مصحف تیار کر کے ابوبکر صدیق کے حوالے کر دیا۔ اس سے پہلے قرآن مجید منتشر تھا کیونکہ اُن دنوں لکھنے پڑھنے کے دستور نے اچھی طرح رواج نہ پایا تھا اور پیغمبر صاحب خود لکھے پڑھے نہ تھے آپ کا قاعدہ تھا کہ جب وحی نازل ہوتی اور کوئی لکھا پڑھا صحابی موجود ہوتا۔ تو اُسے حکم فرماتے کہ اس کو قلمبند کر لو۔ اُس زمانے میں جب کتابت ہی کا رواج نہ تھا۔ تو سامانِ کتابت کہاں سے مہیا ہوتے۔ صحابی ویسے ہی بے سروسامانی کی حالت میں

کبھی کسی پتھر پر کبھی کسی جھلی پر کبھی ہڈیوں پر وحی قلمبند کر لیتے۔ حضرت ابوبکر صدیق نے سب سے پہلے منتشر قرآن کو ایک جگہ جمع کرایا عمر فاروق نے اپنے زمانہ خلافت میں جو کارنمایاں کیے کتب احادیث و سیر میں اس کثرت سے مذکور ہیں کہ اگر اُن میں سے فی صدی پانچ کا بھی انتخاب کیا جائے تو رسالۂ اجتہاد میں بالکل گنجایش نہ رہے صرف ایک فتوحات ہی کی اتنی لمبی فہرست ہو کہ اُس کے لیے کئی جزو چاہییں۔ لیکن مختصر یہ ہو کہ عمر فاروق ۲۲۔ جمادی الاُخری ۱۳ھ ہجری کو منگل کے روز تختِ خلافت پر متمکن ہوئے اور ۱۴ھ کے آغاز میں دمشق پر چڑھائی کر کے اُسے فتح کر لیا۔ دمشق کا فتح ہونا تھا کہ حمص اور بعلبک دونوں صلحاً مسلمانوں کے قبضے میں آ گئے۔

دمشق کے بعد بصرے پر فوج کشی کی اور چند ہی روز میں اُبلہ اور بصرہ دونوں پر اسلامی جھنڈا لہرانے لگا اسی برس عمر فاروق نے لوگوں کو نمازِ تراویح پر جمع کیا یعنی نمازِ تراویح جماعت کے ساتھ پڑھنے کا حکم فرمایا۔ ۱۵ھ ہجری میں اُردن کے تمام اضلاع پر اسلامی حکومت نے قبضہ کر لیا اور طبریہ صلحاً مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ اسی برس یرموک اور قادسیہ کا واقعہ پیش آیا۔ اور ایک عام خونریزی کے بعد دونوں شہر عمر فاروق کی تیغ براں کے آگے سرنگوں ہو گئے۔ اسی سنہ میں عمر فاروق نے دفاتر کا صیغہ جاری کیا اور جدا جدا محکمے قائم کیے۔ ۱۶ھ ہجری میں اہواز اور مدائن فتح ہوئے اور سعد نے جوان دنوں افواج اسلام کے سپہ سالار تھے بڑی شان و شوکت کے ساتھ ایوان کسریٰ میں جمعے کی نماز پڑھی۔ عراق کے سارے ملک میں یہ پہلا جمعہ تھا جو سعد نے قائم کیا اسی برس کسریٰ کا بیٹا یزدجرد عراق سے بھاگ کر رَے چلا گیا۔ اسی برس تکریت فتح ہوا اور عمر فاروق نے بیت المقدس کی چڑھائی کا فوراً سازوسامان تیار کر کے فوج کو اُدھر روانہ کیا اور عمرؓ سے خود بھی ایک جرار لشکر ساتھ لے بیت المقدس پر حملہ آور ہوئے۔ فائقین شہر بند ہو گئے مگر عمر فاروق کی کوشش و تدبیر سے چند ہی روز میں بیت المقدس کے عالیشان گنبدوں پر اسلام کے شاندار پھریرے ہوا میں لہرانے نظر آنے لگے بیت المقدس کے فتح ہونے کے بعد عمر فاروق نے جابیہ کی جامع مسجد میں اپنا مشہور خطبہ پڑھا جس میں پیغمبر صاحب کی وفات کے بعد کے فتوحات مفصلاً مذکور تھے۔ اسی سال قنسرین اور حلب و انطاکیہ اور سروج اور قرقیسیا وغیرہ بہت سے شہر فتح ہوئے اور اسی برس عمر فاروق نے علی کرم اللہ وجہہٗ کے مشورے سے ہجرت سے تاریخ لکھنی شروع کی۔ ۱۷ھ ہجری کے آغاز میں عمر فاروق نے مسجد نبوی میں اضافہ کیا اور اسی برس ملک حجاز میں وہ مشہور قحط پڑا۔ جو بہت دنوں تک عرب کے نیچے نیچے کی زبان پر عام الرمادہ کے نام سے جستہ جستہ آتا رہا۔ عمر فاروق پیغمبر صاحب کے چچا عباسؓ کو ساتھ لے کر استسقار کے لیے نکلے۔ ۱۸ھ ہجری میں جندیسابور اور حلوان فتح ہوئے اور اسی موقع پر طاعون عمواس پڑا اور اسی برس رہی اور شیساط اور حران اور نصیبین اور موصل اور اُس کے اضلاع مسلمانوں کے قبضے میں آئے۔ ۱۹ھ ہجری میں قیساریہ اور ۲۰ھ ہجری میں مصر اور تستر فتح ہوئے۔ اور اسی سال قیصر عظیم الروم مر گیا اور اسی سال فاروق اعظم نے یہود کو خیبر اور نجران سے جلاوطن کر دیا اور خیبر اور وادی القریٰ کو مسلمانوں میں تقسیم کیا۔

۲۱ھ ہجری میں اسکندریہ اور نہاوند فتح ہوئے۔ اور اب عجمیوں کی رہی سہی قوت و شوکت بھی خاک میں مل گئی۔ ۲۲ھ ہجری میں آذربیجان اور دینور اور ماسبذان اور ہمدان اور طرابلس اور رَے اور عسکر اور قومس یکے بعد دیگرے فتح ہوئے۔ اور ۲۳ھ ہجری میں کرمان سجستان۔ مکران۔ اصفہان اور اس کے اضلاع مسلمانوں کے قبضے میں آئے۔ الغرض فتوحات کے لحاظ سے اس کہنے میں ذرا بھی مبالغہ نہیں۔ کہ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسلام کا جو بیج بویا تھا اور عمر فاروقؓ نے

مہربان علی ۱۹۱۲

اُس پر بڑی شاندار عمارت بنا کھڑی کی مگر افسوس ہو کہ ایسا ہمدرد اسلام۔ اس قدر جلد دنیا سے اُٹھا لیا گیا کہ تھوڑے روز ہی اُس نے اپنے ہاتھ کے لگائے ہوئے درخت کی بہار نہ دیکھی یعنی اسی ۲۳ھ ہجری کے آخر عمر فاروق تریسٹھ سال کی عمر میں دس سال چھ مہینے خلافت کی کرسی پر رونق افروز رہ کر شہید ہو گئے۔ اور یہ اُن کی اُس دعا کا اثر تھا جو اُنھوں نے ایک موقع پر آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر اس طرح کی تھی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃً فِیْ سَبِیْلِکَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِکَ یعنی خداوندا مجھے اپنی راہ میں شہادت نصیب کر اور میری موت اپنے پیغمبر کے شہر میں مقرر فرما۔

سعید بن المسیب کہتے ہیں کہ ۲۳ھ ہجری کے آخر میں جب عمر فاروق رض حجفانہ کعبہ سے لوٹے تو ابطح میں اپنی سواری بٹھائی اور زمین پر چت لیٹ کر آسمان کی طرف دونوں ہاتھ اُٹھائے اور نہایت تضرع و تخشع کے لہجے میں کہا اَللّٰھُمَّ کَبُرَتْ سِنِّیْ وَضَعُفَتْ قُوَّتِیْ وَانْتَشَرَتْ رَعِیَّتِیْ فَاقْبِضْنِیْ اِلَیْکَ غَیْرَ مُضَیِّعٍ وَلَا مُفَرِّطٍ۔ یعنی خداوندا میری عمر بہت بڑی ہو گئی۔ اور میری قوت کم زور پڑ گئی اور میری رعیت منتشر ہو گئی تو تُو مجھے اپنی طرف اس حال میں اُٹھا لے۔ کہ نہ تو میں تیرے حقوق ضائع کرنے والا ہوں اور نہ اُن میں تقصیر کرنے والا۔ عمر فاروق کی شہادت کا سبب یہ تھا کہ مغیرہ بن شعبہ کے پاس جو عمر فاروق کی طرف سے کوفے کے صوبے تھے ایک بڑا صناع مجوسی غلام تھا جس کو ابولؤلؤ کہتے تھے۔ مغیرہ نے عمر فاروق سے اجازت لے کر غلام کو اس خیال سے مدینے روانہ کیا کہ وہاں کے لوگ اِس کی دست کاری سے فائدہ اُٹھائیں گے یہ غلام نقاشی اور نجاری اور حدادی وغیرہ صنعتوں سے خوب واقف تھا اور اسی وجہ سے مغیرہ نے سو درہم ماہوار خراج کے اس پر مقرر کر رکھے تھے۔ جب یہ مدینے آیا تو عمر فاروق سے مغیرہ کی شکایت کی کہ اُنھوں نے مجھ پر خراج بہت لگا رکھا ہو آپ اُن کو ہدایت کریں گے تو میرے خراج میں تخفیف ہو جائے گی اگرچہ عمر فاروق نے دل میں فیصلہ کر لیا تھا کہ مغیرہ کو ابولؤلؤ کی کمی خراج کی بابت ہدایت کروں گا۔ مگر اُس کی شکایت کے جواب میں آپ نے فرمایا کہ تیری اِن ہنرمندیوں اور آمدنی کے مقابلے میں تو خراج کی رقم کچھ ایسی بہت ہی نہیں۔ ابولو لو مجوسی یہ سُن کر دل میں بہت ناخوش ہوا اور اُس کی مذہبی عداوت نے انتقام کی آگ اُس کے تن بدن میں پھونک دی چند روز کا بھلاوا دے کر ایک دن بہت سویرے زہر میں بُجھا ہوا ایک خنجر چھپائے ہوئے اندھیرے اندھیرے مسجد کے ایک گوشے میں آ چھپا۔ عمر فاروق دستور کے موافق بہت سویرے بیدار ہوئے اور لوگوں کو نماز کے لیے جگاتے پھرے۔ جب اُس مقام پر پہنچے جہاں ظالم ابولؤلؤ چھپا بیٹھا تھا تو اُس ملعون نے نہایت بے رحمی کے ساتھ آپ کی کوکھ میں خنجر گھسو دیا۔ لوگ پکڑنے کو دوڑے تو اُن میں سے بارہ آدمیوں کو زخمی کر ڈالا۔ آخر کار ایک عراقی نے اُس پر اپنا کپڑا ڈال دیا۔ اور جب اُس نے دیکھا کہ میں گرفتار ہو چلا تو خود کشی کر لی۔ بعض روایتوں میں آیا ہو کہ عمر فاروق صفوف جماعت درست کر رہے تھے۔ اِسی اثنا میں ابولو لو نے خنجر مارا۔ اور چلتے ہوئے اُن تیرہ آدمیوں کو بھی زخمی کیا جو اس کے تعاقب میں تھے جن میں سے چھ آدمی انتقال کر گئے۔

(۳) ابو عمرو عثمان بن عفانؓ

اِن کا نام عثمان۔ کُنیت ابو عمرو ابو عبداللہ۔ لقب ذوالنورین۔ یہ بھی قریشی ہیں۔ اور ان کا نسب جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم

کی چھٹی پشت میں جا ملتا ہے۔ اِن کی والدہ کا نام اروٰی ہے اور وہ بیٹی ہیں کُریز کی۔ اَروٰی کی ماں اُمِّ حکیم البیضا عبد المطلب کی بیٹی ہیں اور اُمِّ حکیم البیضا اور پیغمبر صاحب کے والد عبد اللہ دونوں بہن بھائی جوڑواں پیدا ہوئے تھے۔ اِس لحاظ سے حضرت عثمانؓ کی والدہ جناب پیغمبر صاحب کی پھوپی کی بیٹی ہوئیں۔ عثمان ذوالنورین عامِ الفیل کے چھٹے برس پیدا ہوئے۔ اور ابوبکر صدیق کی تعلیم و تلقین سے اسلام قبول کیا۔ اِن سے پہلے صرف تین مرد یعنی ابوبکر صدیق علی مرتضیٰ اور زید بن حارث داخلِ اسلام ہو چکے تھے جب یہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بغرضِ قبولِ اسلام حضرت ابوبکر صدیق کی ہمراہی میں آئے۔ تو پیغمبر صاحب نے اِن کی طرف روئے سخن کر کے فرمایا عثمان! خدا کی جنت کی مہمانی قبول کرو۔ مَیں تمہاری اور خدا کی تمام مخلوقات کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ پیغمبر صاحب اتنا ہی فرمانے پائے تھے کہ عثمان بے تاب ہو گئے۔ اور بے ساختہ اِن کی زبان سے نکلا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِن کے چچا حکم بن العاص کو ان کے مُسلمان ہونے کی خبر ہوئی تو اُس نے اِن کو رسّی سے جکڑ کر ایک کوٹھری میں بند کر دیا اور کہا تم نے اپنے آباؤ اجداد کا قدیم دین چھوڑ کر جدید مذہب کیوں اختیار کیا تاوقتیکہ تم اِس نئے اور جدید مذہب کو ترک کر کے اپنے قدیم دین کی طرف عود نہ کر آؤ گے۔ اِس حبسِ شدید سے رہائی نہ پاؤ گے۔ مگر عثمان ذوالنورین نے اِس موقع پر نہایت استقلال اور ثابت قدمی ظاہر کی اور چچا سے صاف لفظوں میں کہدیا کہ مَیں تو اِس دین کو چھوڑنے والا ہوں نہیں تم سے جو کچھ کرتے بَن پڑے کر گزرو۔ حکم بن العاص عثمان ذوالنورین کے اِس دل شکن جواب سے بالکل مایوس ہو گیا اور اِن کی صلابت فی الدین اور استقلال کو دیکھ کر قید سے رہا کر دیا +

حضرت عثمانؓ کے مَفاخر

(۱) عثمان رضی اللہ عنہ کے ذُوالنُّورین کے ساتھ ملقّب ہونے کی روایت بڑی دل چسپ ہے جو تقریباً تمام صحاح کی کتابوں میں جستہ جستہ مذکور ہے وہ یہ کہ جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی دو صاحبزادیاں جو بطنِ خدیجہ رضی اللہ عنہا سے پیدا ہوئی تھیں اور جن میں سے ایک کا نام بی بی رقیہؓ اور دوسری کا نام اُمِّ کلثومؓ تھا۔ اِن کے نکاح میں یکے بعد دیگرے آئی تھیں بی بی رقیہؓ کا اِن سے نکاح پیغمبر صاحب کی ہجرت سے بہت پہلے ہو چکا تھا اُمِّ کلثومؓ اپنی بہن کے انتقال کے بعد ۳ھ ہجری میں عثمان کے نکاح میں آئیں۔ چونکہ پیغمبر کی دو بیٹیوں کے نکاح میں رکھنے کا شرف بجز عثمانؓ کے اَور کسی کو میسّر نہیں ہوا۔ یعنی شروع زمانہ آدم سے جناب خاتم النبیین کے وقت تک یا یوں کہو کہ قیامت تک کوئی شخص ایسا نہیں ہوا جس کے نکاح میں پیغمبر کی دو بیٹیاں رہی ہوں۔ اِس سے اِن کا لقب ذُوالنُّورین ہوا۔

(۲) جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دوسری صاحبزادی اُمِّ کلثوم کو اِن کے نکاح میں دیا تو صاحبزادی سے فرمایا بیٹا! تمہارے شوہر عثمان سب لوگوں میں تمہارے دادا ابراہیم اور تمہارے والد محمد سے صورت و سیرت میں مشابہ تر ہیں۔

(۳) جن دنوں بدر پر چڑھائی کرنے کی تیاریاں ہو رہی تھیں پیغمبر صاحب کی بڑی صاحبزادی بی بی رقیہؓ سخت علیل تھیں۔ پیغمبر صاحب نے حضرت عثمان کو بی بی رقیہؓ کی بیمار داری کے لیے مدینے چھوڑا اور فتح کے بعد تقسیمِ مالِ غنیمت کے وقت اِن کا حصہ لگا کر اُنھیں بدر کی جماعت میں شامل کر دیا۔

(۴) جب پیغمبر صاحب کی دوسری صاحبزادی اُمِّ کلثوم کا انتقال ہوا تو پیغمبر صاحب نے اصحاب کو مخاطب کرکے فرمایا کہ عثمان کا نکاح کردو اگر میری تیسری بیٹی بے بیاہی ہوتی تو میں ضرور اُسے اِن سے بیاہ دیتا۔ اور میں نے اپنی دونوں لڑکیوں کو عثمان کے نکاح میں اپنی رائے سے نہیں دیا بلکہ خدا کی وحی اور اُس کے حکم سے دیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں میں نے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا کہ اگر میرے چالیس بیٹیاں ہوتیں۔ تو بھی میں یکے بعد دیگرے عثمان سے بیاہتا جاتا یہاں تک کہ ایک بھی باقی نہ رہتی۔

(۵) عثمان ذوالنورین نے پیغمبر صاحب کی اجازت سے سب سے پیشتر حبشے کی طرف ہجرت کی اس سفر میں اِن کی بی بی حضرت رُقیہؓ بھی اِن کے ہمراہ تھیں۔ اِن کے ہجرت کر جانے کے بعد پیغمبر صاحب کو اِن کی مفارقت نے کئی روز تک بے چین رکھا آپ صبح سویرے مکّے سے باہر رستے کے اُس ناکے پر جا کھڑے ہوتے جو حبشے کو جاتا تھا اور اُدھر کے آنے والوں سے اُن کی خیریت دریافت کرتے اور فرماتے خدا اُن دونوں کو سلامت رکھے بے شک عثمانؓ حضرت لوطؑ کے بعد پہلے شخص ہیں جنھوں نے اپنی بی بی کے ساتھ راہِ خدا میں ترکِ وطن کیا۔

(۶) صلح حُدَیبیہ کے مَوقع پر حضرت عثمان مُسلمانوں کی طرف سے پیامِ صلح لے کر اہلِ مکّہ کے پاس گئے اِن کے لَوٹنے میں دیر ہوئی وہیں یہاں مشہور ہو گیا کہ عثمان کو اہلِ مکّہ نے مار ڈالا۔ اِس پر پیغمبر صاحب نے مُسلمانوں سے لڑنے مرنے کی بیعت لی جو بیعتِ رضوان کے نام سے مشہور ہوئی۔ جب لوگ پیغمبر صاحب سے بیعت کر چکے تو پیغمبر صاحب نے فرمایا کہ عثمان خدا اور رسولِ خدا کے کام میں مکّے گئے ہوئے ہیں۔ پھر ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مار کر فرمایا۔ یہ ہاتھ عثمان کا ہے۔

(۷) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مَفاخر میں سب سے بڑی منقبت صفتِ حیا ہے جو اِن کے تمام اَوصاف و مناقب پر غالب تھی اور جس کی پیغمبر صاحب اور نہ صرف پیغمبر صاحب بلکہ خدا اور اُس کے مقرّب فرشتے تک حدّ سے زیادہ قدر کرتے تھے۔ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ایک دن جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے حُجرے میں پنڈلیاں کھولے کروٹ کے بَل لیٹے تھے اِتنے میں ابوبکر نے آنے کی اجازت مانگی۔ پیغمبر صاحب نے آنے کی اجازت دی اور اُسی ہیأت سے لیٹے رہے۔ پھر عمرِ فاروق آئے تو بھی پیغمبر صاحب پنڈلیاں کھولے لیٹے رہے۔ عثمان نے آنے کی اجازت مانگی تو پیغمبر صاحب جھٹ اُٹھ بیٹھے اور پنڈلیوں کو کپڑے سے چھپا لیا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب یہ تینوں صاحب چلے گئے تو میں نے پیغمبر صاحب کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ ابوبکر آئے تو آپ نے اُن کے لیے کوئی اہتمام نہیں کیا۔ عمرِ فاروق آئے تو بھی آپ بدستور لیٹے رہے مگر عثمان آئے تو آپ اُٹھ بیٹھے اور پنڈلیوں کو کپڑے سے چھپا لیا۔ پیغمبر صاحب نے فرمایا عائشہ! بھلا میں ایسے آدمی سے کس طرح شرم نہ کروں جس سے خدا کے فرشتے شرم کرتے ہیں۔ ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ عائشہ! عثمان بڑا شرمیلا آدمی ہے اگر میں اپنی اسی حالت میں اُس کو آنے کی اجازت دیتا۔ اور وہ مجھے اِس حال میں دیکھتا تو میرے پاس نہ آتا۔ ایک دفعہ پیغمبر صاحب کے پاس ایک فرشتہ بیٹھا ہوا تھا اِتنے میں حضرت عثمان بھی آپہنچے فرشتے نے کہا اِن کو اِن کی قوم شہید کرے گی۔ اور ہم فرشتے ان سے شرم کرتے ہیں۔ ایک مَوقع پر حشر کے سامنے حضرت عثمان کی حیا کا تذکرہ چل پڑا۔ اُنھوں نے فرمایا کہ حضرت عثمان کی حیا کا یہ حال تھا کہ جب غسل کرتے تو گھر کی سب سے اندر کی کوٹھری میں تشریف لے جاتے اور دروازہ بند کر دیتے مگر پھر بھی اُن کی حیا

سعید بھاگنے اور تن کر کھڑے ہونے سے مانع ہوتی تھی یعنی حیا کے مارے گڑے ہو کر رہ جاتے۔

(۸) جب لوگوں نے حضرت عثمان کے گھر کا اِن کے شہید کرنے کے لیے محاصرہ کیا ہے تو انھوں نے اتمام حجت کے لیئے مکان کے ایک نابدان سے سر باہر نکال کر اپنے بہت سے مفاخر اور خدمات اسلام کو بیان کیا منجملہ اُن کے ایک یہ بات تھی کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں میں نے کبھی راگ نہیں گایا اور نہ اُس کی خواہش میرے دل میں پیدا ہوئی اور جب سے میں نے جناب رسولِ خدا صلے اللہ سے بیعت کی ہے اپنا دایاں ہاتھ ستر کو نہیں لگایا۔ فتنۂ تمیز تمانۂ جاہلیت ہی میں کبھی زنا اور چوری کا مرتکب ہوا اور نہ عہدِ اسلام ہی میں

(۹) ایک دن جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم فتنوں اور لڑائیوں کا ذکر کرتے کرتے اُس فتنے کا بیان فرمانے لگے جو عنقریب واقع ہونے والا تھا اتنے میں ایک شخص سر پر مقنعہ ڈالے ہوئے گزرا۔ پیغمبر صاحب نے فرمایا یہ شخص اُس روز ہدایت پر ہوگا۔ مرہ بن کعب جو ایک جلیل القدر صحابی تھے۔ پیغمبر صاحب کا یہ ارشاد سُن کر اُٹھے اور اُس شخص کا مقنعہ ہٹا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ عثمان تھے اُنھوں نے حضرت عثمان کا چہرہ پیغمبر صاحب کی طرف کر کے عرض کیا یا رسول اللہ کیا وہ یہی شخص ہے۔ پیغمبر صاحب نے فرمایا ہاں وہ یہی شخص ہے اس کے بعد پیغمبر صاحب نے فرمایا عثمان! اگر خدائے تعالیٰ تمھیں لباسِ خلافت عنایت فرمائے اور پھر منافقین اُس خلعت کو تمھارے جسم سے اُتارنا چاہیں تو تم اُسے اپنے جسم سے علیحدہ نہ کرنا تا بمرگ

حضرت عثمانؓ کی خدمات

(۱) حضرت عثمان ذوالنورین کی جن جملہ اور اسلامی خدمتوں کے ایک بڑی خدمت یہ ہے کہ انھوں نے جیش عسرہ کے سامان مہیا کرنے میں اپنا بہت سا روپیہ خرچ کیا نو سو پچاس اُونٹ کجاووں اور پالانوں سمیت اور پچاس گھوڑے خرید کر مجاہدین کو عطا کیے جس کے صلے میں پیغمبر صاحب نے فرمایا مَا عَلٰی عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهٖ یعنی اس کے بعد عثمان جو کچھ بھی کریں اُس سے ان کو کچھ نقصان نہیں پہونچ سکتا۔ پھر اسی موقع پر حضرت عثمان نے ایک ہزار دینار نقد بھی دیئے۔ ترمذی میں عبدالرحمن بن سمرہ سے مروی ہے کہ جب جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جیش عسرہ کے سامان مہیا کرنے میں مصروف ہوئے تو عثمانؓ نے علاوہ اور امداد کے ایک ہزار دینار لا کر آپ کی گود میں ڈال دیئے پیغمبر صاحب دیناروں کو اُچھالتے جاتے اور فرماتے جاتے تھے مَا ضَرَّ عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ

(۲) بیر رومہ[1] کے خریدنے اور کھودنے میں بیس ہزار خرچ کیے اور اُسے مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا۔

(۳) مسجد نبوی میں نمازیوں کی کثرت سے گنجایش نہ رہی تو حضرت عثمان نے مسجد کے آس پاس کے مکان پچیس ہزار کو خرید کر مسجد کی توسیع[2] کر دی۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دفن ہونے کے تین روز بعد عثمان ذوالنورین کی خلافت پر بیعت ہوئی۔ حضرت عمر فاروق نے خلافت کے لیے کسی شخص کو متعین نہیں کیا تھا۔ بلکہ مسلمانوں کی راے پر چھوڑ دیا تھا اور چھ جلیل القدر دانشمندانِ صحابہ کو منتخب کر کے خلافت کی باگ اُن کے ہاتھوں میں دے دی تھی کہ باہمی مشورے سے جسے چاہیں خلیفہ بنا دیں۔ عمر فاروق کے انتقال کے بعد اہل شوریٰ نے عبدالرحمن بن عوف کو اپنا سرپنچ مقرر کیا اور اُنھوں نے عام مسلمانوں کی راے ٹٹول کر حضرت عثمان کو خلافت کے لیے منتخب

[1] یہ یہود کا ایک کنواں تھا جسے حضرت عثمان نے پیغمبر صاحب کی حیات مبارکات کے زمانے میں اپنے ذاتی روپیہ سے خرید کر وقف کر دیا تھا ۱۲

[2] مسجد نبوی کے پڑوس میں چند انصار رہتے تھے حضرت عثمان نے پیغمبر صاحب کی حیات مبارکات کے زمانے میں اُن سے مکان اپنے ذاتی سرمائے سے خرید کر مسجد میں شامل کر دیے تھے

کیا۔ سب سے پہلے خود عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے بیعت کی پھر مہاجرین نے اور مہاجرین کے بعد انصار نے۔ خلافت کے زمانے میں حضرت عثمان رضؓ سے جو کارنمایاں اور اسلامی خدمتیں ظہور میں آئیں اُن میں سے چند یہ ہیں۔

(۴) **سنہ ۲۴** ہجری میں کہ یہی آپ کی خلافت کا پہلا سال ہے ملک رے کا وہ حصہ جو عہد فاروق میں فتح ہونے سے رہ گیا تھا مسلمانوں کے قبضے میں آیا اسی برس نکسیر کا مرض عام پھیلا۔ اور اسی وجہ سے یہ برس سنۃ الرعاف کے نام سے مشہور ہوا۔ حضرت عثمان رضؓ خود اس مرض میں چند روز مبتلا رہے اور اس سبب سے کئی حج کو نہ جا سکے۔ اسی سال روم کے بہت سے قلعے فتح ہوئے۔ اور اسی سال عثمان ذوالنورین نے سعد بن ابی وقاص کو کوفے کا گورنر مقرر کر کے مغیرہ بن شعبہ کو جو عمر فاروق کے عہد سے کوفے کے گورنر تھے معزول کر دیا۔ مگر پھر بہت ہی جلد یعنی **سنہ ۲۵** میں سعد کو بھی معزول کر دیا۔ اور اپنے اخیافی بھائی ولید بن عقبہ کو کوفے کی گورنری مستقل طور پر دے دی اور یہ پہلا موقع تھا جس سے لوگوں میں عثمانؓ کی طرف سے بددلی پیدا ہوئی۔ کیونکہ انھوں نے اپنے اقارب کو بحیثیت قرابت اُن لوگوں پر ترجیح دی جو بحیثیت فضیلت ان سے بہت بہتر اور لائق تر تھے۔ ولید بن عقبہ تھا تو صحابی مگر وہ کچھ ایسا محتاط اور پاکباز نہ تھا جس کو سعد بن ابی وقاص جیسے پاکباز نفس نیک نہاد صحابی پر ترجیح دی جاتی۔ ولید اکثر مخمور رہا کرتا تھا اور کبھی کبھی نماز کی حالت میں بھی لوگوں نے اسے مست پایا۔ خلیفۂ وقت یعنی عثمان ذوالنورینؓ سے اس کی شکایت کی۔

(۵) **سنہ ۲۶** ہجری میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مسجد الحرام میں ایک معتدبہ اضافہ کیا یعنی مسجد الحرام کے گرداگرد کے مکانات خرید کر مسجد میں شامل کر دیئے جس سے مسجد کا صحن بہت فراخ ہو گیا۔ اسی برس سابور فتح ہوا۔

(۶) **سنہ ۲۷** میں معاویہ کو فوج کا سپہ سالار مقرر کر کے قبرس کی طرف روانہ کیا۔ اور انھوں نے بڑی ہوشیاری سے بحری راستہ طے کر کے قبرس کو فتح کر لیا اسی برس ارمجان اور دارابجرد فتح ہوئے اور اسی برس حضرت عثمان نے عمرو بن العاص کو مصر سے معزول کر کے اُن کی جگہ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو مقرر کیا۔ جس نے افریقیہ کو اول سے آخر تک فتح کر لیا۔ اس فتح میں لشکر کے ہر ایک آدمی کو تین تین ہزار دینار ملے۔ پھر اسی برس اندلس فتح ہوا۔

(۷) **سنہ ۲۹** میں اصطخر فتح ہوا۔ اور اسی سال عثمان ذوالنورینؓ نے مسجد مدینہ کی توسیع کی۔ مسجد کو منقوش پتھروں سے بنایا اور پتھر کے عمدہ ستون کھڑے کر کے اُن پر ساج کی لکڑی کی چھت پاٹ دی۔ اب مسجد کا طول ایک سو ساٹھ گز اور عرض ایک سو پچاس گز ہو گیا۔

(۸) **سنہ ۳۰** میں جوزجان اور ملک خراسان کے بہت سے شہر فتح ہوئے۔ اور نیشاپور صلحاً مسلمانوں کا ماتحت ہو گیا۔ طوس اور سرخس بھی صلحاً مسلمانوں کے قبضے میں آ گئے۔ اور مرو اور بیہق بھی۔ جب اس قدر ممالک مسلمانوں کے قبضے میں آ گئے۔ تو عثمان ذوالنورین کے پاس عشر اور خراج کا اس قدر مال آیا کہ اس کے رکھنے کو جگہ نہیں ملی۔ اور اب انھیں خزانوں اور دفتروں کے قائم کرنے کی ضرورت ہوئی۔ لوگوں کے وظائف مقرر ہوئے اور تمام مسلمان دولت سے مالا مال ہو گئے۔ اس کے بعد حضرت عثمان رضؓ **سنہ ۳۵** ہجری میں ذی الحجہ کی گیارہویں تاریخ جمعے کے دن شہید کیے گئے اور ہفتے کی شب کو مابین المغرب والعشا تجہیز و تکفین ہوئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بارہ سالی خلافت کی۔ ان میں سے پہلے چھ سال تو نہایت اطمینان سے گزرے اور کوئی خرخشہ پیش نہیں آیا۔ مگر پچھلے چھ سالوں میں طرح طرح کے اختلافات اور جھگڑے اٹھ کھڑے ہوئے اور اکثر لوگوں کو حضرت عثمان کی شکایت کا موقع ملا۔ شکایت اور عام ناراضگی کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ حضرت عثمان نے تمام بڑے بڑے عہدے اور مناصب اپنے

رشتے داروں میں تقسیم کر رکھے تھے۔ مروان کو افریقیہ کا خمس بخش دیا۔ اور اپنے خاندان کے لوگوں کو بے کسی استحقاق کے بے انتہا دولت بخش دی۔ لوگوں نے جب اس کی بابت دریافت کیا تو انھوں نے فرمایا کہ میں خدا کے فرمانے کے مطابق صلۂ رحمی کرتا ہوں۔ اس پر اعتراض کیا گیا کہ پھر ابوبکر و عمر نے ایسا کیوں نہیں کیا۔ عثمان نے جواب دیا کہ انھوں نے اپنا وہ حق چھوڑ دیا جو اُن کے لیے مقرر تھا اور میں نے اپنے حق کو اپنے رشتے داروں میں تقسیم کر دیا۔ حضرت عثمان کی اس تاویل کو اُس وقت کے اکثر لوگوں نے ناپسندیدگی کی آنکھ سے دیکھا اور یہیں سے طرح طرح کی بدگمانیاں اور فسادات پیدا ہونے شروع ہوئے۔

اس عام شورش کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ حضرت عثمان نے اپنے خاندان بنو امیہ میں سے اُن لوگوں کے ہاتھوں میں حکومتیں دے رکھی تھیں جن کو پیغمبر صاحب کی صحبت میسّر نہیں ہوئی تھی۔ اور اکثر مواقع پر اُن سے وہ باتیں ظہور میں آتی تھیں جن کو اصحاب رسول اللہ ناپسند رکھتے تھے۔ جب جب حضرت عثمان سے ان کی شکایت کی جاتی تو وہ ان کو معزول تو نہ کرتے ہاں ان کی طرف سے معذرت کر کے شکایت کرنے والوں کے آنسو پونچھ دیتے۔ دراصل یہ ساری خرابیاں مروان کی ذات سے پیدا ہوئیں کہ وہ شروع سے مفسد اور فتنہ انگیز تھا اس نے عثمان کو اپنے شکنجے میں یہاں تک کر لیا تھا کہ جو یہ کہتا وہ کرتے۔ اور اسی کی وجہ سے مدینے کے قبیلوں میں عام بغاوت و شورش پیدا ہو گئی۔ عمرو بن العاص کو مصر سے معزول کر کے ان کی جگہ عبداللہ بن ابی سرح کو عامل مصر قرار دینا ہی اہل مصر کی برہمی کا باعث تھا مگر جب عبداللہ نے رعایا کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ برتے اور اہل مصر کی شکایتوں پر بھی حضرت عثمان نے عبداللہ کو مصر سے علیحدہ نہیں کیا تو اس سے لوگوں میں ایک ایسا زہریلا جوش پیدا ہوا کہ ہزار روکے نہ رکا۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ مصر کا ایک شخص حضرت عثمان کے پاس آیا اور عبداللہ بن ابی سرح کے بے انتہا مظالم بیان کیے۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے عبداللہ کو ایک بڑا تہدید آمیز فرمان لکھا۔ اور رعایا کے ساتھ انصاف کرنے کی تاکید کی۔ مگر عبداللہ نے ان کے فرمان کی تعمیل نہیں کی اور جس نے شکایت کی تھی اُسے قتل کر ڈالا۔ اس پر سات سو آدمی مصر سے نکل کر مدینے آئے۔ اور مسجد نبوی میں اترے تمام اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو جمع کر کے ہر نماز کے موقع پر لگے عبداللہ بن ابی سرح کے مظالم سنانے۔ طلحہ بن عبیداللہ مع چند دیگر صحابیوں کے حضرت عثمان کے پاس گئے۔ اور نہایت سختی اور تیزی کے ساتھ اس بارے میں اُن سے باتیں کیں ادھر اُمّ المومنین حضرت عائشہ نے حضرت عثمان کو یہ پیام دیا کہ پہلے بھی تمھارے پاس جناب پیغمبر صاحب کے صحابی اس غرض سے آئے تھے کہ تم عبداللہ بن ابی سرح کو معزول کر دو مگر تم نے اس کی طرف کچھ توجہ نہیں کی۔ اب عبداللہ نے ناحق ایک شخص کو مار ڈالا ہے اُس کا قصاص لینے کو پیغمبر صاحب کے اصحاب پھر تمھارے پاس آتے ہیں تو تم اپنے عامل کے بارے میں انصاف سے کام لو۔ اس کے ساتھ ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ حضرت عثمان کے پاس گئے اور کہا امیر المومنین! اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وسلم آپ سے صرف اتنا چاہتے ہیں کہ آپ عبداللہ کو معزول کر دیں اور اُس نے جو ایک شخص کو قتل کر ڈالا ہے اگر اُس کا ثبوت ہو جائے تو اُس سے قصاص لیں۔ حضرت عثمان نے فرمایا کہ اچھا تم لوگ ایک ایسے شخص کو منتخب کرو جو عبداللہ کی جگہ مقرر کیا جائے۔ مصریوں نے کہا ابوبکر صدیق کے فرزند محمد کو مصر کا عامل بنا دیجیے۔ حضرت عثمان نے فوراً اُن کے نام حکومت مصر کا فرمان لکھا اور وہاں کا والی مقرر کر دیا۔ یہ لوگ مصر کی طرف روانہ ہو گئے اور مدینے کے چند انصار و مہاجرین بھی محمد بن ابی بکر کے ساتھ مصر کی جانب چل نکلے۔ مدینے سے تین دن کی مسافت پر ان کو ایک حبشی غلام ملا جو اونٹ کو مار مار کر بے تحاشا بھگائے لیے چلا جاتا تھا۔ اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی کی تلاش میں جاتا ہے

یا کوئی اس کی تلاش میں آتا ہی۔ محمد بن ابی بکر کے ہمراہی صحابیوں نے غلام سے کہا کہ اس پریشانی اور بے چینی کے ساتھ کہاں جاتا ہی کیا کسی کو تلاش کرنے آیا ہی یا کسی سے بھاگ کر جاتا ہی۔ غلام نے کہا میں امیر المؤمنین کا غلام ہوں اور اُن کے ارشاد کے مطابق عامل مصر کے پاس جاتا ہوں کسی نے کہا کہ مصر کے حاکم تو محمد بن ابوبکر صدیق ہیں۔ اور وہ یہیں موجود ہیں کہا میں اِن کے پاس نہیں بھیجا گیا۔ یہ کہہ کر آگے چلا محمد بن ابی بکر کو جب یہ خبر پہونچی تو اُنھوں نے ایک شخص کو اس تعاقب میں بھیجا اور تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ وہ غلام کو پکڑ لایا۔ محمد بن ابی بکر نے پوچھا تو کون ہی۔ غلام نے کہا میں امیر المؤمنین کا غلام ہوں۔ محمد نے کہا کہ تو کس کے بھیجا گیا ہی۔ غلام نے کہا عامل مصر کے پاس کہا کوئی زبانی پیام دیتا ہی یا خط لیئے جاتا ہی۔ غلام نے جواب دیا کہ زبانی پیام کہنا ہی مگر جب اُس کے اسباب کی تلاشی لی گئی۔ تو ایک چھوٹے سے خشک مشکیزے میں خط نکلا۔ خط کے لفافے پر یہ الفاظ درج تھے۔ مِنْ عُثْمَانَ اِلَی ابْنِ اَبِیْ سَرْحٍ۔ لفافہ پڑھ کر محمد بن ابی بکر نے اپنے ہمراہی مہاجرین و انصار اور مصر کے لوگوں کو جمع کر کے سب کے سامنے خط کی مُہر توڑی اور لفافے میں سے خط نکال کر پڑھنا شروع کیا اس میں لکھا تھا کہ جب محمد اور فلان فلان آدمی تیرے پاس پہونچیں تو کسی حیلے سے اُنھیں قتل کر ڈال اور محمد سے میرا فرمان لے کر پھاڑ دے جب تک میرا دوسرا حکم نہ پہونچے تُو اپنے عُہدے پر برقرار رہ جو لوگ تیری شکایت لے کر میرے پاس آتے ہیں اُنھیں قید کر دے۔ اور کسی سے کسی بات کا خوف نہ کر۔" لوگوں نے یہ خط سُنا تو نہایت ناگواری کے ساتھ مدینے کی طرف لوٹے۔ مدینے آئے تو طلحہ اور زبیر اور علی اور جتنے اصحاب مدینے میں موجود تھے سب کو جمع کیا اور غلام حبشی کا قصہ اور خط کا واقعہ بیان کر کے خط سب کے سامنے ڈال دیا۔ طلحہ اور زبیر اور علی رضی اللہ عنہم کو خط کا مضمون پڑھ کر سخت طیش آیا اور مدینے میں کوئی صحابی ایسا نہ تھا جس کو حضرت عثمان کی طرف سے رنج نہ تھا۔ عبداللہ بن مسعود اور عمار بن یاسر اور ابوذر کی حضرت عثمان سے پہلے ہی کشیدگی تھی اور ان کی ناراضگی کی وجہ سے بنو ہذیل اور بنو زہرہ اور بنو غفار اور بنو مخزوم وغیرہ بہت سے قبائل بگڑ بیٹھے تھے اِس واقعے کو سُن کر تمام قبائل مدینہ میں عام شورش پیدا ہوگئی۔ اور محمد بن ابی بکر کی حمایت میں قبیلہ تیم وغیرہ کے لوگ حضرت عثمان کے مکان پر چڑھ آئے اور مکان کا محاصرہ کر لیا۔ حضرت علی نے درحقیقت اس نہایت نازک اور خطرناک موقع پر بڑا کام کیا کہ طلحہ اور زبیر اور سعد اور عمار اور اور اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لے کر حضرت عثمان کے پاس پہونچے اور تمام بلوائیوں کو منتشر کر دیا۔ بلوائیوں کی شورش میں کمی ہوئی تو حضرت علی نے غلام حبشی اور اُونٹ اور خط تینوں کو حضرت عثمان کے سامنے پیش کر کے کہا امیر المؤمنین! کیا یہ حبشی غلام آپ کا غلام ہی۔ حضرت عثمان نے فرمایا ہاں۔ علی نے کہا اور یہ اُونٹ فرمایا اُونٹ بھی میرا ہی۔ کہا یہ خط آپ ہی نے لکھا ہی۔ حضرت عثمان نے خدا کی قسم کھا کر فرمایا کہ یہ میرا خط نہیں ہی۔ نہ میں نے یہ خط لکھا نہ کسی سے لکھوایا نہ مجھے اِس کا علم ہے۔ میں نے اس غلام کو مصر بھیجا۔ حضرت علی نے کہا اچھا یہ مُہر کس کی ہی۔ فرمایا میری ہی کہا تو پھر اِس کا یقین کس طرح ہو کہ آپ کو اس کا علم نہیں۔ غلام آپکا۔ اُونٹ آپکا۔ خط پر مُہر آپ کی۔ حضرت عثمان نے فرمایا میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ نہ میں نے خط لکھا نہ کسی کو لکھنے کا حکم کیا نہ اِس غلام کو مصر بھیجا۔ حضرت عثمان کی اس تقریر سے لوگوں کو کچھ تسلی ہوئی اور اُنھوں نے خط پہچان کر صاف کہہ دیا کہ بے شک حضرت عثمان کا اس میں کچھ قصور نہیں یہ خط مروان کا ہی اور اسی نے یہ مضمون اُٹھایا ہی۔ حضرت علی اور اُن کے ہمراہیوں کو معلوم ہو گیا تھا کہ مروان حضرت عثمان کے زنانخانے میں مخفی ہی۔ اُنھوں نے کہا کہ امیر المؤمنین! آپ مروان کو ہمارے حوالے کر دیجئے۔ پھر آپ سے ہمیں کچھ سروکار نہیں۔ لیکن حضرت عثمان نے مروان کو ان کے

حوالہ کرنے سے انکار کر دیا اور یہ لوگ رنجیدہ خاطر حضرت عثمان کے گھر سے نکل آئے۔ بلوائیوں نے یہ سُن کر کہ یہ ساری کارروائی مروان کی ہے اور مروان حضرت عثمان کے گھر میں مخفی ہے پھر شورش پیدا کر دی اور حضرت عثمان کا مکان آگھیرا اور پیام دیا کہ مروان کو ہمارے حوالے کر دیا جائے حضرت عثمان نے اُن کو بھی یہی جواب دیا کہ میں مروان کو اپنے جیتے جی تو تمہارے حوالے کرنے کا نہیں بلوائیوں نے بڑی سختی کے ساتھ مکان کا محاصرہ کیا اور پانی کا ایک قطرہ تک اندر نہ جانے دیا۔ حضرت عثمان جب پیاس سے بہت تنگ ہوئے تو آپ نے مکان کے ایک روشن دان سے سر باہر نکالا۔ اور بلوائیوں کی طرف روئے سخن کر کے فرمایا کیا تم میں علی موجود ہیں؟ جواب ملا نہیں فرمایا اچھا سعد ہیں؟ جواب میں کہا گیا نہیں اس کے بعد حضرت عثمان تھوڑی دیر خاموش رہ کر فرمانے لگے کہ کیا کوئی شخص علی کو میرا یہ پیام پہنچا سکتا ہے کہ میں سخت پیاسا ہوں تھوڑا سا پانی مجھے بھیج دو۔ حضرت علی کو یہ پیام پہنچا تو اُنھوں نے پانی کی بھری ہوئی تین مشکیں حضرت عثمان کے پاس بھیجیں۔ پانی حضرت عثمان تک پہنچا تو سہی مگر بڑی مشکل سے کئی غلام بنی ہاشم کے اور کئی غلام بنی اُمیہ کے مجروح ہوئے۔ اور دو تین غلاموں کو بلوائیوں نے قتل کر دیا۔ حضرت علی کو جب معلوم ہوا کہ بلوائی حضرت عثمان کو شہید کرنا چاہتے ہیں تو آپ نے نہایت افسوس و حسرت کے لہجے میں فرمایا کہ ہم تو عثمان سے مروان کو مانگتے تھے نہ کہ خود عثمان کا قتل چاہتے تھے۔ یہ کہہ کر آپ نے اپنے دونوں فرزندوں حسن و حسین کو بلا کر فرمایا کہ تم دونوں تلواریں لے کر حضرت عثمان کے دروازے پر جا کھڑے ہو اور جو شخص اُن کے پاس بُری نیت سے جانا چاہے فوراً قتل کر دو۔ علیٰ ہذا القیاس طلحہ نے اپنے بیٹے کو اور زبیر نے اپنے فرزند کو اور ان کے علاوہ اور بہت سے صحابیوں نے اپنے اپنے فرزندوں کو حضرت عثمان کی مدد کے لیے بھیجا اور تاکید کر دی کہ کسی کو اُن کے مکان میں جانے نہ دیں۔ بلوائیوں نے جب یہ دیکھا تو حضرت عثمان پر تیر پھینکنے شروع کیے۔ کئی تیر حضرت حسن اور محمد بن طلحہ اور قنبر کے بھی لگے یہ تینوں صاحب اگرچہ لہو میں سر سے پاؤں تک بھیگ گئے تھے۔ مگر دروازے کی چوکھٹ سے ایک انچ بھر بھی نہیں سرکے۔ بلوائیوں نے حضرت حسن اور محمد بن طلحہ کو خون آلود دیکھا تو اُن کو سخت اندیشہ ہوا کہ اگر بنو ہاشم کو یہ بات معلوم ہوتی ہے تو ابھی سب بگڑ بیٹھتے ہیں اور بگڑ بیٹھیں گے تو اُن کا مقابلہ کسی سے نہیں ہو سکے گا اس سے بہتر یہ ہے کہ غفلت اور بے خبری میں عثمان کو قتل کر دیا جائے۔ چنانچہ محمد بن ابی بکر دو شخصوں کو ساتھ لے کر مکان کی ایک دیوار پر چڑھ گئے اور نہایت آہستگی سے اُتر کر اندر پہنچے دیکھا تو حضرت عثمان تنہا بیٹھے ہیں اور اُن کی بی بی اُن کے قریب بیٹھی رو رہی ہیں۔ محمد بن ابوبکر نے حضرت عثمان کی ڈاڑھی پکڑ لی۔ مگر پھر حضرت عثمان کے اس کہنے سے کہ تیرا باپ اگر یہ موقع دیکھتا تو اُسے تیری یہ حرکت انتہا سے زیادہ بُری معلوم ہوتی" فوراً چھوڑ دی۔ اور ان کے دونوں ہمراہیوں نے حضرت عثمان کو شہید کر ڈالا۔ حضرت علی اور طلحہ اور زبیر اور سعد بلکہ جس قدر صحابی مدینے میں موجود تھے اس خبر سے سب کے ہوش و حواس جاتے رہے اور کسی کی عقل بر جا نہ رہی۔ علی اور طلحہ وغیرہ بڑی مشکل سے افتاں خیزاں حضرت عثمان کے مکان میں آئے دیکھا تو انھیں مقتول پایا۔ حضرت علی نے حسین و حسن سے بڑی سختی اور غصے کے لہجے میں فرمایا کہ جب تم دروازے پر تھے تو عثمان کس طرح مقتول ہو گئے۔ بلکہ حسن کے چہرے پر زور سے ایک طمانچہ اور حسین کے سینے پر گھونسا مارا اور محمد بن طلحہ اور عبداللہ بن زبیر کو بُرا بھلا کہتے ہوئے غصے میں تلملاتے گھر تشریف لے گئے۔

[1] حضرت علی کے غلام کا نام نافع تھا۔

(۴) حضرت علی بن ابی طالبؓ

ان کا نام علی۔ کنیت ابوالحسن یا ابوتراب یا ابوالریحانتین۔ لقب حیدرہ۔ یہ بھی قریشی ہیں اور ان کا سلسلۂ نسب صرف دوسری پشت میں جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے۔ یہ رشتے میں پیغمبر صاحب کے چچازاد بھائی بھی ہیں اور داماد بھی۔ پیغمبر صاحب پر سب سے پہلے خدیجہؓ کے بعد یہی ایمان لائے۔ یعنی پیر کے روز پیغمبر صاحب خلعتِ نبوت سے سرفراز ہوئے۔ اور دوسرے دن منگل کو علی کرم اللہ وجہہ نے قبولِ ایمان کا شرف حاصل کیا۔ اِس وقت ان کی آٹھ یا دس برس کی عمر تھی۔ اصل میں اِن کے والد ابوطالب کثیر العیال تھے اور گو ہمیشہ سے تجارت کرتے تھے مگر بعد کو اُن کی تجارت بالکل تھک گئی تھی۔ اور اِس وجہ سے اکثر مُفلس رہا کرتے تھے۔ اُن کے خاندان کے لوگوں نے یہ دیکھ کر کہ اُن سے اِتنی عیال کا بوجھ نہیں اُٹھایا جاتا سب نے مِل کر تھوڑا تھوڑا بوجھ بٹانا چاہا اور ابوطالب سے کہا کہ اپنی تمام چھوٹی اولاد ہمیں دے دو۔ ہم اُن کی تربیت و پرورش کے تکفل ہوتے ہیں۔ ابوطالب نے کہا کہ عقیل اور طالب کو تو میں دینے کا نہیں۔ اِن کے سوا جس کو چاہو لے لو۔ چنانچہ پیغمبر صاحب نے علی کو اپنی سرپرستی میں لے لیا اور اِن کی پرورش کے خود تکفل ہوگئے۔ پیغمبر صاحب مبعوث ہوئے تو گھر کے گھر ہی میں علیؓ آپ پر ایمان لے آئے اور آپ کی رسالت کی بے تردّد تصدیق کی۔ اِس خصوصیت میں صرف ایک حضرت علی ہی متفرد ہیں کہ طفولیت کے زمانے سے پیغمبر صاحب کی وفات تک ہمہ وقت آپ کی خدمت میں حاضر رہے اور جب تک زندہ رہے اسلام اور پیغمبر اسلام کی خدمت پر فدا رہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مفاخر

(۱) حضرت علیؓ کے مفاخر میں سب سے اعلیٰ درجے کی منقبت یہ ہے کہ پیغمبر صاحب نے اپنی سب سے چھوٹی صاحبزادی جناب فاطمۃ الزہرا کے لیے جن کے حق میں آپ نے فرمایا ہے فَاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ اور فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي فَمَنْ أَغْضَبَهَا أَغْضَبَنِي اور يَرِيبُنِي مَا أَرَابَهَا وَيُؤْذِينِي مَا آذَاهَا وغیرہ وغیرہ اِن کو منتخب کیا۔ اگرچہ حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق نے کئی مرتبہ پیغمبر صاحب سے حضرت فاطمہ کی خواستگاری کی بھی مگر پیغمبر صاحب نے یہ کہہ کہہ کر معذرت کر دی۔ کہ فاطمہ ابھی کم عمر ہیں۔ حضرت علی نے درخواست کی تو پیغمبر صاحب نے اِن کی درخواست کو منظور کر لیا۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ حضرت علی کی لونڈی آزاد اُمِّ ایمن نے اِن سے کہا کہ تم فاطمہ سے بیاہ کرنے کی درخواست جناب پیغمبر صاحب سے کیوں نہیں کرتے وہ تو تمہارے بھائی ہیں۔ حضرت علی نے فرمایا کہ مجھے تو اِس قسم کی درخواست کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ شدہ شدہ پیغمبر صاحب کو بھی یہ خبر پہنچ گئی اور آپ نے اپنی رضامندی ظاہر فرمائی اِدھر حضرت علی نے پیغمبر صاحب کی رضامندی کی خبر سُن کر پیام دیا اور پیغمبر صاحب نے حضرت فاطمہ کا اِن سے نکاح کر دیا۔

(۲) اِن کے ابوتراب کے ساتھ مشہور ہونے کی بابت ایک نہایت دلچسپ حکایت بخاری نے سہل بن سعد سے روایت کی ہے کہ ایک دن فاطمۃ الزہرا کسی بات پر اِن سے ناراض ہوگئیں۔ اور یہ بھی غصہ ہو کر گھر سے نکل مسجد کی ایک دیوار کے سایے میں فرشِ زمین پر جا بیٹھے۔ پیغمبر صاحب مسجد میں تشریف لائے تو اِن کی پیٹھ کو گرد آلود دیکھ کر فرمایا اِجْلِسْ أَبَا تُرَابٍ۔ یعنی ابوتراب اُٹھ بیٹھو آپ اِن کی پیٹھ سے مٹی پونچھتے جاتے اور بار بار فرماتے جاتے تھے اِجْلِسْ أَبَا تُرَابٍ اِجْلِسْ أَبَا تُرَابٍ +

(۳) پیغمبر صاحب کو غزوۂ تبوک کا سفر پیش آیا اور یہ پیغمبر صاحب کا آخری غزوہ تھا۔ تو آپ نے اہل بیت کی عورتوں اور بچوں کی حفاظت کے لیے حضرت علی کو مدینے میں اپنا جانشین مقرر کیا۔ جب پیغمبر صاحب ان کو مدینے میں چھوڑ کر غزوۂ تبوک میں جانے لگے تو انھوں نے مدینے سے باہر نکل کر روتے ہوئے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑ جانا پسند کرتے ہیں حالانکہ میں آپ کی معیت اور ہم رکابی کو دوست رکھتا ہوں۔ پیغمبر صاحب نے فرمایا علی! کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ تم میری نسبت ایسے ہو جیسے موسیٰ کی نسبت ہارون یعنی تم ہارون کے منزلے میں ہو صرف اتنا فرق ہے کہ وہ موسے کے بعد نبی ہوئے اور تم نبی نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

(۴) پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے کمال اتحاد و اتصال اور خلاص و یگانگی ظاہر کرنے کے لیے فرمایا کہ علی مجھ سے ہیں اور میں علی سے۔ یعنی میرا ان کا خون گوشت پوست ایک ہے۔

(۵) یہ بھی فرمایا کہ خداوند اجس کا مولیٰ یعنی محبوب مددگار میں ہوں اُس کا مولیٰ (محبوب مددگار) علی ہیں۔ خداوندا جو علی کو دوست رکھے تو اُس کو دوست رکھ اور جو اُن سے دشمنی کرے تو اُس سے دشمنی کر۔ جو اُن کی مدد کرے تو اُس کی مدد کر اور جو اُن کو چھوڑ دے تو اُس کو چھوڑ دے اور جہاں کہیں وہ ہوں حق اُن کے ساتھ ہے۔

(۶) پیغمبر صاحب مدینے تشریف لائے تو آپ نے مہاجرین اور یوں بھی تمام مہاجرین و انصار میں بھائی چارا کرا دیا۔ یعنی ایک مہاجر کو ایک انصاری کے اور ایک انصاری کو ایک مہاجر کے ساتھ لگا دیا۔ حضرت علی نے جب دیکھا کہ پیغمبر صاحب نے میرا کسی سے بھائی چارا نہیں کرایا تو روتے ہوئے پیغمبر صاحب کے پاس آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے اپنے تمام اصحاب کا تو بھائی چارا کرا دیا اور مجھے یوں ہی تنہا چھوڑ دیا۔ پیغمبر صاحب نے فرمایا علی! تم میرے بھائی ہو دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

(۷) یہ بھی فرمایا کہ میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اُس کا دروازہ ہیں یا میں علم کا شہر ہوں اور علی اُس کا دروازہ۔

(۸) پیغمبر صاحب نے ایک موقع پر اسلامی لشکر بھیجا اس لشکر میں حضرت علی بھی تھے۔ لشکر کو لوٹنے میں ہوئی دیر تو پیغمبر صاحب بار بار آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر فرماتے تھے اَللّٰھُمَّ لَا تُمِتْنِیْ حَتّٰی تُرِیَنِیْ عَلِیًّا یعنی خداوندا جب تک تو مجھے علی کو نہ دکھا دے مجھے موت نہ بھیجیو

حضرت علیؓ کی اسلامی خدمتیں

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اسلامی خدمات کے بارے میں اتنا کہنا بس کرتا ہوں کہ اُن کی ساری زندگی یعنی لڑکپن کے زمانے سے لے کر مرنے تک اسی میں صرف ہوئی۔ اُن کے واقعات زندگی اور پیغمبر اسلام کی سچی اور بے ریا خدمتوں سے کتب سیر و احادیث پُر ہیں ہم اس موقع پر معدودے چند خدمات کا ذکر کرتے ہیں۔

(۱) حضرت علی کے ذاتی حالات کو پڑھ کر ہر ایک شخص فی البدیہہ یہ نتیجہ تو نکال ہی سکتا کہ ان کی طبیعت میں ابتدا ہی سے کچھ عجیب طور کی جوانمردی اور شجاعت واقع ہوئی تھی۔ اور پیغمبر صاحب کی محبت سے ایسے بھرپور تھے کہ آپ کی تھوڑی سی دل شکنی بھی ان کو سخت ناگوار اور رنج دہ ہوتی تھی بعثت کے شروع زمانے میں جناب پیغمبر صاحب نے بحکم آیہ وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ اپنے خاندان کے لوگوں کو جو تعداد میں کم و بیش چالیس تھے۔ اور جن میں آپ کے چچا ابو طالب اور حمزہ اور عباس اور ابولہب

بھی تھے۔ سب کو ضیافت کی تقریب سے جمع کیا۔ کھانے سے فارغ ہوئے تو پیغمبر صاحب کھڑے ہو کر فرمایا اے بنو عبدالمطلب میں تمہارے پاس ایک چیز لے کر آیا ہوں جو دنیا و آخرت دونوں میں فلاح و بہبود کی باعث ہے میں تمہیں باور کراتا ہوں کہ خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم کو اُس کی فرماں برداری کی طرف بُلاؤں۔ پس تم میں کون ہے جو اس کام میں میری مدد کو کھڑا ہو جائے اور اس اہم اور عظیم الشان کام میں میرا بوجھ بٹالے۔ آناً فاناً کہ پیغمبر صاحب خاموش ہو گئے اور آپ کے خاموش ہوتے ہی سارے مجمع پر سکوت و خاموشی کا سناٹا چھا گیا۔ بھرے مجمع میں کسی کو اتنی جرأت نہیں ہوئی کہ ہاں یا نا کا جواب دیتا۔ تھوڑی دیر تک مجلس کا یہی رنگ رہا اور جب کسی نے بھی جنبش نہیں کی تو حضرت علیؓ جو ابھی نوخاستہ جوان تھے۔ اِس حیرت و شک اور حقارت آمیز سکوت کی برداشت نہ کر سکے فوراً کھڑے ہو گئے۔ اور نہایت استقلال و دلیری کے لہجے میں بولے کہ اے رسولِ خدا اگرچہ اس مجلس میں میں سب سے کم عمر اور ناتجربہ کار ہوں مگر آپ کی خدمت کے لیے ہر وقت تیار ہوں۔ میں آپ کی اس اہم اور عظیم الشان اور سخت مشکل خدمت کو بجا لاؤں گا۔ اور جہاں تک بن پڑے گا آپ کی حمایت و نصرت سے پہلو تہی نہیں کروں گا۔ پیغمبر صاحب نے اپنے چچازاد بھائی علی کی گردن میں کمال شفقت سے ہاتھ ڈال کر فرمایا ہے شک میرا بھائی اور میرا مددگار ہے۔ اس پر سارے مجمع نے ایک قہقہہ لگایا۔ کیونکہ ان لوگوں کو ایک اَن پڑھ معمولی طور کے آدمی اور ایک نہایت کم عمر لڑکے کا یہ فیصلہ کرنا کہ وہ دونوں ملکر سارے جہان کے خیالات کے خلاف کوشش کریں گے اور اس کوشش میں کامیاب ہوں گے۔ ایک ہنسی اور مضحکے کی بات معلوم ہوئی۔

(۲) اسلام اور پیغمبر اسلام کی اس سے بڑھ کر خدمت اور کیا ہو گی کہ جس رات جناب پیغمبر صاحب کفارِ مکہ کے نرغے سے نکل کر غارِ ثور میں تشریف لے گئے علی کرم اللہ وجہہ کو اپنے بستر پر اپنی چادر اوڑھا کر سُلا گئے اور یہ بہادر شیر دل پیغمبر اسلام کا فدائی بے ہراس آپ کے بستر پر سو گیا جب کہ اس کو معلوم تھا کہ مخالفین پیغمبر صاحب کے دھوکے میں مجھے قتل کر دیں گے۔ پیغمبر صاحب نے چُپ چُپاتے ہجرت کی تھی اور آپ کے پاس لوگوں کی کچھ امانتیں اور وصیتیں محفوظ تھیں۔ امانتوں اور وصیتوں کو ادا کرنا ضرور تھا اور اس کے لیے کوئی ایسا شخص چاہیئے تھا جو اُن لوگوں سے واقف ہو تا جن کی امانتیں تھیں لہٰذا پیغمبر صاحب نے اِس مُہم کے سر کرنے کے لیے علی کرم اللہ وجہہ کو منتخب فرمایا جو اس خدمت سے سبکدوشی حاصل کر کے پیغمبر صاحب سے مدینے جا ملے۔

(۳) جنگِ اُحد میں جب بعض مسلمانوں کی بے تدبیری سے لڑائی بگڑی اور اکثر لوگ اُس ہلچل کے وقت پیغمبر صاحب سے الگ ہو گئے تو عمر فاروق اور علی مرتضیٰ پیغمبر صاحب کے لیے سپر بن گئے اور اس موقع پر حضرت علی کے جسم پہ تیر و تلوار کے سولہ زخم کاری لگے زخم پر زخم کھائے اور پیغمبر صاحب کی حفاظت سے مُنہ نہ موڑا اور آپ کے جسم شریف پر آنچ نہ آنے دی۔

(۴) خیبر کا واقعہ پیش آیا تو پیغمبر صاحب نے کئی صحابیوں کو یکے بعد دیگرے لڑائی کا جھنڈا دے کر علم برداری کے معتبر منصب سے ممتاز فرمایا اور ہر ایک نے لڑائی کے مارے لینے میں اَن تھک کوشش بھی کی۔ مگر خدا کا کرنا کسی کی کوشش پیش نہ گئی۔ اور خیبر فتح نہیں ہوا کئی روز جب اِسی طرح گزر گئے تو پیغمبر صاحب نے فرمایا کل میں ایک شخص کو جھنڈا دوں گا جس کے ہاتھوں پر خدا خیبر کو فتح کرے گا وہ خدا اور رسولِ خدا کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور رسول خدا اُس کو دوست رکھتے ہیں۔ لشکرِ اسلام کے افسروں نے پیغمبر صاحب کا یہ ارشاد سُن کر ساری رات اِسی حیث و بحث میں گزار دی کہ دیکھیں صبح کو علمِ جنگ کسے دیا جاتا ہے۔ صبح ہوئی تو سب لوگ پیغمبر صاحب کے پاس جمع ہوئے اور ہر ایک شخص بجائے خود اِس بات کا اُمیدوار تھا کہ لڑائی کا جھنڈا مجھے دیا جائے گا۔ نبی صلی اللہ

علیہ وسلم نے جب دیکھا کہ سب لوگ جمع ہو گئے ہیں تو آپ نے فرمایا علی بن ابی طالب کہاں ہیں؟ عرض کیا گیا اُن کی آنکھیں دُکھتی ہیں فرمایا کسی کو بھیج کر اُنھیں بُلاؤ۔ علی مرتضیٰ آئے تو پیغمبر صاحب نے اپنا لعابِ دہن اُن کی آنکھوں میں ڈال دیا۔ لعابِ دہن کے ڈالتے ہی آنکھیں اچھی ہو گئیں اور ایسی اچھی ہو گئیں کہ گویا کبھی دُکھی ہی نہ تھیں۔ پیغمبر صاحب نے اِن کو جھنڈا دے کر قلعہ خیبر کی طرف روانہ کیا۔ چلتے وقت اِنھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ کی اجازت ہے۔ کہ جب تک اہلِ خیبر مسلمان نہ ہوں میں اُن سے لڑتا رہوں پیغمبر صاحب نے فرمایا علی! آہستگی اور نرمی کے ساتھ رستہ طے کرو۔ اور جب اُن کے میدان میں پہنچو تو سب سے پہلے انھیں اسلام کی طرف بُلاؤ اور جو خدا نے اُن پر واجب کیا ہے اُس کی اُنھیں خبر دے دو۔ خدا کی قسم اگر اُن میں کا ایک آدمی بھی تمھاری وجہ سے ہدایت پائے گا تو یہ تمھارے لیے سُرخ اُونٹوں[1] سے بھی بہتر ہوگا۔ غرض کہ علی کرم اللہ وجہہ لشکرِ اسلام کو لے کر بڑھے۔ اہلِ خیبر کو اسلام کی دعوت دی اُنھوں نے دعوتِ اسلام کو قبول نہیں کیا۔ لڑائی ہوئی اور خیبر علی کرم اللہ وجہہ کے ہاتھ پر فتح ہو گیا۔

علی کرم اللہ وجہہ حضرت عثمان کی شہادت کے دوسرے روز تختِ خلافت پر متمکن ہوئے۔ اور چونکہ صحابہ کے نزدیک اِن کی خلافت پر پہلے ہی سے اجماع قائم ہو چکا تھا کہ اہلِ شوریٰ نے باتفاقِ رائے حضرت عمر فاروق کی شہادت کے بعد خلافت کو صرف عثمان اور علی رضی اللہ عنہما دو شخصوں میں دائر کر دیا تھا اور جب حضرت عثمان خلیفہ بنائے گئے تو صرف حضرت علیؓ کے حق میں خلافت باقی رہی۔ شہادتِ عثمان کے بعد صحابہ نے بے چون و چرا اِن کی خلافت پر بیعت کی۔ اور اِن کو خلیفہ برحق تسلیم کیا۔ مگر عراق و شام اور مصر کے چند قبیلوں نے اِن کی خلافت پر بیعت نہیں کی۔ اِن کے زمانۂ خلافت میں کچھ ایسے فتوحات نہیں ہوئے۔ کیونکہ شروع ہی میں چند اِس طرح کی باہمی خانہ جنگیوں اور اندرونی و بیرونی ریشہ دوانیوں نے ہاتھ پاؤں پھیلائے تھے۔ جن سے حضرت علیؓ کو ایک لمحہ کے لیے بھی فتوحات کی طرف متوجہ ہونے کی فرصت نہیں ملی۔ علاوہ بریں اِن کی خلافت کا زمانہ تھا ہی کتنا صرف چار برس نو مہینے ۳۵ھ ہجری کے آخری مہینے ذی الحجہ میں تختِ خلافت پر بیٹھے۔ اور بیٹھتے ہی طلحہ اور زبیرؓ اِن سے ناراض ہو کر مکے سے بصرے چلے گئے۔ طلحہ اور زبیر کی ناراضگی کی صرف یہ وجہ تھی کہ وہ قاتلینِ عثمانؓ سے قصاص لینے میں جلدی کرتے تھے اور حضرت علیؓ مصلحتاً اس بارے میں کچھ مُہلت چاہتے تھے۔ اِن کا خیال تھا کہ بیعت کا سلسلہ تمام شہروں میں تمام و کمال کو پہنچ جائے اور امرِ خلافت اچھی طرح اپنے پاؤں جمالے۔ تو قاتلینِ عثمان کے بارے میں تفتیش کی جائے اور اگر ابھی سے اِس مقدمے کی تفتیش کی جائے گی اور قاتلینِ عثمان سے قصاص لیا جائے گا تو عام شورش کی آگ جو خدا مہم پڑ گئی ہے فوراً بھڑک اُٹھے گی۔ اور ایسی بھڑکے گی کہ پھر اُس کا دبانا سخت مشکل پڑ جائے گا۔ طلحہ اور زبیر اور شام و مصر اور عراق کے بہت لوگ جنھوں نے ابھی تک حضرت علی کو خلیفہ تسلیم نہیں کیا تھا کہتے تھے کہ خدا نے قرآن میں اخذِ قصاص کو فرض واجب کہا ہے اور ہم حکمِ خدا میں تاخیر کرنے کی وجہ سے گنہگار ٹھیرتے ہیں۔ اِس لیے سب سے پہلے ہمیں قاتلینِ عثمان سے قصاص لینا ضرور ہے۔ بات تو صرف اتنی ہی تھی مگر بیچ والوں کی ناجائز ریشہ دوانیوں نے اُس کا بتنگڑ بنا کھڑا کیا۔ یہاں تک کہ دونوں فریقوں کو لڑوا کر تیرہ ہزار آدمیوں کا خون کرا دیا۔ حضرت طلحہ اور زبیر اور شام و عراق کے کچھ لوگ بصرے پہنچے اِس موقع پر اُمّ المؤمنین حضرت عائشہؓ مکے ہی میں تشریف رکھتی تھیں۔ لوگ اُمّ المؤمنین کو ساتھ لے بصرے پہنچے۔ یہاں لوگوں نے اُڑا دیا کہ طلحہ اور زبیر اور اُمّ المؤمنین عائشہؓ　　فوج کے فراہم کرنے

[1] عرب میں سُرخ اُونٹ بڑی قدر و قیمت کی چیز ہے مطلب یہ ہے کہ دنیاوی مال و متاع سے بہتر ہے ۱۲

اور حضرت علی سے مقاتلہ کرنے کی غرض سے بصرے گئے ہیں۔ اور عنقریب افواجِ کثیرہ کے ساتھ مدینے پر حملہ آور ہوتے ہیں حالانکہ حضرت طلحہ اور زبیر اور اُمّ المؤمنین عائشہؓ کا یہ منشأ ہرگز نہ تھا بلکہ صرف قاتلینِ عثمان سے قصاص لینا اور بلوائیوں کو اُن کے جُرم کی سزا دینا مقصود تھا۔ حضرت علیؓ یہ افواہ سُن کر مدینے سے باہر نکلے اور بڑی جمعیت کے ساتھ عراق پہنچے۔ بصرے میں دونوں لشکروں کی اتفاقی مُٹھ بھیڑ ہوگئی۔ اور بے قصد لڑائی ٹھن گئی۔ اس لڑائی کے برپا کرانے میں زیادہ حصہ اُن ہی لوگوں نے لیا جو قتلِ عثمان میں شریک تھے۔ الغرض دونوں طرف سے صف بندی ہوئی۔ اور صبح سے لے کر عصر کے وقت تک بڑے گھمسان کی لڑائی ہوتی رہی۔ طلحہ اور زبیر کے ساتھ اس لڑائی میں تیس ہزار آدمی تھے اور علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ بیس ہزار۔ آخر کار طلحہ اور زُبیر شہید کیے گئے اور اُن کے لشکر کو شکست ہوئی۔ دونوں طرف کے تیرہ ہزار آدمی کام میں آئے جن میں بہت سے عُبّاد اور زُہّاد صحابہ اور ابنائے صحابہ تھے۔ یہ واقعہ ۱۵۔ جُمادی الاُخری ۳۶ھ کو پیش آیا اور اس کا نام واقعۂ جمل رکھا گیا۔ کیونکہ اس معرکے میں اُمّ المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا ایک اُونٹ پر سوار ہوکر شریکِ جنگ تھیں۔

حضرت علی کرّم اللہ وجہہ نے دونوں طرف کے مقتولوں پر نمازِ جنازہ پڑھی اور تین روز بصرے میں رہ کر کوفے تشریف لے آئے اور جریر بن عبداللہ کو ایک خط دے کر اہلِ شام اور معاویہ کی طرف روانہ کیا خط کا مضمون یہ تھا کہ جب پیغمبر صاحب کے تمام مہاجرین انصار اصحاب نے میری خلافت پر بیعت کر لی ہے اور مجھے خلیفۂ برحق تسلیم کر چکے ہیں تو تم کو بھی بیعت میں داخل ہونے کی تکلیف دی جاتی ہے۔ معاویہ اور اہلِ شام نے خط کے اس مضمون کو پڑھ کر قاصد کو صاف جواب دے دیا کہ جب تک قاتلینِ عثمان سے قصاص نہ لوگے ہم بیعت نہیں کریں گے۔ جریر ناکام واپس آیا تو علی کرم اللہ وجہہ ستر ہزار فوج ساتھ لے شام کو روانہ ہوگئے۔

اُدھر معاویہؓ ساٹھ ہزار فوج لے کر شام سے نکلے موضع **صفین** میں دونوں فوجوں کا مقابلہ ہوا اور شروع ذی الحجہ ۳۶ھ سے آغازِ محرم ۳۷ھ تک معرکہ آرائیاں ہوتی رہیں۔ محرّم کے سارے مہینے میں لڑائی ملتوی رہی۔ صفر کے شروع ہوتے ہی پھر لڑائی شروع ہوگئی غرض کہ پورے سو یا ایک سو بیس روز تک دونوں فریق نہایت کوشش و کشش سے لڑتے رہے اس کے بعد حضرت معاویہ کا لشکر بالکل بے دل ہوگیا اور قریب تھا کہ میدانِ جنگ چھوڑ کر بھاگ جائے اتنے میں معاویہؓ کے سرداروں نے قرآن مجید کو نیزوں پر اُٹھا کر کہا کہ ہم میں اور تم میں کتاب اللہ فیصلے کے لیے بس ہے یعنی کتاب اللہ میں حکم ہے کہ باہمی اختلاف کے وقت ہر فریق اپنا ایک پنچ کھڑا کر دے۔ پھر دونوں پنچ جس کے حق میں فیصلہ دے دیں۔ دوسرے فریق کو بے چون و چرا اُس کا فیصلہ مان لینا چاہیئے۔

حضرت علی کرّم اللہ وجہہ نے اپنے سرداروں سے کہا بھی کہ مجھے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں کچھ نہ کچھ خدع اور مکر ضرور ہے مگر اُن کے سرداروں نے صاف کہہ دیا کہ ہم کو تو کلام الٰہی چھوڑتے بن نہیں پڑتا۔ آخر کار لڑائی موقوف ہوگئی اور معاویہؓ کی طرف سے عمرو بن العاص رضہ اور علی کرّم اللہ وجہہ کی طرف سے ابو موسیٰ اشعریؓ حکم مقرر ہوئے۔ فریقین کی طرف سے صلح نامہ لکھا گیا اور یہ بات طے ہوگئی کہ اب تو نہیں سالِ آیندہ کے آغاز میں فریقین کے دانشمند اور اصحاب الرائے موضع اذرُح میں جمع ہوں اور اُمّتِ محمّدیہ کے حق میں جو بات بہتر ہو عمل میں لائیں۔ اس قرارداد کے بعد سب لوگ مُنتشر ہوگئے۔ معاویہ ملکِ شام کو چلے گئے اور حضرت علی کوفے تشریف لے آئے۔ حضرت علی کو کوفے آئے ہوئے چند ہی روز گزرے تھے کہ خوارج نے سر اُبھارا اور یہ

کہہ کر کہ علیؓ نے ابا موسےٰ کو حَکَم مقرر کرکے اپنی گردن سے خلافت کا طوق نکال دیا۔ بلکہ دائرۂ اسلام سے اپنے تئیں خارج کر دیا کیونکہ لَا حُکْمَ اِلَّا لِلّٰہِ۔ بغاوت انگیز شورش ہر طرف برپا کر دی اور موضع حروراء میں لشکرِ جرار جمع کیا۔ یہ سب لوگ وہ تھے جو واقعۂ جمل اور صفین میں حضرت علیؓ کے ساتھ تھے اور اُن کے اصحابِ سردار شمار کیے جاتے تھے۔ حضرت علی کو اس کی خبر ہوئی۔ تو انھوں نے خوارج کو سمجھانے اور حجت تمام کرنے کی غرض سے حضرت ابن عباس کو اُن کے پاس بھیجا ابن عباس نے اُن کو بہت سمجھایا اور عقلی و نقلی دلائل سے اُن کے تمام شکوک رفع کر دیئے۔ اِس پر بھی کچھ لوگ تو نادم ہو کر حضرت علی کی خدمت میں واپس آ گئے مگر اکثر لوگ اپنے اُسی اِصرار پر جمے رہے ناچار حضرت علی کو اُن کے قلع و قمع کے لیے فوج کشی کرنی پڑی۔ اور نہروان میں ۳۸ھ کو ایک سخت اور عظیم الشان معرکہ ہوا۔

اسی برس کے آخر شعبان کے مہینے میں لوگ حسبِ وعدہ اذرُح میں جمع ہوئے۔ اِس مَوقع پر سعد بن ابی وقاص اور ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی موجود تھے۔ عمرو بن العاص نے جو معاویہؓ کے وزیر تھے اِس مَوقع پر بڑی چالاکی سے کام لیا۔ یعنی ابو موسیٰ اشعری سے مل کر کہا کہ مصلحت اِس میں ہے کہ علیؓ اور معاویہؓ دونوں خلافت سے علٰحدہ کر دیئے جائیں اور پھر ہم اور تم اپنے مشورے سے جس کو چاہیں خلیفہ بنائیں تو تم علی کو خلافت سے علٰحدہ کرنے کی رائے دو اور میں معاویہ کے علٰحدگی کی۔ ابو موسیٰ اشعری بھولے بھالے آدمی تھے اُنھوں نے سیدھے سُبھاؤ عمرو بن العاص کی اس رائے کو پسند کیا۔ اور عین مَوقع پر جب کہ عمرو بن العاص نے اِن کو بھرے جلسے میں کھڑا کر دیا تو یہ تھوڑی دیر تک عام مجمع میں ایک تمہیدی مضمون بیان کرتے رہے جس کا نتیجہ آخر میں یہ نکالا کہ حضرت علی مستحقِ خلافت نہیں ہیں۔ پھر عمرو بن العاص کھڑے ہوئے اور بڑے زور سے معاویہ کے لیے استحقاقِ خلافت ثابت کر کے بھرے مجمع میں اُن سے بیعت کر لی۔ اور اِن کے بیعت کرتے ہی اَور لوگ بھی معاویہ کی بیعت پر جُھک پڑے۔ یہ ساری کارروائی حضرت علی کے بالکل برخلاف تھی۔ اور اسی وجہ سے اُنھیں اِس موقع پر وہ کوفت اُٹھانی پڑی۔ جس کی کچھ انتہا نہیں۔ وہ ایک تنہا گوشے میں بیٹھے ہوئے انتہائے غیظ و غضب سے اپنی انگلیاں چباتے اور فرماتے تھے غضب ہے کہ لوگ میری نافرمانی کریں اور معاویہ کی اطاعت خوارج جیسے حضرت علی سے جلے ہوئے تھے ویسے ہی معاویہؓ سے بھی ناراض تھے اور رات دن اسی کوشش میں لگے ہوئے تھے کہ کسی طرح اِن دونوں کا کام تمام کر دیا جائے چنانچہ اُن میں کے تین شخصوں نے مکے میں جمع ہو کر باہم عہد و پیمان کیا کہ تا وقتیکہ ہم تین شخص تین شخصوں کو قتل نہ کریں گے پیٹ بھر کر روٹی اور سیر ہو کر پانی نہ پئیں گے۔ عبد الرحمٰن بن ملجم نے قسم کھا کر کہا کہ میں علی بن ابی طالب کو قتل کروں گا۔ اور برک بن عبد اللہ نے معاویہ کے قتل کا بیڑا اُٹھایا۔ اور عمرو بن بکیر نے عمرو بن العاص کا قتل اپنے ذمہ لیا۔ چنانچہ عبد الرحمٰن بن ملجم مدینے آیا۔ اور رمضان کی سترھویں تاریخ ۴۰ھ کو صبح کے اندھیرے میں جب کہ حضرت علی نمازِ صبح کو تشریف لیے جاتے تھے اُسی طرح شہید کر ڈالا جس طرح ابو لؤ لؤ مجوسی نے عمرِ فاروق کو۔

خلافت اور اسلامی سلطنت کے بارے میں اِس سے زیادہ لکھنا اگرچہ ہمارے مقصد سے خارج ہے کیونکہ ہمارے بیان کا موضوع صرف عشرۂ مبشرہ کے مختصر واقعاتِ زندگی کا قلمبند کرنا تھا۔ لیکن یہاں تک پہونچ کر اِس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ ہمیں عام لوگوں کو اتنا تو بتا دینا چاہیئے کہ خلفاءِ اربعہ کے بعد خلافتِ راشدہ کا زمانہ کس پر منتہی ہوا اور کیونکر ہوا اور خلافتِ راشدہ کے بعد اسلامی سلطنت جو خلافت کے نام سے شہرت پذیر رہی کب تک چلی اور کب اُس کا خاتمہ ہوا۔

واضح رہے کہ رمضان کی سترھویں تاریخ ۴۰ھ ہجری کو حضرت علی مرتضیٰ شہید ہوئے - اور یہ اُن لوگوں میں سب سے اخیر تھے جو خلفاء اربعہ کے ممتاز لقب سے مشہور ہیں - اُن کی خلافت کا زمانہ اگرچہ چار سال نو مہینے بتایا گیا ہے - اور واقع میں یہ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے دوسرے روز سے اپنی شہادت کے وقت تک خلیفۂ برحق تھے بھی - مگر شامیوں کے تفرقہ ڈال دینے اور معاویہؓ کے خود خلیفہ بن بیٹھنے نے اِن کی خلافت میں بہت کچھ ضعف پیدا کر دیا تھا - جس کے دوسرے معنے یہ ہو سکتے ہیں کہ اِس زمانے میں دو عملی ہو گئی تھی - اور حضرت علیؓ برائے نام خلیفہ رہ گئے تھے - تاہم مدینے اور کوفے وغیرہ کے اکثر لوگ اِن کو خلیفۂ برحق تسلیم کیے رہے مگر اِن کی شہادت کے بعد بہت کم لوگوں کا خیال تھا کہ اِن کے فرزندِ اکبر حسن رضی اللہ عنہ کرسیِ خلافت پر متمکن ہوں گے اور ایسا ہی ہوا بھی کہ حضرت علی کے بعد کوفیوں نے حضرت حسنؓ سے خلافت پر بیعت کی - لیکن انھیں تختِ خلافت پر بیٹھے ہوئے کچھ اُوپر چھے مہینے گزرے تھے کہ معاویہؓ اِن کے مقابلے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے - اور اِنھوں نے مسلمانوں کی خونریزی سے بچنے کے لیے صُلح کر لی - معاویہ کو لکھ بھیجا کہ میں خلافت بایں شرط تمھارے حوالے کرتا ہوں کہ تمھارے بعد خلافت میری طرف عود کرے اور حجاز و عراق کے باشندے اُن ممالک و اراضی میں سے مجھ سے کچھ طلب نہ کریں - جو میرے والد کے زمانے میں اُن[۱] کے قبضے میں تھے - علاوہ بریں جس قدر قرضے میرے والد کے ذمے ہیں سب ادا کر دیے جائیں - معاویہؓ نے اِن سب باتوں کو منظور کر لیا - اور دونوں میں صلح ہو گئی - الغرض ۴۱ھ ربیع الاول کے مہینے میں حضرت حسنؓ کرسیِ خلافت پر سے اُتر گئے اور اب سے معاویہ مستقل خلیفہ ہو گئے - اِس کے نو سال بعد یعنی ۵۰ھ ربیع الاول کے مہینے میں حضرت حسنؓ کا انتقال ہو گیا اِس مقام پر پیغمبر صاحب کی دو نہایت زبردست پیشین گوئیوں کا ذکر کرنا خالی از دلچسپی نہ ہو گا ایک یہ کہ آپ نے فرمایا اَلْخِلَافَةُ ثَلَاثُوْنَ عَامًا ثُمَّ يَكُوْنُ بَعْدَ ذٰلِكَ مُلْكًا یعنی خلافتِ (راشدہ) صرف تیس برس تک رہے گی - پھر سلطنت ہو جائے گی - اس پیشین گوئی کی تصدیق خلفاء اربعہ اور حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی چند روزہ خلافت نے کر دی - یعنی حضرت صدیق اکبر نے دو سال تین مہینے خلافت کی اور عمر فاروق نے دس سال چھے مہینے - عثمان ذوالنورین نے بارہ سال - علی مرتضےٰ نے چار سال نو مہینے - حضرت حسنؓ نے چھے مہینے کچھ دن - اِن سب کو جمع کرنے سے پُورے تیس برس ہوتے ہیں -

دوسری یہ کہ پیغمبر صاحب نے حسنؓ کے حق میں فرمایا تھا يُصْلِحُ اللّٰهُ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ یعنی خدائے تعالیٰ حسن کے سبب سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صُلح کرائے گا - یہ پیشین گوئی حضرت حسنؓ کے تختِ خلافت سے اُترنے پر پُوری ہوئی حضرت حسنؓ کے انتقال کے بعد معاویہؓ نے اپنے بیٹے یزید کی خلافت پر لوگوں سے بیعت لینے کی کوشش کی اور اُسے اپنا ولیعہد مقرر کیا لیکن بہت لوگوں نے اِس سے پہلوتہی کی اور معاویہ نے بھی اِس پر کچھ اتنا زور نہیں دیا - ۶۰ھ میں معاویہ کا انتقال ہو گیا تو یزید تختِ حکومت پر بیٹھا اور لوگوں کو بیعت کی تکلیف دی - تمام شامیوں نے طوعاً اِس سے بیعت کی مگر مدینے کے اکثر مشاہیر نے انکار کر دیا - جن میں عبداللہ بن الزبیر اور حسین بن علی اور عبداللہ بن عمر وغیرہ بھی تھے - جس روز یزید کا بھیجا ہوا عامل مدینے پہنچا عبداللہ بن الزبیر اور حسین بن علی اُسی روز مدینے سے نکے چلے آئے - اور یہاں آکر حسینؓ نے یزید کے مقابلے میں دعویِ خلافت کا جھنڈا اُونچا کرنا چاہا - عہدِ شکن بیوفا کوفیوں نے اگرچہ معاویہؓ کی زندگی ہی میں کئی مرتبہ امام حسینؓ کو اُن سے مقابلہ کرنے پر آمادہ کیا - مگر امام حسین ہمیشہ کوفیوں کے جوش کو دودھ کا اُبال سمجھتے رہے لیکن اِس موقع پر

[۱] یعنی میرے والد کے ۱۲

جب کوفیوں نے اِنتہا سے زیادہ اظہارِ ہمدردی کیا تو بھولے بھالے امام اُن کے کہے میں آکر دعوی خلافت کر بیٹھے اور اپنے خاندان کے کچھ مَردوں اور عورتوں اور بچّوں کو لے کر عراق کی طرف نکل کھڑے ہوئے۔ یزید نے عراق کے حاکم عبید اللہ بن زیاد کو لکھ بھیجا کہ حسین بن علی سے میری خلافت پر بیعت لو۔ نہیں تو اُن سے لڑنے کی تیاری کرو۔ عبید اللہ نے عمرو بن سعد بن ابی وقاص کی سرکردگی میں چار ہزار لشکر حسینؓ سے لڑنے کو روانہ کیا۔ کوفیوں نے اپنی عادت کے مطابق اس مرتبہ بھی عہد شکنی کی اور حسینؓ کی مدد سے پہلوتہی کر کے علٰحدہ ہو گئے۔ آخر کار امام حسینؓ اپنے خاندان کے سولہ ساتھیوں سمیت دسویں محرم ۶۱ھ کو میدانِ کربلا میں شہید کر دیئے گئے۔

عبد اللہ بن الزبیر نے اگرچہ یزید کی بیعت سے انکار کر دیا تھا مگر اُنھوں نے دعوی خلافت بھی نہیں کیا اور نہ کسی کو اپنی بیعت پر مجبور کیا۔ ۶۳ھ ہجری میں جب یزید کی بے دینی اور فسق و فجور کا شہرہ ہوا تو اہل مدینہ نے اپنی بیعت واپس لے لی اور خروج کا ارادہ کیا۔ یزید نے یہ خبر سُن کر ایک عظیم الشان لشکر مدینے روانہ کیا۔ اور باب طیبہ پر بڑے گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ کثیر التعداد صحابہ شہید ہوئے اور سارا مدینہ لُوٹ لیا گیا۔ پھر یہ لشکر عبد اللہ بن الزبیر سے لڑنے کے لیے مکّے کی طرف متوجہ ہوا۔ اور ۶۴ھ صفر کے مہینے میں مکّے کا محاصرہ کیا گیا۔ اُونچی اُونچی پہاڑیوں پر سے منجنیق (گوپھن) کے ذریعے سے سنگ باری کی گئی۔ اور پتھروں کے شراروں نے خانہ کعبہ کے پردے اور چھت کو جلا کر خاک سیاہ کر دیا۔

ربیع الاول کی پندرہ تاریخ کو یزید مر گیا۔ اور اُس کی خبرِ مرگ سے محاصرین نے محاصرہ اُٹھا کر شام کی راہ لی۔ اب ابن الزبیر نے عَلمِ خلافت اُونچا کیا اور اپنی خلافت پر لوگوں سے بیعت لی۔ اور امیر المؤمنین کے لقب سے مشہور ہوئے۔ لیکن شامیوں نے یزید کے مرتے ہی اُس کے بیٹے معاویہ کو تختِ حکومت پر بٹھا دیا۔ اور سب نے اُس کی خلافت پر بیعت کر لی۔ معاویہ پہلے ہی سے بیمار تھا اور ایسا بیمار تھا کہ تختِ حکومت پر بیٹھ کر نہ کبھی دربار کر سکا۔ اور نہ کوئی حکم احکام جاری کرنے کی نوبت آئی۔ یہاں تک کہ اسی بیماری میں باپ کے مرنے کے چالیس روز بعد بیس یا اکیس برس کی عمر میں انتقال کر گیا۔

حجاز و یمن اور عراق و خراسان کے تمام باشندے تو یزید بن معاویہ کے مرتے ہی عبد اللہ بن الزبیر کی اطاعت میں آگئے تھے صرف شام اور مصر کے لوگ یزید کے بعد اُس کے بیٹے معاویہ کے حلقہ بگوش تھے مگر اُس کے انتقال کرتے ہی یہ بھی ابن الزبیر کی اطاعت میں آگئے اور اب مستقل طور پر ابن الزبیر خلیفہ تسلیم کیے جانے لگے۔ لیکن جب بنو اُمیّہ نے دیکھا کہ معاویہ بن یزید کے بعد شاہی خاندان میں کوئی شخص خلافت کا اہل باقی نہیں رہا اور اب حکومت ہمارے ہاتھ سے نکل چلی۔ اِدھر تمام لوگ حتّٰی کہ شام و مصر کے باشندے بھی ابن الزبیر کے مطیع ہو گئے تو مروان بن حکم نے جو معاویہ بن ابی سفیان کا شتر میں چچازاد بھائی تھا اور معاویہ کے وقت سے بڑے بڑے مناصب سے ممتاز ہوتا چلا آتا تھا خروج کیا اور زبردستی شام و مصر کو اپنے قبضے میں کر لیا۔ اور دوسرے علاقوں کو اپنا ماتحت بنانے میں کوشش کرتا رہا یہاں تک کہ ۶۵ھ ہجری میں مر گیا۔ اِس کے بعد اس کا بیٹا عبد الملک حکمراں ہوا اور اُس نے عراق کو از سرِ نو اپنا ماتحت کر لیا۔ پھر چالیس ہزار جرّار فوج عبد اللہ بن الزبیر کے مقابلے کے لیے تیار کی اور حجّاج بن یوسف کو سپہ سالار مقرر کر کے مکّے روانہ کیا۔ حجّاج ایک مہینے تک مکّے کا محاصرہ کیے رہا اور دُور دُور سے سنگ باری ہوتی رہی۔ انجامِ کار عبد اللہ بن الزبیر کے ساتھیوں نے اِن کا ساتھ چھوڑ دیا۔ اور حجّاج سے جا ملے۔ ۷۳ھ جمادی الاولیٰ کی تیرہ تاریخ روز سہ شنبہ کو حجّاج نے عبد اللہ

بن الزبیر کو قتل کر کے اُن کی لاش کو سُولی پر لٹکا دیا۔ عبداللہ بن الزبیر کے بعد بنو اُمیّہ کے لیے میدان بالکل صاف ہو گیا۔ اور اب عبدالملک بلا شرکتِ غیرے خلیفہ تسلیم کیا گیا۔ اور پُورے بیس سال حکومت کر کے ۸۶ھ میں مر گیا۔

عبدالملک کے بعد اس کا بیٹا ولید خلیفہ ہوا۔ اور دس سال تختِ خلافت پر بیٹھ کر ۱۵۔ جُمادی الاُخریٰ ۹۶ھ کو اکیاون برس کی عمر میں دُنیا سے کوچ کر گیا۔ اِس کے بعد اِس کا بھائی **سلیمان** تخت نشین ہوا یہ تمام ملوکِ بنی اُمیّہ میں نیک صورت نیک سیرت اور جوانِ صالح عابد و زاہد تھا۔ کچھ کم تین سال حکومت کر کے دسویں صفر ۹۹ھ روز جمعہ کو انتقال کر گیا۔

سلیمان کے انتقال کے بعد ان کے چچازاد بھائی **عمر بن عبدالعزیز** تختِ خلافت پر متمکن ہوئے۔ یہ خلفاءِ راشدین میں پانچویں خلیفہ ہیں اور ان کے عدل و انصاف اور مذہبی تشریع و تدیّن اور نیکدلی اور خلوصِ نیت اور خدماتِ اسلام کے واقعات و حکایات سے کتب سیر و تواریخ پُر ہیں۔ اُن کی خلافت میں زمانے نے بالکل وہی رنگ اختیار کر لیا تھا۔ جو قرنِ اوّل اور ثانی میں دیکھا جاتا تھا لیکن افسوس ہے کہ ان کی خلافت کا زمانہ بہت تھوڑا ہوا۔ یعنی تین برس بھی نہیں۔ اس سے بھی کم کیونکہ ۹۹ھ میں تختِ خلافت پر بیٹھے اور ۲۵۔ رجب ۱۰۱ھ میں ۴۹ سال چھے مہینے کی عمر میں انتقال کر گئے۔

اِن کے اِنتقال کے بعد عبدالملک کا تیسرا بیٹا **یزید** حکمران ہوا جو کچھ کم چار برس سلطنت کر کے **اواخر شعبان ۱۰۵ھ** کو دنیا سے کوچ کر گیا۔ اور اِس کے بعد اِس کا بھائی **ہشام** بن عبدالملک سلطان قرار دیا گیا۔ جو بیس برس حکمرانی کر کے ۱۲۵ھ میں مر گیا۔ اور اسی سنہ میں ہشام کا بھتیجا یزید کا بیٹا عبدالملک کا پوتا **ولید** بادشاہ بنایا گیا۔ ولید کا باپ یزید جب مرنے کو ہوا تو اُس نے حکومت کی باگ تو اپنے بھائی ہشام کے ہاتھ میں دی اور وصیت کی کہ ولید ابھی کم عمر ہے۔ اِس وجہ سے میں اس کو حکمراں نہیں قرار دے سکتا لیکن تم اپنے مرنے کے پیچھے اس کو بادشاہ بنا جانا چنانچہ ہشام نے بھائی کی وصیت کی تعمیل کی۔ اور مرتے وقت ولید کو تخت نشین کر دیا۔ یہ شخص کثرت سے شراب پیتا اور بدکاری میں مصروف رہتا تھا ۱۲۶ھ میں مر گیا۔ اِس کے بعد اِس کا بیٹا یزید الناقص[1] ابو خالد تخت نشین ہوا جو ۳۵ برس کی عمر میں صرف چھے مہینے حکومت کر کے مر گیا۔ اور اس کے مرنے کے پیچھے اِس کا بھائی ابراہیم تخت سلطنت پر بیٹھا مگر صرف شہرون مصروفِ سلطنت رہ کر تخت سے اُتر گیا۔ کیونکہ مروان بن محمد نے جو اِس کا بھائی تھا اس پر خروج کیا دونوں میں لڑائی ہوئی اور ابراہیم شکست کھا کر بھاگا۔ مگر پھر چند روز کے بعد آ کر مروان بن محمد سے بیعت کی اور اُس کی اطاعت میں آ گیا۔ مروان بن محمد پر خلافتِ بنو اُمیّہ کا خاتمہ ہو گیا۔ جو ۱۲۶ھ میں تخت نشین ہو کر ۱۳۲ھ مارا گیا۔

الغرض ۴۱ھ سے ۱۳۲ھ[2] تک پورے ہزار مہینے یعنی تراسی برس چار مہینے بنو اُمیّہ میں خلافت دائر رہی اور اس کے بعد دولتِ عباسیہ کا دَور دَورہ ہوا۔

خلفاءِ بنو العباس کا سب سے پہلا خلیفہ **سفّاح** ہے جو تین واسطوں سے پیغمبر صاحب کے چچا عباس بن عبدالمطلب سے جا ملتا ہے۔ یعنی عبداللہ (سفّاح) بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب۔ بنو العباس کے اِس عروج و ترقی کا محرک جناب پیغمبر خدا

---

[1] اِس کا لقب الناقص اِس سے ہوا کہ لوگوں کے جو وظائف مقرر تھے اِس نے اُن میں کمی کر دی تھی ۱۲

[2] ایک سو تیس ۱۳۰ میں سے چالیس کو منہا کیا جائے تو حسابی قاعدے کی رُو سے ۹۰ باقی رہتے ہیں مگر جب عبداللہ بن الزبیر کی خلافت کے ۸ سال ۹ مہینے نکال دیئے جائیں، تو ٹھیک تراسی برس چار مہینے آ کر ٹھیرتے ہیں ۱۲

[3] یہاں ایک لطیفہ قابلِ ذکر ہے کہ بعض لوگوں نے سورۂ قدر کی آیت لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَہْرٍ سے نکالا ہے کہ بنو اُمیّہ کا زمانہ خلافت مستنبط کیا ہوا ہے تو ایک لطیفہ مگر استنباط نہایت عمدہ ہے ۱۲

صلے اللہ علیہ وسلم کا وہ ارشاد جو ابن جریر طبری نے نقل کیا ہے کہ پیغمبر صاحب نے اپنے چچا عباس کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ چچا ایک وقت خلافت تمہاری اولاد میں رجوع کرے گی۔ اِس سے بنو العباس ہمیشہ اُس وقت کے متوقع تھے۔ یہاں تک کہ سفاح کے والد محمد بن علی نے اِس کی تحریک شروع کی۔ اور محمد بن علی کے انتقال کے بعد ان کے فرزند اکبر سفاح کے بھائی ابراہیم نے اِس کا بیڑا اُٹھایا جن کو مروان بن محمد نے قتل کرادیا۔ ابراہیم کے قتل ہوئے پیچھے سفاح نے اپنی قوم کو جمع کر کے تیسری ربیع الاول ۱۳۲ھ کو کوفے میں اپنی خلافت پر بیعت لی۔ اور خلیفہ کے نام سے مشہور ہوا۔ مروان بن محمد نے سُنا تو سفاح سے لڑنے اُٹھا اور موصل کے قریب خوب جم کر لڑائی ہوئی۔ مگر انجام کار مروان بھاگ کھڑا ہوا۔ پہلے شام اور پھر مصر میں پونچا۔ لیکن تعاقب کرنے والوں نے اِس کا پیچھا نہ چھوڑا حتےٰ کہ قریہ بُوصیر میں قتل کیا گیا۔ سفاح ۱۳۶ھ ذیحجہ کے مہینے میں چیچک کے مرض سے مرگیا اور اس کے مرے پیچھے المنصور ابو جعفر عبد اللہ اِس کا بھائی خلیفہ ہوا۔ الغرض بنو العباس میں ۱۸ نوے شخص یکے بعد دیگرے تاجدار ہوئے جنھوں نے نہایت شان و شوکت اور وقار و تمکنت کے ساتھ سات سو اکہتر برس حکمرانی کی مگر آخر کار نویں صدی کے آغاز میں دولت عباسیہ کا خاتمہ ہوگیا۔ اور ہمیشہ کے لیے اِن سے حکومت نکل کر تاتاریوں کے ہاتھ میں چلی گئی۔ بنو العباس کے اُن ۳۷ باون خلفاء کے نام درج ذیل کیے جاتے ہیں۔ جو امیر المؤمنین اور خلیفۃ المسلمین کے ممتاز لقب سے پکارے جاتے۔ اور جن کی عظمت و جلال کے جھنڈے صدیوں تک ہر طرف گڑے نظر آتے تھے ✦

نمبر شمار	نام خلیفہ	کس سنہ میں تخت نشین ہوا	کب انتقال ہوا
۱	ابو العباس عبد اللہ بن محمد المعروف بہ سفاح۔	۱۳۲ھ ہجری	۱۳۶ھ ہجری
۲	المنصور ابو جعفر عبد اللہ برادر سفاح	۱۳۶ھ ہجری	۱۵۸ھ ہجری
۳	المہدی ابو عبد اللہ بن المنصور	۱۵۸ھ ہجری	۱۶۹ھ ہجری
۴	الہادی ابو محمد موسیٰ بن المہدی	۱۶۹ھ ہجری	۱۷۰ھ ہجری
۵	الرشید ہارون ابو جعفر برادر الہادی۔	۱۷۰ھ ہجری	۱۹۳ھ ہجری
۶	الامین محمد ابو عبد اللہ بن الرشید۔	۱۹۳ھ ہجری	۱۹۸ھ ہجری
۷	المامون عبد اللہ ابو العباس برادر الامین	۱۹۸ھ ہجری	۲۱۸ھ ہجری
۸	المعتصم باللہ ابو اسحاق محمد بن الرشید۔	۲۱۸ھ ہجری	۲۲۷ھ ہجری
۹	الواثق باللہ ہارون بن المعتصم	۲۲۷ھ ہجری	۲۳۲ھ ہجری
۱۰	المتوکل علے اللہ جعفر بن المعتصم	۲۳۲ھ ہجری	۲۴۷ھ ہجری
۱۱	المنتصر باللہ محمد ابو جعفر بن المتوکل	۲۴۷ھ ہجری	۲۴۸ھ ہجری
۱۲	المستعین باللہ ابو العباس بن المعتصم	۲۴۸ھ ہجری	۲۵۲ھ ہجری
۱۳	المعتز باللہ محمد بن المتوکل	۲۵۲ھ ہجری	۲۵۵ھ ہجری

نمبر خلیفہ	نام خلیفہ	کس سنہ میں تخت نشین ہوا	کب انتقال ہوا
۱۴	المہتدی باللہ بن الواثق	۲۵۵ ہجری	۲۵۶ ہجری
۱۵	المعتمد علی اللہ ابو العباس بن المتوکل۔	۲۵۶ ہجری	۲۷۹ ہجری
۱۶	المعتضد باللہ احمد بن المتوکل	۲۷۹ ہجری	۲۸۹ ہجری
۱۷	المکتفی باللہ ابو محمد بن المعتضد باللہ	۲۸۹ ہجری	۲۹۵ ہجری
۱۸	المقتدر باللہ ابو الفضل بن المعتضد باللہ	۲۹۵ ہجری	۳۲۰ ہجری
۱۹	القاہر باللہ ابو منصور بن المعتضد باللہ	۳۲۰ ہجری ۵	۳۲۹ ہجری
۲۰	الراضی باللہ ابو العباس بن المقتدر	۳۲۲ ہجری	۳۲۹ ہجری
۲۱	المتقی للہ ابو اسحاق بن المقتدر	۳۲۹ ہجری	۳۵۷ ہجری
۲۲	المستکفی باللہ ابو القاسم بن المکتفی بن المعتضد	۳۳۳ ہجری	۳۳۸ ہجری
۲۳	المطیع للہ ابو القاسم بن المقتدر	۳۳۴ ہجری	۳۶۴ ہجری
۲۴	الطائع للہ ابو بکر بن المطیع	۳۶۳ ہجری	۳۹۳ ہجری
۲۵	القادر باللہ ابو العباس بن اسحٰق بن المقتدر	۳۸۱ ہجری	۴۲۲ ہجری
۲۶	القائم بامر اللہ ابو جعفر بن القادر باللہ	۴۲۲ ہجری	۴۶۷ ہجری
۲۷	المقتدی بامر اللہ ابو القاسم بن محمد بن القائم بامر اللہ	۴۶۷ ہجری	۴۸۷ ہجری
۲۸	المستظہر باللہ ابو العباس بن المقتدی باللہ	۴۸۷ ہجری	۵۱۲ ہجری
۲۹	المسترشد باللہ ابو منصور بن المستظہر باللہ	۵۱۲ ہجری	۵۲۹ ہجری
۳۰	الراشد باللہ ابو جعفر بن المسترشد	۵۲۹ ہجری	۵۳۲ ہجری
۳۱	المقتفی لامر اللہ ابو عبد اللہ بن المستظہر باللہ	۵۳۲ ہجری	۵۵۵ ہجری
۳۲	المستنجد باللہ ابو المظفر بن المقتفی لامر اللہ	۵۵۵ ہجری	۵۶۴ ہجری
۳۳	المستضئی بامر اللہ الحسن بن المستنجد باللہ	۵۶۴ ہجری	۵۷۵ ہجری
۳۴	الناصر لدین اللہ احمد بن المستضئی بامر اللہ	۵۷۵ ہجری	۶۲۱ ہجری
۳۵	الظاہر بامر اللہ ابو نصر بن الناصر لدین اللہ	۶۲۱ ہجری	۶۲۳ ہجری
۳۶	المستنصر باللہ ابو جعفر بن الظاہر بامر اللہ	۶۲۳ ہجری	۶۴۰ ہجری
۳۷	المستعصم باللہ ابو احمد بن المستنصر باللہ۔	۶۴۰ ہجری	۶۵۶ ہجری
۳۸	المستنصر باللہ احمد بن الظاہر بامر اللہ	۶۵۶ ہجری	۶۶۰ ہجری
۳۹	الحاکم بامر اللہ ابو العباس بن ابی علی۔	۶۶۰ ہجری	۷۰۱ ہجری

۵ جہاں جہاں ایک خلیفہ کا سنہ انتقال اپنے بعد کے دوسرے خلیفہ کے سنہ جلوس سے ملتا نہیں ہے وہاں اس بات کو یاد رکھنا چاہیئے کہ پہلا خلیفہ اپنے انتقال سے پہلے معزول ہو گیا اور دوسرا اس کے بعد ہی تخت نشین ہو گیا ۱۲

نمبر شمار	نام خلیفہ	کس سنہ میں تخت نشین ہوا	کب انتقال ہوا
۴۰	المستکفی باللہ ابوالربیع بن الحاکم بامر اللہ	۷۰۱ھ ہجری	۷۴۰ھ ہجری
۴۱	الواثق باللہ ابراہیم - بن ولی العہد المتمسک باللہ	۷۴۱ھ ہجری	۷۴۲ھ ہجری
۴۲	الحاکم باللہ ابوالعباس بن المستکفی باللہ	۷۴۲ھ ہجری	۷۵۳ھ ہجری
۴۳	المعتضد باللہ ابوالفتح بن المستکفی باللہ	۷۵۳ھ ہجری	۷۶۳ھ ہجری
۴۴	المتوکل علی اللہ ابوعبداللہ بن المعتضد باللہ	۷۶۳ھ ہجری	۸۰۸ھ ہجری
۴۵	الواثق باللہ عمر - بن ابراہیم -	۷۸۵ھ ہجری	۷۸۸ھ ہجری
۴۶	المستعصم باللہ زکریا - بن ابراہیم -	۷۸۸ھ ہجری	× سلہ
۴۷	المستعین باللہ ابوالفضل - بن المتوکل علی اللہ	۸۰۸ھ ہجری	۸۳۳ھ ہجری
۴۸	المعتضد باللہ ابوالفتح - بن المتوکل علی اللہ	۸۱۵ھ ہجری	۸۴۱ھ ہجری
۴۹	المستکفی باللہ ابوالربیع - بن المتوکل علی اللہ	۸۴ھ ہجری	۸۵۱ھ ہجری
۵۰	القائم بامر اللہ ابوالبقاء - بن المتوکل علی اللہ	۸۵۱ھ ہجری	۸۶۳ھ ہجری
۵۱	المستنجد باللہ ابوالمحاسن - بن المتوکل علی اللہ	۸۶۳ھ ہجری	۸۸۴ھ ہجری
۵۲	المتوکل علی اللہ ابوالعز - بن یعقوب بن المتوکل -	۸۸۴ھ ہجری	۹۰۳ھ ہجری

(۵) ابو محمد طلحہ بن عبید اللہ

اِن کا نام طلحہ - کُنیت ابو محمد - یہ بھی قریشی اور سابقین فی الاسلام میں ہیں - یعنی صرف سات آدمی اِن سے پہلے داخلِ اسلام ہو چکے تھے - حضرت ابوبکر صدیق کی سچی تعلیم اور بے ریا تلقین نے اِن پر وہ اثر کیا کہ پیغمبر صاحب کے سامنے ہوتے ہی کُھلّم کُھلا مُسلمان ہو گئے - اِن کا سلسلۂ نسب دو واسطوں سے حضرت ابوبکر صدیق اور چھے واسطوں سے جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نسب شریف سے جا ملتا ہے -

طلحہؓ کے مفاخر

(۱) عشرۂ مبشرہ کے بشارتِ بہشت کے ساتھ مخصوص ہونے کی توجیہ میں اوپر ایک لمبی حدیث کا مذکور ہوا ہے اُس میں یہ بھی ہے کہ وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ یعنی پیغمبر صاحب نے فرمایا کہ طلحہ جنّتی ہیں -

(۲) جنگِ اُحد کے موقع پر جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اِن کی خدمت اور کارِ نمایاں کے صلے میں فرمایا اَوْجَبَ طَلْحَةُ یعنی طلحہ نے اپنے حق میں جنّت واجب کر لی اور اِس کی کچھ تفصیل آگے آتی ہے -

سلہ اِس کا سنہ انتقال باوجود تحقیق کے معلوم نہیں ہوا ۱۲ سلہ اِس کا سنہ جلوس معلوم نہیں ہوا ۱۲

(۳) پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن کے حق میں فرمایا کہ جو شخص زمین پر چلتے پھرتے جیتے جاگتے شہید کو دیکھنا چاہے وہ طلحہؓ بن عُبید اللہ کو دیکھے۔

(۴) پیغمبر صاحب کی ہجرت کی خبر سُن کر سب سے پہلے حضرت طلحہ نے ہجرت پر آمادگی ظاہر کی۔ اور مدینے پہنچ کر تمام غزوات میں پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر رہے ہاں معرکۂ بدر میں شریک نہیں ہو سکے۔ اور اس کی وجہ بعض روایات میں یہ بیان کی گئی ہے کہ جناب پیغمبر صاحب نے انھیں اور سعید بن زید کو مشرکینِ مکّہ کی ٹوہ اور تجسّس اخبار کے لیئے بھیج رکھا تھا۔ اسی وجہ سے پیغمبر صاحب نے اِن کا نام بدریوں کی فہرست میں شامل کیا اور مالِ غنیمت میں سے اِن کا حصہ اُٹھا رکھا۔

طلحہؓ کی اسلامی خدمتیں

(۱) جنگِ اُحد کے موقع پر جو اسلامی خدمت حضرت طلحہ سے ظاہر ہوئی خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہے۔ میدانِ اُحد میں جب مُسلمان پیغمبر صاحب سے علٰحدہ ہو گئے اور کافروں نے ہر چہار طرف سے نرغہ کیا۔ تو پیغمبر صاحب مسلمانوں کی جمعیت فراہم کرنے کی غرض سے آگے بڑھے اور گھبراہٹ کی وجہ سے ایک گڑھے میں گر گئے۔ اس موقع پر طلحہؓ موجود تھے انھوں نے پیغمبر صاحب کو گڑھے میں گرتے دیکھا تو نہایت بیتاب ہوئے اور باوجودیکہ اِن کا جسم زخموں سے چُور چُور ہو رہا تھا۔ نہایت دلیری کے ساتھ پیغمبر صاحب کو گڑھے سے نکالنے میں کوشش کرنے لگے۔ خود گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور پیغمبر صاحب کو چڑھا کر ایک اُونچے ٹیلے پر لے جا نہایت آرام سے بٹھا دیا۔ کافروں نے دیکھا تو ہر طرف سے تیر برسانے شروع کر دیئے۔ طلحہؓ پیغمبر صاحب کی سپر بن گئے اور ہر جانب سے کفار کے حملے روکتے رہے۔ جو تیر سامنے سے آتا طلحہ اُسے اپنے ہاتھ سے روکتے اور اُس کی زد سے پیغمبر صاحب کو بچاتے یہاں تک کہ ان کا ہاتھ بہت جگہ سے چھد کر شَل ہو گیا۔ اُس روز طلحہؓ کے جسم پر تلوار اور برچھے اور تیر کے کچھ اُوپر ستّر زخم آئے تھے اور اسی موقع پر پیغمبر صاحب نے اِن کے حق میں فرمایا تھا اَوْجَبَ طَلْحَةُ یعنی طلحہ نے اپنے لیئے جنّت واجب کر لی۔ ابوبکر صدیق کے رُوبرو جب جنگِ اُحد کا ذکر ہوتا تو وہ فرمایا کرتے ذٰلِكَ يَوْمٌ كُلُّهُ لِطَلْحَةَ یعنی یہ دن سب کا سب طلحہ کے لیئے تھا۔

(۲) سیرۃ ابن ہشام میں لکھا ہے کہ طلحہ نے جنگِ اُحد کے علاوہ اَور کئی معرکوں میں پیغمبر صاحب پر جان نثاری اور فدائیت کا کھلا ثبوت دیا اور آخر کار اُن کی بے انتہا خدمتوں اور جان نثاریوں نے پیغمبر صاحب کی زبانِ مبارک سے یہ کلمے نکلوا ہی دیئے مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى شَهِيْدٍ يَمْشِيْ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

طلحہ رضی اللہ عنہ ۳۶ھ ہجری کے معرکۂ جمل میں شہید ہوئے۔ علی کرّم اللہ وجہہ کے لشکر میں سے ایک تیر آیا اور ان کے پانوں میں عِرق النّسا[1] کے موضع پر لگا۔ اور اسی سے اُن کا کام تمام ہو گیا۔ کتبِ تواریخ و سیَر میں لکھا ہے کہ معرکۂ جمل میں جب دونوں طرف سے فوجیں صف آرا ہوئیں تو علی کرّم اللہ وجہہ نے طلحہؓ کو بُلا کر ان کی قدیم خدمات اِن کو یاد دلائیں۔ اس پر طلحہ فوجِ بصرہ سے علیحدہ ہو گئے اور اسی حالت میں ان کے ایک تیر لگا اور انھوں نے جاں بحق تسلیم کی۔ علی کرّم اللہ وجہہ کو معلوم ہوا تو وہ ان

[1] پانوں کی ایک رگ کا نام ہے ۱۲ ۔ ۸ ۔ اس کا ترجمہ اوپر گزر چکا ۱۲

کی لاش کے پاس گئے اور اپنے کرتے کے دامن سے اِن کی ڈاڑھی کا غبار پونچھنے لگے۔ غبار پونچھتے جاتے اور فرماتے جاتے تھے یا لَیْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ الْیَوْمِ بِعَشْرِیْنَ سَنَۃً۔ یعنی اے کاش میں آج سے بیس برس (یعنی پیغمبر صاحب کی زندگی میں) پہلے مرچکا ہوتا کہ یہ روزِ بد مجھے دیکھنا نصیب نہ ہوتا۔ اِس وقت طلحہؓ کی عمر ساٹھ برس کی تھی۔ اِن کی قبر بصرے میں مشہور و معروف زیارتگاہ ہے۔

(۶) ابو عبداللہ زبیر بن العوّام

اِن کا نام زبیر۔ کُنیت ابو عبدالمجد یا ابو الطاہر۔ یہ بھی قریشی ہیں۔ اور اِن کا سلسلۂ نسب چار واسطوں سے پیغمبر صاحب کے نسب سے جا ملتا ہے۔ یہ عبدالمطلب کی بیٹی پیغمبر صاحب کی پھوپی صفیہ کے اکلوتے فرزند اور اُمّ المؤمنین خدیجہؓ کے بھتیجے اور ابو بکر صدیقؓ کی بڑی صاحبزادی اسماء کے شوہر ہیں۔ کُتبِ سیَر میں لکھا ہے کہ حضرت زبیر نے ایک دن اپنے فرزند عبداللہ سے کہا بیٹا! تم جانتے ہو کہ مجھ میں اور جنابِ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم میں بہت ہی پاس کی قرابت داری ہے تمھاری ماں اسماء میری بیوی اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ کی بہن اور پیغمبر صاحب کی سالی ہیں اور اِس لحاظ سے میں اور پیغمبر صاحب دونوں ہم رُلف ہوئے۔ تمھاری خالہ اُمّ المؤمنین بی بی عائشہ پیغمبر صاحب کی بیوی تمھاری ماں کی طرف سے میری سالی ہیں۔ میرے والد (عوّام) کی پھوپی اُمِّ حبیبہ بنتِ اسد پیغمبر صاحب کی دادی ہیں۔ اور میری ماں صفیہ اُن کی پھوپی۔ پیغمبر صاحب کی والدہ آمنہ بنت وہب اور میری دادی ہالہ بنتِ وہب دونوں بہنیں ہیں۔ اور پیغمبر صاحب کی بیوی اُمّ المؤمنین خدیجہؓ میری پھوپی۔

حضرت زبیر اور اِن کی والدہ صفیہ دونوں حضرت ابو بکر صدیقؓ کی تعلیم و تلقین سے مشرف باسلام ہوئے اُس وقت زبیرؓ کی سولہ برس کی عمر تھی اور بقول بعض بچیس برس کی۔ اِن کے چچا کو اِن کے مُسلمان ہونے کی خبر ہوئی۔ تو اُس نے اِنھیں ایک چٹائی میں بند کر کے دُھوئیں سے سخت تکلیف پونہچائی۔ مگر جب اِن کے استقلال میں کسی طرح کی بھی لغزش نہ پائی تو مجبور ہو کر چھوڑ دیا

زبیرؓ کے مفاخر

(۱) راہِ خدا میں سب سے پہلے حضرت زبیر ہی نے تلوار اُٹھائی۔ اور اِس کا قصّہ یُوں ہے کہ آغازِ اسلام میں کفارِ مکہ کی شورش تو رات دن ہی رہتی تھی اور نومُسلموں کو ایک لمحے کے لیے بھی اطمینان مُیسّر نہ تھا۔ مخالفوں کے خوف سے اِدھر اُدھر چھپتے پھرتے تھے ایک روز مکے میں یہ خبر بھی اُڑ گئی۔ کہ پیغمبر صاحب گرفتار کر لیے گئے۔ اور اپنے دعوے سے دست برداری نہ کی تو قتل بھی کیے جائیں گے۔ زبیر کے کان میں یہ بھنک پڑی تو اُن کے تن بدن میں آتشِ غیظ بھڑک اُٹھی۔ برہنہ تلوار عَلَم کیے ہوئے پیغمبر صاحب کے مکان کی طرف دَوڑے۔ پیغمبر صاحب نے اِن کی یہ حالت دیکھ کر بہت کچھ تسلّی کی اور اِن کی اور اِن کے تلوار کے حق میں دعا کر کے اِنھیں اپنے پاس بٹھا لیا۔

(۲) زبیرؓ اُن معزز اور سربرآوردہ لوگوں میں ہیں جنھوں نے دو ہجرتیں کیں اور دو قبلوں (یعنی کعبہ اور بیت المقدس) کی طرف نماز پڑھی اور پیغمبر صاحب کے بعد جن کے ہاتھوں میں خلافت کی باگ رہی کہ اپنے مشورے سے جسے چاہیں خلیفہ بنائیں[ع]

ع حضرت عمر فاروقؓ کے حالات میں مذکور ہوا ہے کہ اُنھوں نے اپنے انتقال کے وقت چھ شخصوں یعنی عثمانؓ علیؓ طلحہؓ زبیرؓ عبدالرحمٰن عوف۔ سعدؓ بن زید کو منتخب کر کے

(۳۴) معرکۂ بدر میں پیغمبر صاحب نے اِن کو اپنا نیزہ عطا فرمایا۔

(۳۴) جس رات جنّوں کا وفد پیغمبر صاحب کے پاس آیا اور پیغمبر صاحب اُن کی تبلیغ کے لیے مدینے کے سنسان جنگل میں تشریف لے گئے تو اُس رات آپ کے رفیقِ طواف حضرت زبیرؓ ہی تھے۔

زبیرؓ کی اسلامی خدمتیں

(۱) زبیر رضی اللہ عنہ تمام غزوات میں پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر رہے۔ اَحزاب کی لڑائی میں جو اسلام اور پیغمبر اسلام کی خدمت اِن سے ظہور میں آئی خاص کر قابلِ ذکر ہے۔ معرکۂ احزاب پیش آیا۔ اور قریشِ مکہ نے یہودِ بنی قریظہ اور بنی نضیر کے ساتھ سازباز کر کے جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر چڑھائی کی تو پیغمبر صاحب کو اِن کی خبر دریافت کرنے کی ضرورت ہوئی تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ اِس لڑائی میں کن کن قبیلوں نے مشرکینِ مکہ کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے اِس لیے آپ نے باوازِ بلند فرمایا مَنْ يَّاْتِيْنِيْ بِخَبَرِ الْقَوْمِ یعنی مخالفین کے لشکر کی خبر میرے پاس کون شخص لا سکتا ہے۔ چونکہ دشمنوں کی فوجیں سب طرف پھیلی ہوئی تھیں اور رستے میں آمدورفت بہت مشکل تھی پیغمبر صاحب کی اِس ندا کا بجز سکوت و خاموشی کے اَور کچھ جواب نہ ملا گو آپ نے ایک چھوڑ تین تین مرتبہ باوازِ بلند فرمایا مگر کسی نے کچھ جواب نہ دیا آخر زبیر نے پیغمبر صاحب کی ہر ندا کے جواب میں بیشک کہا یعنی اِس بہادر شیر دل نے ہر موقع پر عرض کیا کہ میں خدمت کو حاضر ہوں۔ چنانچہ پیغمبر صاحب کی اجازت سے گئے اور مخالفوں کی خبریں دریافت کر کے جیسی کی تیسی پیغمبر صاحب کی خدمت میں عرض کر دیں۔ اِسی موقع پر پیغمبر صاحب نے فرمایا اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ۔ یعنی ہر نبی کا ایک حواری (دوستِ خالص) ہوتا ہے۔ میرے حواری زبیر ہیں۔ آخرکار کفارِ قریش شکست کھا کر بھاگے۔ پیغمبر صاحب یہاں سے فارغ ہو کر بنو قریظہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ یہ یہودی تھے اور مدینے کے باہر تین میل کے فاصلے پر آباد تھے۔ وہیں اِن کی گڑھیاں اور کھیتیاں تھیں۔ پیغمبر صاحب پندرہ روز تک اِن کی گڑھی کا محاصرہ کیے رہے اور یہاں بھی فرمایا کہ کوئی شخص ہے جو اِن لوگوں کے حالات انہار دریافت کر کے لائے۔ تب زبیر پیغمبر صاحب کا یہ ارشاد سنتے ہی مسلح ہو گئے۔ اور بے ہراس دشمنوں کی طرف چل کھڑے ہوئے واپس آئے تو پیغمبر صاحب نے اِن کی طرف روئے سخن کر کے فرمایا فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ یعنی زبیر! میرے ماں باپ تم پر سے قربان ہوں۔ پیغمبر صاحب کی وفات کے بعد جو مؤثر حیلہ فتوحات میں حضرت زبیر سے صادر ہوئے کتبِ سیر میں بخوبی مذکور ہیں۔ ہم اُن کو جمع کر کے اپنی کتاب کو بڑھانا نہیں چاہتے۔ زبیر ۲۴ جمادی الاخری ۳۶ھ روز پنجشنبہ کو ۶۴ سال کی عمر میں واقعۂ جمل میں شہید ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ جب حضرت زبیر علی کرم اللہ وجہہٗ کے لشکر کے مقابلے میں آئے تو علی مرتضیٰ نے عبداللہ بن عباس کو اِن کے پاس بھیجا۔ عبداللہ بن عباس نے اِن کو علی مرتضیٰ کا پیام دیا۔ کہ تمہارے خالہ زاد بھائی (علی) کہتے ہیں کہ تم مجھے حجاز میں تو پہچانتے تھے اور عراق میں آ کر انجان ہو گئے۔ اتنا سن کر زبیر کا دل بھر آیا اور وہ اہلِ بصرہ سے الگ ہو گئے یہاں بڑے گھمسان کی لڑائی ہوئی اور طرفین کے بہت سے آدمی تیر و تلوار کے شکار ہوئے۔ زبیر یہاں سے چل کر وادیٔ سباع میں پہنچے یہاں اُتر کر وضو کیا اور مصروفِ نماز ہوئے۔ ابھی نماز ہی میں تھے کہ علی مرتضیٰ کے ایک لشکری ابن جرموز نامی نے پیچھے سے آ کر تلوار ماری اور زبیر نے حالتِ نماز میں جاں بحق تسلیم کی۔

ابن جرموز نے زبیرؓ کی تلوار حضرت علی کے سامنے رکھ دی - اور کہا امیر المومنین کو قتلِ زبیر کی بشارت ہو - علی کرم اللہ وجہہ نے تلوار پہچان کر آنکھوں میں آنسو بھر لائے - اور فرمایا ابن صفیہ کے قاتل کو آتشِ دوزخ کی بشارت ہو - ابن جرموز نے یہ سُن کر اُسی وقت خودکشی کر لی - اور بعض کہتے ہیں کہ ابن جرموز اس واقعے کے بعد بہت دنوں زندہ رہا یہاں تک کہ جب بیرزہ کے فرزند مصعب بصرے کے حاکم ہوئے تو ابن جرموز زبیرؓ کے قصاص میں مارے جانے کے خوف سے اِدھر اُدھر چھپتا پھرا آخر کار مصعب نے گرفتار کرالیا اور اپنے ہاتھ سے قتل کر ڈالا -

عبداللہ بن زبیر کا بیان ہے کہ جمل کے دن جب میرے والد زبیر مسلح ہو کر میدان میں آئے تو مجھے پاس بُلا کر کہا بیٹا آج بجز ظالم اور مظلوم کے تیسرا کوئی شخص قتل نہیں کیا جائے گا اور مجھے خیال ہوتا ہے کہ میں آج ہی مظلوم قتل کیا جاؤں گا *

(۷) عبدالرحمن بن عوف الزہری

اُن کا نام عبدالرحمن - کنیت ابو محمد - یہ بنی قریش ہیں - اور ان کا سلسلۂ نسب پانچ واسطوں سے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نسب سے جا ملتا ہے - اُن کی والدہ شفا بنت عبدِ عوف نے جناب پیغمبر صاحب کی ولادت کے وقت بی بی آمنہ کے ساتھ انتہا درجے کی ہمدردی کا اظہار کیا تھا اور قابلہ کے سارے کام اپنے ذمے لے لیے تھے - اور اُسی وقت سے اِن کو پیغمبر صاحب سے ایک طرح کی محبت و اراوت پیدا ہو گئی تھی - جس کا آگے چل کر یہ اثر ہوا کہ پیغمبر صاحب نے اسلام کی مُنادی شروع کی تو بے کسی کی تعلیم و تلقین کے مشرف باسلام ہو گئیں - اور پیغمبر صاحب کے ساتھ مدینے ہجرت کر آئیں -

عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کا نام جاہلیت میں عبدِ عمرو یا عبدالحارث یا عبدِ کعبہ تھا - پیغمبر صاحب نے اِن کا اسلامی نام عبدالرحمن رکھا عام الفیل کے دس برس بعد پیدا ہوئے - اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تعلیم و تلقین سے آغازِ اسلام میں مُسلمان ہو گئے - حبشے میں دو مرتبہ ہجرت کی اور بعد کو پیغمبر صاحب کی ہجرت کر جانے پر ترکِ وطن کر کے مدینے جا بسے -

عبدالرحمنؓ کے مفاخر

(۱) اِن کے مفاخر و فضائل کتبِ احادیث و سیر میں بکثرت مذکور ہیں لیکن سب میں بڑی فضیلت جس میں کوئی صحابی عبدالرحمنؓ کے ساتھ دعوے شرکت نہیں کر سکتا یہ ہے کہ غزوۂ تبوک یا کسی اور سفر میں پیغمبر صاحب نے اِن کے پیچھے نماز پڑھی اور یہ اس طرح ہوا کہ نماز کا وقت آیا تو پیغمبر صاحب کو لوگوں نے نہ پا کر اِن کو امام بنا دیا - یہ ایک رکعت پڑھ چکے تھے کہ پیغمبر صاحب تشریف لے آئے - پیغمبر صاحب اِن کے ساتھ نماز میں شریک ہو گئے - اور اِن کے نماز سے فارغ ہوئے پیچھے پیغمبر صاحب نے مسبوق کی طرح ایک رکعت علیحدہ پڑھی - اس سے لوگوں کو پیغمبر صاحب کی ناخوشی کا خیال ہوا - تو آپ نے فرمایا اَصَبْتُمْ وَاَحْسَنْتُمْ یعنی تم نے اچھا کیا یہ کوئی بُری بات نہ تھی - پیغمبر صاحب کے مرضِ وفات میں ابو بکر صدیقؓ بھی کئی روز تک امام بن کر لوگوں کو نماز پڑھاتے رہے ایک مرتبہ پیغمبر صاحب کے مرض میں کچھ تخفیف ہوئی تو آپ مسجد میں تشریف لائے - یہاں ابو بکر صدیق نماز پڑھا رہے تھے پیغمبر صاحب کو آتے دیکھا تو لگے پیچھے ہٹنے - مگر پیغمبر صاحب نے فرمایا کہ پیچھے ہٹنے کی ضرورت نہیں اور آپ نے اُن کے

پہلو میں بیٹھ کر نماز شروع کی۔ تو پیغمبر صاحب امام تھے ابو بکر کے اور ابو بکر امام تھے لوگوں کے۔ غرضکہ پیغمبر صاحب نے عبدالرحمٰن بن عوف کے علاوہ کسی اور کے پیچھے نماز نہیں پڑھی۔ اور یہ اُس پیشین گوئی کی تصدیق تھی۔ جو اس سے بہت پہلے ایک موقع پر پیغمبر صاحب نے کی تھی۔ کہ کوئی نبی اُس وقت تک وفات نہیں پاتا۔ جب تک وہ اپنی اُمت کے کسی صالح اور نیک آدمی کے پیچھے نماز نہیں پڑھتا۔ الغرض صرف ایک یہی خصوصیت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ میں ایسی موقر اور باوقعت اور وزنی ہے جس کی مثال ہم کسی صحابی میں نہیں پاتے۔

(۲) پیغمبر صاحب نے اِن کے حق میں فرمایا کہ عبدالرحمٰن زمین میں بھی امین ہیں اور آسمان میں بھی اور سادات مسلمین کے سردار ہیں۔

(۳) اور فرمایا کفاک اللہ امر دنیاک واما اخرتک فانا لھا ضامن یعنی عبدالرحمٰن! تمھارے دُنیاوی کام تو خدا نے (تمھاری خواہش کے مطابق) سب بخال فیئے رہی آخرت تو اُس کا ذمہ دار میں ہوں۔

(۴) اور فرمایا کہ خدا عبدالرحمٰن بن عوف کو سلسبیل جنت کے پانی سے سیراب کرے۔

عبدالرحمٰنؓ کی اسلامی خدمتیں

(۱) عبدالرحمٰنؓ تمام غزوات میں پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر رہے مگر غزوۂ تبوک میں کسی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے اور اس عدم حاضری کی تلافی میں اِنھوں نے چار ہزار دینار راہِ خدا میں خیرات کیے اور پھر چالیس ہزار دینار فقراء صحابہ کو مرحمت فرمائے پانسو گھوڑے اور پانسو اُونٹ ساز و سامان سمیت غازیوں کو عنایت کیے۔

(۲) معرکۂ اُحد میں نہایت استقلال کے ساتھ پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر رہے اُس دن اِن کے جسم پر تلوار و نیزے کے بیس گہرے زخم لگے مگر ان کی اُولوالعزمی اور ثابت قدمی میں ذرا بھی لغزش نہ آئی۔

(۳) دُومۃ الجندل کے سر کرنے کے لیے پیغمبر صاحب نے اِن ہی کو منتخب فرمایا تھا۔ جب یہ پیغمبر صاحب سے رخصت ہونے آئے تو آپ نے اپنے دستِ مبارک سے اِن کے سر پر عمامہ باندھا۔ اور دونوں شانوں کے درمیان شملہ چھوڑا اور فرمایا بسم اللہ جاؤ اور یہ بھی فرمایا کہ اگر خدا تمھیں دومۃ جندل پر فتحیاب کرے۔ تو وہاں کے سردار کی بیٹی کو اپنے نکاح میں لے آنا چنانچہ جب عبدالرحمٰنؓ نے دومۃ الجندل کو فتح کیا تو اصبغ کلبی کی بیٹی تماضر سے شادی کر لی۔

(۴) عبدالرحمٰنؓ مدینے میں ہجرت کر آئے ہیں تو نہایت مفلس اور تنگدست تھے۔ پیغمبر صاحب نے سعد بن الربیع انصاری سے اِن کا بھائی چارہ کرا دیا وہی انصاری کھانے پانی سے اِن کی مدد کرتا۔ یہ تھے غیور انھوں نے پرائے ٹکڑوں سے پیٹ پالنا کو پسند نہیں کیا اور انصاری بھائی کے مشورے سے بازار میں گھی اور مکھن کی تجارت شروع کر دی۔ خدا نے اِن کی تجارت میں وہ برکت دی کہ پیغمبر صاحب کی زمانۂ زندگی ہی میں اِن کا شمار اغنیاء صحابہ میں ہونے لگا۔ لکھا ہے کہ شروع شروع میں ایک دفعہ چار ہزار درہم جناب پیغمبر صاحب کی خدمت میں مسلمانوں کی امداد میں پیش کیے اور عرض کیا کہ میرے پاس آٹھ ہزار تھے۔ چار ہزار اپنی اہل و عیال کے لیے گھر چھوڑ آیا اور چار ہزار اپنے خدائے عزوجل کو قرض دیتا ہوں۔ پیغمبر صاحب نے فرمایا

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيمَا اَمْسَكْتَ وَفِيمَا اَعْطَيْتَ یعنی عبدالرحمن! جو تم چھوڑ آئے ہو اُس میں اور جو تم نے دیا ہے اُس میں دونوں میں خدا تم میں برکت دے۔ پیغمبر صاحب کی اس دُعا کا یہ اثر ہوا کہ چند ہی روز میں عبدالرحمن بن عوفؓ بڑے مال دار اور امیر کبیر ہو گئے ایک جہاد میں انھوں نے چالیس ہزار دینار نقد دیئے اور پانسو گھوڑے پانسو اُونٹ مع ساز و سامان مجاہدین کو عطا فرمائے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا۔

(۵) پیغمبر صاحب کے انتقال کے بعد اُمہات المومنین کے ساتھ جو مواساۃ اور مالی خدمت عبدالرحمن بن عوفؓ نے ظہور میں آئی خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہے۔ انھوں نے پیغمبر صاحب کے انتقال کے بعد اپنا ایک باغ جو بعد کو چالیس ہزار دینار کو بیچا گیا۔ اُمہات المومنین کے نام نذر کر دیا تھا۔ اس باغ کی آمدنی سے جب تک باغ رہا سب امہات المومنین برابر کا حصہ لیتی رہیں اور جب فروخت ہوا تو سب میں کل رقم برابر تقسیم ہو گئی۔ اور یہ اُس پیشین گوئی کی تصدیق تھی۔ جو ایک مرتبہ پیغمبر صاحبؐ نے امہات المومنین کو مخاطب کر کے کی تھی کہ اِنَّ اَمْرَكُنَّ مِمَّا يُهِمُّنِي مِنْ بَعْدِي وَلَنْ يَصْبِرَ عَلَيْكُنَّ اِلَّا الصَّابِرُونَ الصَّدِّيقُونَ یعنی مجھے اس بات کا زیادہ اندیشہ اور فکر ہے کہ میرے بعد تم عورتوں کا کیا حال ہوگا لوگ تمہارے ساتھ کیسا معاملہ برتیں گے اور کس طرح پیش آئیں گے اور تمہاری مہمات معیشت کا کون متکفل ہوگا۔ مگر ساتھ ہی اس بات سے مجھے تسلی بھی ہوتی ہے کہ جو لوگ ادائے حقوق اور صدقِ معاملہ اور صبر میں کامل ہیں۔ اُن سے تو تمہاری تکلیف پر صبر ہو نہیں سکے گا اور وہ ضرور تمہارا تفقدِ احوال کریں ہی گے۔ پیغمبر صاحب کے اس بیان کی تصدیق آگے چل کر اُمّ المومنین عائشہؓ نے کر دی اور نہایت وضاحت سے ثابت کر دیا کہ پیغمبر صاحب کی مراد الصابرون اور الصدیقون سے عبدالرحمن بن عوف تھے جیسا کہ انھوں نے عبدالرحمنؓ کے انتقال کے بعد ایک موقع پر ان کے بیٹے ابوسلمہ سے عبدالرحمنؓ کی شکر گزاری اور منت داری ظاہر کرنے کو فرمایا سَقَى اللّٰهُ اَبَاكَ مِنْ سَلْسَبِيلِ الْجَنَّةِ یعنی ابوسلمہ! تیرے باپ عبدالرحمن کو خدا سلسبیلِ جنت سے سیراب کرے

(۶) ایک دن کا ذکر ہے کہ عبدالرحمنؓ نے اُمّ المومنین اُمّ سلمہؓ سے اپنے کثرتِ مال کی شکایت کی۔ اور کہا میں ڈرتا ہوں کہ کہیں مال کی کثرت مجھے ہلاک نہ کر دے انھوں نے فرمایا بیٹا! جو تیرے پاس ہو راہِ خدا میں خرچ کر ڈال یہ سُن کر عبدالرحمنؓ نے اپنا ہاتھ کھول دیا۔ اور ایک دن میں تیس غلام خرید کر آزاد کیے اور جتنے بدری صحابی اُس زمانے میں باقی رہے تھے ہر ایک کے لیے چار چار سو دینار کی وصیت کی۔ تلاش کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ سو بدری صحابی موجود ہیں۔ تو سب کو چالیس ہزار دینار دیئے گئے۔

(۷) ایک دن اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضؓ سے یہ حدیث سُن کر کہ جنابِ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے عبدالرحمن بن عوف کو دیکھا کہ وہ جنت میں اس طرح چلتے ہیں جیسا چھوٹا بچہ سُرین کے بل چلتا ہے اپنا وہ تمام قافلہ جو شام سے آیا تھا یعنی سات سو اُونٹ مع بالان وغیرہ خیرات کر دیئے۔

اِن کا انتقال حضرت عثمان ذوالنورین کی خلافت ۳۱ھ یا ۳۲ھ میں ہوا۔ انتقال کا سبب یہ بیان کیا گیا ہے کہ امیرالمومنین حضرت عثمانؓ ایک دفعہ بیمار پڑے تو انھوں نے حضرت عبدالرحمن کے لیے خلافت نامہ لکھا۔ ان پر یہ امر اس قدر شاق گزرا اور خلافت کے بار سے اپنے خوف زدہ ہوئے کہ خدا سے بایں الفاظ دعا کی کہ خداوندا مجھے امیرالمومنین عثمان سے پہلے ہی دنیا

سے اُٹھائے تاکہ خلافت کے بارِگراں کو وہ مجھ پر پیش ہی نہ کر سکیں - چنانچہ اِس دُعا کے چھے مہینے بعد اِن کا انتقال ہو گیا- انتقال کے بعد حضرت عثمان نے اِن کے جنازے کی نماز پڑھی - اور موضع بقیع میں دفن کیا- بیان کیا جاتا ہے کہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضؓ نے عبدالرحمن بن عوف کو اُن کے مرضِ وفات میں کہلا بھیجا کہ اگر تم چاہو تو جناب پیغمبر صاحب اور اُن کے دونوں ساتھیوں ابوبکر و عمر کے جوار میں تمہارے دفن ہونے کے لیئے جگہ تجویز کر دی جائے- عبدالرحمنؓ نے جواب دیا کہ میں آپ کے گھر کو تنگ کرنا نہیں چاہتا- میں عثمان بن مظعون سے عہد کر چکا ہوں کہ ہم دونوں میں، جو پہلے مرے دوسرا اُس کے پہلو میں دفن ہو- اِن کے انتقال کی خبر سُن کر علی کرم اللہ وجہہٗ نے نہایت حسرت و افسوس کے لہجے میں کہا اے ابن عوف صاف اور نتھرا ہوا پانی تو تم پی گئے اور تلچھٹ ہمارے لیے چھوڑ گئے-

(۸) سعد بن ابی وقاصؓ القرشی الزُہری

اِن کا نام سعد- کُنیت ابو اسحاق- یہ بھی قریشی ہیں اور ان کا سلسلۂ نسب چھے واسطوں سے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم وسلم کے نسب شریف تک پُہنچ جاتا ہے- سترہ یا اُنیس برس کی عمر میں مشرف باسلام ہوئے- اِن سے پہلے چھے شخص اسلام کے شرف سے بہرہ یاب ہو چکے تھے- اسلام میں داخل ہونے کا سبب یہ خود اپنی زبان سے اِس طرح بیان کرتے ہیں کہ میں ایک رات سوتا تھا خواب میں دیکھتا ہوں کہ ایک نہایت تیرہ و تاریک جنگل میں چلا جا رہا ہوں- چاروں طرف اندھیرا چھا رہا ہے اور تاریکی ہے کہ ہر کونے سے اُٹھی چلی آ رہی ہے اتنے میں ایک طرف سے مہتاب نمودار ہوا- اور اُس کی نُورانی چمک نے ہر طرف روشنی پھیلا دی- میں یہ دیکھ کر چاند کی طرف دوڑا- آگے چل کر دیکھتا ہوں تو ابوبکر صدیق اور علی اور زید بن حارثؓ مجھ سے پہلے چاند کے پاس پُہنچ چکے ہیں- جب میں بیدار ہوا تو پیغمبر صاحب کو تلاش کرتا ہوا شعبِ اَجیاد میں پُہنچا اور وہاں اسلام قبول کیا-

سعد بن ابی وقاصؓ کے مَفاخر

(۱) سعد بن ابی وقاص مہاجرین اوّلین میں سے ہیں- پیغمبر صاحب نے اِن کی کمال بہادری و شجاعت کی وجہ سے اِن کو فارس الاسلام کا معزز و ممتاز لقب عنایت فرمایا تھا-

(۲) ایک مرتبہ پیغمبر صاحب نے کسی سفر میں شب کے وقت فرمایا کاش میرے اصحاب میں سے کوئی صالح اور نیک مرد آج رات کو میری حفاظت کرتا- اُسی وقت سعد بن ابی وقاصؓ آموجود ہوئے- پیغمبر صاحب نے اِن کے حق میں دُعا کی-

(۳) پیغمبر صاحب نے اِن کو مخاطب کر کے فرمایا اِرْمِ فِدَاكَ اَبِیْ وَاُمِّیْ یعنی کفار پر تیر پھینکو میرے ماں باپ دونوں تم پر فدا ہوں

(۴) پیغمبر صاحب نے ایک عظیم الشان مجمع میں انھیں فخرِ اپنا ماموں فرمایا- چنانچہ ترمذی میں جابر رضؓ سے روایت ہے کہ ایک موقع پر پیغمبر صاحب ایک بڑے چبوترے پر تشریف رکھتے تھے- اور چاروں طرف سے صحابی آپ کو حلقہ کیے ہوئے تھے اتنے میں سعد بن ابی وقاصؓ آئے تو پیغمبر صاحب نے فرمایا یہ میرے ماموں ہیں پھر صحابہ کی طرف روئے سخن کر کے فرمایا تمھارا

میں کا کوئی ایک شخص بھی میرے ماموں جیسا اپنا ماموں دکھا سکتا ہے۔ سعد بن ابی وقاص اصل میں بنی زُہرہ میں سے تھے اور بنی زُہرہ قریش کے اُس محلے کا نام تھا۔ جس میں کلاب کی بیٹی زہرہ کی اولاد بستی تھی۔ پیغمبر صاحب کی والدہ بھی اسی قبیلے میں سے تھیں اس وجہ سے پیغمبر صاحب نے سعد کو اپنا ماموں فرمایا۔

(۵) امیر المؤمنین عمر فاروقؓ اُن کا بہت ادب کیا کرتے اور ہمیشہ تسلی اور دلاسے سے پیش آتے اور فرمایا کرتے تھے کہ میرے بعد اگر سعد کو خلیفہ بنایا جائے تو وہ خلافت کے اہل ہیں۔

(۶) عمر فاروق اکثر اوقات اِن کی شجاعت و بہادری کی تعریف کیا کرتے اور اپنے زمانہ خلافت میں لشکر کی سپہ سالاری کے لیے سب سے پہلے اِن ہی کو منتخب کرتے چنانچہ جن لشکروں نے قادسیہ اور بجلولا کو فتح کیا اور اہلِ فارس کو فاش شکستیں دیں اور عراق میں مدائنِ کسریٰ کو زیر و زبر کیا اُن کے سپہ سالار سعد بن ابی وقاص ہی تھے۔

سعد بن ابی وقاصؓ کی اسلامی خدمتیں

(۱) یہ تمام غزوات میں پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر رہے۔ مغازی اور سفروں میں پیغمبر صاحب کی خدمتِ حفاظت اِن ہی کے متعلق تھی۔ پیغمبر صاحب مدینے آئے آئے ہیں تو کسی غزوے میں ایک رات اعدائے دین کے خوف سے بیدار رہے اور فرمایا لَیْتَ رَجُلًا صَالِحًا یَحْرُسُنِیْ۔ یعنی کاش کوئی نیک مرد میری حفاظت کرتا۔ اتنے میں آلاتِ جنگ کی جھنجھناہٹ سنائی دی۔ پیغمبر صاحب نے چونک کر فرمایا یہ کون ہے آواز آئی میں ہوں سعد ابو وقاص کا بیٹا۔ پیغمبر صاحب نے فرمایا تم اس وقت یہاں کیوں آئے۔ عرض کیا میرے دل میں خود بخود یہ بات پیدا ہوئی کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم تنہا ہیں مبادا اعدائے دین اُن سے مکر کریں اور کسی طرح کی تکلیف پونہچائیں۔ پس میں خدمتِ عالی میں اس غرض سے حاضر ہوا ہوں کہ آپ کی نگہبانی کی خدمت بجالاؤں۔ پیغمبر صاحب نے اِن کے حق میں دُعا کی اور خود اطمینان سے سو رہے۔

(۲) عرب میں جس شخص نے سب سے پہلے راہِ خدا میں تیر پھینکا۔ سعد بن ابی وقاصؓ ہیں کہ ہجرت کے پہلے سال پیغمبر صاحب نے ابو عبیدہ بن الحارث کی سرکردگی میں ساٹھ مسلمانوں کو ابو سفیان بن حرب اور مشرکین مکہ کے مقابلے میں روانہ کیا اِن ساٹھ مسلمانوں میں سعد بن ابی وقاص بھی تھے۔ دونوں طرف سے صف آرائی ہوئی۔ تو معلوم ہوا کہ مشرکین مکہ تعداد میں بہت زیادہ ہیں۔ اِس لیے سعد بن ابی وقاصؓ کے مشورے سے مسلمانوں نے سینہ سینہ ہو کر لڑنا تو مناسب نہیں سمجھا دُور ہی دُور سے لڑائی کی تیاریاں کرتے رہے۔ سعد بن ابی وقاصؓ نے اِس قدر تیر برسائے کہ تھوڑی ہی دیر میں مخالفوں کے مُونہ موڑ دیئے اور میدانِ جنگ سے اُن کے پاؤں اُکھڑ گئے۔ پس سعد بن ابی وقاص عرب میں پہلے تیر انداز تھے۔ جنھوں نے راہِ خدا میں تیر اندازی کی۔

(۳) جنگِ اُحد کے موقع پر جو کارنمایاں سعد بن ابی وقاصؓ سے ظاہر ہوئے۔ آپ زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔ جب مشرکین مکہ مسلمانوں کے سردار جبیر بن مطعم کو جو پہاڑ کی ایک سکڑی سی گھاٹی کے ناکے پر متعین تھے ہٹا کر اندر گھس آئے اور بے خبر مسلمانوں پر دفعتہً ٹوٹ پڑے تو سعد بن ابی وقاصؓ نے مخالفوں کی فوج پر اس قدر تیر بارانی کی کہ اُن کے بھرے ہوئے

حوصلے پست ہو گئے اور تھوڑے عرصے میں سارا مجمع منتشر ہو گیا۔ پیغمبر صاحب ترکش سے تیر نکال نکال کر دیتے جاتے اور فرماتے جاتے تھے اِرْمِ اَیُّھَا الْغُلَامُ الْمُزْرُوْرُ یعنی سعد! تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں تیر پھینکے جاؤ اور کبھی فرماتے اِرْمِ اَیُّھَا الْغُلَامُ الْمُزْرُوْرُ یعنی اے توانا اور زور مند لڑکے تیر پھینکے جا۔ پھر اسی موقع پر پیغمبر صاحب نے ان کے حق میں یہ دُعا کی اَللّٰھُمَّ اشْدُدْ رَمْیَتَہٗ وَاَجِبْ دَعْوَتَہٗ یعنی خداوندا سعد کی تیر اندازی کو قوی اور مضبوط کر اور اُس کی دُعا قبول فرما اس لڑائی میں سعد بن ابی وقاص کے جسم پر بہت زخم آئے۔ جن کی تکلیف کو انھوں نے صبر کے ساتھ برداشت کیا۔

(۴) آخر زمانے میں امیر المؤمنین عمر فاروق نے ان کو کوفے کا گورنر مقرر کر دیا تھا۔ مگر اہل کوفہ نے ان کی گورنری کو پسند نہیں کیا اور جھوٹی جھوٹی شکایتیں امیر المؤمنین سے جا لگائیں۔ خلیفۂ وقت نے مصلحۃً ان کو کوفے سے معزول کر دیا۔ اور اپنی طرف سے ایک معتبر کمیشن تحقیقات کے لیے متعین کی۔ اہل کوفہ کا ایک سردار ابو سعدہ نام کمیشن کو جواب دینے کے لیے منتخب ہوا اور اُس نے بیان کیا کہ سعد فصل خصومات میں انصاف سے کام نہیں لیتے۔ اور اہل مقدمات کے ساتھ ناجائز سختیوں سے پیش آتے ہیں۔ اس پر سعد نے آسمان کی طرف مُونہ اُٹھا کر کہا خداوندا! اگر تیرا یہ بندہ (ابو سعدہ) جھوٹ کہتا ہو اور یقیناً جھوٹ کہتا ہو تو اس کی عمر دراز کر اور اس کی آنکھوں کی روشنی سلب کر اور افلاس و فقر کی ذلت اس پر مسلط کر دے اور اسے فتنوں کا نشانہ بنا دے چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ابو سعدہ اس قدر عمر دیا گیا کہ اُس کی بھویں جھڑ پڑیں اور وہ دینی فتنے میں مبتلا ہو گیا۔ اور پکار پکار کر لگا کہنے اَنَا شَیْخٌ مَفْتُوْنٌ اَصَابَتْنِیْ دَعْوَۃُ سَعْدٍ یعنی میں بوڑھا مبتلائے فتنہ ہوں (اور) سعد کی بد دُعا مجھے لگ گئی ہے۔

سعد بن ابی وقاص کی اس معزولی کا قصہ شیخین نے قیس بن ابی حازم تابعی سے اس طرح نقل کیا ہے کہ جب بنو اسد نے ان کی شکایت عمر فاروق سے کی کہ وہ نماز اچھی طرح نہیں پڑھاتے۔ تو عمر فاروق نے انھیں ایک تہدیدی فرمان لکھ بھیجا اور انھوں نے خود عمر فاروق کے پاس آکر حقیقتِ حال بیان کر دی عمر فاروق نے ان کے بیان کی تصدیق کی اور فرمایا میرا گمان تمھارے ساتھ ایسا ہی ہے جیسا تم کہتے ہو اس موقع پر سعد بن ابی وقاص نے فخراً نہیں بلکہ اظہار الحال بھرے مجمع میں کہا کہ عرب میں سب سے پہلا میں ہی وہ شخص ہوں جس نے راہِ خدا میں تیر اندازی کی اور میں نے اپنے تئیں اور دیگر اصحاب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ ہم پیغمبر صاحب کے ساتھ ہو کر کفار سے جہاد کرتے تھے۔ اور ہمارے لیے بجز بیر کے پتوں کے اور کچھ کھانے کو میسر نہ تھا اور ہم میں کا ہر ایک شخص بکریوں کی مینگنی جیسا خشک براز کرتا تھا اب بنو اسد اس بات کو پہنچ گئے کہ مجھے نماز پڑھنی سکھاتے ہیں۔ اگر ہم نماز بھی اچھی طرح نہ جان سکے تو ہمارے سارے عمل گئے گزرے ہو گئے۔ اور ہم سخت گھاٹے میں آگئے اور جب یہ ہو تو ہم کو فلاح کی کیا اُمید ہو سکتی ہے۔

امیر المؤمنین عمر فاروق نے اپنی رحلت کے وقت اصحاب شوریٰ سے فرمایا کہ اگر میرے بعد خلافت کی باگ سعد بن ابی وقاص کے ہاتھ میں پہنچے تو وہ اہل اور درنہ اُن سے اس بارے میں مدد لی جائے کہ وہ اپنے مشورے سے تم میں سے کسی ایک کو خلیفہ مقرر کر دیں میں نے اُن کو کوفے کی گورنری سے اُن کی کسی خیانت اور عجز کی وجہ سے نہیں بلکہ مصلحۃً معزول کر دیا تھا ورنہ وہ میرے نزدیک اور نہ صرف میرے نزدیک بلکہ خدا اور رسولِ خدا کے نزدیک امانت دار اور خیر خواہِ اسلام ہیں۔ سعد بن ابی وقاصؓ کا انتقال

۵۵ھ یا ۵۱ھ کو اسّی یا نوّے سال کی عمر میں موضع عقیق میں ہوا جو مدینے سے باہر ۹ میل کے فاصلے پر واقع ہے مگر پھر ان کا جنازہ مدینے میں لایا گیا اور مسجد نبوی میں مروان بن الحکم نے جو اُن دنوں والیِ مدینہ تھا نمازِ جنازہ پڑھی کہا جاتا ہے کہ اس وقت مہاجرین میں یہی ایک مہاجر باقی تھے۔

(۹) سعید بن زیدؓ قرشی عدوی

ان کا نام سعید۔ کُنیت ابوالاعور یا ابوثور۔ یہ بھی قریشی ہیں اور ان کا سلسلۂ نسب پندرہ واسطوں سے پیغمبر صاحب کے نسب شریف تک پہنچتا ہے۔ یہ عمر بن الخطاب کے بھتیجے بھی ہیں۔ اور بہنوئی بھی۔ بھتیجے اس سے کہ عمر فاروق بیٹے ہیں خطاب کے اور خطاب نفیل کے اور سعید بیٹے زید کے اور زید عمرو کے اور عمرو نفیل کے۔ تو عمر فاروق کے والد خطاب اور سعید کے دادا عمرو دونوں بھائی بھائی ہوئے۔ اور سعید کے والد زید۔ عمر فاروق کے چچا۔ پس سعید عمرؓ کے بھتیجے ہوئے۔ اور بہنوئی اس سے کہ عمر فاروق کی بہن خطاب کی بیٹی اُمِّ جمیل فاطمہ۔ سعید کے نکاح میں تھیں۔ سعید اور ان کی بی بی فاطمہ قدیم الاسلام ہیں یعنی پیغمبر صاحب کے دارِ ارقم میں تشریف لے جانے سے پہلے دونوں مشرف با اسلام ہو چکے تھے۔ عمر فاروق ان دونوں کو ان کے مسلمان ہونے کی وجہ سے سخت سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے۔ لیکن خدا کا کرنا کہ یہی دونوں عمر فاروق کے اسلام میں داخل ہونے کا سبب ہوئے کہ ان کو قرآن پڑھتے سُنا اور اُس کا دل پر اس درجہ اثر ہوا کہ بے تاب ہو کر بہن بہنوئی سے کہا مجھے پیغمبر صاحب کے پاس لے چلو اور پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے ہی مسلمان ہو گئے۔

سعید بن زیدؓ کے مفاخر

(۱) پیغمبر صاحب نے ان کو جنّت کی خوش خبری دی جیسا کہ اُوپر مذکور ہوا۔

(۲) یہ مُجابُ الدّعوۃ تھے جیسا کہ اُس مشہور واقعے سے ثابت ہوتا ہے جو مروان بن الحکم کے زمانے میں ان کو اروی بنتِ اوس کے ساتھ پیش آیا کہ اروی نے مروان سے ان کی شکایت کی کہ سعید نے میرے مکان کا ایک حصّہ غصب کر لیا ہے انھوں نے کہا خداوندا! اگر یہ عورت جھوٹی ہے اور تُو جانتا ہے کہ یقیناً جھوٹی ہے۔ تو اس کو اندھا کر دے پس اروی فوراً اندھی ہو گئی اور اپنے ہی گھر کے کنوئیں میں گر کر مر گئی۔

سعید بن زید کی خدماتِ اسلام

(۱) سعید نے پیغمبر صاحب کے ساتھ مدینے ہجرت کی۔ اور بدر کے سوا تمام غزوات میں پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر رہے۔

(۲) طلحہ بن عبیداللہؓ کے ذکر میں بیان ہو چکا ہے کہ بدر کے موقع پر پیغمبر صاحب نے ان کو اور طلحہ کو مشرکین کے قافلے کی ٹوہ لگانے اور خبر دریافت کرنے کی غرض سے ملکِ شام روانہ فرمایا تھا۔ اور یہ دونوں شام سے اُس روز مدینے واپس آئے جس روز مسلمان بدر میں فتحیاب ہو چکے تھے۔ پیغمبر صاحب نے دونوں کو بدریوں میں شامل کیا اور مالِ غنیمت سے

دونوں کے لیے حصہ اُٹھا رکھا۔

(۳) پیغمبر صاحب کی حیات بابرکات کے زمانے میں اسلام کی جو خدمتیں اِن سے ظہور میں آئیں سو آئیں۔ کہ بدر کے علاوہ پیغمبر صاحب کا کوئی غزوہ ایسا نہ ہوا جس میں یہ حاضر نہ تھے۔ پیغمبر صاحب کی وفات کے بعد اپنے زمانۂ انتقال تک تمام مذہبی لڑائیوں میں شریک رہے اور منصبِ ولایت پر جہاد کی شرکت کو ہمیشہ ترجیح دیتے رہے۔ امیرالمومنین عمر فاروق نے کئی مرتبہ عُہدۂ ولایت اِن پر پیش کیا۔ مگر انھوں نے منظور نہیں کیا۔ عثمان ذوالنورین نے اپنے دورِ خلافت میں بصرے کی ولایت ان کے نامزد کرنی چاہی لیکن انھوں نے انکار کر دیا۔ ابوعبیدہ نے جب دمشق فتح کیا۔ تو ان کو زبردستی دمشق کا گورنر مقرر کیا مگر جب ابوعبیدہ جہاد کے لیے اُٹھے تو انھوں نے لکھ بھیجا کہ میں دمشق کی گورنری پر جہاد کو پسند کرتا ہوں۔ لہٰذا اِس خط کے پہنچتے ہی آپ کسی ایسے شخص کو اِدھر فوراً روانہ کر دیجیے جو اِس عُہدے کی خواہش و رغبت رکھتا ہو۔ مَیں بہت جلد آپ کے پاس پہنچ کر شریکِ جہاد ہوتا ہوں۔ اِن کا انتقال موضعِ عقیق میں سنہ ۱۸ یا سنہ ۱۹ ہجری کو ہوا۔ مگر پھر خانہ مدینے میں لاکر بقیع میں دفن کیا گیا۔

(۱۰) ابوعُبیدہ عامر بن عبداللہ بن الجراحؓ

اِن کا نام عامر۔ کُنیت ابوعبیدہ۔ یہ بھی قریشی ہیں اور ان کا سلسلۂ نسب سات واسطوں سے پیغمبر صاحب کے نسب میں جا ملتا ہے۔ قدیم الاسلام اور قدیم الہجرت ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اوّل مہاجرین کے ساتھ حبشے کی طرف بھی ہجرت کی۔ اِن کی والدہ اُمِّ غنم اُمیہ بنت جابر نے حالتِ اسلام میں انتقال کیا اور باپ عبداللہ کافر مرا۔

مفاخر

(۱) پیغمبر صاحب نے فرمایا ہر اُمّت میں ایک امانت دار ہوتا ہے۔ میری اُمّت کے امانت دار ابوعبیدہ بن الجراح ہیں ایک روایت میں یُوں آیا ہے کہ ہر پیغمبر کا ایک اَمین ہوتا ہے۔ میرے امین ابوعبیدہ بن الجراح ہیں۔

(۲) ہجرت کے دسویں سال یمن فتح ہوا تو نجرانؔ کے کچھ باشندے پیغمبر صاحب کے پاس آئے۔ اور عرض کیا کہ ہمارے ساتھ اپنے ایک امین کو بھیج دیجیے۔ کہ وہ ہمارے حقوق میں خیانت کو جائز نہ رکھے۔ پیغمبر صاحب نے فرمایا مَیں تمھارے پاس عنقریب ایک ایسا امانت دار آدمی بھیجتا ہوں۔ جو کماحقہٗ امین ہے۔ اِس پر تمام صحابہ کو انتظار رہا۔ کہ دیکھیے پیغمبر صاحب کسے بھیجتے ہیں۔ اور ہر ایک شخص بجائے خود اس بات کا متوقع تھا کہ پیغمبر صاحب مجھے روانہ فرمائیں گے۔ پیغمبر صاحب نے ابوعبیدہ کو بھیجا اور فرمایا کہ ہر اُمتِ محمدؐ ہر نبی کا ایک اَمین ہوا کرتا ہے ہمارے امین ابوعُبیدہ ہیں۔

(۳) پیغمبر صاحب نے فرمایا ابوعُبیدہ بن الجرّاح اچھے آدمی ہیں اور انھیں جنّت کی خوش خبری دی۔ ابوبکر صدیقؓ کے زمانہ

ع۵ غالباً یہ پیغمبر صاحب کے رازدار اور شریکِ شوریٰ ہوں گے۔ اس وجہ سے پیغمبر صاحب نے ان کو امین فرمایا ۱۲

ل۵ یمن میں ایک موضع ہے ۱۲

خلافت میں جب دو قبیلوں یا دو شخصوں میں کسی طرح کی نزاع ہوتی اور متخاصمین امیر المؤمنین سے حکم یا پنچ مقرر کرنے کی درخواست کرتے تو آپ فرماتے میں تمہارے لیئے ایک ایسا شخص منتخب کرتا ہوں جو نرم دل ہی سخت گیر نہیں۔ اگر اُس پر ظلم کیا جاتا ہی تو وہ ظلم کا انتقام نہیں لیتا۔ اُس کے ساتھ بُرائی کی جائے تو درگزر کرتا ہی۔ اُس سے قطع رحمی کی جائے تو وہ صلۂ رحمی کرتا ہی مُسلمانوں پر مہربان۔ اور کافروں پر سخت سُنو وہ ابوعبیدہ بن الجرّاح ہیں

(۴) اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضؓ سے کسی نے پُوچھا کہ کون سا صحابی پیغمبر صاحب کو زیادہ محبوب تھا۔ فرمایا ابوبکرؓ پھر کون جواب دیا عمرؓ۔ عرض کیا پھر کون فرمایا ابوعُبیدہ بن الجرّاح۔

(۵) کسی نے اُمّ المؤمنین عائشہؓ سے یہ بھی دریافت کیا کہ اگر پیغمبر صاحب اپنی حیات میں کسی کو خلیفہ بناتے تو کس کو بناتے کہا ابوبکر کو سائل نے کہا پھر کس کو کہا عمر کو پُوچھا پھر کس کو فرمایا ابوعبیدہ کو۔

(۶) ابوعبیدہ شجاعت و بہادری میں مشہور تھے۔ اور اسی وجہ سے یہ ہمیشہ افواج اسلام کی سپہ سالاری کے معزز عُہدے پر ممتاز رہے۔ عہدِ فاروقی کے زمانۂ خلافت میں جس قدر فتوحات ہوئے۔ اُن میں بڑا حصہ ابوعبیدہ ہی نے لیا۔

(۷) امیر المؤمنین عمر فاروقؓ اپنی وفات کے روز بار بار فرماتے تھے کہ اگر ابوعبیدہ زندہ ہوتے تو آج امرِ خلافت کو میں اُن کے سُپرد کرتا۔

خدمات


(۱) ابوعبیدہ تمام غزوات میں پیغمبر صاحب کی خدمت میں حاضر رہے۔ معرکۂ بدر میں جو کارنمایاں اِن سے ظاہر ہوا نہایت ہی تعریف و تحسین کے قابل ہی کہ جب اِن کے والد عبداللہ۔ مشرکین مکہ کی صف میں کھڑے ہوئے دکھائی دیئے۔ تو یہ اُن سے مقابلہ کرنے کو آگے بڑھے۔ اِن کو آگے بڑھتا ہوا دیکھ کر عبداللہ بھی صف میں سے نکل کر آگے آیا۔ اور ابوعُبیدہ نے صرف خُدا اور رسولِ خدا کی رضامندی کے لیئے اپنے والد عبداللہ کو قتل کر ڈالا۔

(۲) جنگ اُحد کے مَوقع پر جو استقلال و ثبات اِن سے ظہور میں آیا۔ خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہی کہ جب اَور لوگ پیغمبر صاحب سے علیٰحدہ ہوگئے یہ سایئے کی طرح پیغمبر صاحب کو چمٹے رہے اور پیغمبر صاحب کے سر پر جب ایک کافر نے تلوار ماری اور اِس زور سے ماری کہ آپ کی پیشانی مبارک میں خود کے حلقے گھُس گئے تو ابوعُبیدہ نے اپنے سامنے کے دونوں دانتوں سے خود کے حلقوں کو پکڑ کر گھسیٹا۔ اور اِس زور سے گھسیٹا کہ دانت جڑوں سے نکل کر گر پڑے۔ ظاہر ہی کہ اس سے ابوعُبیدہ کو سخت تکلیف ہوئی ہوگی۔ مگر وہ پیغمبر صاحب کی محبت میں اس قدر مستغرق تھے کہ آپ کو راحت پُہنچنے سے اپنی تکلیف کا ذرا بھی احساس نہ کر سکے اور یہ معلوم کر کے کہ پیغمبر صاحب کی پیشانی مبارک سے خود کے حلقے نکل گئے اور اس سے آپ کو گونہ تسلّی ہوئی مارے خوشی کے اُچھل پڑے۔ سنہ ۱۸ ہجری میں ۵۸ برس کی عمر کو پُہنچ کر طاعونِ عمواس میں رملہ اور بیت المقدس کے درمیان موضع اردن میں وفات پائی۔ اور وہیں مدفون ہوئے۔ طاعونِ عمواس میں ۲۵ ہزار آدمی ضائع ہوئے جن میں ایک جماعت صحابہ کی بھی تھی۔ جن دنوں عمواس میں مری پھیلی ابوعبیدہ نے جناب الٰہی میں بایں الفاظ دعا کی۔ اَللّٰھُمَّ اٰتِ اٰلَ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ نَصِیْبَھُمْ اِس سے اُن کی غرض یہ تھی کہ شہید مریں۔ کیونکہ مطعون بھی ایک طرح کا شہید ہی جیسا کہ مشہور ہے

لہ خداوندا! ابوعُبیدہ کے خاندان کو اُن کا حصّہ عنایت فرما ۱۲

میں آیا ہی۔ بس ابو عبیدہ کے ہاتھ میں گلٹی نکلی اور ہاتھوں نے گلٹی پر ہاتھ پھیر کر کہا۔ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ فِيْهِمَا اس کے دوسرے روز ان کا انتقال ہوگیا۔

تمام شد



وَالْاِنْجِيْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ - (آل عمران ع ۱) اور انجیل اُتاری اور اُسی نے اور چیزوں کو بھی نازل کیا جن سے حق و باطل کا فرق ظاہر ہوتا ہی ف۱

ظاہر اوضحِ شریعتِ جدیدہ اور تصدیق میں منافاۃ معلوم ہوتی ہی۔ مگر نہیں۔ تصدیق کے معنی یہ ہیں کہ وہ شریعت بھی خدا کی شریعت تھی۔ لیکن دنیا کی حالت کے بدل جانے سے خدا نے اب یہ نئی شریعت مناسبِ حالت جاری کی جس کے جاری کرنے پر میں مامور ہوا ہوں۔ خدائی شریعت ہونے میں اگلی پچھلی شریعتیں سب برابر ہیں مگر ع ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانے دارد ✦ حکامِ دنیا کے قوانین میں آئے دن ترمیم و اصلاح ہوتی رہتی ہی۔ باایں ہمہ ناسخ و منسوخ دونوں متقنِ جائز کے بنائے ہوئے اور اپنے اپنے وقت میں واجب التعمیل ہوتے ہیں

(س) نسخ کی تو آپ نے خوب دل کو لگتی ہوئی توجیہ کی۔ مگر یہ تو فرمائیے کہ دنیا تو ہمیشہ تغیرات کا اکھاڑا رہی ہی۔ اور رہے گی۔ اور ہمارے پیغمبر صاحب ہیں خاتم النبیین تو اُن کی شریعت بھی خاتم الشرائع ہوگی۔ اِس صورت میں دنیا کا کام کیسے چلے گا۔

(م) بات یہ ہو کہ شریعتِ محمدیہ نے انسانی فطرت کے تمام پہلوؤں پر احاطہ کر لیا ہی۔ اور خدا نے جو انسان اور اُس کی فطرت کا خالق ہی اپنے علم سے اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۔ ع تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں ✦ جابجا قرآن میں اُس فطرت کو بیان بھی فرما دیا ہی مثلاً۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَیْرُ مَنُوْعًا (المعارج ع ۱) بے شک آدمی بڑا ہی تھڑدلا پیدا کیا گیا ہی کہ جب اُس کو کسی طرح کا نقصان پونہچتا ہی تو گھبرا اُٹھتا ہی اور جب اُس کو کسی طرح کا فائدہ پونہچتا ہی تو بخل کرنے لگتا ہی۔

اور وَکَانَ الْاِنْسَانُ اَکْثَرَ شَیْءٍ جَدَلًا (بنی اسرائیل ع ۶) اور انسان تمام مخلوقات سے زیادہ جھگڑالو ہی۔

اور بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰی نَفْسِهٖ بَصِیْرَةٌ وَّلَوْ اَلْقٰی مَعَاذِیْرَهٗ (القیامۃ ع ۱) بلکہ خود انسان اپنے مقابلے میں حجت ہی گو وہ (اپنے تئیں بے قصور ثابت کرنے کے لیے کتنے ہی) بہانے پیش کیا کرے ف۲

اور وَیَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَیْرِ وَکَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا (بنی اسرائیل ع ۲) اور آدمی جس طرح (اپنے حق میں) بہتری کی دعا مانگتا ہی اُسی طرح روگیر ہو کر کبھی (بُرائی کی بھی) دعا مانگنے لگتا ہی ف۳

ف۱ فرقان کے لفظی معنی فرق کے ہیں اور اصلی مطلب وہی ہی جو ہم نے ترجمے میں اختیار کیا ہی۔ اب رہی یہ بات کہ وہ کیا چیز ہی۔ بعض کہتے ہیں معجزات۔ بعض کہتے ہیں عقلِ سلیم۔ بعض کہتے ہیں دوسرے پیغمبروں کے صحیفے۔ بعض کہتے ہیں قرآن جس کا تذکرہ تاکید کے طور پر دوسرے لفظوں میں مکرر فرما دیا ہی ۱۲

ف۲ مطلب یہ ہو کہ خدا نے انسان کے دل کو اسی طرح کا بنایا ہی کہ وہ نیک و بد میں تمیز کرتا ہی۔ چنانچہ ایک جگہ فرمایا ہی فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا اگر وہ بدی کی طرف رغبت ہوتا ہی تو یہ اُس کے اپنے ارادے کی کمزوری ہی اور وہ الزام سے بری نہیں ہو سکتا اپنے مقابلے میں حجت ہونے کے یہ معنی ہیں یا یہ معنی ہیں کہ اُس کے اعضا اُس کے مقابلے میں گواہی دیں گے گو وہ کتنے ہی بہانے بنایا کرے ۱۲

ف۳ اپنے حق میں دعا سے بد کرنے کے دو پہلو ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ آدمی کو علمِ غیب تو دیا نہیں گیا۔ بسا اوقات وہ ایک مطلب کو غلط فہمی سے اپنے حق میں

---

۴ ۵ بھلا (ہو سکتا ہی کہ خدا) جو پیدا کرے (وہی اپنی مخلوقات کے حال سے) ناواقف ہو حالانکہ وہ (بڑا) باریک بین (اور) باخبر ہی ۱۲

اور اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ (العادیات)

بے شک انسان اپنے پروردگار کا بڑا ہی ناشکر ہی اور وہ اِس (بات) کو (خود بھی) خوب جانتا ہی اور وہ مال کی محبت میں بڑا سخت ہی۔

اور وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا (یونس ع ۳)

اور جب لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اُن کی تکلیف کو دُور کرکے اپنی مہربانی کا ذائقہ چکھا دیتے ہیں تو بس ہماری آیتوں (کی مخالفت) میں کارسازیاں کرچلتے ہیں۔

اور حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِى الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ (یونس ع ۳)

یہاں تک کہ بعض اوقات تم لوگ کشتیوں میں ہوتے ہو اور وہ لوگوں کو باد موافق کی مدد سے لے کر چلتی ہیں۔ اور لوگ اُن (کی رفتار) سے خوش ہوتے ہیں (ناگاہ) کشتی کو ایک ہوا کا جھوکا آ لگتا ہی اور لہریں (رہی کہ) ہر طرف سے اُن پر (چڑھی چلی) آرہی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ (بُرے) آگھیرے تو بس خالص خدا ہی کو مان کر اُس سے دُعائیں مانگنے لگتے ہیں۔

اور اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۝ (الاحزاب ع ۹)

اِس میں شک نہیں کہ آدمی (اپنے حق میں) بڑا ہی ظالم (تھا اور ظالم ہونے کے علاوہ) بڑا ہی نادان (بھی) تھا۔

اور وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل ع ۱۱)

اور انسان بڑا ہی تنگ دل ہی۔

اور اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝ (الدھر ع ۲)

پھر ہم نے اُس کو (یعنی آدمی کو دین کا) رستہ (بھی) دکھایا (پھر اب دو قسم کے آدمی ہیں) یا تو شکر گزار ہیں (یعنی مسلمان) یا ناشکر (یعنی کافر)۔

(بقیہ فائدہ صفحہ ۱۵۹) مفید سمجھ کر خدا سے اُس کی خواستگاری کرتا ہی اور حقیقت میں وہ اُس کے حق میں مضر ہی مثلاً ایک لاولد خدا سے فرزند کے لیے دعا کرتا ہی اور وہ بڑا ہو کر ایسا نالائق ثابت ہو کہ خاندان کی دولت اور آبرو کو تباہ کرے۔ دوسرا پہلو وہ ہی کہ پیغمبر صاحب کافروں کو عذاب خدا سے ڈراتے تھے اور کافر جھوٹ سمجھ کر اُس کے لیے جلدی مچاتے تھے وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ (بنی اسرائیل ع ۱۰) اور وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (انفال ع ۴) اور قَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ (ص ع ۲) اور اِس طرح کی آیتیں قرآن میں تقریباً ہر پیغمبر کے بیان میں ہیں ۱۲

بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ	مگر تم (بنی آدم کچھ ہو ہی جلد باز اور اسی لیے) دنیا کو (جو سر دست موجود ہی)
وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ (القیامہ ع ۱)	دوست رکھتے ہو اور آخرت کو چھوڑ بیٹھے ہو۔
اور وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ	اور جب ہم انسان کو کوئی نعمت عطا فرماتے ہیں
اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ط	تو (اُلٹا ہم سے) مُنہ پھیرتا اور پہلو تہی کرتا ہی اور
وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ	جب اُس کو (کوئی) تکلیف پہونچتی ہی تو اُس توڑ
يَئُوْسًا ۝ (بنی اسرائیل ع ۹)	بیٹھتا ہی۔

دوسری بات یہ ہی کہ یہ فطرت مختلف افراد سے مختلف اوقات میں مختلف طور پر ظاہر ہوتی ہی۔ شارع نے مثال کے طور پر کوئی جزئی صورت لے کر اُس کی نسبت فرمادیا کہ ایسی صورت میں یُوں کرنا چاہیئے۔ پس نہ فطرت کا اُسی صورت میں انحصار ہی نہ حکم کا۔ اِس کی توضیح کے لیے میں ایک مثال دیتا ہوں کہ چوری کی سزا چور کا ہاتھ کاٹ ڈالنا ہی۔

اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا	اور (مسلمانو!) مرد چوری کرے تو اور عورت چوری کرے تو اُن کے
اَيْدِيَهُمَا جَزَآءً بِمَا كَسَبَا	(اس) کرتوت کے بدلے میں (بلا امتیاز) دونوں کے دہنے (ف) ہاتھ
نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ	کاٹ ڈالو (یہ) تعزیر اُن کے حق میں (خدا کی طرف) سے (قرار دائی)
حَكِيْمٌ ۝ (المائدہ ع ۶)	ہی اور اللہ زبردست (اور انتظامی مصلحتوں سے) واقف ہی ف

اور مالِ مسروقہ کی مقدار کی کچھ صراحت نہیں جیسی چوری راکھ کی ویسی چوری لاکھ کی۔ تو یہ حکم ویسا ہی ہوا جیسے مُولی کے چور کو سُولی۔ شارع کا مقصود اصلی تو یہ ہی کہ چوری سے اَمن و عافیت خلائق میں خلل آتا ہی۔ اس کا انسداد ہو۔ سزا کی سختی اور نرمی موقوف ہی ایک طرف مالِ مسروقہ کی مقدار پر اور دوسری طرف چور کی حالت پر تھوڑی سی چوری۔ بعض صورتوں میں مسروق منہ کو شاید زیادہ تکلیف دہ نہ ہو۔ اور بڑی چوری ممکن ہی کہ مسروق منہ کو تباہ و برباد کردے۔ اسی طرح بعض چور ایسے ہوں گے جو مجرد انکشاف جرم اور فضیحت سے ڈر کر آگے کو توبہ کریں۔ اور بعض کو شاید چوری کا ایسا چسکا پڑا ہوگا۔ کہ بے ہاتھ کاٹے کسی طرح باز آنے والے نہیں ایک وقت تھا جس کو چالیس برس سے زیادہ ہی عرصہ ہوا ہوگا۔ کہ میں گورکھپور میں ڈپٹی کلکٹر تھا اور ایک جنگلی علاقے کی فوجداری بھی مجھکو سپرد تھی وہاں کے باشندے گونڈ، بھیل، تھوم، دھیڑ کی قسم کے لوگ تھے بالکل وحشی درندوں کی سی حالت ہو کر آتے تو زمین میں بچھے جاتے تھے کہ ہم پر دیا کرو قید مت ڈالو بید مار کر چھوڑ دو۔ اور کبھی ایسا بھی ہوا کہ بید کھا کر ننگا دھڑنگا ڈنڈوت کرتا ہوا سامنے آکھڑا ہوا۔ اور پھر ہرن کی طرح چوکڑی بھرتا ہوا یہ جا وہ جا۔ ایک جابر سخت گیر ظالم سکھ رئیس کی نسبت سُنا ہی کہ انگریزی عمل سے پہلے اس کے علاقے میں کہیں چوری ہوتی تو وہ چور کے رشتے داروں تک کی ناکیں کٹوا دیتا پس یا تو چوری ہی نہیں ہوتی تھی یا ہوتی ہوگی تو کسی کو اطلاع نہیں ہونے پاتی تھی۔ عجب نہیں نزولِ قرآن کے وقت عرب کے چور ایسے ہی سخت ہوتے ہوں گے۔ کہ بے ہاتھ کاٹے نہ مانتے ہوں گے۔ پھر جیسے جیسے تہذیب اور شائستگی کے ساتھ لوگوں میں غیرت اور حمیت آتی گئی۔ عالموں نے کہ وہی اُن دنوں دیوانی اور فوجداری کے حاکم ہوتے تھے

ف دہنے ہاتھ کی قید جو ہم نے بڑھائی ہی وہ احادیث سے لی ہی ۱۲

شارع کی اصلی غرض کا خیال کرکے دس درم سے کم میں قطع ید کو جائز نہیں رکھا۔ اور آبرودار چور کو یہ سزا دی کہ اُس کو فرد شہادہ ٹھیرا دیا۔ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ محمدی شریعت کا قانون صرف قرآن ہے۔ یہ خیال ایک حد تک صحیح ہے مگر عملاً تین چیزیں اُس کا ضمیمہ قرار پاگئی ہیں سُنّت۔ قیاس۔ اجماعِ اُمّت اِس لیئے کہ بے اِن کی مدد کے فصلِ خصومات کا کام چل نہیں سکتا۔ مگر پھر بھی قرآن شریعتِ محمدیہ کا اصل قانون ہے جامع۔ سُنّت کے معنی ہیں پیغمبر صاحب کا قول اور فعل یا کسی اَور کا ہو پیغمبر صاحب کی موجودگی میں ہوا اور پیغمبر صاحب نے اُس کو جائز رکھا۔ تو سنّت کو قرآن سے وہی نسبت ہے جو مثلاً ضابطۂ فوجداری کو قانونِ مجموعۂ تعزیراتِ ہند سے۔ یعنی سنّت کی کوئی بات خلافِ قرآن مقبول نہیں۔ پس سنّت کی حدود میں کیا رہا قرآن کی تفسیر و توضیح۔ مثلاً قرآن مطلق نماز کا حکم دیتا ہے۔ سُنّت بتاتی ہے تعدادِ رکعات۔ تسبیح جو رکوع و سجود میں کہی جاتی ہے۔ قرارۃ۔ قعدہ۔ یا مثلاً قرآن مطلق زکوٰۃ کا حکم دیتا ہے۔ سُنّت نصاب اور حولِ کامل کی تعیین کرتی ہے۔ اِس صورت میں قرآن ہی اصل قانون رہا۔ بعض صورتیں ایسی بھی پیش آسکتی ہیں۔ کہ نہ قرآن میں مذکور ہیں نہ سنّت میں تو قرآن میں ویسی ہی صورت تلاش کرنی پڑتی ہے اور اِس کے قیاس پر بمتابعتِ قرآن و حدیث حکم دیا جاتا ہے اور یہ کام ہے مجتہد یعنی عالم رسخ فی العلم کا جو اِس زمانے میں عنقا صفت معدوم ہے تو سوائے اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ اَور کیا ہو سکتا ہے۔ اور جہاں قیاس کو بھی مساغ نہ ہو آخری درجہ ہے اجماعِ اُمّت کا سو اُمّتِ محمدیہ اس قدر منتشر ہے کہ اجماع صورت پذیر ہو نہیں سکتا۔ اور یہاں بھی اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْيَاكُمْ کی رُو سے وہی اِسْتَفْتِ قلبك راہ نمائی کر سکتا ہے اور جب قرآن اور حدیث نے آدمی کے معتقدات اور خیالات کی اِصلاح کر دی۔ بیس پانسو سے اُمید کی جاسکتی ہے کہ اِس کا دل اِس کو راہِ حق ہی دکھائے گا۔ غرض قرآن باوجودے کہ اِس میں نہ کمی بیشی کی ضرورت ہے اور نہ ہو سکتی ہے اپنی موجودہ حالت میں بانضمامِ سنّت و قیاس و اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ کہ اِن کا ماخذ بھی وہی قرآن ہے ساری دنیا میں اَمن و عافیت قائم کرنے کے لیے جو مذہب کی اصلی غایت و غرض ہے بخوبی کفایت کرتا ہے۔ مَیں نے اسلام کی شروع سے اَب تک کی حالت کو جہاں تک مجھ سے ہو سکا بغور دیکھا اور سوچا اور اَب بھی اِس فکر سے غافل نہیں ہوں۔ مَیں جس نتیجے پر پہنچا ہوں وہ یہی ہے کہ قرآن ہی میں مُسلمانوں کی ترقی اور اُن کے عُروج کا راز مُستتر ہے اور یہ کہ قرآن میں اَب بھی وہی طاقت ہے جو نزول کے وقت تھی اور وہ طاقت اس کو لازم ہے اِس سے منفک نہیں ہو سکتی۔ مُسلمان لاکھ گر گئے ہیں مگر اَب بھی ایسے ضعیف نہیں جیسے شروع کے مُسلمان پیغمبر صاحب کی ہجرت سے پہلے اور ہجرت کے بھی چند سال بعد تک تھے۔ جہاں تک دیکھا جاتا ہے وہ قرآن کے بَل بُوتے پر کھڑے ہوئے اور اُنھوں نے ؎

مؤلفہ ملک لیے سلطنتیں زیر کیں ✦ خیر سے کتنی صدیاں تیر کیں

جب تک قرآن کا سہارا پکڑے رہے فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا دنیا اور دین دونوں میں سُرخ رُو

لہ پوری آیۃ اس طرح ہے لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ دین میں زبردستی کا کچھ کام نہیں ف اگر راہی سے ہدایت (الگ) ظاہر ہو چکی ہے تو جو جھوٹے معبودوں کو نہ مانے اور اللہ ہی پر ایمان لائے تو اُس نے مضبوط رسّی پکڑ رکھی ہے جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں (اور اُس کا بیڑا پار ہے) اور اللہ (سب کی سُنتا اور (سب کچھ) جانتا ہے ۱۲ (فائدہ بر صفحہ ۱۶۳ دیکھو)

رہے جب تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ (آل عمران ع ۱۴) یہ تفاوتِ وقت ہیں جو ہمارے حکم سے نوبت بہ نوبت (سب) لوگوں کو پیش آتے رہتے ہیں ف۱

کی نوبت آنے کو ہوئی تو مسلمانوں نے پہلے اِس سہارے کو ڈھیلا چھوڑنا شروع کیا یہاں تک کہ نَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ ہو گئے لگا اور گوری کا جوبن چٹکیوں میں اُڑ گیا۔ اسی کی شکایت تو مجھ مولویوں سے ہے۔

(س۱) کیا خوب۔ کرے مونچھوں والا اور پکڑا جائے ڈاڑھی والا۔ مسلمان بگڑیں آپ مولویوں کے سر الزام۔

(ف۱) اس لیے کہ بندوں اور خدا کے درمیان میں ہیچی ہیں۔ مقتضائے وقت پر تو نظر کرتے نہیں۔ خدا کتنا ہی کچھ اور یہ بندوں کو سمجھاتے ہیں کچھ۔

(س۲) آپ مولویوں کی مخالفت میں حد سے بڑھ چلے ہیں۔ میں نے تو کسی مولوی کو قرآن و حدیث کی سند کے بدون نہ تو وعظ کہتے سُنا اور نہ فتویٰ دیتے دیکھا۔

(ف۲) یہ سچ ہے مگر تم نے قرآن کی حقیقت ہی کو نہیں سمجھا۔ میں ایک مثال سے اس کی توضیح کرتا ہوں کہ انسان جسم و روح دو چیزوں سے مرکب ہے اگرچہ ترکیب کی ماہیت معلوم نہیں لیکن انسان میں دو چیزوں کا ہونا معلوم ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ دونوں کے لیے بیماریاں اور بیماریوں کے علاج ہیں۔ جسمانی بیماریوں کے لیے طب کی کتابیں ہیں جو ڈاکٹر اور وید اور طبیب لیے بیٹھے ہیں۔ اور روحانی بیماریوں کے لیے مذہبی کتابیں ہیں جیسے ہم مسلمانوں میں قرآن اور کتبِ احادیث و فقہ۔ جس طرح طبِ جسمانی کا مقصد ہے جسم کا اعتدال کی حالت پر رکھنا اسی طرح طبِ روحانی یعنی مذہب کا مقصود ہے۔ انسان کے خیالات کا درست رکھنا۔ جسم کو اعتدال پر قائم رکھنے کے لیے جو خلط مقدارِ مناسب سے بڑھ گئی ہے اُس کو مُسہل اور فصد اور تنقیے سے گھٹایا جاتا ہے اور گھٹ گئی ہے تو اُس کو ادویۂ مقویہ کے ذریعے سے بڑھایا جاتا ہے۔ اس لیے طب کی کتابوں میں مُضعِف اور مُقوّی دونوں طرح کے نسخے ملیں گے۔ اب یہ طبیب کا کام ہے کہ تشخیص کر کے مریض کو مُضعِف دوا دے یا مقوّی۔ علیٰ ہذا القیاس قرآن

وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝ (الشوریٰ ع ۴) اور جو ایسے (غیرت مند) ہیں کہ جب اُن پر کسی طرف سے زیادتی ہوتی ہے تو وہ (روکتے) بدلہ لے لیتے ہیں۔

اور جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا (الشوریٰ ع ۴) بُرائی کا بدلہ ویسی ہی بُرائی۔

بھی فرماتا ہے اور۔

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ (الاعراف ع ۲۴) (اے پیغمبر) درگزر کا شیوہ) اختیار کرو اور (لوگوں سے) نیک کام (کرنے) کو کہو اور جاہلوں سے کنارہ کش رہو۔

اور فَاعْفُ عَنْهُمْ (تو اے پیغمبر) تم ان کے قصور معاف کرو

(فائدہ متعلقہ صفحہ ۱۶۲) ف۱ خدا تو کھلے لفظوں میں ارشاد فرماتا ہے کہ دین میں زبردستی نہیں اور لوگ ہیں کہ ناحق اسلام پر تہمت لگاتے ہیں کہ بزورِ شمشیر پھیلایا گیا اگر کسی بادشاہ نے دین کو ملک گیری کا حیلہ بنا کر اپنایا بھی ہو تو دین پر کیا الزام ۱۲

ف۲ یعنی فتح و شکست دن کی پھرتی پھراتی ہے کبھی کسی پر کبھی کسی پر ۱۲

وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ (آل عمران ع ۱۷) بھی فرمایا ہے۔ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِنْ رَبِّكُمْ (البقرۃ ع ۲۵) اور فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ (الجمعہ ع ۲)

اور خدا سے بھی اِن کے گناہوں کی مغفرت چاہو اور معاملاتِ (صلح و جنگ) میں (بدستور سابق) اِن کو شریک مشورہ کیا کرو ف۱

زجر کے شمول میں) تم اپنے پروردگار کا فضل (مثلاً تجارت سے کوئی مالی فائدہ) حاصل کرنا چاہو تو (اس میں تم پر) کچھ گناہ نہیں

پھر جب نماز ہو چکے تو (تم کو اختیار ہے کہ) اپنی اپنی راہ لو اور خدا کے فضل (یعنی معاش) کی جستجو میں لگ جاؤ ف۲

اور قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللّٰهِ الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيرَةً تَأْخُذُونَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهِ وَكَفَّ أَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ (الفتح ع ۳)

اور مسلمانو! اللہ تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرما چکا ہے کہ تم اُن پر قابض ہو گے تو یہ (خیبر کی غنیمت) تم کو سردست دلوا دی اور (صلح حدیبیہ کی وجہ سے عرب کے) لوگوں کے دست (تعدی) کو تم سے روکا (سوا اس کے) ف۳

اور لَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ (النساء ع ۵) اور لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ (طٰہٰ ع ۸) بھی فرمایا ہے

اور خدا نے جو تم میں سے ایک کو دوسرے پر بڑائی دے رکھی ہے اُس کا کچھ ارمان نہ کرو ف۴

(اے پیغمبر) ہم نے جو مختلف قسم کے لوگوں کو دنیاوی زندگی کی رونق کے ساز و سامان استعمال کے لیے دے رکھے ہیں کہ اُن کو اُن کے حال میں آزمائیں تم اپنی نظر اُن پر نہ دوڑانا۔

تمقوی اور مُتصوف طلب اور زہد دونوں طرح کے نسخے موجود ہیں۔ مولوی تشخیص کریں کہ اس عہد کے مسلمانوں کو طلبِ دنیا کھا گئی یا زہد۔ میرے نزدیک مولویوں کی تعلیم اُس جاہل طبیب کی تشخیص کی طرح آخر کار مُہلک ہے جس کی ہجو میں نبیہ السودا رکہتا ہے ف۵

ف۱ اس آیت میں جنگِ اُحد کا ذکر ہے اور لوگوں سے مراد منافق ۱۲

ف۲ اس آیت میں نماز سے نمازِ جمعہ مراد ہے اور اُوپر سے نمازِ جمعہ ہی کا ذکر چلا آتا ہے ۱۲

ف۳ یہ آیت سیاق ترجمے کے اُوپر گزر چکی ۱۲ ف۴ فتح خیبر اور صلح حدیبیہ کے واقعات کسی قدر تفصیل کے ساتھ اُوپر لکھے جا چکے ہیں وہاں ملاحظہ ہو اور مزید تفصیل کی ضرورت ہو تو الحقوق والفرائض کو دیکھو ۱۲ ف۵ عورتوں کو خدا نے اِس طرح کا پیدا کیا ہے کہ دنیا تو دنیا اُن سے دین کے کاموں میں بھی مَردوں کی برابری نہیں ہو سکتی۔ خلقی کمزوری کی وجہ سے وہ جہاد کے قابل نہیں۔ اُن کو بچے جننے ہیں۔ بچوں کو دودھ پلانا۔ پالنا۔ پرورش کرنا ہے ایک وقتِ خاص تک اُن کو روزے اور نماز سے بھی محروم رہنا پڑتا ہے۔ اِن باتوں پر نظر کر کے عورتوں کو خیال آتا ہوگا کہ ہائے ہم مرد کیوں نہ ہوئے اللہ تعالیٰ نے اُن کو سمجھا دیا کہ مَردوں کی نیکیاں مَردوں کے ساتھ ہیں عورتوں کی عورتوں کے ساتھ ۱۲

چھٹتے ہی اِک شخص کی دیکھی جو نبض — کہنے لگا تجھکو بشدت ہے قبض
کچھ نہیں کرنے کا بجز اس کے سُود — لکھ دیا یہ کہہ کے سفوفِ یہود
اَور غذا اُس کو یہ بتلائی دوست — ماش کی روٹی سے تو کھا ساگِ پوست
صاحبِ پیچش کو بتایا کٹول — واسطے ہیضے کے لکھا اسپغول
کہہ دیا مجنون کو شیرِ شتر — کہہ دیا مستسقی کو جا فصد کر
پُوچھا جو اُن نے کہ غذا کیا کہی تو — ساتھ گائے کے کہا کھا دہی
کہنے لگا دیکھ کے ایک اَور کو — زخم کو دُنبل کے کرانا رفو
بیٹھ کے پھر پاس وہ اِک ڈولی کے — نبض کہا دیکھوں میں لا ہاتھ دے
دیکھ چکا نبض کو جب بے تمیز — خادمہ سے اُس کی کہا اے کنیز
دردِ کمر اس کو ہی یا دردِ سر — پر مجھے نقرس کا ہے ڈر بیشتر
کرکے پھر آخر کو مقرر صرع — کہنے لگا۔ دوا سے مار القرع
اور جو کھانے کی لگے اِس کو لَو — کچھ نہ اِسے دینا بجز آشِ جَو
کہنے لگی سُن کے یہ کیا قہر ہے — واسطے اِس کے یہ دَوا زہر ہے
لقوہ و فالج ہے اِسے پیر زال — کرتے ہو کیوں قتل کا اِس کے خیال
اِن نے کہا تُو نے نہ اے زشت رُو — دیکھا سدیدی کو نہ قانون کو
ساتھ حکیموں کے تو اے بے تمیز — بحث تی ہے پانچ روپے کی کنیز

(دسویں) مانا کہ تعلیمِ زہد بانگِ بے ہنگام ہے مگر مولوی اپنی جگہ شاکی ہیں کہ لوگوں میں اُن کی اگلی سی وقعت ہی باقی نہیں ہمارے محلے کے امام صاحب کہتے تھے کہ اِسی مسجد میں فلاں مولوی صاحب جمعے کے جمعے مدتوں سے وعظ کہا کرتے تھے تو غدر سے پہلے تِل دھرنے کو جگہ نہیں ملتی تھی۔ خود بخود کی ہوتے ہوتے یہ حال ہوا کہ مولوی صاحب نے کہیں پہاڑ گنج کی مسجد میں وعظ کہنا شروع کر دیا کہ یہاں دو چار آہ میوں کے لیئے کیا مغز خالی کروں۔

(دھم) مولوی صاحب سے کہنا چاہیئے کہ ع ای صبا ایں ہمہ آوردۂ تست ✦ پہاڑ گنج کیا کہیں بھی جائیں یہی کچھ ہونا ہی۔ اس لیئے کہ مولوی صاحب معاملاتِ دنیا کا تذکرہ کرتے ہوتے تو اسلامی تعلیم کی سنعت عاجلاً مترتب ہوتی ہوئی دکھائی دیتی۔ لوگ خواہی نخواہی رغبت ہوتے اَب مولوی صاحب کی تعلیم میں کچھ اَوزار ہیں جو طوطے کی طرح بے سمجھے بُڑبُڑا لیئے جاتے ہیں الجرع برتر عاشقاں بر شاخِ آہو ✦ یا نوافل ہیں ؎

شب چو عقدِ نماز بربندم — چہ خورد بامداد فرزندم

اللہ اللہ خیر صلاح۔ درس و تدریس اور پند و نصیحت کے علاوہ تعلیم کا ایک طریقہ یہ بھی ہی کہ معلم جس طرح کا شاگردوں کو بنانا چاہتا ہی آپ ویسا ہی بن کر اپنے تئیں نمونے کے طور پر شاگردوں کے روبرو پیش کرے سو مولویوں کی یہ تعلیم درس و تدریس

اور پند و نصیحت کی تعلیم سے بھی بدتر ہے۔ مولویوں کے حال کی تفتیش کی جائے تو اُس سے دو طرح کے سبق سیکھے جا سکتے ہیں اوّل ریاکاری اور دوسرے کاہلی۔ کیونکر فلاح پا سکتی ہے وہ قوم جس کے پیشوا جس کے صلاح کار ایسے ہوں۔

(س) مولویوں کی مذمت میں اِس سے زیادہ سُننی نہیں چاہتا۔ میری روح کو تکلیف ہوتی ہے۔

(م) جتنی تکلیف تم کو سُننے سے ہوتی ہے اس سے اضعافاً مضاعفہ مجھ کو کہنے سے ہوتی ہے مگر کیا کیا جائے اپنا گھُٹنا کھولنا اور آپ ہی لاجوں مرنا ہے۔ قوم کو دیکھیں یا مولویوں کو +

(۱۶) مُسلمانوں کی اصلاحِ حالت

(س) خیر مولویوں کو تو رہنے بالائے طاق یہ فرمائیے کہ مُسلمانوں کو کیا کرنا چاہیئے کہ مُسلمان بھی رہیں اور اُن کی دنیاوی حالت بھی درست ہو۔

(م) اِس کے سوائے کوئی اَور تدبیر تو میری سمجھ میں آتی نہیں کہ فہمِ مطلب کے ساتھ قرآن کا ورد رکھیں۔ سب سے بہتر تو یہ ہے کہ عربی میں قرآن کے سمجھنے کی استعداد بہم پہنچائیں کہ فہمِ مطلب کے ساتھ عربی دانی کی وجہ سے یہ یقین بھی ہوتا جائے گا کہ یہ ضرور خدا کا کلام ہے میں کچھ یُوں ہی تھوڑی سی عربی جانتا ہوں مگر اِس تھوڑی سی عربی دانی پر بھی مجھے اِس کا پُورا اِذعان ہے کہ دوسرے کی تو کیا مجال ہے خود پیغمبر صاحب جو اپنی نسبت اَنَا اَفْصَحُ مَنْ نَطَقَ بِالضَّادِ فرمایا کرتے تھے (اور وہ تھے بھی) اپنی طرف سے ایسا کلام کرنے پر قادر نہ تھے۔ سیر کی کتابوں میں اِن کے موعظے ہیں۔ خطب ہیں۔ خطوط ہیں۔ فرمان ہیں۔ قرآن سے کسی کی عبارت لگا نہیں کھاتی۔ یہ معجزہ نہیں تو کیا ہے۔ عربی نہ سہی کوئی شخص کبھی کسی زبان کا ایسا ماہر ہوا ہے کہ دو ممتاز طرزوں میں کلام کرے۔ نقل تو جس طرز کی چاہو کر لو مگر قرآن کی طرز تو سارے جزیرۂ عرب میں کہیں مُروّج بھی نہ تھی۔ کہ قرآن نے اُس کی نقل اُتار لی ہو مگر خیر اِس کو تو ہی یقین کر سکتا ہے جو فصیح اور غیر فصیح عربی میں تمیز کر سکتا ہے۔ لیکن ہندی نژاد کو تو کسی طرح یہ بات نصیب ہو نہیں سکتی پس اُس کو مطلب پر قناعت کرنی چاہیئے۔ کہ الفاظِ قرآن معجز ہیں سو ہیں مطالبِ قرآن بھی بجائے خود معجز ہیں۔ کہ ایسی تعلیم خدا کے سوائے کوئی دے نہیں سکتا۔ جس طرح اُس قادرِ علی الاطلاق نے وجودِ انسان میں جسمِ کثیف اور روحِ لطیف کو اور باد و خاک و آب و آتش عناصرِ متضاد الطبع کو اپنی حکمتِ کاملہ سے ایک جگہ میں جمع کر کے دکھا دیا۔ اسی طرح فانی یعنی دنیا اور باقی یعنی آخرت کو دینِ فطرت میں جمع کر دیا۔ دینِ فطرۃ یعنی اسلام کے دینِ آلہی ہونے کی اِس سے بڑھ کر اَور کیا دلیل ہو سکتی ہے

(س) اِس کی تو ہند کے مُسلمانوں سے توقع نہ رکھیئے۔ کہ وہ الفاظِ قرآن سے مطلب کے سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ اوّل تو عربی پڑھتے ہی کتنے ہیں اور پھر جو پڑھتے بھی ہیں اُن میں کتنے الفاظِ قرآن سے مطلب کے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں پس عربی دانی کا تو نام نہ لیجیئے۔

(م) اچھا تو ترجمہ۔

(س) ہندوستان میں کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ سب زبانوں میں قرآن کا ترجمہ بھی نہیں ہوا۔

(م) اِسی سے اندازہ کر سکتے ہو کہ بے چارے زبانی جوش و خروش کے سوائے اِن کے دلوں میں کہاں تک دین کا درد

+ یہ اگر و نہ خطا بولے ہیں (یعنی ہو سکتا ہے کہ سب میں فصیح تر ہوں۔ ولیکن یہ کہ حرفِ ضاد مروج سبب کسی ملک کی عام تلفظ فصیح سے ادا نہیں کیا جاتا اور ہندی مسلمان ہندیں سورۂ فاتحہ کے ولا الضالین پڑھتے ہیں دولین اور دولین دو گروہ سین اور ضاد کے صحیح مخرج کے اعتبار سے دونوں ضائعین ہیں ۱۲

ہی۔ ایک عیسائی ہیں کہ دنیا کی کوئی زبان تو چھوڑی نہیں جس میں انجیل کا ترجمہ نہ ہوا ہو۔ نہ ہوا ہو نہیں بلکہ نہ چھپا ہو۔ مگر خیر ہندوستان میں کتنی ہی زبانیں بولی جاتی ہوں ایک اُردو زبان ایسی ہی جو چار دانگ ہندوستان میں بولی نہیں جاتی تو سمجھی ضرور جاتی ہی اور اُردو میں ایک چھوڑ کئی کئی ترجمے موجود ہیں۔ اور کثرت سے چھپتے بھی ہیں مگر پڑھے کم جاتے ہیں اکثر تعویذ کے طور پر آسیب اور نظرِ بد اور وبا کے دفع کے لیئے جُزدان میں تہ کر کے گھروں میں رکھ چھوڑتے ہیں یہ سارے بے اصل اور لغو اوہام جو کُفر و شرک ہو سکتے ہیں مُتفرع ہیں اسی مظلب قرآن کی ناواقفیت پر جو عام طور پر مُسلمانوں میں پھیلی ہوئی ہی تو قرآن کی نسبت تو خود قرآن میں لکھا ہوا موجود ہی

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ	اور اگر کوئی قرآن (ایسا بھی نازل ہوا) ہوتا جس (کی برکت) سے
بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ	پہاڑ چلنے لگتے یا اُس (کی برکت) سے زمین (کی مسافت آسانی)
الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ	سے کی جا سکتی یا اُس (کی برکت) سے مُردوں کے ساتھ گفتگو
الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ	ہو سکتی (تو اِس قرآن میں بھی یہ کرامت ہوتی ..... بلکہ
جَمِيْعًا ۝ (الرعد ع ۴)	(اصل بات یہ ہی کہ) سارا اختیار اللہ ہی کو ہی۔

بھلا جن لوگوں کے ایسے خیالات ہوں وہ تدابیرِ حفظانِ صحت عمل میں لائیں کیا خاک۔

(۱۵۱) قرآن کی نسبت جہاں وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ الخ ہی وہاں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ	اور ہم قرآن میں ایسی ایسی باتیں اُتارتے ہیں جو ایمان والوں کے
وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (بنی اسرائیل ع ۹)	لیے (امراضِ روحانی کا) علاج اور مُوجبِ رحمت ہیں۔

(۱۵۲) اب تو تم نے گفتگو کی شان بدل دی ہی۔ استفادۃً پُوچھتے پُوچھتے لگے بحث کرنے جس سے ہمکو طبعی نفرت ہی

(۱۵۳) مولویوں کی نسبت تو آپ فرماتے ہیں کہ اُن کے پاس تک جا کر نہ پھٹکو۔ آپ سے پُوچھتے ہیں۔ تو آپ بھی ناخوش ہوتے ہیں۔ تو مجھ جیسے کم سواد آدمی کو کوئی شُبہہ ہو تو کس کی طرف رُجوع کرے۔ ہی سے تو جو لوگ قرآن کا اُردو ترجمہ پڑھ بھی سکتے ہیں۔ مگر خُوب نہیں سمجھتے کیا کرتے ہیں۔ کہ جہاں ذرا شُبہہ ہوا بے دل ہو کر قرآن کو تہ کیا۔ اور طاقِ نسیان پر رکھ دیا مولوی تو آپ سے بہت زیادہ پُوچھنے پاچھنے سے گھبراتے ہیں۔ اِن کا مسلک تو یہ ہی۔ ع ہم کہیں اور سُنا کرے کوئی ؎

(۱۵۴) یہ زمانہ بحث و مناظرے کا ہی نہیں۔ مَیں نے تو بحث و مناظرے کا انجام ہمیشہ فوجداری ہوتے دیکھا ہی اس لیئے مَیں بحث و مناظرے سے ایسا ڈرتا ہوں جیسے بچے بیچارے۔ لکھا پڑھی کا طریقہ پہلے محفوظ تھا اب تو اِس میں بھی فوجداری ہونے لگی ہی۔ لیکن اگر تم بحث پر آمادہ نہیں ہو تو مَا هُوَ شِفَآءٌ کا جواب ہی۔ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ یعنی

اَلْقُرْاٰنُ يُفَسِّرُ	قرآن کا بعض حصہ بعض کی یعنی ایک آیت دوسری آیت کی
بَعْضُهٗ بَعْضًا	توضیح و تفسیر کرتی ہی۔

؎ یہ سورۂ یونس کے رکوع ۱۷ کی پہلی آیت کا ٹکڑا ہی پُوری آیت اس طرح ہی يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ یعنی لوگو! (اتمامِ حجت کے طور پر) تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس نصیحت آ چکی اور امراضِ قلبی (یعنی شک وغیرہ) کی دوا اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور رحمت ۱۲

کی رُو سے شفاء لما فی الصدور تفسیر واقع ہوا ہی ماھو شفاء کی اور ظاہر ہی کہ لما فی الصدور سے امراضِ روحانی یعنی معتقداتِ فاسدہ اور خیالاتِ باطلہ کے علاوہ امراضِ جسمانی مراد ہو ہی نہیں سکتے۔ لیکن فرض کرو کہ ماھو شفاء میں امراضِ جسمانی ہی مراد ہوں تو نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ سے دُعا مُراد ہوگی اور دُعا کے اثر کے تو ہم قائل ہیں اور جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم بھی جب کسی کی عیادت کو جاتے تو۔

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ — لوگوں کے پروردگار! اس سختی اور بیماری کو دفع کر۔

سے دُعا ہی فرماتے تھے۔

(س) آپ کی سی معلومات کوئی کہاں سے لائے۔ یہ فرمائیے کہ نرے اُردو خواں کو ترجمے کی کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو وہ کیا کرے

(م) شُبہے کو کسی پر ظاہر نہ کرے۔ دل میں لیئے رہے اور ترجمہ برابر پڑھتا رہے۔ خدا نے چاہا تو ایک نہ ایک دن خدا ایسی بات اُس کے دل میں القا کرے گا کہ اُس کا شُبہہ خود بخود رفع ہو جائے گا۔ خود مجھکو ایسا اتفاق کئی بار پیش آیا ہی اور ابھی تک بھی پیش آتا رہتا ہی۔ میں اپنا شُبہہ کسی پر ظاہر نہیں کیا کرتا۔ پھر آپ ہی آپ ایک بات ذہن میں آتی ہی کہ خلجان رفع ہو کر دل کو اطمینان ہو جاتا ہی۔ مثال کے طور پر ایک حکایت بیان کرتا ہوں کہ بچپن سے یوسف علیہ السلام کو پیغمبر سُنتا تھا اور حُسنِ صورت کو اُن کا معجزہ۔ لیکن پیغمبر اور حُسنِ صورت کا معجزہ بے جوڑ سی بات معلوم ہوتی تھی۔ باوجودیکہ دَور میں سُورۂ یوسف کے پڑھنے کا بھی اتفاق ہوتا تھا مگر قصے کے تسلسل میں کبھی کوئی ایسی بات خیال میں نہ آئی۔ جس سے یوسف علیہ السلام کی پیغمبری کی عظمت کی طرف سے اطمینان ہو جاتا۔ آخر ایک دن خیالات ایک خاص طرح کے تھے۔ کہ سورۂ یوسف کی تلاوت میں یوسف علیہ السلام کی تین باتوں نے اُن کی پیغمبری کی طرف سے بالکل مطمئن کر دیا۔

ایک۔ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ (یوسف ع ۳) — معاذ اللہ وہ (تمہارا شوہر) میرا آقا ہی اُس نے مجھکو اچھی طرح رکھا ہی (میں اُس کی امانت میں خیانت نہیں کر سکتا) کیونکہ (ایسے) نمک حراموں کو کبھی فلاح نہیں ہو سکتی ف۱

دوسرے لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ یَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ (یوسف ع ۲۱) — اب تم پر کچھ الزام نہیں (میں نے معاف کیا اور) خدا (بھی) تمہارے قصور معاف کرے اور وہ سب مہربانوں سے بڑا مہربان ہی ف۲

ف۱ یہ سورۂ یوسف کے اُس موقع کا فقرہ ہی کہ حضرت یوسف عزیزِ مصر کے گھر میں غلاموں کی طرح نہیں بلکہ امیروں کے فرزندوں کی طرح رہتے ہیں عزیزِ مصر کی بیوی زلیخا اُن کے حُسن کی دلدادہ ہی اور موقع پاکر اپنا مطلبِ ناجائز حاصل کرنا چاہتی ہی آخر ایک روز مکان کے دروازے بند کر لیئے۔ اور یوسف سے اپنا مدعا ظاہر کیا اُس موقع پر یوسف علیہ السلام نے یہ فرمایا معاذ اللہ الخ ۱۲ ف

ف۲ یہ بھی سورۂ یوسف کے اُس مقام کا تذکرہ ہی جب کہ یوسف علیہ السلام کے علاتی بھائی تیسری مرتبہ حضرت یوسف کے پاس ملکِ مصر میں غلہ لینے آئے اور یوسف کے سامنے حاضر ہو کر اپنی تنگ حالی ظاہر کی جس پر یوسف سے صبر نہ ہو سکا اور جوشِ محبت میں آکر صاف کہہ دیا کہ یوسف میں ہی ہوں تمہارا بھائی اس پر بھائیوں نے معذرت کی اور اپنا قصور ظاہر کیا تب یوسف علیہ السلام نے یہ فرمایا الخ تشریح ۱۲ +

تیسرے تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۝ (یوسف ع ۱۱)

رتو اَب[۵] مجھکو اپنی فرماں برداری کی حالت میں رونیا سے) اُٹھاے اور مجھکو (اپنے) نیک بندوں میں سے جا داخل کر لے

کہ اِن میں سے ایک ایک بات اس درجے کی ہی کہ قدرشناس کو سَو معجزوں کا کام دیتی ہی اور اس طرح کے انکشافات اَب بھی ہوتے رہتے ہیں۔ اِس سے مَیں اُردو خواں مُسلمان بھائیوں کو صلاح دیتا ہوں کہ باوجود شکوک کے ترجمے کی تلاوت کو ناغہ نہ ہونے دیں۔ مَیں کس طرح اپنا دل چیر کر مُسلمانوں کے آگے رکھ دوں کہ مَیں قرآن کو مُسلمانوں کے حق میں کیا سمجھتا ہوں۔ جاننا اور عمل کرنا شرط ہی اور اسلام کی ابتدائی تاریخ اِس کا ثبوت ہی۔ جاننے کے لیے عربی کی توفیق نہ بھی ہو۔ تو ترجمے کافی ہیں۔ اور عمل کرنے کے لیے فطرۃً جیسا راہ نما۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اسلام جیسا مذہب رکھکر مُسلمان کیوں اقوامِ روزگار میں سربرآوردہ اور برتر اور پیش پیش نہ ہوں۔ تعزّز میں۔ تموّل میں۔ خوش حالی میں۔ تحاسنِ اخلاق میں۔ صلحکاری اور اَمن پسندی میں یعنی ہر طرح کی خوبی میں مگر یُوں کہو کہ مُسلماناں درگور مسلمانی درکتاب"۔

(س) جب اسلام کو یہ خصوصیتیں ہیں تو نامُسلم اقوام بہت باتوں میں مُسلمانوں سے بہتر حالت میں کیوں ہیں۔

(م) اِس کا جواب بھی قرآن میں موجود ہی۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ (الشوریٰ ع ۳)

جو کوئی آخرت کی کھیتی کا طالب ہو ہم اُس کی کھیتی میں اُس کے لیے برکت دیں گے اور جو دُنیا کی کھیتی کا طالب ہو تو ہم بقدرِ مناسب اُس کو دُنیا دیں گے (مگر) پھر آخرت میں اُس کا کچھ حصّہ نہیں

دین و دُنیا ضدّیک دگر نہیں ہیں

(س) اِس سے تو پھر وہی دنیا اور آخرت یعنی دنیا اور دین کا (کیونکہ بولنے میں دین مرادفِ آخرت بولا جاتا ہی) ضدّیک دگر ہونا پایا جاتا ہی اور مالہ فی الاخرۃ من نصیب سے ضدّیۃ کی اَور تقویت ہوتی ہی۔

(م) دین کو مرادفِ آخرت بولنے ہی نے تو مُسلمانوں کی دُنیا کو تباہ کیا۔ اور دنیا کے ساتھ دین کو بھی۔ اسی سے دنیا اور دین میں تناقض کا ہونا سمجھا گیا۔ یعنی لوگوں نے جو دین و دُنیا میں ناحق کا تناقض سمجھ رکھا ہی متفرع ہی دین کو مرادفِ آخرت استعمال کرنے پر بلکہ میرا خیال تو یہ ہی کہ لوگ پہلے سے دین و دُنیا میں تناقض سمجھے ہوئے تھے۔ بناء الفاسد علی الفاسد۔ اِسی خیال کی بنا پر دین کو مرادفِ آخرۃ استعمال کرنے لگے کیونکہ قرآن میں ہر جگہ آخرت کو دُنیا کا مقابل قرار دیا ہی جیسے

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (البقرۃ ع ۲۵)

ای ہمارے پروردگار ہمیں دنیا میں بھی خیر و برکت دے اور آخرت میں بھی خیر و برکت دے اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔

اور قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ

(ای پیغمبر ان لوگوں سے) کہو کہ دنیا کے فائدے (بہت ہی) تھوڑے ہیں

---

[۵] جب یوسف علیہ السلام دُنیا سے سیر ہو گئے تو آخرت کی لو لگی اور تشوق الی لقاء اللہ سے بیتاب ہو کر یہ دُعا کی ۱۲

[۱] یوسف علیہ السلام کی یہ دعا اس رُتبے کی ہی کہ اُن کی پیغمبری کے ثبوت کے لیے بس کرتی ہی ۱۲

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ (النساء ع ۱۱)

اور جو شخص (خدا کا) ڈر رکھے اُس کے لیے (فلاح) عاقبت (دُنیا کے فائدوں سے کہیں) بہتر ہے اور (وہاں) تم لوگوں (میں سے کسی) کی (سُن) برابر بھی حق تلفی نہ ہوگی۔

اور اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (یوسف ع ۱۱)

دُنیا اور آخرت (دونوں) میں تُو ہی میرا کارساز ہے ف۱

اور اَلدُّنْيَا مَزْرَعَةُ الْاٰخِرَةِ

دنیا آخرت کی کھیتی ہے (جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا)

رہی وہ آیت مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ جس سے تم کو شُبہہ ہوا اس میں بھی دنیا اور آخرت کا مقابلہ ہے - نہ دنیا اور دین کا - اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ لوگو! جو عمل بھی تم دنیا میں کرتے ہو اگر بانیتِ اجرِ عاقبت کرتے ہو تو ہم اُس اجر میں برکت دیں گے۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا (انعام ع)

جو شخص (قیامت کے دن) نیکی لے کر آئے گا تو اُس کا دس گُنا اُس کو ثواب ملے گا۔

اور بانیتِ اجرِ دُنیا کرتے ہو تو اُس میں سے بقدرِ مناسب تم کو دے دیا جائے گا۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ (آل عمران ع)

تو اُن کے پروردگار نے اُن کی توبہ قبول کر لی (اور فرمایا) کہ ہم تم میں سے کسی (نیک) عمل کرنے والے کے عمل کو اکارت نہیں جانے دیتے مرد ہو یا عورت (اس بارے میں) مرد عورت میں کچھ فرق نہیں کیونکہ) تم سب ایک دوسرے کی جنس ہو ف۲

اِس آیۃ میں ترکِ دُنیا یا زُہد کا اشارہ تک بھی تو نہیں - بلکہ ایک معنی کر تحریص و ترغیب ہو کیونکہ سرے سے عمل ہی نہ ہوگا تو بابت کس سے متعلق ہوگی - حدیث میں تو یہاں تک آیا ہے کہ مرد جو اپنی بی بی کو کھانا کھلاتا ہے اُس کا بھی ثواب ہے بشرطیکہ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ یہ سمجھ کر کھلاتا ہو کہ اِس کا نان و نفقہ خدا نے مجھ پر فرض کیا ہے اسلام کی بڑی خوبی تو یہی ہے - کہ وہ طلبِ دنیا اور کسی کاروبارِ دنیا کو منع نہیں کرتا - مگر ہاں یہ ضرور کہتا ہے کہ طلبِ جمیل کرو - مسلمان اگر اِس سے زہد استنباط کریں تو سولے اِس کے کہ وہ ناحق اسلام کو بدنام کرتے ہیں ع بدنام کنندہ نکو نامے چند ۱۲ اور کیا کہا جائے - طبیب نہاں غذا کی نسبت فرماتا ہے ف۵

نہ چنداں بخور کز دہانت بر آید نہ چنداں کہ از ضعف جانت بر آید

اِس کو کسی نے بھی منع عن الغذا سمجھا ہے؟ مسلمانوں نے طلبِ جمیل کو منع و زہد و ترک سمجھا تو یہ اُن کی فہمیدگی اور خیر طلبِ جمیل کو منع سمجھا تھا تو نباہ کر دکھایا ہوتا اور وہ نہ

ف۱ یہ حضرت یوسف کی اُسی دعا کا ایک جزو ہے جو ابھی اوپر گزری ہے پوری دعا یوں ہے رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۱۲

ف۲ اس آیت کا ترجمہ گزشتہ صفحے میں دیکھو ۱۲

ف۳ اُوپر سے اُن دُعاؤں کا ذکر چلا آتا ہے جو اہلِ دانش کی زبانوں پر آسمان و زمین کی پیدائش میں غور و فکر کرنے کے بعد بے ساختہ جاری ہو جاتی ہیں اور اُن ہی پر فاستجاب الخ کی تفریع ہے ۱۲

کی دُہی شل ہوئی گگر گھاؤں - گلگلوں سے پرہیز - اب مسلمان چار ناچار طلبِ دنیا میں منہمک ہیں - کہ بے اس کے چارہ نہیں مگر ذلت اور خواری کے ساتھ - یہ کاشتکار ہیں - دوسرے زمیندار - دوسرے قرضخواہ ہیں یہ قرض دار - یہ کاریگر ہیں - دوسرے کارخانہ دار - دوسرے برسرِ حکومت ہیں یہ تابعدار - دوسرے کارفرما ہیں یہ خدمت گار - الی لعنت ہو اس زندگی پر دھکار ہو ایسے طلب پر

(س) حقیقت میں جہاں تک میں بھی خیال کرتا ہوں زُہد کی تعلیم نے مسلمانوں کو بڑا نقصان پونچایا -

(م) اجی زہد تو تمام خرابیوں کی ماں ہے اور تقدیر اور توکل اور دُعا کے بارے میں جو معتقدات مسلمانوں کے ہیں یہ اُس کے انڈے بچے اِس خاندان نے مسلمانوں کو غارت کیا -

(س) زہد کی تو آپنے خوب خبر لی مگر تقدیر اور توکل اور دعا کی نسبت کچھ نہ فرمایا -

(م) بس یہ فرمانا بس کرتا ہو کہ یہ سب اُمّ الخبائث زہد کے انڈے بچے ہیں سب میں وہی زُہد کی جھلک پائی جاتی ہو -

(س) آپ کے نزدیک اعمالِ آخرت کو اعمالِ دنیا پر ترجیح ہو یا نہیں -

(م) ساری کتاب یوسف زلیخا پڑھی اور یہ نہ جانا کہ زلیخا عورت تھا یا مرد تھی - اِتنا سمجھا یا پر دُنیا اور آخرت کی علٰحدگی کا خبط سر سے نہ نکلا پر نہ نکلا - ارے بندۂ خدا اعمالِ آخرت اور اعمالِ دُنیا دو طرح کے اعمال کیسے - وہی ایک اعمال ہیں چاہے اُن کو اعمالِ دُنیا کہہ لو اِس لیے کہ دنیا میں کیے جاتے ہیں یا اعمالِ آخرۃ کہہ لو اِس لیے کہ دنیا میں جو مفاد ان پر مترتب ہُوا سو ہوا - اِس کے علاوہ خدا آخرت میں اپنے فضل و کرم سے اِن کا اجر بھی دے گا -

(س) یعنی نماز روزے وغیرہ عبادات کو اعمالِ آخرۃ سمجھا ہوا ہوں اور باقی اعمال کو اعمالِ دُنیا اور میں کیا تمام مسلمان ایسا ہی سمجھتے ہیں -

(م) تم نے بھی غلط سمجھا اور تمام مسلمانوں نے بھی غلط سمجھا - بات یہ ہو کہ انسان ایک خاص طرح کا مخلوق ہو جس کے چند در چند تعلقات ہیں - خدا سے - آپنے ہم جنسوں سے - اور بہت چیزوں سے - ظاہر ہو کہ تعلق دو میں ہوتا ہو - پس ہر ایک تعلق کے دو پہلو ہوتے ہیں جیسے فرض کرو کہ ہندہ اور خالد میں - زن و شو کا تعلق ہو - تعلق ایک ہو مگر اُس کو ہندہ کی طرف منسوب کریں تو ہندہ کو جورو کہیں گے - خالد کی طرف منسوب کریں - تو خالد کو خصم - تعلق سے ہر دو فریق پر کچھ نہ کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ذمہ داری کے مقابل حق کہلاتا ہو - مثلاً جورو خصم کی مثال میں مہر و نفقہ جورو کے حقوق ہیں اور اِن کا ادا کرنا شوہر کا فرض

اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ - اور

اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ (النساء ع ۶)

مرد عورتوں کے سَر دھرے ہیں (اِس کے دو) سبب (ہیں ایک) یہ کہ (آدمیوں میں) اللہ نے بعض (یعنی مردوں) کو بعض (یعنی عورتوں) پر (دل کی مضبوطی اور جسم کی توانائی میں) برتری دی ہو (دوسرا) سبب یہ کہ مردوں نے عورتوں پر اپنا مال خرچ کیا ہو ف۱

ل۱ اِس سے پہلے کے ٹکڑے کو بھی ملا لو تو مطلب تام مفہم ہو جائے گا یعنی وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ ترجمہ اور (جو عورتیں تم پر حرام کی گئیں) اُن کے علاوہ (سب عورتیں) تمھارے لیے حلال ہیں بشرطیکہ شہوت رانی کے لیے نہیں بلکہ تقیدِ نکاح) میں لانے کی غرض سے مال (دینی مہر) کے بدلے (نکاح کرنا) چاہو ۱۲

ف۱ مال سے مراد ہو مہر اور نان و نفقہ ۱۲

اسی طرح شوہر کی اطاعت عورت کا فرض ہی اور شوہر کا حق۔

وَاللّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۝ (النساء ع ۶)

اور تم کو جن بیبیوں کے سرچڑھنے کا اندیشہ ہو تو (پہلی دفعہ) اُن کو سمجھاؤ پھر اُن کے ساتھ ہمبستری موقوف کرو اور (اس پر بھی نہ مانیں تو) اُن کے ساتھ مار پیٹ سے پیش آؤ ف پھر اگر تمہاری بات ماننے لگیں تو تم بھی اُن پر ناحق کے چھتے رکھنے کے بہانے نہ ڈھونڈو۔

خدا کے تعلق کے سوائے مکافاۃ کا قاعدہ کُل تعلقات میں چلتا ہی۔ مگر خدا پر ہمارا کوئی حق نہیں۔ جو کچھ وہ دنیا یا آخرت میں دے سب اُس کا فضل ہی۔ رہی عبادت یہ خود ہمارا فرض ہی اس سے ہمارا کوئی حق خدا پر قائم نہیں ہوتا۔ ہم نے الحقوق والفرائض کے نام سے ایک کتاب جمع کی ہی۔ اُس میں قرآن سے چُن کر آدمی کے تعلقات معلوم کیے پھر بحوالۂ آیت ہر ایک تعلق کے متعلق حقوق و فرائض جو خدا نے ٹھیرائے ہیں۔ اِس کتاب کے حقوق کے ذیل میں حقوق اللہ اور حقوق العباد سب مساوات کے درجے میں داخل ہیں کیونکہ جن الفاظ میں خدا اپنے حقوق طلب کرتا ہی۔ مثلاً

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ (البقرۃ ع ۱۲) (مسلمانو!) نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو

اور يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ (البقرۃ ع ۲۳) (مسلمانو!) تم پر روزہ رکھنا فرض کیا گیا ہی

اور لِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ل اُن ہی الفاظ میں حقوق العباد بھی طلب کرتا ہی جیسا لَهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

اور وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ (البقرۃ ع ۳۰) اور جس کا وہ بچہ ہی (یعنی باپ) اُس پر دستور کے مطابق ماؤں کا کھانا کپڑا دینا لازم ہی۔

اور وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسَانًا (الاحقاف ع ۲) اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کی تاکید کی ہی۔

اور لَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ (لوگو!) افلاس کے ڈر سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو

پس فرضیت میں حقوق اللہ اور حقوق العباد یعنی تمہارے خیال کے مطابق اعمالِ آخرت اور اعمالِ دُنیا دونوں برابر۔ بلکہ میرے خیال میں حقوق العباد قوی تر کیونکہ حقوق اللہ حقوق ہیں۔ خدا کے جو بے نیاز اور غفور رحیم ہی۔ اگر خدا کا کوئی حق ہمارے سر پر رہ بھی جائے گا تو اُمید ہے کہ ہمارے عجز و مسکنت پر نظر کر کے درگزر فرمائیے۔

وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ } اور خدا تمہارے بہت (سے قصوروں) سے درگزر کرتا ہی

مگر بندے سراپا احتیاج اور دل کے تنگ ہیں۔

اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۝ جب لوگوں سے ناپ کر لیں تو پُورا پُورا لیں۔

ف حدیث شریف میں صرف ہونے سے مارنے پیٹنے کی اجازت ہی ۱۲

ل یہ آیت ترجمہ سمیت اُوپر گزر چکی ۱۲ ل۲ اس کا ترجمہ بھی اُوپر گزر چکا ۱۲

اِن کا حال تو یہ ہی کہ جائے چمڑی اور نہ دے دمڑی۔

(دس۱۵) آپ کا یہ اجتہاد تو غضب کا اجتہاد ہی۔ اس کی رُو سے تو اکثر مُسلمان جو زُہد کی طرف مائل ہیں یا جو اعمالِ آخرت اور اعمالِ دنیا میں راجح و مرجوح کا تفرقہ سمجھتے ہیں۔

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ط (البقرۃ ع ۱۰) — تو کیا کتابِ (الٰہی) کی بعض باتوں کو مانتے ہو اور بعض کو نہیں مانتے وا

کے وعید میں داخل ہوئے جاتے ہیں یا یوں کہئے کہ مُسلمانِ کامل نہیں رہتے۔

(دھ۱۶) عملاً مُسلمان کامل ہونا تو بہت مشکل ہی۔ **قطعہ**

بندہ ہماں بہ کہ ز تقصیر خویش — عذر بہ درگاہِ خدا آورد
ورنہ سزاوارِ خداوندیش — کس نہ تواند کہ بجا آورد

کیا حقوق اللہ اور کیا حقوق العباد ہر ایک بندے بشر سے تلف ہوتے رہتے ہیں۔ مگر آدمی عقیدہ تو درست رکھے کیونکہ عقیدہ اصل ہی اور عمل فرع۔ تارک الصلوٰۃ۔ گنہگار ہی۔ اور نماز کی فرضیت کا مُنکر ہو کر نماز ترک کرے کافر۔

مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ (بخاری) — جو اس بات کا قائل ہوگا۔ کہ خدا کے سوائے کوئی معبود نہیں وہ (انجام کار) جنت میں داخل ہوگا۔

مشہور حدیث ہی۔ قال کے معنے ہیں قائل ہو۔ یعنی دل سے عقیدہ رکھتا ہو۔ تو حدیث کا مطلب یہ ہی کہ جو دل سے خدا کو معبودِ برحق مانے گا ضرور ہی کہ کبھی کبھی اُس کی عظمت اُس کے احسانات کا خیال کرے اور خدا کی عظمت اور اُس کے احسانات کا خیال کرے گا تو ضرور ہی کہ وہ کبھی نہ کبھی اُس کا حکم بھی مانے گا۔ اور حکم مانے گا تو بہشت میں بھی جا داخل ہوگا۔ پس مُسلمان عملاً زُہد کی طرف مائل ہو یا اعمالِ آخرت اور اعمالِ دُنیا میں راجح و مرجوح کا تفرقہ لگاتا ہو تو وہ غلطی کرتا ہی کہ ہیچ نفس بشر خالی از خطا نہ ہو۔ لیکن اگر وہ دل میں بھی ایسا ہی عقیدہ رکھتا ہی۔ تو اُس کے اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ کے وعید میں آجانے کا خوف ضرور ہی۔ اِس سے بھی زیادہ سخت ہی۔

اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ط (ابراھیم ع ۱) — (موسیٰ نے اپنی قوم کے لوگوں سے اُن کو نصیحت کرتے ہوئے یہ بھی کہا) کہ اگر تم اور جتنے لوگ روئے زمین پر ہیں وہ سب کے سب مل کر بھی (خدا کی ناشکری کرو تو خدا کو ذرا بھی پروا نہیں۔

(دس۱۵) آپ کا یہ اجتہاد تو یہودیوں اور اُن کے معتقدوں کے حق میں نہ سو سُنار کی نہ ایک لُہار کی ہوا۔

(دھ۱۶) ہونے دو۔ گلوخ انداز را پاداش سنگ است" + میرا اجتہاد اگر میں اِس کو اجتہاد کہوں بھی کوئی سمجھے نہیں چیستاں نہیں پہیلی نہیں۔ موٹی سی بات ہی کہ مثلاً تم نے ایک شخص کو نوکر رکھ کر حکم دیا کہ تم کو دو کام کرنے ہوں گے۔ مرد نے مکان کی چوکسی اور گھر کا سودا سُلف۔ اب فرض کرو کہ تمہارا نوکر مرد نے مکان کی چوکسی تو کرے اور سودے سلف کو کہا جائے تو ٹکا سا جواب دے

وا یہ آیت اگرچہ یہودیوں کی شان میں نازل ہوئی ہی مگر اب بھی جو کوئی ایسا کرے وہ بلاشبہ اِس وعید میں داخل ہی" +

تم ایسے نوکر کو پسند کروگے اور اُس کو بطوعِ خاطر پوری تنخواہ دینی چاہوگے۔ یا گھر سے نکال باہر کروگے۔ بعینہٖ یہی مثال خدا کی اور ہم مسلمانوں کی ہے کہ خدا نے

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ — بے شک اللہ نے مسلمانوں سے اُن کی جانیں اور اُن کے مال (اس وعدے پر) خرید لیے ہیں کہ اُن کے بدلے اُن کو جنت (دے گا)

ہم کو حقوق اللہ اور حقوق العباد دونوں کا کام بتائے۔ ہم جیسا کچھ بھی ہم سے بن پڑتا ہے۔ حقوق اللہ کا فکر رکھتے بھی ہیں اور حقوق العباد سے پہلوتہی کرتے اور اُن کو جزوِ مذہب ہی نہیں سمجھتے۔ ایسی صورت میں ہم نہیں سمجھتا کہ ہم پورے مسلمان ہیں۔ نہیں بلکہ آدھا تیتر آدھا بٹیر

(س ۱۷۹) آپ تو اسلام کو دینِ فطرت بتاتے ہیں تو یہ باتیں از روئے فطرت خود مسلمانوں کو سوچنے کی تھیں یا اپنے آپ پر الزام بچارے مولویوں کے سر تھوپتے ہیں۔

(ہ ۱۷۹) تھوپتا ہوں ثُمَّ أَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ کی رُو سے کیونکہ مولوی مسلمانوں کے نہ ہی باپ ہیں فطرۃ کی مثال دیوِ اسلائی کی سی ہے کہ اس میں آگ ہے مگر بھڑک اُٹھنے کے لیے رگڑنے کی محتاج ہے۔ یا فطرۃ کی مثال کنکوّے کی سی ہے کہ اُس میں پرواز کی صلاحیت ہے مگر اُڑنے کے لیے دریائی کی ضرورت ہے۔ دیوِ اسلائی کے رگڑنے والے مولوی۔ کنکوّے کی دریائی کھینچنے والے مولوی۔ میں مسلمانوں کے ساتھ مولویوں کے برتاؤ کو پچاس پچاس ساٹھ ساٹھ برس سے دیکھ رہا ہوں۔ شروع سے مولویوں کا ادب میرے دل میں تھا اس واسطے کہ میں نے بزرگوں کو عطائے قوم کو اُن کا ادب کرتے دیکھا۔ ایشیائی طور پر میں نے تعلیم پائی اور زانوئے تلمذ مولویوں کے سامنے تہ کیا۔ دہلی کالج مرحوم میں جو ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد سے بند ہو گیا ہی داخل ہونے سے اگرچہ میں عربی کی اونچی جماعت میں تھا آوازِ مخالف میرے کانوں میں پڑنی شروع ہوئی۔ پہلے وہ آواز دَوِیِّ الثَّقل کی طرح کی بھنبھناہٹ سی تھی مگر رفتہ رفتہ بلند ہوتے ہوتے بادل کی سی کڑک ہو گئی۔ بیچ میں میرے عقائد بھی کچھ متزلزل ہو چلے تھے۔ ابتداءً انقلابی نے مجھکو اسلام پر جمائے رکھا سو اُس اسلام کی تو میری نظر میں کچھ بھی وقعت نہیں۔ سالہا سال کے غور و فکر کے بعد کہیں جاکر میرا ایمان ٹھکانے سے لگا اور اب مجھکو اسلام کے مذہبِ حق ہونے کا ایسا ہی یقین ہے جیسا دو اور دو کے چار ہونے کا۔ مگر اسلام بھی اسلامِ متعارف نہیں بلکہ وہ اسلام جو عینِ فطرت اور مرادفِ انسانیت ہے۔

(س ۱۸۰) اگر اسلام مرادفِ انسانیت ہے تو تمام آدمی مسلمان ہیں اس لیے کہ انسان سب ہیں۔

(ہ ۱۸۰) اس میں شک کیا ہے جیسے انسان سب ہیں ویسے ہی مسلمان بھی سب ہیں۔ یعنی آدمی آدمی اکثر کوئی ہیرا کوئی کنکر۔ ایک آدمی۔ أُولٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ۔ اور ایک آدمی ؎

باوجودے کہ پَر و بال نہ تھے آدم کے — واں پہ پہونچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا

فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ۔

لہ پوری آیت اور اس کا ترجمہ اوپر گزر چکا، وہاں دیکھو ۱۲ لہ پوری آیت یوں ہے يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ۔ یعنی جس (قیامت کا) دن آپہنچے گا تو (اُسے) کوئی شخص (تک) بے حکمِ خدا کوئی گفتگو (تک بھی تو) نہیں کرسکے گا پھر اُن (حاضرین) میں سے کوئی تو بدبخت اور (کوئی) نیکبخت ہوگا ۱۲

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُوا وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ (الاحقاف ع ۳)

اور آخرت میں اپنے اپنے عمل کے مطابق سب کے (اچھے یا بُرے) درجے ہوں گے اور (یہ) اس لیئے کہ خدا اُن لوگوں کو اُن کے اعمال کا پُورا پُورا بدلہ دے اور اُن پر کسی طرح کا ظلم نہ ہو۔

(س) مگر یہ کتنا بڑا فرق ہے کہ وحشی اور مُہذّب۔ عالِم و جاہل۔ شہری اور گنوار اپنے تئیں آدمی سب مانتے ہیں، برخلاف اسلام کے کہ جتنے نامُسلم ہیں اسلام کے نام سے چڑتے ہیں۔

(ہم) اس لیئے کہ تم اُن کو چڑاتے ہو۔ مُسلمانوں ہی میں تم کسی کو رافضی کہو گے۔ تو وہ تم کو خارجی کہے گا ضرور۔ نامُسلموں کو تم کافر کہہ کر چڑاتے ہو وہ تمھارے نام سے چڑتے ہیں۔ **قطعہ**

یکے جہود و مُسلماں مناظرہ کردند — چنانکہ خندہ گرفت از نزاع ایشانم
جہود گفت بتوراۃ مے خورم سوگند — اگر دروغ بود ہم چو تو مُسلمانم
بلند گفت مُسلماں کہ گر قبالہ من — صحیح نیست خدایا جہود میرانم
گراز بسیطِ زمیں عقل منعدم گردد — بخود گماں نہ بَرد ہیچ کس کہ نادانم

اسلام جو حقیقت میں مرادفِ انسانیت ہے اُس کی تسلیم تو یہ ہے کہ لَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ وَمَنْ لَمْ يَتُبْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ۔ تم نامُسلموں کو بھی کافر نہ سمجھو

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوا (الحجرات ع ۲)

مُسلمانوں (لوگوں کی نسبت) بہت شک کرنے سے بچتے رہو کیونکہ بعض شک (داخلِ) گناہ ہیں۔

فطرت تو سب آدمیوں میں ایک ہی طرح کی ہے ہم اپنی طبیعت پر قیاس کر کے کہتے ہیں کہ ظاہر میں جو چاہیں کریں چاہیں کہیں

ذَٰلِكَ قَوْلُهُم بِأَفْوَاهِهِمْ

یہ تمھارے اپنے مُونہ کی کہن ہے۔

دل میں نامُسلم بھی ضرور ایک خدا کے قائل ہیں۔ اَمن و عافیت پسندی میں جو اسلام کا مقصودِ اصلی ہے مُسلمانوں سے بہتر نہیں تو برابر تو ضرور ہیں۔ غایۃ مافی الباب یہ کہ پُورے مُسلمان نہیں۔ تو ہم ہی کب پُورے مُسلمان ہیں۔

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ

(اے پیغمبر) بھلا تم نے اُس شخص کے حال) پر بھی نظر کی جس نے اپنی خواہش (نفسانی) کو اپنا معبود بنا رکھا ہے اور

---

۵۱ پوری آیت اِس طرح ہے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّن قَوْمٍ عَسَىٰ أَن يَكُونُوا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ مِّن نِّسَاءٍ عَسَىٰ أَن يَكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝ یعنی مُسلمانو! مَرد مردوں پر نہ ہنسیں عجب نہیں کہ جن پر ہنستے ہیں) وہ (خدا کے نزدیک) اُن سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں پر (ہنسیں) عجب نہیں کہ (جن پر ہنستی ہیں) وہ اُن سے بہتر ہوں اور آپس میں ایک دوسرے کو طعنے نہ دو اور نہ ایک دوسرے کو نام دھرو ایمان لائے پیچھے بدنہادی کا نام ہی بُرا ہے اور جو (ان حرکات سے باز نہ آئیں) تو وہی (خدا کے نزدیک) ظالم ہیں ۱۲

عَلٰی عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰی سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰی بَصَرِهٖ غِشَاوَةً فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ (الجاثیۃ ع ۳)

علم ہوتے ساتے اللہ نے اُس کو گمراہ کر دیا ہے ف۱ اور اُس کے کانوں پر اور اُس کے دل پر مُہر لگا دی ہے اور اُس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے تو خدا کے (گمراہ کیئے) پیچھے اُس کو کون ہدایت دے (سکتا ہے) کیا تم لوگ غور (و فکر) کو کام میں نہیں لاتے۔

اور یہی باتیں تو میں تم کو دیر سے سمجھا رہا ہوں۔

ہمارا مذہب ہے صلح سب سے ہو کوئی ہندو کوئی مسلماں سلام اس کو اگر کیا ہے تو اس سے بھی رام رام کر دی

اسلام سے قطع نظر مصلحت وقت کا مقتضا کیا ہے۔ جہاں تک میں خیال کرتا ہوں مسلمانوں کا یہ مذہبی تعصب اس زمانے کے اسلام کی لکڑی کے حق میں ایک گھُن ہے جو اُس کو کھوکھلا کیئے چلا جا رہا ہے۔ اور احمق سمجھتے نہیں اور مولوی ان کو سمجھنے نہیں دیتے کہ آپ اپنے پاؤں میں کُلھاڑی مار رہے ہیں۔ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ہندوستان کے مسلمانوں کو دو قوموں سے واسطہ پڑتا ہے حکام وقت عیسائی اور ہندو جو اُن ہی کی طرح انگریزوں کی رعیت ہیں۔ مسلمان دونوں کے مقابلے میں ہر طرح سے مغلوب ہیں۔ ہندو اگر کھانے پینے کی چھوت کی طرح مسلمانوں کی امداد سے دست کش ہو جائیں اگرچہ وہ امداد سُود ہی کی طمع سے کی جاتی ہے اور دنیا میں بے مطلب کون کسی کے کام میں آتا ہے تو میرے

ف۱ یعنی باوجود یکہ جانتا بُوجھتا ہے اور پھر اُس کی عقل پر پتھر پڑے ہیں کہ انکار کرتا ہے سچ کہا ہے العلم حجاب اکبر خدا کی طرف سے ہدایت نہ ہو تو علم و عقل کیا کام آئے اور مفسرین نے دوسرے معنی یہ بھی لکھے ہیں کہ خدا نے یہ جان کر کہ یہ شخص روبراہ ہونے والا نہیں اور اس میں ہدایت پانے کی صلاحیت نہیں اُس کو گمراہ کر دیا ۱۲ ف۲ اس کے قبیل کے چند اور حملے ملائے جائیں تو بات خوب سمجھ میں آئے اور وہ حملے یہ ہیں هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ۭ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۤ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ یعنی وہ تو تھا جس نے کفارِ اہل کتاب کو اُن کے گھروں سے نکال باہر کیا ف۱ (اور یہ اُن کی تقدیر کا) پہلا حشر (تھا) جس کے لیے نکالے گئے ف۲ (مسلمانو!) تم کو تو وہم (و گمان بھی) نہ تھا کہ (یہ اپنے گھروں سے) نکلیں گے اور وہ (اپنے خیال میں درست) تھے کہ اُن کے قلعے اُن کو خدا کی پکڑ سے بچا لیں گے تو جہاں سے اُن کو گمان بھی نہ تھا خدا کے لشکر نے اُن کو آلیا اور اُن کے دلوں میں (مسلمانوں کی) دھاک ڈال دی کہ لگے اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں اور مسلمانوں کے ہاتھوں اُجاڑنے تو (اے لوگو جن کے رُتبہ پر) آنکھیں ہیں (اس واقعے سے) عبرت پکڑو ۱۲

ف۱ مدینے سے چار پانچ کوس کے فاصلے پر یہودیوں کی ایک قوم آباد تھی اور وہ بنی نضیر کہلاتے تھے مسلمانوں سے اُن کی صلح تھی مگر وہ لوگ درپردہ کفارِ مکہ سے سازش رکھتے تھے اور ایک بار اُنھوں نے پیغمبر صاحب کے مار ڈالنے کا بھی ارادہ کیا تھا آپ ایک دیوار کے تلے بیٹھے باتیں کر رہے تھے تاکہ اُوپر سے چکی گرائی جاوے۔ یہاں تک نوبت پہونچی تو پیغمبر صاحب نے اُنھیں جا گھیرا وہ بہت رسٹ بتانے اور آخر یہ بات ٹھیری کہ یہ لوگ گھر بار چھوڑ کر ملک شام میں چلے جائیں چنانچہ مال و متاع کو لاد تختہ بچھونے جاتے بن پڑا لے گئے اس موقع پر ان لوگوں نے کچھ کھجور کے درخت بھی کٹوا دیئے گئے تھے تاکہ یہ لوگ جلد فیصلہ کرنے پر مجبور ہوں ان آیتوں میں اسی واقعے کی طرف اشارہ ہے ۱۲ ف۲ مطلب یہ ہے کہ دوسرا حشر ان کا قیامت میں ہوگا یا شاید پیشین گوئی ہو کہ دوبارہ بھی جلاوطن ہوں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت میں تمام یہودیوں کو اُن کے فسادات کی وجہ سے جزیرۂ عرب سے جلاوطن کر دیا ۱۲

خیال میں مسلمان پرسوں کے مرتے کل اور کل کے مرتے آج اور آج کے مرتے اب ابھی بھوکوں مرنے لگیں ہے حکام وقت
زلمے سے لڑے تکر کسی میں ہو سنبھال اتنی خدا سے پیر باندھے کس نے پائی ہو مجال اتنی

اسلام تو اس طرح کا مذہب تھا نہیں۔ نہ تھا اور نہ ہو۔ کہ لطف و لینت سے پیش کیا جائے اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ اور کوئی شخص جس کے سر میں عقل اور دل میں انصاف ہو اس کے قبول کرنے میں تامل کرے مگر اُس کا نشو و نما ایسے لوگوں میں ہوا جو عقل کے دشمن اور انصاف سے باپ مارے کا بیر رکھتے تھے۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِیَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَهْبِطُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ اور وہ اسلام کا نام سنتے ہی بے سوچے سمجھے گالی گلوچ ہاتھا پائی مار کٹائی پر اتر پڑے۔ اس پر اسلام اپنی راستی کے بل پر سہج سہج اور چپکے چپکے حق پسند طبیعتوں کو اپنی طرف مائل کر رہا تھا۔ ایسے لوگ معدودے چند اور اُن میں زیادہ تر ضعفاء القوم تھے جن میں کسی طرح کی دنیاوی برتری نہ تھی جو مانع قبول حق ہوتی۔ اس کمزوری پر بھی مسلمان دشمنوں کی نظر میں کانٹے کی طرح کھٹکتے تھے اور دشمن ہمہ وقت ان کی تاک میں درپے تھے ۵ تراغور مرا عجز تا کجا ظالم + ہر ایک امر کی آخر کچھ انتہا بھی ہو + نتیجہ یہ ہوا کہ مرتا کیا نہ کرتا۔

كَسَوْرٍ مَعْلُوْبٍ یَصُوْلُ عَلَی الْكَلْبِ جیسے عاجز بلی کہ کتے پر حملہ کرتی ہے

وقت ضرورت چو نماند گریز وست بگیرد سر شمشیر تیز

باوجودے کہ مسلمانوں میں دشمنوں کے ٹڈی دل کے مقابلے کا دم بھی نہ تھا جان پر کھیل جانے کے سوائے آئے دن کی مصیبتوں سے بچنے کی کوئی صورت نہ دیکھی۔ ناچار خم ٹھوک ہر اکھاڑے میں کود پڑے ع ہر چہ باداباد ما کشتی در آب انداختیم + خدا کا کرنا۔

كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِیْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِیْرَةً ۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اللہ کے حکم سے تھوڑی جماعت بڑی جماعت پر غالب آگئی ہے

تھوڑوں نے بہتوں کو ہتھیار بندوں کو پیدلوں نے سواروں کو مار رہٹایا۔ اس غیر متوقع فتح سے مسلمانوں کی ہمت اور دشمنوں کی غیرت کو ترقی ہونی تھی۔ ہوئی اور لڑائی چھڑی اور نیستان کی آگ کی طرح ادھر بھی اُدھر بھی سلگی۔ یہی کچھ ہوتا رہا یہاں تک کہ جب دشمنوں کی تسلا بھی طرح کچلا جا چکا تب کہیں جا کر مسلمانوں کو اُن چین سے بیٹھنا نصیب ہوا۔ جو مر کھپ گئے اُن کا تو ذکر نہیں اس وقت ایک ہندوستان ہندوستان میں ماشاء اللہ چشم بد دور اللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ چھوکر دو سے زیادہ ہی زیادہ مسلمان آباد ہیں اور جو لوگ ایسی باتوں کا خیال رکھتے ہیں کہتے ہیں کہ ان سے پانچ گونہ خارج از ہندوستان بھی ہوں گے اور چونکہ نوت کی دستبرد سے کوئی جگہ محفوظ نہیں اور اوسط اعمار بھی قریب قریب برابر کے ہی تو اس حساب سے پیغمبر صاحب کی ایک ذات سے شروع ہو کر اس وقت تک مسلمانوں کا شمار عجب نہیں کہ مہا سنکھ کے لگ بھگ پہنچ گیا ہوگا۔ یا پہنچ جائے گا مسلمانوں کا یہ شمار دو طرح

۵۱ یہ آیت ترجمے سمیت اوپر گزر چکی ۱۲ ۵۲ اس کا ترجمہ بھی اوپر گزر چکا ۱۲
۵۳ آہی اور زیادہ کر ۱۲ +

سے بڑھتا رہا ہو ایک یہ کہ لوگ دوسرے مذہبوں سے نکل نکل کر اسلام میں داخل ہوتے گئے۔ دوسرے توالد و تناسل کے قاعدے سے جو لوگ مسلمانوں میں پیدا ہوتے گئے مسلمانوں میں شامل ہوتے گئے۔ ہم تو ہجرت سے پہلے مسلمانوں کو مکی مسلمان سمجھتے ہیں کہ وہ مجتہد مسلمان تھے اور سوچ سمجھ کر مسلمان ہوئے تھے جن کے حق میں آیہ

لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۙ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ (التوبہ ع ۱۲)

البتہ خدا نے پیغمبر پر بڑا ہی فضل کیا اور (نیز) مہاجرین اور انصار پر جنھوں نے تنگدستی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا جب ان میں سے بعض کے دل ڈگمگا چلے تھے پھر اسی نے ان پر (بھی) اپنا فضل کیا کہ ان کو سنبھال لیا، اس میں شک نہیں کہ خدا ان سب پر نہایت درجے مہربان اور (ان کے حال پر اپنی) مہر رکھتا ہے اور علی ہذا القیاس اُن تین شخصوں پر بھی جو (بظاہر امرِ خدا) ملتوی رکھے گئے تھے یہاں تک کہ جب زمین باوجود فراخی اُن پر تنگی کرنے لگی اور وہ اپنی جان سے بھی تنگ آ گئے اور سمجھ لیے کہ خدا کی گرفت سے اُس کے سوا اور کہیں پناہ نہیں پھر خدا نے اُن کی توبہ قبول کر لی تاکہ (قبول توبہ کے شکریے میں آیندہ کے لیے بھی) توبہ کیے رہیں بے شک اللہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ف۱

اور ان ہی کے حق میں آں حضرت نے فرمایا خَيْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِيْ۔ باقی فتوحات اسلام کے وقت کے اور بعد کے۔

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝ (النصر)

(اے پیغمبر) جب کہ خدا کی مدد آ پہنچی اور (مکہ) فتح (ہو گیا) اور تم نے لوگوں کو (بچشم خود) دیکھ لیا کہ دینِ خدا (یعنی اسلام) میں جوق جوق داخل ہوتے ہیں تو اپنے پروردگار کی حمد (وثنا) کے ساتھ (اُس کی تسبیح و تقدیس) میں مشغول ہو جاؤ اور اُس سے گناہوں کی معافی مانگو بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے ف۲

ف۱ غزوۂ تبوک بڑے امتحان کا معرکہ تھا گرمی کا موسم۔ دُور کا سفر۔ بے سامانی۔ اور نخلستان پھلے ہوئے۔ کہ یہی اہلِ مدینہ کی معاش کا ذریعہ تھا تو اس لڑائی میں پانچ فریق ہو گئے۔ اوّل پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور مہاجرین اور انصار کہ انھوں نے مشکلات کی مطلق پروا نہ کی اور بے پس و پیش چل کھڑے ہوئے دوسرا فریق ان ہی انصار و مہاجرین میں وہ تھا جو نکلتے ہوئے ہچکچاتے تھے مگر آخر کار چل کھڑے ہوئے۔ تیسرا فریق خاص تین آدمی تھے۔ کعب بن مالک۔ ہلال بن امیہ۔ مرارہ بن ربیع کہ یہ لوگ کاہلی کے مارے پیچھے رہے۔ پیغمبر صاحب جیتے واپس آئے تو یہ لوگ بھی حاضرِ خدمت ہوئے۔ اور جب ان سے پیچھے رہ جانے کی وجہ پوچھی تو سچ بات فی وہ کہہ دی کہ قصور ہوا ان ہی تین آدمیوں کی نسبت پیغمبر صاحب نے حکم دیا تھا کہ وحی کا انتظار کرو خدا کا جیسا حکم ہو گا کیا جائے گا۔ چوتھے منافق کہ اس تمام سورت میں اُن پر سخت ملامت کی گئی ہے ان ہی لوگوں نے حیلے اور بہانے بنائے۔ پانچواں فریق وہ لوگ تھے جو کسی عذر سے نہ جا سکے۔ اب اس آیت میں جو خدا کے فضل کا ذکر ہے سو ہر ایک کے مناسبِ حالت جُداگانہ فضل ہے پیغمبر صاحب اور مہاجرین اور انصار پر تو خدا نے یہ فضل کیا کہ اُن کے ارادے متزلزل نہیں ہوئے اور جو ہچکچائے تھے اُن پر یہ فضل ہوا کہ آخر کار اُنھوں نے پیغمبر صاحب کا ساتھ دیا اور کعب اور ہلال اور مرارہ پر یہ فضل ہوا کہ اُنھوں نے اعتراف کر لیا اور خدا نے اُن کو توبہ کی توفیق دی

ف۲ اس سورت میں خدا نے پیغمبر صاحب کو اِرشاد فرمایا کہ مکے کا فتح ہونا لوگوں کی جوق جوق اسلام لانا اس بات کا نشان ہے کہ تم نے اپنا فرضِ رسالت پورا کیا اب آخرت کی تیاری کرو ۱۲

اور تو الدتناسل کے مسلمان ہم سمیت اکثر مقلد مسلمان ہیں کہ حکام وقت یا بزرگوں کے دیکھا دیکھی اسلام اختیار کر لیا۔
اسلام بھی محبب تقدیر سے کر خدا کے یہاں سے آیا تھا کہ جس دن سے دنیا میں آیا باوجودے کہ امن و عافیت قائم کرنے کے لیے آیا تھا پھر بھی آتے کے ساتھ لوگوں نے خدا واسطے کی مخالفت شروع کی اور زبردستی دوست کو دشمن بنایا۔ اسلام برابر دوستی ہی کا دم بھرتا رہا کسی نے یقین نہ کیا۔ ہجرت تک تو کوئی ہٹ دھرم سے ہٹ دھرم بھی مسلمانوں پر کسی طرح کا الزام لگا نہیں سکا۔ ہجرت کے بعد سے مسلمانوں کو اپنے تحفظ کے لیے مجبور ہو کر لڑنا پڑا یہاں تک بھی مسلمان بے قصور ہیں اس لیے کہ تحفظ ایک حرکت ہی اضطراری۔ ہاں ان تحفظی لڑائیوں میں خدا نے مسلمانوں کو رکوع میں فتوحات بھی دیں ؎

خدا کی دین کا موسیٰ سے پوچھیے احوال کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری ہو جائے

شروع کے جہاد جان کے تحفظ کے لیے ہوتے تھے اب ممالک مفتوحہ کا تحفظ اور پتے بندھا۔ ہم تو اہل یورپ کی ملک گیریوں اور مسلمانوں کے جہادوں میں کسی طرح کا فرق پاتے نہیں۔ رہا اسلام کا جہاد کے یعنی فتوحات کے ساتھ ساتھ ترقی کرنا[۵۱] اجاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ[۲] یہ بھی ایک قدرتی بات ہو[۵۲] اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِهِمْ اور ہم اسی قاعدے کے مطابق عیسائیت کو ترقی کرتے دیکھ رہے ہیں حالانکہ جبر نہیں اکراہ نہیں۔ خیر وہ ملک گیری اور ملک داری کی باتیں تو خواب و خیال ہو گئیں۔ ہم نے چاہا تھا کہ ہندو مسلمانوں میں اتحاد و ارتباط کی غرض سے مسلمانوں کو ان کی جگہ دبائیں مگر دیکھا تو مسلمانوں کی کسی ادا سے نہیں پایا جاتا کہ وہ ہندوؤں سے متنفر ہیں۔ موالکہ اور مناکحہ دو بڑے ذریعے اتحاد و ارتباط کے ہیں تو ہندوؤں میں سے نیچ سے نیچ ذات کا آدمی بھی اس کو جائز نہیں رکھتا میل جول تو کیسے ہو مگر چونکہ ایک جگہ رہنے سہنے سے ہماری اور ہندوؤں کی اغراض وابستہ یک دگر ہو گئی ہیں اور اب دونوں ایک غیر قوم کے محکوم ہیں آپس کی پھوٹ میں دونوں کا نقصان ہی دونوں کو شیر و شکر ہو جانا چاہیے اور اس کے آثار ظاہر بھی ہو چلے ہیں ہندوؤں کو ان کے پیشوا سمجھائیں یا نہ سمجھائیں ہم تو اس کو اپنا فرض انسانیت ہی سمجھتے ہیں۔ کہ اپنی طرف سے ہندوؤں کے ساتھ اتحاد و ارتباط کی کوشش میں لگے رہیں لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؎

ہم ہتوں کو اپنے جذب دل سے کھینچے جائیں گے پر بڑے پتھر ہیں یہ مشکل سے کھینچے جائیں گے

(س) دوسرے لفظوں میں آپ کا یہ مطلب معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کے پردے پر بس ایک آپ مسلمان ہیں اور باقی بے نام۔
(م) خدا مجھ کو اپنی پناہ میں رکھے۔ کہ ایسا واہمہ بھی میرے دل میں خطور کرے

لَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى (النجم ع ۲) (لوگو) بہت اپنی پاکیزگی نہ جتایا کرو پرہیزگاروں کو وہی خوب جانتا ہے

ہاں اعتقاداً میں اپنے تئیں ضرور مسلمان سمجھتا ہوں۔ رہا عملاً میری ساری عمر نامسلمی میں گزری۔ میں نے بے شمار حقوق اللہ اور حقوق العباد تلف کیے اور تلف ہوتے دیئے۔ اور اب کہ میری عمر شتر سے تجاوز ہوئی مجھ میں عملاً مسلمان ہونے کی صلاحیت ہی باقی

---

۵۱ اس کا ترجمہ پچھلے صفحے میں ملاحظہ ہو ۱۲ ۵۲ آدمی اپنے بادشاہوں کے دین و مذہب پر ہوتے ہیں ۱۲
۵۳ ملک میں اس کا انتظام درست ہوتے پیچھے فساد مت کرو ۱۲

نہیں۔ عصمت بی بی ہست از بے چادری۔ یا ؎

گر بعصیاں وزنی آویزم از بے قوتی است — دیں بعینہ چوں حریص شہوۃ است و ضعیف باہ

؎ عمر ساری تو کٹی عشقِ بتاں میں مومنؔ — آخری وقت میں کیا خاک مسلمان ہوں گے

حقوق جو مجھ سے متلف ہوئے ہیں اُن کی تلافی میرے اختیار سے خارج

اَلْغَرِیْقُ یَتَشَبَّثُ بِالْحَشِیْش — ڈوبتا تنکے کا سہارا پکڑتا ہی

توبہ کے خیال سے میں نے دل کو تسلی دینی چاہی اس سے بھی پوری تشفی نہیں ہوتی۔

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْاٰنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ (النساء ۴ ع ۳)

اللہ توبہ (تو) (قبول کرتا ہی) ہو مگر اُن ہی لوگوں کی جو نادانی سے کوئی بُری حرکت کر بیٹھے پھر جلدی سے توبہ کر لی تو اللہ (بھی) ایسوں کی توبہ قبول کر لیتا ہی اور اللہ (سب کا حال) جانتا اور دنیا اور دین کی مصلحتوں سے) واقف ہی اور اُن لوگوں کی توبہ (قبول) نہیں جو (عمر بھر) بُرے کام کرتے رہے یہاں تک کہ اُن میں سے جب کسی کے سامنے موت آکھڑی ہو تو لگے کہنے کہ اب میری توبہ اور (اسی طرح) اُن کی (توبہ) بھی (قبول) نہیں جو کافر ہی مر گئے یہی ہیں جن کے لیے ہم نے عذاب دردناک تیار کر رکھا ہی۔

صرف قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ کی آس پر جیتا ہوں۔ سو جب حقوق العباد کا خیال آتا ہی طبیعت بہت ہی پریشان ہوتی ہی کہ خدا تو اپنے حقوق چھوڑ بھی دے گا بندے کیوں چھوڑنے لگے۔ پھر خیال آتا ہی کہ یغفر الذنوب جمیعا کا وعدہ کیا ہی تو وہی بندوں کے مواخذے سے بھی بچائے گی کوئی تدبیر کرے گا۔ ع کہ خواجہ خود روشِ بندہ پروری داند + دنیا میں بعضے رحم دل مجسٹریٹوں نے ایسا کیا ہی کہ عدل کے تقاضے سے مجرم پر جرمانہ کیا اور اپنے پاس سے بھر دیا خدا بھی میرے ساتھ ایسا کرے تو اُس سے کیا بعید ہی۔ غرض میری حالت یہ ہی کہ بیم و رجا میں پڑا جھول رہا ہوں ؎

شنیدم کہ در روزِ اُمید و بیم — بداں را بہ نیکاں بخشد کریم

الٰہی تو گردانیم رو سفید — بضاعت نیاوردم الا اُمید

یہ کتاب میں نے اپنے تزکیۂ نفس کے لیے جمع نہیں کی بلکہ مسلمانوں سے یہ کہنا منظور ہی کہ مَن نکردم شما حذر بکنید + والآخر دعوانا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

تمت

؎ اس کا تو حصہ کئی جلدوں پر گزر چکا ۱۲ +